Title - SALAATUL JAMAAT KI KITAB.

Creator - Hakeem Maulvi Abdul Majeed.

Publisher - Church Man's Mission Press, Calcutta.

D. C. - 1878.

Pages -

Subjects -

THE BOOK

OF

COMMON PRAYER,

AND ADMINISTRATION OF

THE SACRAMENTS,

AND

OTHER RITES AND CEREMONIES

OF

THE CHURCH,

ACCORDING TO THE USE OF THE

United Church of England and Ireland:

TOGETHER WITH

THE ARTICLES OF RELIGION,

AND

The Form and Manner of Making, Ordaining and Consecrating of Bishops, Priests and Deacons.

TRANSLATED INTO HINDOOSTANEE, FOR THE PRAYER-BOOK AND HOMILY SOCIETY.

Calcutta:

PRINTED AT THE CHURCH MISSION PRESS, UNDER THE SUPERINTENDENCE OF HUKEEM MOULWEE ABDOOL MUJEED.

1828.

صلوة الجماعة كي كتاب

اور

سيكريمنٹوں كي دستور

اور

دوسري رسمين اور تكليفات [illegible]

عمل كليسياے انگلند اور ايرلند كے مطابق

عقائد دين كے ساتھ

زبان اردو ميں مجمع كتاب الصلوة كي ليئے

شهر كلكتے ميں مترجم هوئي

اور

چرچ مشن پريس ميں

باهتمام

حكيم مولوي عبد المجيد

سنه ١٨٢٨ عيسوي ميں

مطبوع هوئي

CONTENTS.

فہرست

مقدس اور اداور رسوموں کی تعمیل

جدول تقویم نقشہ اور اد کی ساتھ

	صبح	شام
فصح کی بعد کی اتوار ۱۵	تثنیہ ۹	تثنیہ ۷
۵	۸	۹
روز صعود کی بعد کا اتوار	تثنیہ ۱۲	تثنیہ ۱۳
وھٹ سنڈی ۱ ورد	۱۶ — ۱۸ تک	اشعیا ۱۱
۲ ورد	اعمال ۱۰ — ۳۴ تک	اعمال ۱۱ — ۱۹ تک
تثلیث کا اتوار ۱ ورد	پیدایش ۱	پیدایش ۱۸
۲ ورد	متی ۳	۱ یوحنا ۵
تثلیث کی بعد کی اتوار ۱	یوشع ۱۰	یوشع ۲۳
۲	قضات ۴	قضات ۵
۳	۱ صموئیل ۲	۱ صموئیل ۳
۴	۱۲	۱۳
۵	۱۵	۱۷
۶	۲ صموئیل ۱۲	۲ صموئیل ۱۹
۷	۲۱	۲۴
۸	۱ ملوک ۱۳	۱ ملوک ۱۷
۹	۱۸	۱۹
۱۰	۲۱	۲۲
۱۱	۲ ملوک ۵	۲ ملوک ۹
۱۲	۱۰	۱۸
۱۳	۱۹	۲۳
۱۴	ارمیا ۵	ارمیا ۲۲
۱۵	۳۵	۳۶
۱۶	حزقیال ۲	حزقیال ۱۳
۱۷	۱۴	۱۸
۱۸	۲۰	۲۴
۱۹	دانیال ۳	دانیال ۶
۲۰	یوئیل ۲	میکاہ ۶
۲۱	حبقوق ۲	امثال ۱
۲۲	امثال ۲	۳
۲۳	۱۱	۱۲
۲۴	۱۳	۱۴
۲۵	۱۵	۱۶
۲۶	۱۷	۱۹

	صبح		شام	
عیدفصح	مزمور	۱۱۱	مزمور	۱۱۸
روزصعود	مزمور	۸	مزمور	۳۴
		۱۵		۳۷
		۲۱		۱۰۸
وھٹ سنڈی	مزمور	۴۸	مزمور	۱۰۳
		۲۸		۱۴۵

نماز صبح کی احکام

برس کی ہر دن

صبح کی نماز کی آغاز میں خادم دین

پڑھنے والا مندرجہ ذیل آیتوں میں سے ایک یا کئی آیت

پڑھے — پس ازاں اس عبارت کو جو اُنکے بعد مندرج ہے

جب بد آدمی اپنی بدی سے جو کہ اُسنے کی ہو باز آوے
اور اعمال فرض و مستحب کو بجا لاوے تب وہ اپنی جان
کو جیتا بچائیگا — حزقیل ۱۸ — ۲۷

میں اپنے گناہوں کا مقر ہوں اور میرا گناہ ہمیشہ میرے
سامنے ہے — مزمور ۵۱ — ۳

میرے گناہ سے چشم پوشی کر اور میری ساری
بدیوں کو محو کر — آیت ۹

خدا کی قربانیاں آشفتہ حالی ہے ـ اے خدا تو شکستہ اور تائب کو حقیر نہ جانیگا ـ ۱۷ آیت

اپنے دل کو چاک کرو اور نہ اپنے گریبان کو اور اپنے خداوند خدا کی طرف متوجہ ہو کیونکہ وہ کریم اور رؤف اور حلیم اور رحیم ہے اور رنج پہنچانے سے ملول ہوتا ہے ـ یوئیل ۲ ـ ۱۳

رحمتیں اور آمرزشیں ہماری خداوند خدا ہی کی ہیں کیونکہ ہم اُس سے باغی ہوئے ہیں اور نہ ہمنے اپنے خداوند خدا کے فرمان کو مانا اور نہ ہم اُسکے شرائع پر جو کہ اُسنے ہمارے لئے مہیا کئے ہیں چلے ہیں ـ دانیل ۹ ـ ۹ و ۱۰

اے خداوند مؤدب کر مجھے نہ ساتھ قہر مل کے اور نہ از راہ خشم کے مبادا تو ہمیں معدوم کر ڈالے ـ ارمیاہ ۱۰ ـ

۲۴ [illegible] ـ ۱

توبہ کرو کیونکہ آسمان کی سلطنت آن پہنچی ـ متی ۳ ـ ۲

میں اُٹھکر اپنے باپ کے پاس جاؤنگا اور اُسے کہونگا کہ اے باپ میں آسمان کا اور تیرا گنہگار ہوں اور

اب میں اس لائق نہیں کہ تیرا بیٹا کہلاؤں۔ لوقا ۱۵ - ۱۸ و ۱۹

ای خداوند اپنے بندے سے ہو سب ساتھ عدل کے فیصلے کیونکہ تیرے حضور کوئی بشر بے گناہ ٹھہر نہیں سکتا۔ مزمور ۱۴۳ - ۲

اگر ہم کہیں کہ ہم بے گناہ ہیں تو ہم اپنے تئیں فریب دیتے ہیں اور صداقت نہیں رکھتے لیکن اگر ہم اپنے گناہوں کا اقرار کریں تو وہ اپنے صدق اور عدل سے ہمارے گناہوں کو معاف کریگا اور ہمیں ہر نوع کی ناراستی سے پاک کریگا۔ ا یوحنا ا - ۸ و ۹

ای پیارے بھائیو کتاب کے کئی مقام سے ہمیں نصیحت ہی کہ ہم اپنے بیشمار گناہوں اور بدیوں کا اعتراف اور اقرار کریں اور ہم خدا ے تعالی کے حضور جو کہ ہمارا آسمانی باپ ہی ریا اور اخفا کے ساتھ در پیش نہ آئیں بلکہ عجز و انکسار اور توبہ اور اطاعت دل سے مقر ہوں تا کہ اسکی خوبی و رحمت غیر متناہی سے ہم معفو ہائیں۔ اور اگرچہ

ہمپر لازم ہی کہ ہر وقت عجز و انکسار سے خدا کے حضور اپنے
گناہوں کا اقرار کریں مگر خصوصاً اُسوقت زیادہ تر لازم ہی
جب کہ اُن بڑی نعمتوں کی شکرگزاری کے لیئے جو کہ
ہمنے اُسکے ہاتھوں سے پائیں۔ اور اُسکے لائق کی مدح کرنے
کے لیئے۔ اور اُسکے کلام اقدس کے سننے کے لیئے اور
اُن چیزوں کے مانگنے کے لیئے جو کہ ہمارے جسم و روح کے
لیئے مطلوب اور ضرور ہیں باہم اکٹھے ہوں ۔ پس میں تم
سب کی جو یہاں حاضر ہو منت اور سماجت کرتا ہوں کہ
میرے ساتھ صدق دل اور عجز کی آواز سے آسمانی فضل
کے تخت کے حضور پیچھے پیچھے کہو

اعتراف عام

ساری جماعت جاثیاً خادم دین کی پیچھے پیچھے کہی

ای قادر مطلق اور رحیم باپ ہم مثل گم شدہ بھیڑ
کے تیری راہ سے بہکے اور بھٹکے ہیں ۔ اور ہم اپنے دلوں
کی ہوا و ہوس کی طرف بہت ہی متوجہ ہوئے ہیں ۔ اور
ہم تیری شرع مقدس کے مخالف ہوئے ہیں ۔ اور

ہم اُن چیزوں کو نہ بجا لائے کہ جنکی ادا ہم پر فرض تھی ۔ اور ہم نے اُن چیزوں کو کیا کہ جنکا کرنا ہمیں مناسب نہ تھا ۔ اور اب ہمارے پاس کچھ خیریت نہیں ہی ۔ مگر تو ای خداوند ہمیں شکستہ دل گنہگاروں پر رحم کر ۔ معاف رکھ اُنہیں ای خداوند جو اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہیں ۔ اور پھر منظور کر اُنہیں جو کہ توبہ کرتے ہیں ۔ موافق اُس عہد و پیمان کے جو تو نے بوسیلہ ہمارے خداوند مسیح عیسیٰ کے انسان سے کیا ہی ۔ اور ای بڑے ہی رحیم باپ اُسکے طفیل سے بخش ۔ کہ آیندے کو ہم پرہیزگاری اور نیکوکاری اور پاکدامنی کے ساتھ زندگی بسر کریں ۔ تاکہ تیرے اسم اقدس کا جلال ظاہر ہو ۔ آمین

گناہوں کا عفو

قسیس اکیلا کھڑا ہوکر پڑھے اور جماعت جاثی رہے

خدا تعالیٰ جو باپ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا ہی اور نہیں چاہتا ہی کہ کوئی گنہگار مرے بلکہ یہہ چاہتا ہی کہ وہ اپنی بدی سے باز آئے اور جیئے اور اپنے بندگان خاص کو

قدرت اور حکم دیا ہی کہ اپنے لوگوں پر جو کہ تائب ہیں اُنکے
گناہوں کی معافی و آمرزش کا مضمون ظاہر کریں وہ اُنہیں
بخشتا اور معاف کرتا ہی جو کہ بصدق دل توبہ کرتے
ہیں اور اُسکی پاک انجیل پر بے ریا ایمان رکھتے ہیں
اِسلیئے چلو ہم اُسکے حضور عرض کریں کہ ہمکو توبہ بصدق
دلکی رغبت دے۔ اور اپنا روح قدس نازل کرے۔ کہ
وے چیزیں جو کہ اسوقت ہم کرتے ہیں اُسے پسند آوم
ہوں اور آیندے کو ہمارے روے تدلس اور پاک ہوں
تاکہ آخر ش کو ہم اپنے خداوند عیسی مسیح کے طفیل سے
اُسکی شادمانی جاودانی میں داخل ہوں۔ آمین

جماعت اِسمقام پر اور ہر یک نماز کی بعد جواب میں کہی آمین
تب خادم دین جاثی ہو بلند آواز سی خداوند کی نماز پڑھی۔
اور جماعت بھی جاثیا اسکی ساتھ اسی دعا کو اسمقام پر پڑھی
اور جس جا پر کہ امر دعا کا صبح کی نماز میں حکم ہی کہی
ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو اور تیری
سلطنت آوے اور تیری رضا زمین پر ویسے ہو جیسی کہ

آسمان پر ہی ہماری روز مرہ کی روٹی ہمیں آج بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہم پر زیادتی کرتے ہیں ہم انہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان میں نہ ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھ کیونکہ سلطنت اور قدرت اور جلال ابد الآباد تک تیرا ہی ہی۔ آمین

تب پادری وہ کہی

ای خداوند ہمارے لبوں کو کھول

جماعت۔ اور ہماری زبان تیری حمد وثنا کریگی

قسیس ۔ ای خدا ہمارے بچانے میں تعجیل کر

جماعت۔ ای خداوند جلدی سے ہماری مدد کر

اِس مقام پر سب کھڑے ہوں اور قسیس کہی

قسیس ۔ ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے

جماعت ۔ جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابد الآباد تک ہمیشہ رہیگی ۔ آمین

قسیس ۔ حمد کرو خداوند کی

جماعت ــ خداوند کے نام کی حمد ہو

تب اس مزمور کو پڑھیں یا گائیں مگر عید فصح کے دن نہ پڑھیں اُس دن کی لیئے دوسرا گیت مقرر ہی اور ہر مہینے کی انیسویں تاریخ کو بھی یہہ مزمور اس مقام پر نہ پڑھی جائے کیونکہ مزمور جو روز پڑھنے کی لیئے مقرر ہیں اُس تاریخ میں بھی یہی مزمور واقع ہی

۹۵ مزمور

آؤ ہم یہواہ کی مدح سرائی کریں ــ آؤ ہم اپنی نجات کے چٹان کی زمزمہ پردازی کریں

آؤ ہم اُسکے حضور شکرگزاری کرتے جائیں ــ اور مزامیر پڑھ پڑھ کے خوشیاں کریں

کہ یہواہ بڑا ہی خدا ہی اور بڑا ہی بادشاہ ہی جو سب معبودوں پر مقدم ہی

زمین کی ساری پستیاں اُسکے قبضے میں ہیں ــ پہاڑوں کی بلندیاں بھی اُسکی ہیں

دریا اُسکا ہی ــ اُسنے اُسے خلق کیا ــ اور اُسکے ہاتھوں نے خشکی بھی بنائی

آؤ یارو ہم سجدہ کریں اور جھکیں اور ہم یہواہ کے
حضور جو ہمارا خالق ہی بانی ہوں

کہ وہ ہمارا خدا ہی اور ہم اُسکی چراگاہ کے لوگ
اور اُسکی دستکاری کی بھیڑیں ہیں

آج کے دن جب کہ تم اُسکی آواز سنو تو اپنے دلوں کو سخت
نہ کرو جیسے کہ جھگڑے کی جگہ امتحان کے دن بیابان میں کیا تھا

جب کہ تمہارے باپ دادوں نے مجھے آزمایا اور میرا
امتحان کیا اور میرے کام دیکھے

چالیس برس کی مدت تک میں اِس پشت سے رنجور رہا
اور میں نے کہا کہ یے وے لوگ ہیں کہ جنکے دل
خطاکار ہیں کیونکہ انہوں نے میری راہوں کو نہ پہچانا

انکی بابت غضب سے میں نے قسم کھائی کہ وے
میری راحت میں داخل نہ ہونگے

ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے ٭
جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابد لاباد تک
ہمیشہ رہیگی ۔۔ آمین

تس پیچھی مزامیر مقررہ پرھی جائیں
اور ھر مزمور کی بعد یہہ کہا جائی

ستائش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے ٥
جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابدالآباد تک
ہمیشہ رہیگی — آمین

تب بلند آواز سی پہلا ورد وثیقۂ عتیق کا (جیسی کتقویم میں مقرر ھی پڑھا جای) الا جب کہ اُس روز کی لئی کوئی دوسری اوراد مقرر ھوں اور پڑھنی کی وقت پڑھنی والا اُس دھب پر کھڑا اور مائل ھو کہ جسمیں سب حاضرین اچھی طرح سُنلیں * اور اسکی بعد بلا ناغہ ھر روز یہہ حمد کہ جسکا شروع ھی ہم تیری حمد کرتے ہیں آلخ پڑھا یا گایا جای

تنبیہ

ھر ورد کی پڑھنی کی آگی پڑھنی والا کہی کہ یہاں فلانا باب یا فلانی آیت فلانی باب کی فلانی کتاب سی شروع ھوتی ھی ٥ اور ھر وارد کی اتمام کی بعد کہی کہ یہاں آخر ھوتا ھی پہلا یا دوسرا ورد

اللہم نحن نشکرک

ای خدا ہم تیرا شکر کرتے ہیں اور اعتراف کرتے ہیں کہ تو ہی مالک ہی

ساری دنیا تیری پرستش کرتی ہی ای قدیمی باپ *
سارے فرشتے تجھے پکارتے ہیں اور آسمان اور
ساری قدرتیں کہ اُسمیں ہیں
تجھے کروبین اور سرافین مدام پکارتے ہیں
کہ قدوس قدوس قدوس ای خداوند خدا صباوت کے *
آسمان اور زمین تیرے جلال کی عظمت سے معمور ہی *
حواریوں کی جلیل جماعت تیری حمد کرتی ہی
نبیوں کی نیک جماعت تیری حمد کرتی ہی
شہیدوں کی ذو شان فوج تیری حمد کرتی ہی
سارے جہان کی کلیسیا مقدس تیرا اقرار کرتی ہیں *
کہ تو باپ ہی اور تیری بڑائی کی انتہا نہیں ہی
تیرا معزز اور سچا اور اکلوتا بیٹا
بھی روح القدس تسکین دینے والا
تو بادشاہ جلال کا ہی ای مسیح
تو باپ کا ابدی بیٹا ہی
جب کہ تو نے اپنے پر انسان کی نجات لازم کی تو نے
کنواری کے رحم سے ننگ نہ کیا

جب کہ تو کلفت موت پر غالب آیا تو تو نے بہشت کی سلطنت کا دروازہ سب ایمانداروں پر کھولا
تو باپ کی شوکت میں خدا کے دہنے بیٹھا
ہم اس بات کے معتقد ہیں کہ تو ہمارا منصف ہونے آویگا ٥
اس لئے ہم دعا کرتے ہیں کہ اپنے بندوں کی جنہیں تو نے اپنے خون گراں بہا سے چھڑایا مدد کر
جلال ابدی میں اپنے مقدسوں کے ساتھ اُنہیں شمار کر ٥
ای خداوند اپنے بندوں کو بچا اور اپنی میراث کو برکت دے ٥
اُنکا انتظام کر اور ہمیشہ کو اُنہیں سنبھالے رکھ ٥
روز روز ہم تیری تعریف کرتے ہیں
اور جہان سے پایان تک تیرا نام نت لیتے ہیں
مہربان ہو ای خداوند اور ہمیں آج گناہ سے بچا رکھ ٥
ای خداوند رحم کر ہمپر ـ ہمپر رحم کر
ای خداوند اپنی رحمت ہمپر نازل کر کیونکہ ہمارا بھروسا تجھی پر ہی
ای خداوند میں نے تجھ پر بھروسا رکھا مجھے کبھی پشیمان نہ ہونے دے

یا یہہ محامد

ای ساری صنعتو خداوند کی آفریں کہو خداوند کو مدح
کرو اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای سارے فرشتو خداوند کے آفریں کہو خداوند کو مدح
کرو اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای سارے آسمانو آفریں کہو خداوند کو مدح کرو
اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای سارے پانیو جو جوّ کے اوپر ہو آفریں کہو خداوند
کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای ساری قوتو خداوند کی آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی
اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای سورج اور چاند آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی
اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای تارو آسمان کے آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی
اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای مطر اور شبنم آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی

اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو
ای ساری ہوا خداوند کی آفریں کہو خداوند کو مدح کرو
اُسکی اور ہمیشے کو اسکی تعظیم کرو
ای آتش و تابش آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی
اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو
ای جاڑے اور گرمی آفریں کہو خداوند کو مدح کرو
اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو
ای ساری شبنم اور پالے آفریں کہو خداوند کو
مدح کرو اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو
ای پالے اور سردی آفریں کہو خداوند کو مدح کرو
اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو
ای برف اور ثلج آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی
اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو
ای رات اور دن آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی
اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو
ای اُجالے اور اندھیرے آفریں کہو خداوند کو مدح کرو

اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای بجلی اور بادل آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای ساری دھرتی آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشہ کو اُسکی تعظیم کرو

ای سب پہاڑ اور ٹیلے آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای ساری نباتات روی زمین کی آفریں کہو خداوند مدح کرو اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای سب کوئے آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای سب سمندر اور دریئے آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشے کو اُسکی تعظیم کرو

ای بڑی مچھلیو اور جو سب پانی میں ہو آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشے کو تعظیم اُسکی کرو

ای ہوا کے طائرو آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی

اور ہمیشہ کو اُسکی تعظیم کرو

ای سارے بہائم و مواشی آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشہ کو اُسکی تعظیم کرو

ای بنی آدم آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشہ کو اُسکی تعظیم کرو

ای بنی اسرائیلو آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اسکی اور ہمیشہ کو اسکی تعظیم کرو

ای کاہنو خداوند کے آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اسکی اور ہمیشہ کو اسکی تعظیم کرو

ای بندو خداوند کے آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اسکی اور ہمیشہ کو اسکی تعظیم کرو

ای سب ارواح اور جان نیکوں کی آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اسکی اور ہمیشہ کو اسکی تعظیم کرو

ای سارے فروتنو اور نیک مردو آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشہ کو اُسکی تعظیم کرو

ای حنانیا اور عزاریا اور میکائیل آفریں کہو خداوند کو مدح کرو اُسکی اور ہمیشہ کو اُسکی تعظیم کرو

ستائش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے
جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابدالآباد تک
ہمیشہ رہیگی ـ آمین

تب اُسی دستور پر دوسرا ورد یا فقرہ جو پڑھا جای اُسکے
بعد یہہ گیت جو ذیل میں ہی ہا لا اُس دن جہاں کہ یہہ گیت
روزنہ مقدس درحقیقت ای دن کی وردمیں انجیل کی آی
مقدس لوقا کی انجیل ا باب ۶۸ آیت

خداوند جو اسرائیل کا خدا ہی حمد کے لائق ہی کہ
اُسنے اپنے لوگوں پر نظر کرکے اُنکی مخلصی کی
اور ہمارے لئے نجات کا سینگ اپنے بندہ داود کے
گھرانے سے برپا کیا
اور جیسا اُسنے اپنے پاک نبیوں کی زبانی جو ابتدا سے
عالم سے ہوتے آئے کہا
ہمکو اپنے دشمنوں سے اور اُن سب کے ہاتھ سے
جو ہم سے بیر رکھتے ہیں نجات بخشی

تاکہ وہ اپنی رحمت کو جو ہمارے آباپر ہی ظاہر کرے
اور اپنے مقدس عہد کو یاد رکھے
یعنی قسم کو جو اُسنے ہمارے باپ ابراہیم سے کی
کہ وہ یہہ ہمیں دیگا
کہ ہم اپنے دشمنوں کے ہاتھہ سے نجات پاکے اُسکے
آگے بےخوف اُسکی بندگی کریں
اور اُسکی خدمت عمر بھر ساتھہ عصمت و عدالت کے کریں ●
اور اے لڑکے تو اللہ تعالی کا نبی کہلائیگا اسلئے کہ تو
خداوند کے آگے اُسکی راہوں کو درست کرنے جائیگا
تاکہ خبر دے کہ اُسکے لوگوں کو گناہوں کی بخشش
کے سبب نجات ملی
یہہ ہمارے خدا کی لطف و رحمت ہی سے ہی جسکے
سبب طلوع کی روشنی بلندی سے ہم تک پہنچی
تاکہ سب کو جو تاریکی اور مرگ کے سایے میں بیٹھے ہیں
نور بخشے کہ ہمارے قدم کو سلامتی کی راہ میں
چلنے دے

نماز صبح کے احکام

ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے ٭
جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابد الآباد تک ہمیشہ
رہیگی — آمین

پانچواں مزمور

۱۰۰ مزمور

ای ساری زمین یہواہ کے لیئے خوشی آوازی
کر۔ خوشی سے یہواہ کی عبادت کر۔ نغمہ پردازی کرتے
ہوئے اُسکے حضور حاضر ہو

یقیناً جانو کہ یہواہ ہی خدا ہی ۔ اُسی نے ہمکو پیدا
کیا نہ کہ ہمنے آپ کو — ہم اُسکے بندے ہیں اور اُسکی چراگاہ
کی بھیڑیں

شکر گزاری کرتے ہوئے اُسکے دروازوں پر
اور حمد کرتے ہوئے اُسکی درگاہوں میں داخل ہو۔ اُسکے
ممنون رہو ۔ اُسکے نام کو مبارک کہو

کہ یہواہ ہی رحیم ہی — اُسکی رحمت کو انتہا نہیں ہی — اور
اُسکی سچائی پشت در پشت رہتی ہی

ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے ○
جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابدالآباد تک
ہمیشہ رہیگی۔ آمین

تب خادم دین اور جماعت کھڑے رہ کر
حواریوں کا عقیدہ پڑھیں یا کسی مقرر دن جب
کہ مقدس اتھاناسیس کی عقیدہ کا پڑھنا مقرر ہی

میں اعتقاد رکھتا ہوں خدا پر جو کہ باپ قادر مطلق اور
آسمان اور زمین کا خالق ہی۔

اور عیسیٰ مسیح پر جو اسکا اکلوتا بیٹا اور ہمارا خداوند ہی۔ اور
اسمیں کہ وہ روح القدس سے مخلوق ہوا۔ کنواری مریم سے پیدا ہوا
اور پنطوس پیلاطوس کے زیر حکومت ستایا ہوا
اور صلیب پر کھینچا اور مر گیا اور مدفون ہوا اور عالم ارواح میں گیا
اور اپنی وفات کے تیسرے دن جی اٹھا اور آسمان پر
چڑھا اور خدا جو کہ باپ قادر مطلق ہی اسکے دہنے ہاتھ بیٹھا اور
وہاں سے زندے اور مردے کے محاسبے کے لیئے آویگا۔

میں اعتقاد رکھتا ہوں روح القدس پر اور مقدس کلیسیا ست

عام پر اور مقدسوں کی رفاقت پر اور گناہوں کی آمرزش پر
اور جسد کے حشر پر اور زندگانی جاودانی پر۔ آمین
اسکی بعد سب کی سب ادب سی جا بیا منا جاتیں جو ذیل
میں لکھی ہیں پڑھیں لیکن خادم دین پہلی بلند آواز سی یہہ کہی

خداوند تمہارے ساتھہ ہو

جماعت۔ اور تیری روح کے ساتھہ

خادم دین۔ پاو دعا مانگیں

خداوند ہمپر رحم کر

جماعت۔ مسیح ہمپر رحم کر

خداوند ہمپر رحم کر

تب خادم دین اور خادم اور جماعت سب کی
سب بلند آواز سی خداوند کی نماز پڑھیں

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو
اور تیری سلطنت آوے اور تیری رضا زمین پر ویسی ہی ہو
جیسی کہ آسمان پر ہی — ہماری روزینے کی روٹی ہمیں
آج بخش — اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ

جو ہم پر زیادتی کرتے ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں — اور
ہمیں امتحان میں نہ ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھ — آمین

تب قسیس کھڑا ہو کے کہے

اے خداوند اپنی رحمت ہم پر عطا کر

جماعت ۔ اور اپنی نجات ہمیں بخش

قسیس ۔ اے خداوند بادشاہ کی حفاظت کر

جماعت ۔ اور مہربانی سے ہماری سن جب کہ ہم تجھ سے دعا مانگیں

قسیس ۔ اپنے بندگانِ خاص کو تقویٰ دے

جماعت ۔ اور اپنے برگزیدے لوگوں کو شاد کر

قسیس ۔ اے خداوند اپنے لوگوں کو سلامت رکھ

جماعت ۔ اور اپنی میراث کو برکت دے

قسیس ۔ اے خداوند ہمارے وقت میں امن رکھ

جماعت ۔ کیونکہ اور کوئی نہیں ہے جو کہ ہمارے لیے لڑے مگر
فقط تو اے خدا

قسیس ۔ اے خدا ہمارے دلوں کو پاک کر

جماعت ۔ اور ہم سے اپنی پاک روح کو نہ اُٹھا لے

تب یہ تین دعائیں پڑھی جائیں — پہلی وہ جو روز کی مقرر ہو — (اور وہ وہی ہے کہ جسکا حکم عشاء ربانی کی نماز میں ہے) دوسری امن کی — اور تیسری فضل کی — اور دونوں پچھلی دعائیں تبدیل کبھی نہ ہوں بلکہ ہر روز بارہوں مہینے صبح کی نماز میں جاتیاً پڑھی جائیں

دوسری دعا امن کی نیئی

ای خدا کہ تو امن کا موجد اور اتفاق کا محب ہے ہماری ابدی زندگی تیری دانش پر موقوف ہے اور تیری بندگی ازادگی کامل ہے ہمسے عاجز بندوں کو اپنے دشمنوں کے سب حملوں سے محفوظ رکھ کہ ہم تیری حفاظت پر امید صادق رکھ کر کسی اعدا کے زور سے نہ ڈریں — یہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسی مسیح کی لیاقت کے لیئے بخش — آمین

تیسری دعا فضل کی نیئی

ای خداوند ہمارے آسمانی باپ اور قادر ازلی خدا کہ تو نے سلامتی سے آج کی صبح تک ہمیں پہنچایا — اپنی قدرت مطلقہ سے ہماری حفاظت کر اور بخش کہ آج ہم

کسی گناہ میں نہ پڑیں اور نہ کسی نوع کے خطرے میں گریں بلکہ ہمارے سب اعمال تیری ہدایت سے ایسے انتظام پائیں کہ ہمارے روبرو ہمیشہ کو جو تیرے حضور اچھے گنے جائیں۔ یہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے بخش۔ آمین

جس کلیسیا میں گانا مقرر ہو وہاں مناسب گائیں تب یہ پانچ نماز پڑھی جائیں مگر جب کہ لٹنی (یعنی صلوٰۃ الخشوع) پڑھی جائے اور تب فقط وہی دو دعائیں جو خدو ... میں پڑھی جاتی ہیں

دعا بادشاہ کی بابت

اے خداوند ہمارے آسمانی باپ کہ تو عظیم و قوی ہے اور بادشاہوں کا بادشاہ اور سرداروں کا سردار ہے اور تو ہی فقط حاکموں کا حاکم ہے اور عرش پر سے اس دنیا کے سارے باشندوں کو دیکھتا ہے۔ ہم دل و جان سے تیری منت کرتے ہیں کہ تو اپنی مہربانی سے ہمارے مشفق و اکرم مالک اور بادشاہ جارج پر نظر کر اور روح القدس کے فضل سے اُسے ایسا معمور کر کہ وہ تیری مرضی کی طرف ہمیشہ

مائل رہے اور تیری شرع پر چلے اور نعمت آسمانی اُسے
کثرت سے اور عمر و درازی عافیت اور دولت کے ساتھ
دے اور اُسے قوت بخش کہ وہ اپنے سب اعدا پر
ظفر پاوے اور غالب آوے اورآخرش اِس زندگانی کے بعد
شادمانی جاودانی حاصل کرے ــ یہہ التماس ہمارا ہمارے
خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے قبول کر ــ آمین

دعا بادشاہ کی کنبی کی لیئے

ای قادر مطلق خدا کہ تو سب نیکیوں کا مبدع ہی ہم
بعجز و انکسار تیری منتی کرتے ہیں کہ ہمارے مشفق
ومہرباں بادشاہ کے خاندان کو برکت دے اور اُنہیں روح
القدس سے مملو کر اور فضل سبحانی سے مستغنی اور ہر
نوع کی شادمانی سے فرخندہ کر اور اپنی سلطنت
ابدی میں داخل کر ــ یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ
مسیح کے وسیلے بخش ــ آمین

دعا اہل خطیب اور جماعت کی لیئی

اہی قادر مطلق وقیوم خدا کہ تو ہی فقط بڑے معجزے دکھلانے والا ہی سارے اُسقفوں اور خادمان دین پر اور سب جماعتوں پر کہ جو اُنکے سپرد ہیں اپنی عافیت بخش روح کا فضل نازل کر اور تا کہ وے حقیقت میں تجھے راضی رکھیں اُنپر اپنی رحمت کی شبنم اُنپر نت کرنے دے یہہ التماس ہمارا ہمارے شفیع و سائی عیسی مسیح کی حرمت کے لیئے بخش۔ آمین

دعا مقدس کریسا سٹم کي

اہی قادر مطلق خدا کہ تونے اپنا فضل ہمپر عطا کیا کہ اسوقت ہم ایکدل ہو کے تجھسے دعا مانگیں اور تونے وعدہ کیا ہی کہ جب دو یا تین تیرے نام پر ایکٹھے ہوں تو اُنکے سوالوں کو سنیگا۔ پر لا اب اہی خداوند اپنے بندوں کی خواہشوں اور آرزوؤں کو جیسیں کہ اُنکی بہتری ہو ہمنی بس جہان میں اپنی صداقت کا علم دے اور جہان آیندہ میں زندگانی جاودانی بخش۔ آمین

۲ مکتوب قرنتیوں کو — ۱۳ باب — ۱۴ آیت

فضل ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا اور محبت خدا کی اور رفاقت روح القدس کی ہم سبھوں کے ساتھ ہمیشہ رہے — آمین

صبح کی نماز برس کی ہر دن کی تمام ہوئی

نماز شام کی احکام

برس کی ہر دن

شام کی نماز کی آغاز میں خادم دین
بلند آواز سی کتاب کی اِن آیتوں سی ایک یا کئی آیت
پڑھی -- تس پیچھی اُس عبارت کو جو اُسکی بعد مندرج ہی

جب بد آدمی اپنی بدی سے جو کہ اُسنے کی ہو باز آوے اور اعمال فرض و مستحب کو بجالاے تب وہ اپنی جان کو جیتا بچائیگا — حزقیال ۱۸ ـ ۲۷

میں اپنے گناہوں کا مقر ہوں اور میرا گناہ ہمیشہ میرے سامنے ہی — مزمور — ۵۱ — ۳

میرے گناہ سے چشم پوشی کر اور میری ساری بدیوں کو محو کر — آیت ۹

خدا کی قربانیاں آشفتہ حالی ہی ۔ ای خدا تو دل شکستہ
اور تائب کو حقیر نہ جانیگا ۔ ۱۷ آیت

اپنے دل کو چاک کر اور نہ اپنے گریبان کو اور اپنے
خداوند خدا کی طرف متوجہ ہو کیونکہ وہ کریم اور رؤف اور
حلیم اور رحیم ہی اور رنج پہنچانے سے ملول ہوتا ہی ۔
یوئیل ۲ ۔ ۱۳

رحمتیں اور آمرزشیں ہمارے خداوند خدا ہی کی ہیں گو کہ
ہم اُس سے باغی ہوئے ہیں اور نہ ہمنے اپنے خداوند خدا کے فرمان
کو مانا اور نہ ہم اُسکے شرائع پر جو کہ اُسنے ہمارے لئے
مہیا کیئے ہیں چلے ہیں ۔ دانیال ۹ ۔ ۹ و ۱۰

ای خداوند مودّب کر مجھے نہ ساتھ عدل کے اور نہ
از راہ خشم کے مبادا تو مجھے معدوم کردالے ۔ ارمیا ۱۰ ۔
۲۴ مزمور ۲ ۔ ۱

توبہ کرو کیونکہ آسمان کی سلطنت آن پہنچی ۔ متی ۳ ۔ ۲
میں اُٹھکر اپنے باپ کے پاس جاؤنگا اور اُسے
کہونگا کہ ای باپ میں آسمان کا اور تیرا گنہگار ہوں اور

اب میں اِس لائق نہیں کہ تیرا بیٹا کہلاؤں۔ لوقا ۱۵ - ۱۸ و ۱۹

ای خداوند اپنے بندے سے محاسبہ ساتھ عدل کے نہ لے کیونکہ تیرے حضور کوئی بشر بے گناہ ٹھہر نہیں سکتا۔ مزمور ۱۴۳ - ۲

اگر ہم کہیں کہ ہم بے گناہ ہیں تو ہم اپنے تئیں فریب دیتے ہیں اور صداقت نہیں رکھتے لیکن اگر ہم اپنے گناہوں کا اقرار کریں تو وہ اپنے صدق اور عدل سے ہمارے گناہوں کو معاف کریگا اور ہمیں ہر نوع کی ناراستی سے پاک کریگا۔ ۱ یوحنا ۱ - ۸ و ۹

ای پیارے بھائیو کتاب کے کئی مقام سے ہمیں نصیحت ہی کہ ہم اپنے بیشمار گناہوں اور بدیوں کا اعتراف اور اقرار کریں اور ہم خدا تعالی کے حضور جو کہ ہمارا آسمانی باپ ہی ریا اور اخفا کے ساتھ در پیش نہ آئیں بلکہ عجز و انکسار اور توبہ اور اطاعت دلی سے مقر ہوں تاکہ اُسکی خوبی و رحمت بیمتناہی سے ہم عفو پائیں۔ اور اگرچہ

پھر لازم ہی کہ ہر وقت عجز و انکسار ہم خدا کے حضور اپنے
گناہوں کا اقرار کریں مگر خصوصاً اُس وقت زیادہ تر لازم ہی
جب کہ اُن بڑی نعمتوں کی شکر گزاری کے لیئے جو کہ
ہمنے اُسکے ہاتھوں سے پائیں ۔ اور اُسکے لائق کی مدح کرنے
کے لیئے ۔ اور اُسکے تمام اندس کے سننے کے لیئے اور
اُن چیزوں کے مانگنے کے لیئے جو کہ ہمارے جسم و روح کے
لیئے مطلوب اور ضرور ہیں باہم اکٹھے ہوں ۔ پس میں تم
سب کی جو یہاں حاضر ہو منتی اور سماجت کرتا ہوں کہ
میرے ساتھ صدق دل اور عجز کی آواز سے آسمانی فضل
کے تخت کے حضور پیچھے پیچھے کہو

اعتراف عام

ساری جماعت جا ثیاً خادم دین کی پیچھی پیچھی کہی

ای قادر مطلق اور رحیم باپ ۔ ہم مثل گم شدہ بھیڑ
کے تیری راہ سے بہکے اور بھٹکے ہیں ۔ اور ہم اپنے دلوں
کی ہوا و ہوس کی طرف بہت ہی متوجہ ہوئے ہیں ۔ اور
ہم تیرے شرع مقدس کے مخالف ہوئے ہیں ۔ اور

ہم اُن چیزوں کو نہ بجالائے کہ جنکی ادا ہمپر فرض تھی ۔ اور ہمنے اُن چیزوں کو کیا کہ جنکا کرنا ہمیں مناسب نہ تھا ۔ اور اب ہمارے پاس کچھ عافیت نہیں ہی ۔ مگر تو ای خداوند ہمسے شکستہ حال گنہگاروں پر رحم کر ۔ معاف رکھ اُنہیں ای خداوند جو اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہیں اور پھر مقبول کر اُنہیں جو کہ توبہ کرتے ہیں ۔ موافق اُس عہد و پیمان کے جو تو نے بوسیلہ ہمارے خداوند مسیح عیسیٰ کے انسان سے کیا ہی ۔ اور ای بڑے ہی رحیم باپ اُسکے طفیل سے بخش ۔ کہ آیندے کو ہم پر ہیزگاری اور نیکوکاری اور پاکدامنی کے ساتھہ زندگی بسر کریں ۔ تاکہ تیرے اسم اقدس کا جلال ظاہر ہو ۔ آمین

گناہوں کا عفو

قسیس کھڑا ہوکر پڑھی اور جماعت جاثی رہی

خدا ے تعالی جو باپ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا ہی اور نہیں چاہتا ہی کہ کوئی گنہگار مرے بلکہ یہہ چاہتا ہی کہ وہ اپنی بدی سے باز آوے اور جیئے اور اپنے بندگان

خاص کو قدرت اور حکم دیا ہی کہ اپنے لوگوں پر جو کہ تائب ہیں
اُنکے گناہوں کی معافی و آمرزش کا مضمون ظاہر کریں ۔ وہ اُنہیں
بخشتا اور معاف کرتا ہی جو کہ بصدق دل توبہ کرتے ہیں
اور اُسکی پاک انجیل پر بے ریا ایمان لاتے ہیں ۔
اِسلئے چاہو ہم اُسکے حضور عرض کریں کہ ہمکو توبہ بصدق
دلکی رغبت دے اور اپنا روح قدس نازل کرے ۔ کہ
وے چیزیں جو کہ اِسوقت ہم کرتے ہیں اُسے بھی معلوم
ہوں اور آیندے کو ہمارے روستے خالص اور پاک ہوں
تاکہ آخرش کو ہم اپنے خداوند عیسی مسیح کے طفیل سے
اُسکی شادمانیٔ جاودانی میں داخل ہوں ۔ آمین

تب خادم دین جاتی ہو بلند آواز سی خداوند کی نماز پڑھی ۔

اور جماعت بھی جاتیا آسکی ساتھ اِسی دعا کو کہی

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو اور تیری
سلطنت آوے اور تیری رضا زمین پر ویسے ہو جیسی کہ
آسمان پر ہی ہماری روز ینے کی روٹی ہمیں آج بخش اور
ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہمپر زیادتی کرتے

ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں ۔ اور ہمیں امتحان میں نہ ڈال
بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھ کیونکہ سلطنت اور قدرت اور
جلال ابد الآباد تک تیرا ہی ہی ۔ آمین

تس پیچھی وہ کہی

ای خداوند ہمارے لبوں کو کھول

جماعت ۔ اور ہماری زبان تیری حمد وثنا کریگی

قسیس ۔ ای خدا ہمارے بچانے میں تعجیل کر

جماعت ۔ ای خداوند جلدی سے ہماری مدد کر

اِس مقام پر سب کھڑے ہوں اور قسیس کہی

قسیس ۔ ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس
کو پہنچے

جماعت ۔ جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابد آباد
تک ہمیشہ رہیگی ۔ آمین

قسیس ۔ حمد کرو خداوند کی

جماعت ۔ خداوند کے نام کی حمد ہو

تب مزامیر مقررہ پڑھیں یا گائیں اور اُسکی بعد ایک ورد

وثیقۂ عتیق کا جیسی کہ مقرّر رہی اور تس پیچھی کواری مریم متبرّکہ کا گیت کہ جسکا شروع ھی - میری جان خدا کی تعظیم کرتی ہی اُلخ

لوقا کی انجیل ۱ باب ـ ۴۶ آیت

میری جان خدا کی تعظیم کرتی ہی اور میری روح میرے نجات دینے والے خدا سے شادماں ہوئی

کہ اُسنے اپنی باندی کی عاجزی پر نظر کی اسلیئے کہ دیکھ اس دم سے سارے زمانے کے لوگ مجھے فرخندہ کہینگے ۞

کیونکہ اُسنے جو قادر ہی مجھ پر بڑے احسان کیئے ہیں اور اُسکا نام پاک ہی

اور اُسکی رحمت اُنپر جو اُس سے ڈرتے ہیں نسلاً نسلاً ہی ۞

اُسنے اپنی بازو کی قوّت دکھائی اور اُنہیں جو متکبر رہیں پریشان کیا

اُسنے سرداروں کو کرسی سے اُتار دیا اور پستوں کو بلند کیا ۞

اُسنے بھوکھوں کو نفیس چیزوں سے سیر کیا اور دولتمندوں کو خالی ھاتھ لوٹا دیا

اُسنے مطابق اُس وعدہ کے جو کہ اپنی رحمت کو یاد کر
ہمارے آبا ابراہیم اور اُسکی نسل سے جو ابد تک رہیگی
کیا تھا اپنے بندہ اسرائیل کو سنبھال لیا
ستایش باپ اور بیٹے الخ
جیسی کہ ابتدا میں تھی الخ

یا یہہ مزمور مگر مہینی کی انیسویں تاریخ
کو کیونکہ مزامیر جو روزانہ پڑھنی کی لیئی
مقرر ہیں اُس تاریخ میں بھی یہہ مزمور واقع ہی

مزمور ۹۸

خداوند کے لئے نئے گیت گاؤ کیونکہ اُسنے عجیب کام کئے ٭
اُسکے دست راست اور مقدس بازو نے تو اُسے ظفر بخشا ٭
یہوواہ نے اپنی نجات کو ظاہر کیا اور اُسنے اپنی راست
بازی اُمتوں کو کھول کے دکھلائی
اُسنے اسرائیل کے گھرانے کی بابت اپنی رحمت
اور صداقت کو یاد فرمایا
زمین کے سارے کناروں کے باشندوں نے ہمارے

خدا کی نجات کو دیکھا

ای ساری زمین یہواہ کے لئے خوشی سے نعرہ مار اور آواز بلند کر اور خوش ہو اور مدح گا

یہواہ کے لئے قانون بجا کے گاؤ — قانون بجا کے سُر باندھ کے گاؤ

تُرہی پھونکتے ہوئے اور نرسنگے بجاتے ہوئے یہواہ بادشاہ کے حضور خوشی کی آوازیں کرو

دریا اور اُسکی پُری شور مچاویں * اور ساری دنیا اور سب جو اُس میں بستے ہیں

نہریں تال دیں * اور ساری پہاڑیاں یہواہ کے حضور مل کے خوشیاں کریں کہ وہ زمین کی عدالت کرنے آتا ہی

وہ صداقت سے دنیا کی اور انصاف سے لوگوں کی عدالت کریگا

ستایش باپ اور بیٹے آلخ
جیسی کہ ابتدا میں تھی آلخ

تب ایک ورد وثیقۂ جدید سی جیسا کہ مقرر رہی
پڑھا جای اور اُسکی بعد شمعون کا گیت نہ جسنا شروع ہی

ای مخدوم آلنح

لوقا کی انجیل ۲ باب ۲۹ آیت

ای مخدوم اب اپنے بندے کو تو رخصت دیا چاہتا ہی
کہ تیرے سخن کے موافق سلامت جائے
کہ میری آنکھوں نے تیری نجات مشاہدہ کی
وہی نجات جو تو نے ساری خلقت کے آگے مہیا کی ہی
جو اُمتوں کی روشنی کے لئے ایک نور اور تیرے
بنی اسرائیل کے لئے جلال ہی
ستایش باپ اور بیٹے آلنح
جیسی کہ ابتدا میں تھی آلنح

یا یہہ مزمور مگر مہینے کی بارھوین تاریخ کو

مزمور ۶۷

خدا ہمپر رحم کرے اور ہمکو برکت دیوے اور اپنے
چہرے کو ہمپر جلوہ گر فرماوے اور ہمپر رحم کرے

تاکہ تیری راہ زمین میں اور تیری نجات ساری قوموں میں جانی جاوے

ای خدا لوگ تیری مدح کریں ۞ ہاں سب لوگ تیری مدح کریں

اُمتیں خوش ہوویں اور خوشی سے گاویں کہ تو لوگوں کے حق میں سچی عدالت کریگا ۞ اور زمین پر اُمتوں کی ہدایت کریگا

خدایا لوگ تیری مدح کریں ۞ ہاں سارے لوگ تیری مدح کریں

زمین اپنی حاصل کو برلایگی — خدا ہمارا خدا ہمکو برکت دیگا ۞

خدا ہمکو برکت دیگا اور زمین کے سارے کنارے ڈرمانینگے

ستایش باپ اور بیٹے الخ

جیسی کہ ابتدا میں تھی الخ

تب خادم دینی اور جماعت بدستور

کھڑی رہ کر حواریوں کا عقیدہ پڑھیں یا گائیں

میں اعتقاد رکھتا ہوں خدا پر جو کہ باپ قادر مطلق اور آسمان و زمین کا خالق ہی

اور عیسی مسیح پر جو اُسکا اکلوتا بیٹا اور ہمارا خداوند ہی — اور اِس میں کہ وہ روح القدس سے علوق ہوا اور کواری مریم سے پیدا ہوا اور پنطوس پیلاطوس کے زیر حکومت متاذی ہوا اور صلیب پر کھینچا اور مر گیا اور مدفون ہوا اور عالم ارواح میں گیا اور اپنی وفات کے تیسرے دن جی اُٹھا اور آسمان پر چڑھا اور خدا جو کہ باپ قادر مطلق ہی اُسکے دہنے ہاتھ جا بیٹھا اور وہان سے زندے اور مردے کے محاسبے کے لئے آویگا۔

میں اعتقاد رکھتا ہوں روح القدس پر اور مقدس کلیسیاے عام پر اور مقدسوں کی رفاقت پر اور گناہوں کی آمرزش پر اور جسد کے حشر پر اور زندگانی جاودانی پر — آمین

اُسکی بعد سب ادب سی جُثیاً مناجاتیں جو ذیل میں لکھی ہیں پڑھیں لیکن خادم دین پہلی بلند آواز سی یہہ کہی

خداوند تمہارے ساتھ رہے

جماعت ـ اور تیری روح کے ساتھ

خادم دین ـ چاو دعا مانگیں

خداوند ہمپر رحم کر

جماعت ـ مسیح ہمپر رحم کر

خادم دین ـ خداوند ہمپر رحم کر

تب خادم دین اور خادم اور جماعت سب

کی سب بلند آواز سی خداوند کی نماز پڑھیں

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو
اور تیری سلطنت آوے اور تیری رضا زمین پر ویسے ہی
ہو جیسی کہ آسمان پر ہی ـ ہماری روز ینے کی روٹی ہمیں
آج بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہمپر
زیادتی کرتے ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں
امتحان میں نہ ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھ ـ آمین

تب قسیس کھڑا ہو کی کہی

قسیس ـ ای خداوند اپنی رحمت ہمپر عطا کر

جماعت ـ اور اپنی نجات ہمیں بخش

قسیس ۔ ای خداوند بادشاہ کی حفاظت کر

جماعت ۔ اور مہربانی سے ہماری سن جب کہ ہم تجھسے دعا مانگیں

قسیس ۔ اپنے بندگان خاص کو تقوی دے

جماعت ۔ اور اپنے برگزیدے لوگوں کو شاد کر

قسیس ۔ ای خداوند اپنے لوگوں کو سلامت رکھ

جماعت ۔ اور اپنی میراث کو برکت دے

قسیس ۔ ای خداوند ہمارے وقت میں امن رکھ

جماعت ۔ کیونکہ اور کوئی نہیں ہی جو کہ ہمارے لئے لڑے مگر فقط تو ای خدا

قسیس ۔ ای خدا ہمارے دلوں کو پاک کر

جماعت ۔ اور ہم پر سے اپنی پاک روح کو نہ اُٹھا لے

تب یہ تین دعائیں پڑھی جائیں — پہلی وہ جو روز کی مقرر ھو ۔ دوسری امن کی ۔ اور تیسری سب نوع کی آفات سی اعانت و حفاظت کی لیئی ۔ اور یہ دو پچھلی دعائیں تبدیل کبھی نہ ھوں ۔ بلکہ شام کی نماز میں ہر روز پڑھی جائیں

دوسری دعا شام کی نماز کی

ای خدا کہ تجھسے ساری پاک خواہشیں اور سب نیک مشورتیں اور سارے اعمال حسنہ نکلتے ہیں اپنے بندوں کو وہ امن دے کہ دنیا دے نہیں سکتی کہ ہمارے دل تیرے حکموں کے بجالانے کی طرف متوجہ ہوں اور ہم اپنے دشمنوں کے خوف سے بھی تیرے ہاتھوں سے حفاظت پاکے اپنی باقی اوقات آرام میں بسر کریں۔ یہہ عرض ہماری ہمارے بچانے والے عیسی مسیح کے استحقاق کے لیئے بخش۔ آمین

تیسری دعا سب نوع کی آفات سی اعانت کی لیئی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ ہماری تاریکی کو روشن کر اور اپنی رحمت وافر سے آج کی رات ہمیں ہرخطرہ وضرر سے محفوظ رکھہ۔ یہہ عرض ہماری اپنے اکلوتے اور پیارے بیٹے ہمارے بچانے والے عیسی مسیح کے لیئے بخش۔ آمین

جس کلیسیا میں کہ کا نامقرر ہو وہاں مناقب گائیں

دعا بادشاہ کی لیئی

ای خداوند ہمارے آسمانی باپ کہ تو عظیم و قوی
ہی اور بادشاہوں کا بادشاہ اور سرداروں کا سردار
ہی اور تو ہی فقط حاکموں کا حاکم ہی اور عرش پر سے اِس
دنیا کے سارے باشندوں کو دیکھتا ہی ہم دل و جان سے تیری
منتی کرتے ہیں کہ تو اپنی مہربانی سے ہمارے مشفق و
اکرم مالک اور بادشاہ جارج پر نظر کر اور روح القدس کے
فضل سے اُسے ایسا معمور رکھ کہ وہ ہمیشہ تیری مرضی کی
طرف مائل رہے اور تیرے شرع پر چلے اور نعمت آسمانی
اُسے کثرت سے عطا کر اور عمر درازی عافیت و دولت کے
ساتھ دے۔ اور اُسے قوت بخش کہ وہ اپنے سب اعدا پر
ظفر پاوے اور غالب آوے اور آخرش اِس زندگانی کے بعد
شادمانیٔ جاودانی حاصل کرے۔ یہ التماس ہمارا ہمارے
خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے قبول کر۔ آمین

دعا بادشاہ کی کنبی کی لیئی

ای قادر مطلق خدا کہ تو سب نیکیوں کا مبدع ہی ہم عجز و

انکسار تیری منتی کرتے ہیں کہ ہمارے مشفق و مہربان
بادشاہ کے خاندان کو برکت دے اور انہیں روح اقدس
سے مملو کر اور فضل سبحانی سے ستغنی اور سب نوع کی
شادمانی سے فرخندہ کر اور اپنی سلطنت ابدی میں داخل
کر۔ یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے
وسیلے بخش۔ آمین

دعا اہل خطیب اور جماعت کی بابت

ای قادر مطلق و قیوم خدا کہ تو ہی فقط بڑے معجزے
دکھلانے والا ہی سارے اُستفوں اور خادمان دین پر اور
سب جماعتوں پر کہ جو اُنکے سپرد ہیں اپنی عافیت بخش
روح کا فضل نازل کر اور تاکہ وے حقیقت میں تجھے راضی
رکھیں اپنی رحمت کی شبنم اُنپر نت گرنے دے ۔
یہہ التماس ہمارا ہمارے شفیع و ساعی عیسیٰ مسیح
کی حرمت کے لیئے بخش ۔ آمین

دعا مقدس کریساستم کی

ای قادر مطلق خدا کہ تو نے اپنا فضل ہمپر عطا کیا کہ اِس

وقت ہم ایک دل ہو کے تجھ سے دعا مانگیں اور تو نے
وعدہ کیا ہی کہ جب دو یا تین تیرے نام پر اکٹھے ہون
تو اُنکے سوالوں کو سنیگا بر لا اب ای خداوند اپنے
بندوں کی خواہشوں اور آرزوؤں کو جس میں کہ اُنکی
بہتری ہو۔ یعنی اِس جہان میں اپنی صداقت کا علم دے اور
جہان آیندے میں زندگانیٔ جاودانی بخش۔ آمین

۲ مکتوب قرنتیوں کو۔ ۱۳ باب۔ ۱۴ آیت

فضل ہمارے خداوند عیسی مسیح کا اور محبت خدا کی اور
رفاقت روح القدس کی ہم سبھوں کے ساتھ ہمیشہ
رہے۔ آمین

برس کی ہر شام کی نماز تمام ہوئی

کرسمس ڈے کو (یعنی عیسیٰ مسیح کی تولد کی دن) -- اپیفنی
کو (یعنی جس روز کہ عیسیٰ مسیح کی آنیکا حال غیروں پر کہلا) مقدس
متثیاس کی دن --- روز فصح کو -- اسنشن ڈے کو (یعنی جس
روز کہ عیسیٰ مسیح نی آسمان پر صعود کیا) -- وہٹ سنڈے کو
(یعنی جس روز کہ شاگردوں پر روح القدس نازل ہوا) -- مقدس
یوحنا ی بپتسٹ کی دن -- مقدس جیمس کی دن --- مقدس
برتولامي کی دن -- مقدس متّی کی دن -- مقدس شمعون اور
مقدس یہودا کی دن -- مقدس اندریاس کی دن --- اور ترینیٹی
سنڈے کو (یعنی تثلیث مسعود کی اتوار کو) -- ان سب دنوں
کو صبح کي نماز کی وقت حواریوں کی عقیدی کی عوض یہہ اعتراف
ایمان مسیحی کا جو عموماً مقدس اتھناسیئس کا عقیدہ کہلاتا ہی
قسیس اور جماعت کہڑي ہو کر پڑھیں یا گائیں

جو کوئی کہ نجات چاہتا ہی اُسے سب چیز سے زیادہ
ضرور ہی کہ اعتقاد عیسوی مسیحی رکھے

اور اِس ایمان کو بجز اِسکے کہ کامل اور بعصمت رکھے
بے شک وہ عذاب ابدی میں پڑیگا

اور اعتقاد عیسیٰ یہہ ہی ۔ کہ ہم پرستش کریں

ایک خدا کی تثلیث میں اور تثلیث توحید میں

نہ فردوں سے امتیاز اُٹھا دیں اور نہ ماہیت کو منقسم

کریں

کیونکہ ایک فرد باپ ہی ۔ اور ایک بیٹا ہی — اور

ایک روح القدس ہی

مگر باپ اور بیٹا اور روح القدس الوہیت میں متحد

ہیں اور جلال میں متساوی اور شان قدم میں یکساں •

جیسا کہ باپ ہی ۔ ویسا ہی بیٹا ہی ۔ اور ویسا ہی

روح القدس ہی

باپ غیر مخلوق ہی ۔ بیٹا غیر مخلوق ہی ۔ اور روح القدس

غیر مخلوق ہی

باپ بعید القیاس ہی ۔ بیٹا بعید القیاس ہی ۔

اور روح القدس بعید القیاس ہی

باپ قدیم ہی ۔ بیٹا قدیم ہی ۔ اور روح القدس

قدیم ہی

اور تو بھی تین جدا اگانہ قدیم نہیں ہیں بلکہ ایک قدیم ہی۔
اور تین جدا اگانہ بعید القیاس بھی نہیں ہیں اور نہ تین
غیر مخلوق ہیں بلکہ ایک غیر مخلوق اور ایک بعید القیاس ہی۔
ایسے ہی باپ قادر مطلق ہی ۔ بیٹا قادر مطلق ہی ۔
اور روح القدس قادر مطلق ہی
تاہم تین قادر مطلق نہیں ہیں کہ ایک قادر مطلق ہی۔
ایسے ہی باپ خدا ہی ۔ بیٹا خدا ہی ۔ اور روح القدس
خدا ہی
تاہم تین خدا نہیں ہیں بلکہ ایک خدا ہی
ایسے ہی باپ خداوند ہی ۔ بیٹا خداوند ہی ۔ اور روح القدس
خداوند ہی
تاہم تین خداوند نہیں ہیں بلکہ ایک خداوند ہی
جیسے کہ اعتقاد مسیحی سے ہم پر فرض ہی کہ ہر ایک
فرد کی الوہیت اور خداوندی کا جداگانہ اقرار کریں
ایسے ہی مذہب مسیحی میں ہمیں ممانعت ہی کہ تین خدا
یا تین خداوند کہیں

باپ نہ کسی چیز سے بنا ہی نہ مخلوق ہی نہ متولد ہی *

بیٹا فقط باپ سے ہی نہ بنا ہی نہ مخلوق ہی پر متولد ہی *

روح القدس باپ اور بیٹے سے ہی نہ بنا ہی نہ مخلوق ہی نہ متولد بلکہ منخرج ہی

پس اب ایک باپ ہی نہ تین باپ ۔ اور ایک بیٹا ہی نہ تین بیٹے ۔ اور ایک روح القدس ہی نہ تین روح القدس

اور اِس تثلیث میں نہ ایک دوسرے سے متقدم ہی نہ متاخر ۔ کوئی برتر یا کمتر ایک دوسرے سے نہیں ہی *

بلکہ یہ تینوں فرد آپس میں برابر قدیم اور یکسان ہیں *

پس اب سب چیزوں میں جیسے کہ او پر مذکور ہوا توحید تثلیث میں اور تثلیث توحید میں پرستش کی جائے

پس چاہئے کہ وہ شخص جو نجات کا طالب ہی ایسی ہی تثلیث کو سمجھے

علاوہ نجات ابدی کے لئے ضروری کہ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے مجسم ہونے پر بھی اعتقاد کامل رکھے *

کیونکہ ایمان کامل یہہ ہی کہ ہم اِس بات پر مقر ہوں
اور ایمان لائیں کہ ہمارا خداوند عیسیٰ مسیح بیٹا خدا کا ہم
خدا و ہم آدمی ہی

خدا ہی ماہیت باپ کی سے اور متولّد ہوا قبل وجود عالم
کے ۔اور آدمی ہی ماہیت ماں کی سے اور متولّد ہوا دنیا میں ۞

خدا سے کامل اور آدم کامل ساتھہ نفس ناطقہ اور جسم
بشری کے

الوہیت کی راہ سے ہمسر باپ کے اور انسانیت کی
راہ سے کمتر باپ سے

وہ اگرچہ ہم خدا و ہم آدمی ہی مگر وہ دو نہیں ہی بلکہ ایک
مسیح ہی

وہ ایک ہی ۔ نہ اِس سبب کہ اپنی الوہیت کو
جسم سے بدل کیا ۔ پر اِس لیئے کہ ماہیت انسان
کے تئیں اپنی الوہیت میں لاحق کیا

وہ ایک مطلق ہی ۔ نہ کہ اختلاط ماہیت کے سبب
بلکہ وحدت فرد سے

کیونکہ جیسے نفس ناطقہ ساتھ جسم کے ایک انسان
ہوتا ہی ویسے ہی خدا اور آدمی ایک مسیح ہی
کہ جسنے ہماری نجات کے لئے اذیت اٹھائی اور
عالم ارواح میں گیا اور مرگ کے تیسرے دن اُٹھا
اور آسمان پر صعود کیا ۔ اور خدا سے قادر مطلق جو کہ باپ
ہی اُسکے دہنے ہاتھ بیٹھا اور وہاں سے زندے اور مردے
کے محاسبے کو پھر آئیگا
اور اُسکے آنے پر سب آدمی ساتھ اپنے جسم کے
محشور ہونگے ۔ اور اپنے اپنے کئیے کا جواب دینگے
اور وے کہ جنہوں نے نیکی کی ہی زندگانی جاودانی
میں داخل ہونگے ۔ اور وے کہ جنہوں نے بدی کی ہی
نار ابدی میں
یہ اعتقاد عمیم مسیحی ہی ۔ اور بجز اِسکے کہ انسان
بصدق دل اِس ایمان کو کامل رکھے اُسے نجات ہرگز
نہ ہوگی
ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے ٭

جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہے اور ابدالآباد تک
ہمیشہ رہیگی — آمین

صبح کی نماز کی بعد اتوار اور بدھ اور جمعہ کو یا اور
کوئی دوسری وقت کہ جب حاکم شرع فرمای پڑھی جائی

ای خدا جو باپ آسمان کا ہی ہم خوار گنہگاروں پر رحم کر

ای خدا جو باپ آسماں کا ھی ھم خوار گنہگاروں پر رحم کر

ای خدا جو بیٹا ہی اور جہان کا نجات دینے والا ہم خوار
گنہگاروں پر رحم کر

ای خدا جو بیٹا ھی اور جہان کا نجات دینی والا ھم خوار
گنہگاروں پر رحم کر

ای خدا جو روح القدس ہی اور باپ اور بیٹے سے
نکلتا ہی ہم خوار گنہگاروں پر رحم کر

ای خدا جو روح القدس ھی اور باپ اور بیٹی سی نکلتا ھی
ھم خوار گنہگاروں پر رحم کر

ای مقدس اور متبرک اور جلیل الشان تثلیث کہ
میں فرد اور ایک ہی خدا ہی ہم خوار گنہگاروں پر رحم کر

(لیتنی یعنے صلوٰۃ الخشوع جمہور کی)

ای مقدس اور متبرک اور جلیل الشان تثلیث کہ تین فرد اور

ایک ھی خدا ھی ھم خوارگنہگاروں پر رحم کر

ای خداوند ہمارے گناہوں کو یاد نہ کر اور نہ ہمارے
باپ دادوں کے گناہوں کو اور نہ ہمارے گناہوں کا ہمسے
بدلہ لے ـ معاف رکھ ہمیں ای مہربان خداوند اپنے بندوں کو
کہ جنہیں تونے اپنے خون گراں بہا سے چھڑایا معاف رکھ
اور ہمیشے کو ہمسے نہ رنجیدہ ہو

ای مہربان خداوند ہمیں معاف رکھ

ہر آفت و ضرر سے ـ گناہ سے اور شیطان کے فریب
و حملوں سے ـ اپنے عتاب اور عقوبت ابدی سے

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

دلکی نابینائی سے ـ اور کبر اور غرور اور ریا سے ـ اور
حسد اور بداندیشی اور کینہ سے ـ اور ہر ایک نوع
کی بدگمانی سے

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

زناکاری اور ہر گناہ کشندہ سے ـ اور جہان کے اور

جسم کے اور شیطان کے فریب سے

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

بجلی اور آندھی سے اور وبا اور آفت اور قحط سے ۔ لڑائی

اور قتل اور موت ناگہانی سے

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

سب نوع کے مفسدے اور شورا سے بد اور بغاوت

سے ۔ اور ہر تعلیم باطل اور شقاق اور نفاق سے

اور سخت دلی اور تیرے کلام اور حکم کی توہین سے

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

اپنے مخفی اور مقدس مجسم ہونے کے لئے ۔ اپنے پاک

پیدایش اور ختنے کے لئے ۔ اپنے بپتسمہ اور فاقہ کشی

اور امتحان کے لئے

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

اپنے رنج و درد اور خون کے پسینے کے لئے ۔ اپنی

صلیب و اذیت کے لئے ۔ اپنی موت اور دفن ہونے کے لئے

اور اپنے حشر اور صعود ذی شان کے لیئے ــ اور روح القدس کے نزول کے لیئے

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

ہماری ہر اذیّت کے وقت اور ہماری تونگری کے وقت اور جاں کندنی کے وقت اور حساب کے روز

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

ای خداوند خدا ہم گنہگار تیری منتی کرتے ہیں کہ تو ہماری سُن اور اپنی مہربانی سے اپنی مقدس کلیسیا سے عمیم کا انتظام کر اور اُسے راہ راست میں قائم رکھ

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سُن اپنی مہربانی سے اپنے خادم جارج کو جو ہمارا جلیل الشان بادشاہ اور مالک ہی محفوظ رکھ اور طاقت بخش کہ وہ تیری پرستش ساتھ صداقت کے کرے اور نیکو کاری اور تقوی پکڑے رہے

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سُن اپنی مہربانی سے اُسکے دلکا انتظام اپنے ایمان اور دہشت و محبّت کے ساتھ کر اور یہہ کہ وہ مدام تجھپر متوکل رہے اور

دائم تیری عزّت و جلال کا جویاں رہے

هم تیري منتي کرتی هیں ای مہربان خدا وندکہ توهماري سُن
اپنی مہربانی سے اُسکا حافظ اور نگہبان رہ اور اُسکے
سب دشمنوں پر اُسے ظفریاب کر

هم تیري منتي کرتی هیں ای مہربان خدا وندکہ توهماري سُن
اپنی مہربانی سے ہمارے مشفق بادشاہ کے کنبے پر
برکت دے اور اُنہیں محفوظ رکھ

هم تیري منتي کرتی هیں ای مہربان خدا وندکہ توهماري سُن
اپنی مہربانی سے سب اُسقف اور قسیس اور خادم دین کا
دل اپنے کلام کے علم و فہم سے منوّر کراور پھرکہ دے اپنی تعلیا
اور رویہ سے بھی اُنہیں ظاہر کریں اور ویسا ہی بتاویں

هم تیري منتي کرتی هیں ای مہربان خداوندکہ توهماري سُن
اپنی مہربانی سے سب اہل شوریٰ کواور امیروں کو اپنی
ہدایت اور عقل و فہم دے

هم تیري منتی کرتی هیں ای مہربان خداوندکہ توهماري سُن
اپنی مہربانی سے سب قاضیوں کو اپنی نگاہ میں رکھہ

اور فضل اپنا اُنکو عطا کرکے دے عدل کریں اور صدق کو
برقرار رکھیں

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوندکہ توہماری سُن
اپنی مہربانی سے اپنے سب بندوں کو برکت بخش اور
سلامت رکھ

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوندکہ توہماری سُن
اپنی مہربانی سے ساری اُمتوں میں اتحاد اور امن اور اتفاق رکھ ٭

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوندکہ توہماری سُن
اپنی مہربانی سے ہمیں ایسا دل دے جو تیری محبت
ودہشت رکھے اور یہہ کہہم کوشش سے تیرے احکام پر چلیں

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوندکہ توہماری سُن
اپنی مہربانی سے بخش کہ تیرے سب لوگ فضل میں
ترقی پکڑیں اور تیرے کلام کو عجز سے سُنیں اور پاک
محبت سے اُسے قبول کریں اور تیری روح کے میوے
برلائیں

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوندکہ توہماری سُن

اپنی مہربانی سے اُنہیں جو گمراہ ہیں اور اُنہیں جو فریب کھاکے برگشتہ ہوئے ہیں راہ صدق پر پھیر لا *

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوندکہ تو ہماری سُن

اپنی مہربانی سے اُنہیں قوّت دے جو مستقیم ہیں اور بز دلوں کو دلاسا اور مدد دے اور اُنہیں جو کہ گرے پڑے ہیں اُٹھاسے ـ القصہ شیطان کو ہمارے پایمال کر ڈال

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوندکہ تو ہماری سُن

اپنی مہربانی سے اُنکی مدد اور اعانت اور تسکین کر جو کہ خطرے اور ضرورت اور اذیت میں ہیں

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوندکہ تو ہماری سُن

اپنی مہربانی سے اُنکی جو خشکی یا تری میں سفر کرتے ہیں اور سب عورتوں کی جو جننے کے درد میں ہیں اور سب بیماروں کی اور سب چھوٹے لڑکوں کی حفاظت کر اور سب قیدی اور اسیروں پر رحم کر

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوندکہ تو ہماری سُن

اپنی مہربانی سے سب یتیموں اور بیوؤں اور سب
محتاجوں اور مظلوموں کی حفاظت و تدارک کر

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سن
اپنی مہربانی سے سب لوگوں پر رحم کر

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سن
اپنی مہربانی سے ہمارے سب دشمنوں اور معاندوں
اور مفتریوں کو معاف کر اور اُنکے دلوں کو پھیر

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سن
اپنی مہربانی سے زمین کے سارے اچھے پھلوں
کو اپنے اپنے موسم پر برلا کہ ہم اُنسے بروقت فائدہ
اُٹھائیں

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سن
اپنی مہربانی سے سچی ریاضی توبہ ہمیں عطا کر اور ہمارے
سب گناہ اور تقصیر اور نادانیاں ہمیں معاف کر — اور اپنے
روح القدس کے فضل سے ہمیں معمور کر کہ ہمارے روسے
تصحیح پذیر ہوں اور ہم تیرے کلام مقدس کے
موافق چلیں

هم تيري منتي كرتي هيں اى مهربان خداوند كہ تو هماري سُن

اى بیتے خدا کے ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ تو ہماری سُن

اى بيٹى خدا كى هم تيرى منتي كرتى هيں كہ تو هماري سن

اى برہ خدا کے جو جہان کے گناہوں کو اُٹھاتا ہی

اپنا امن همیں بخش

اى برہ خدا کے جو جہان کے گناہوں کو اُٹھاتا ہی

همپر رحم كر

اى مسیح ہماری سُن

اى مسيح هماري سُن

اى خداوند ہمپر رحم کر

اى خداوند همپر رحم كر

اى مسیح ہمپر رحم کر

اى مسيح همپر رحم كر

اى خداوند ہمپر رحم کر

اى خداوند همپر رحم كر

تب قسيس اور جماعت اُسكى ساتهہ خداوند كي دعا پڑهيں

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو اور تیری سلطنت آوے اور تیری رضا زمین پر ویسے ہی ہو جیسا کہ آسمان پر ہی ۔ ہماری روز ینے کی روٹی ہمیں آج بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسے کہ جو ہمپر زیادتی کرتے ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان میں نہ ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھ ۔ آمین

قسیس ۔ ای خداوند ہمارے گناہوں کے موافق ہمسے درپیش نہ آ *

جماعت ۔ اور نہ ہماری بدیوں کے موافق ہمیں جزا دے *

چلو دعا مانگیں

ای خدا کہ تو بڑا رحیم باپ ہی اور دل تائب کے آہ و فغاں سے اور دل محزوں کی خواہش سے بیزار نہیں ہوتا رحمت سے ہماری اِس دعا پر جو ہم تیرے حضور اپنے سب مصائب اور تکلیفات میں ہر نوع کی جب ہمپر طاری ہوں مانگتے ہیں مدد کر اور مہربانی سے ہماری سُن کر وے بدیاں جو کہ شیطان یا انسان کے فریب ہمپر عمل میں لاتے ہیں نکمّی ہو جائیں اور تیری پروردگاری حسنہ سے

پراگندہ کہ ہم تیرے بندے ہر نوع کی ایذا سے محفوظ رہکر
دائم تیری کلیسیاے مقدس میں تیرا شکرانہ کریں۔
یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسی مسیح کے
وسیلے بخش

ای خداوند اُتھہ اور ھماري مدد کر اور اپنی نام کی لیئی ھمین بچالی

ای خدا ہمنے اپنے کانوں سے سُنا ہی اور ہمارے باپ
دادوں سے ہمسے کہا اُن عمدہ کاموں کو جوکہ تونے اُنکے
وقت میں اور قبل اُنکے ایام سابق میں کیئے تھے

ای خداوند اُتھہ اور ھماري مددکر اور اپني عزت کی لیئی ھمیں بچالی

ستایش باپ اور بیتے اور روح القدس کو پہنچے *
جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابد الآباد تک
ہمیشہ رہیگی ۔ آمین

ای مسیح ہمارے دشمنوں سے ہمین محفوظ رکھہ

ھماري مصیبتوں پرمہربانی سی نظر کر

رحمت سے ہمارے دل کی غمگساری کر

شفقت سی اپنی بندوں کی گناھوں کومعاف کر

رحم اور کرم سے ہماری دعا سُن

ای بیٹی داؤد کی ہمپر رحم کر

اب اور ہمیشے کو از راہ لطف کے ای مسیح ہماری سُن *

ای مسیح مہربانی سی ہماری سن — ای خداوند مسیح مہربانی سی ہماری سن

قسیس — ای خداوند اپنی رحمت ہمپر عطا کر

جماعت — کیونکہ ہمارا بھروسا تجھ ہی پر ای

چاہو دعا مانگیں

ہم عجز و انکسار سے تیری منتی کرتے ہین ای باپ کہ تو از راہ رحم کے ہماری ناتوانیوں پر نظر کر اور اپنے نام کے جلال کے لئے اُن سب بدیوں کو کہ جنکے ہم مستحق ہیں ہمسے پھیر اور بخش کہ سب مصیبتوں میں ہم اپنا سارا بھروسا اور توقع تیری رحمت پر رکھیں اور مدام تقوی اور پاکیزگی کے ساتھ تیری بندگی تیری عزت و جلال کے لئے کریں — یہہ التماس ہمارا ہمارے شفیع و ساعی و خداوند عیسی مسیح کے وسیلے قبول کر — آمین

دعا مقدس کریساستم کی

ای خدا قادر مطلق کہ تو نے اپنا فضل ہمپر عطا کیا کہ اِسوقت ہم ایکدل ہوکے تجھسے دعا مانگیں اور تو نے وعدہ کیاہی کہ جب دو یا تین تیرے نام پر ایکٹھے ہوں تو اُنکے سوالوں کو دیگا۔ پس اب ای خداوند اپنے بندوں کی خواہشوں اور آرزؤں کو جسمیں کہ اُنکی بہتری ہو ۔ یعنے اِس جہان میں اپنی صداقت کا علم دے اور جہان آیندہ میں زندگانیٔ جاودانی بخش ۔ آمین

۲ مکتوب قرنتیوں کو ۱۳ باب ۱۴ آیت

فضل ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا اور محبت خدا کی اور رفاقت روح القدس کی ہم سبھوں کے ساتھ ہمیشہ رہے ۔ آمین

اس مقام پر لتنی تمام ہوئی

دعائیں اور شکرانی کہ جو اپنی اپنی وقت پر قبل دو دعای اخیر صلوۃ الخشوع یا صبح یا شام کي نمازکی پڑھي جائیں

دعائیں

صلوۃ استسقا

یعني مینہ کی لیئی

ای خدا آسمانی باپ کہ تو نے اپنے بیٹے عیسی مسیح کے وسیلے اُن لوگوں سے جو کہ تیری سلطنت اور اُسکی نیکوئی کے ڈھونڈھنے ہارے ہیں سب چیزوں کا جو تن کے لیئے ضرور رہیں وعدہ کیا ہم تیری منتی کرتے ہین کہ اِس ضرورت کے وقت ایسے انداز سے سے پانی اور بارش ہمیں عطا کر کہ ہم اپنے آرام اور تیری حرمت کے لیئے زمین کے میوے حاصل کرین ۔ یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے لیئے قبول کر ۔ آمین

اچھي رت کی لیئی

ای قادرمطلق خداوند خدا کہ تو نے انسان کے گناہ کے لیئے ایک بار اِس جہان کے تئیں سوا ے آٹھ

آدمیوں کے ڈُبا دیا اور بعدہ اپنی بڑی رحمت سے وعدہ کیا
کہ کبھی زمین کو پھر اِس طور سے تباہ نہ کریگا — ہم بعجز وانکسار
تیری منتی کرتے ہیں کہ ہر چند کہ اپنی بدیوں کی علت ہم
سزاوار ایسی جھڑی پانی کی آفت کے ہوئے ہیں
لیکن ہماری توبۂ صدق پر ہمیں ایسی رُت عطا کر کہ اپنے
اپنے موسم پر ہم زمین سے برومند ہوں اور تیری
تربیت سے اپنے روپیے کو مہذّب کرنا سیکھیں اور
تیرے رحم کے لئے تیری تحمید و تعظیم کریں — یہہ التماس
ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

مہنگی اور کال کی وقت

ای خدا آسمانی باپ تیری ہی عنایت سے ہی
کہ پانی برستا اور زمین برومند ہوتی ہی اور حیوانوں کی
افزایش اور مچھلیوں کی کثرت ہی — ہم تیری منتی
کرتے ہیں کہ اپنے بندوں کی مصیبتوں پر نظر کر اور بخش
کہ یہہ کال اور مہنگا کہ جنکے اپنی شرارت کے باعث ہم
عدلاً سزاوار ہوئے ہیں تیری مہربانی و رحمت سے مبدل

باسایش و ارزانی ہو جائیں یہہ التماس ہمارا ہمارے
خداوند عیسیٰ مسیح کے پیار کے لیئے بخش جسکے تئیں
ساتھ تیرے اور روح القدس کے ساری عزت اور
جلال اب اور ہمیشے کو ہو — آمین

بابہہ دعا

ای خدا رحیم باپ تو نے الیشاع نبی کے زمان میں ناگاہ
سرزمین سامرہ کی گرانی اور کال کو ارزانی اور سستے
سے مبدّل کیا رحم کر جہہ کہ ہم بھی جو اپنے گناہ کی علت
اُس مطابق سزا پاچکے ہیں اُسی ڈھب پر بروقت
رہائی پاویں — اپنے فضل سخاوتی سے زمین کے میووں کو
افزونی دے اور بخش کہ ہم تیری سخاوت کا نفع
پاکر تیری بزرگی اور محتاجوں کے برار حاجت اور اپنی
تسکین کے لیئے اُسکا صرف کریں — یہہ عرض ہماری
ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

لڑائی اور ہنگامی کی وقت

ای قادر مطلق خدا بادشاہوں کا بادشاہ اور سب چیزوں

کا انتظام کرنے والا ممکن نہیں کہ تیری قدرت کا کوئی مخلوق سامنا کرسکے ۔ اور فقط تجھ ہی کو پہنچتا ہے کہ عدلاً گنہگاروں کو سزا دے اور اُنپر جو کہ بصدق دل توبہ کرتے ہیں رحمت عطا کرے ۔ ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ ہمیں اپنے دشمنوں کے ہاتھ سے بچا اور رہائی دے ۔ اُنکے کبر کو گھٹا اور اُنکے کینہ کو مٹا اور اُنکے مکر پھندوں کو بکھرا دے کہ ہم تیری مدد کے سلاح سے مسلح ہو کر سب تکالیف سے نت محفوظ رہیں اور تیری مدح کریں کہ تو ہی ظفر کا دینے والا ہے ۔ یہہ التماس ہمارا اپنے اکلوتے بیٹے ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے استحقاق کے لئے بخش ۔ آمین

وبا اور بیماریٔ عام کی وقت

ای قادر مطلق خدا کہ تونے اپنے عتاب میں بیابان میں اپنے لوگوں پر اُنکی سرکشی اور بغاوت کی علت جو کہ اُنھوں نے موسیٰ اور ہارون کے ضد میں کی تھی اُنپر وبا نازل کی اور بادشاہ داؤد کے زماں میں بھی ستر ہزار آدمی آفت وبا سے مار ڈالے اور تب پر بھی اپنی رحمت پر نظر کرکے باقی لوگوں کو بچایا ۔ ہم

مصیبت زدہ گنہگاروں پر کہ جنپر بڑی بیماری اور موت اِسدم طاری ہی رحم کر۔ اور جیسے کہ تونے جب فدیہ قبول کیا تھا اور ملک الموت کو حکم کیا کہ سزا سے بازرہ ویسی ہی اب بھی تیری مرضی ہو کہ یہ وبا اور شدت کی بیماری کو ہمسے اُٹھا لے ۔ یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش ۔ آمین

روزوں کی ہفتوں میں ہرروز اُن لوگوں کی حق میں

جونہدۂ مقدس پرمتعین ہونی ہاری ہیں پڑھی جائی

ای قادر مطلق خدا ہمارے آسمانی باپ کہ تونے اپنے پیارے بیٹے کے گراں بہا خون کی قیمت سے اپنے لئے ایک کلیسیا سے عام خریدی اُسپر رحمت سے نظر کر اور اِسوقت اپنے بندوں اسقفوں اور اپنے گلہ کے گلہ بانوں کے دلوں کا اِس ڈھب سے انتظام کر کہ یک ۔ یک وے اپنا ہاتھ کسی بشر پر نہ رکھیں بلکہ کلیسیا کی خدمت مقدسہ کے لئے اعتقاد و عقل کے ساتھہ لائقوں کا انتخاب کریں ۔ اور وے جو کہ اِس کار مقدس کے لئے مقرر کیئے

جائیں اُن پر اپنا فضل اور برکت سبحانی عطا کر کہ وے اپنے رویہ اور تعلیم سے تیرا جلال ظاہر کریں اور سب انسان پر راہ نجات کی کھولنے کا باعث ہوں ۔ یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے قبول کر ۔ آمین

یا یہہ دعا

ای قادر مطلق خدا اور بخشنے والا سب نعمتوں کا تو نے اپنی رزّافیت سبحانی سے اپنی کلیسیا میں کئی درجہ مقرر کیئے ہیں ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ تو اُنپر جو کلیسیا کے کسی عُہدے کی تعمیل کے لیئے مقرر کیئے جایں اپنا فضل عطا کر ۔ اور اُنہیں اپنے علم صدق سے ایسا معمور اور پاکدامنی سے ایسا پُر کر کہ وے تیرے اسم اعظم کی بزرگی اور مقدس کلیسیا کے فائدے کے لیئے تیری بندگی دیانت کے ساتھہ کریں ۔ یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش ۔ آمین

دعا جو کسی اوپرکی دعا کی بعد پڑھی جائی

ای خدا کہ تیری ذات وصفات یہی ہی کہ مدام

کھائے اور معاف کرے ہماری اِن عرضوں کو قبول کر
اور ہرچند کہ ہم اپنے گناہوں کی زنجیر سے جکڑے بندھے
ہوں تاہم تو اپنی مہر و کرم وافر سے ہمیں رہائی بخش ۔
یہہ عرض ہماری عیسیٰ مسیح کی حرمت کے لیئے جو ہمارا شفیع
و ساعی ہی بخش ۔ آمین

دعا عدالت معظمہ پارلیمنٹ (یعنی
اہالی شوریٰ) کی لیئے وقت اجلاس کی

ای بڑے رحیم خدا ہم فروتنی کے ساتھہ جیسے کہ اِس
مملکت کے لیئے عموماً ویسیہی مجلسِ معظمہ اہل شوریٰ کے حق
میں کہ جو ہمارے ایمان دار اور مہربان بادشاہ نے
مجتمع کیا ہی خصوصاً تیری منّتی کرتے ہیں کہ تو اپنی رضا
کے موافق اُنکی تجویزوں کی رہنمائی اور نمود کر کہ جسمیں
تیرا جلال پھیلے اور تیری کلیسیا کی صلاحیت اور ہمارے
بادشاہ اور اُسکے ملک کی حفاظت و عزّت و بہبودی ہو ۔
اور اُنکی مشورتوں سے سب چیزیں بنیاد مستحکم
و مستحسن پر ایسی منتظم ہوں کہ امن اور فرحت
اور صدق اور عدل اور دین اور تقویٰ ہمارے درمیان

نسلاً بعد نسلٍ تقرّر پائے ۔ ہے اور سب دوسری ضرورت کی چیزیں اُنکے اور اپنے اور تیری ساری کلیسا کے لیئے ہم بعجز و انکسار عیسیٰ مسیح کے نام اور شفاعت پر جو کہ ہمارا بہت ہی متبرّک خداوند اور بچانے والا ہی مانگتے ہیں ۔ آمین

دعا سب درجی کی آدمیوں کی لیئی ۔ اُسوقت پڑھی جائی کہ جب لیٹنی یعنی صلوۃ الخشوع موقوف رھی

ای خدا کہ تو سارے عالم کا خالق و حافظ ہی ہم بعجز و انکسار سب چھوٹے بڑے اور ہر درجہ کے آدمیوں کے لیئے تیری منّت کرتے ہیں کہ تیری رضا ہو کہ تو اپنے شرع سے اُنہیں وقوف دے اور اپنی نجات کی عافیت سب قوموں کو بخشے ۔ اور مسیحی کلیسیا کی صلاحیت کے لیئے ہم خصوصاً دعا مانگتے ہیں کہ اُسکا انتظام تیرے روح القدس سے ایسا ہو کہ جو جو اپنے تئیں عیسائی کہلاتے اور قرار دیتے ہیں وے راہ صدق کی رہنمائی پائیں اور ایمان کو اتفاق دلی اور بند امن اور روئیہ زہد میں رکھیں ۔ القصہ اُن سبھوں کو جو خواہ دل یا تن یا مال کی علت آفت یا تصدیع میں ہیں ہم تیری پدرانہ صلاحیت میں سونپتے ہیں (* خصوصاً

اُنکے تئیں جو کہ ہماری دعا کے (* یہہ اُسوقت کہا جای جب کہ کوئی جماعت کی دعا کی خواہش کرے) طالب ہیں) کہ تو اپنی مہربانی سے اُن سبھوں کو تسکین اور دلاسا اپنی اپنی ضرورت کے موافق دے۔ یعنے اُنکی تکلیف میں اُنہیں صبر بخش اور انجام خیر سب مصیبت میں دے۔ یہہ التماس ہمارا عیسیٰ مسیح کے لیئے بخش۔ آمین

شکرانی

شکرانۂ عام

ای قادر مطلق خدا سب رحمتوں کا بانی ہم تیرے نالائق بندے بعجز و انکسار دل و جان سے سب تیری نعمتوں اور رحمتوں کا جو تو نے ہمپر اور سب آدمیون پر نازل کین شکر کرتے ہیں (*خصوصاً اُنکے لیئے جو اِسوقت (* یہہ تب کہا جای جب کسی کی لیئی دعا مانگی گئی ہو اور وہ استدعا حمد کی کرے) خواہش رکھتے ہیں کہ حال کی رحمتوں کے لیئے جو تو نے اُنپر عطا کی ہیں حمد و شکرانہ پہنچائیں) ہم اپنی پیدایش و حفاظت اور اِس دنیا کی سب نعمتون کے لیئے تیرا شکر کرتے ہیں پر سب سے زیادہ تیری اُس بڑی ہی الفت کے لیئے جو کہ

تو نے ہمارے خداوند مسیح عیسیٰ کے وسیلے سارے عالم
کی نجات کے لئے دکھائی ۔ اور فضل کے وسیلوں اور جلال
پانے کی امید کے لئے تیری ستایش کرتے ہیں ۔ اور ہم تیری منت
کرتے ہیں کہ ہمارے دلوں میں اپنی رحمتوں کی تاثیر ایسی
بخش کہ ہم سب کی شکر و ریا تیرا شکر انہ کریں ۔ اور تیری حمد
و ثنا نہ فقط اپنی زبانوں سے بلکہ اپنی چال چلن سے کریں ۔ اسطرح
کہ ہم اپنے تئیں بالکل تیری خدمت پر چھوڑیں اور تیرے حضور
تمام عمر تقوی اور نیکوکاری کے ساتھ چلیں ۔ یہہ التماس
ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے لئے قبول کر کہ
جسکے تئیں ساتھ تیرے اور روح القدس کے ساری عزت
اور جلال جہان بے پایان تک ہو ۔ آمین

مینہ کا

ای خدا ہمارے آسمانی باپ کہ تو اپنے فضل کی پرورش
سے اگلا اور پچھلا مینہہ دنیا کے پردے پر برساتا ہی تاکہ
زمین انسان کے لئے برومند ہو ہم بعجز و انکسار تیرا شکر
کرتے ہیں کہ ہماری بڑی ضرورت کے وقت تیری مرضی

اقدس میں گزرا کہ ہم نالائق بندوں کے چین اور آرام اور اپنے اسم اقدس کی شان و شوکت کے لیئے آخرش کو اپنی میراث پر باران رحمت عطا کرے اور خشک کو تروتازہ کردے ۔ یہہ شکرگزاری ہماری اپنی اُن رحمتوں کے لیئے جو کہ ہمارے خداوند عیسی مسیح میں مندرج ہیں قبول کر ۔ آمین

اچھی موسوم کا

ای خداوند خدا کہ تونے از راہ عدل کے اپنے مینھہ اور پانی کی کثرت سے ہمیں عاجز کیا اور پھر اپنی رحمت سے ہمیں بچایا اور اس مبارک رُت کی تبدیلی سے ہماری جانوں کو آرام و تسکین بخشی ۔ ہم حمد و سپاس تیرے نام اقدس کا تیری اس رحمت کے لیئے کرتے ہیں اور مدام تیرے اس لطف کو نسلاً بعد نسلٍ ظاہر کرتے رہینگے ۔ یہہ شکرگزاری ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے لیئے قبول کر ۔ آمین

ارزانی کا

ای بڑے رحیم باپ کہ تونے اپنے فضل کی نکوئی سے اپنی

کلیسیا کی دعاؤں کو مستجاب سُننا اور قحط اور مہنگی کو
سستی اور افزونی سے تبدیل کیا اِس تیری نعمت
مخصوصہ کے لئے ہم عاجزانہ شکر بھیجتے ہیں اور یہہ التماس
تیری جناب سے ہی کہ اپنی الفت آمیز مروت سے
ہمارے لئے اُسے برقرار رکھ تا کہ زمین کثرت سے
تیرے جلال اور ہمارے چین اور آرام کے لئے برومند ہو۔
یہہ شکرگزاری ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے
واسطے قبول کر۔ آمین

امن اور دشمنوں سے بچاؤ کا

ای قادر مطلق خدا تو اپنے بندوں کے لئے ایک مستحکم
قلعہ بچاؤ کا اُنکے دشمنوں کے ہاتھوں سے ہی ہم تیری حمد
کرتے ہیں اور تجھے شاکرانہ بھیجتے ہیں کہ تو نے اُن
بڑے خطرے اور عذابوں سے کہ جن میں ہم گرتے تھے ہمیں
بچایا اور ہم اعتراف کرتے ہیں کہ تیری ہی خوبی ہی
کہ ہم اُنکے دام میں مثل صید کے گرفتار نہ رہے — اور ہم تیری
منت کرتے ہیں کہ اِسی نمط اپنا کرم ہم پر برقرار رکھ تا کہ سارا عالم
جانے کہ تو ہمارا بچانے والا اور حافظ قوی ہی۔ یہہ شکرگزاری

ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے سبب قبول کر۔ آمین

وطن کی امن کا

ای خداے قدیم ہمارے آسمانی باپ کہ تو ہی فقط ایک گھر میں آدمیوں کو باتفاق رکھتا ہی اور رغضبناکوں کے عتاب شدید کو روکتا۔ ہم تیرے اسم مقدس کی ثنا کرتے ہیں کہ تو نے اپنی مہربانی سے اِس فساد سبب کو جو ہمارے درمیان اِن دنوں برپا ہوا تھا رفع کیا۔ ہم بعجز و انکسار تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنا فضل پھر عطا کر کہ ہم آگے کو تیرے احکام مقدس کے محکوم بنے رہیں۔ اور ہم اِس امن چین میں رہ کر تقویٰ اور نیک طینتی کے کاروبار میں مصروف رہیں۔ اور مدام تیرے حضور اِن رحمتوں کا جو تو پھر عطا کرتاہی حمد وشکرانے کا فدیہ گذرانیں۔ بہم الشماعں ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش۔ آمین

وبا اور دوسری نوع کی بیماری عام سی بچاو کا

ای خداوند خدا کہ تو نے ہمارے گناہوں کی علت ہمیں مجروح اور خطاؤں کے باعث ہمیں اِس شدت اور غضبناک وبا سے تباہ کیا اور اب عین حیطہ عدل میں تو نے

رحمت کو یاد کر ہماری جانوں کو پنجۂ موت سے بچایا۔ ہم تیری خوبی پدرانہ کے حضور آپ کو اور اپنی جان و جسم کو کہ جنہیں تو نے بچایا گذرانتے ہیں کہ تیرے لئے جیتا فدیہ ہوں اور مدام حمد و ثنا تیری کا بے ریا میں تیری رحمت کی کرتے رہیں۔ یہہ شکرانہ ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے قبول کر۔ آمین

یا یہہ

ہم بعجز و انکسار تیرے حضور اے اب ارحم اعتراف کرتے ہیں کہ سب عقوبتیں جو تیرے شرع میں ہیں بہ عدلاً ہمارے گناہ بیشمار اور سختئ دل کی علت نازل ہوتیں لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ تیری مرضی میں رحمت کے سبب یوں آیا کہ ہماری ناتوانی اور غیر لیاقت کے عجز پر لحاظ کرے تاکہ اِس وبا کی بیماری کو کہ جسے ہم متاذی ہو کے اُٹھائے اور عافیت و خرمی ہمارے گھروں میں پھر بخشے۔ ہم تیری جناب اقدس کے حضور حمد و ثنا اور شکر گذاری کا فدیہ گزرانتے اور اِس بچاؤ اور حفاظت کے لئے سپاس از رحمد تیرے نام کی کرتے ہیں۔ یہہ شکر گزاری ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے لئے قبول کر۔ آمین

دعائیں اور مکتوبیں اور اناجیل بارھوں مہینے کی لیئے

تنبیہ

دعای مقرری ہر اتوار کی یا کسی تیوہار کی
جو کہ عرفہ رکھتا ہو عرفی کی شام کو بیہی پڑھی جای

مسیح کی اوائی کی پہلی اتوار کی دعا

ای خدا ے تعالی ہمپر فضل کر کہ ہم اب اِس زندگی
میں (کہ جسمیں تیرا بیٹا عیسی مسیح بڑی فروتنی سے
ہمارے پاس آیا) اعمال تاریکی کو چھوڑ کر نور کا بکتر پہنیں
تاکہ روز اخیر میں جب کہ وہ اپنی شان و شوکت سے
زندے اور مردے کے انصاف کو پھر آویگا ہم زندگانی
جاودانی کے لئے حشر کریں — یہہ عرض ہماری اُسکے
لئے بخش جو کہ ساتھ تیرے اور روح القدس کے اب
اور ہمیشے کو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی — آمین

یہہ دعا دوسري اوائی کي دعاؤں کی
ساتھہ کرسمس کی عرفہ تک روزپرھيجاتی
مکتوب رومیو نکا ۱۳—۸

سوائے دین محبت کے ہم دیگر کسی کے مدیون نہ رہیں
کیونکہ جو اوروں سے محبت کرتا ہی اُسنے شرع کو پورا کیا
ہی اِسواسطے کہ یے احکام جو ہیں کہ تو زنا نہ کر چوری
نہ کر قتل نہ کر جھوتھی گواہی نہ دے طمع نہ رکھہ اور احکام جو انکے
سوا ہوں سب اِس کے تحت میں مندرج ہیں کہ
تو اپنے پڑوسی کو ایسا پیار کر جیسا اپنے کو کرتا ہی
کہ محبت وہ ہی جو اپنے پڑوسی سے بدی نہیں کرتی اِس
واسطے شرع کی تکمیل جو ہی وہی محبت ہی اور وقت
پہچان کے اِن سب پر عمل کرو کیونکہ وقت آ پہنچا کہ ہم نیند سے
جاگیں اِسلئے کہ جس وقت ہم ایمان لاے اُس
وقت کی نسبت اب ہماری نجات نزدیکتر ہی رات بہت
گذر گئی اور صبح نزدیک ہوئی پس آو ہم اندھیرے کے
شغلوں کو ترک کریں اور روشنی کی سلاح باندھیں اور جیسا

دن کو دستور ہی کہ ایک شایستہ طور سے چلیں
نہ کہ غوغا اور ستیاں اور حرامکاریاں اور بدپرہیزیاں
اور جھگڑے اور تندمزاجی کریں بلکہ خداوند عیسیٰ مسیح سے
ملابس ہو اور نہ جسمانی اندیشے یہاں تک کرو کہ تم طامع
بن جاؤ

انجیل متی ۲۱ — ۱

جب وے اورشلیم کے نزدیک پہنچے اور بیت فنجا میں
کوہ زیتون کے نزدیک آئے تب عیسیٰ نے شاگردوں
کو بھیجا اور اُنہیں کہا کہ اُس گاؤں میں جو تمہارے سامھنے
ہی جاؤ اور ایک بندھی ہوئی گدھی اور اُسکے ساتھ ایک
بچا وہیں پاؤ گے کھول کر میرے پاس لاؤ اور اگر کوئی
تمہیں کچھ کہے تو تم کہیو کہ خداوند کو یے درکار ہیں تو وہ فی الفور
اُنہیں بھجوا دیگا — یہہ سب کچھ واقع ہوا تا کہ نبی کے وسیلے
جو کہا گیا تھا پورا ہووے کہ صیہون کی بیٹی سے کہہ کہ دیکھ
تیرا پادشاہ فروتنی سے گدھی پر بلکہ لادو گدھی کے بچے
پر سوار ہو کے تیرے پاس آتا ہی تب شاگرد گئے

اور جیسا عیسیٰ نے اُنہیں حکم کیا تھا بجالائے اور اُس گدھی کو بچہ سمیت لے آئے اور اُنہوں نے اپنے کپڑے اُنپر ڈال کے اُسے اُسپر بٹھلایا اور ایک بڑی جماعت نے اپنے کپڑوں کو راستے پر بچھایا اور کتنوں نے درختوں کی ڈالیاں کاٹیں اور راہ میں بکھرائیں اور جماعتیں جو اُسکے پس و پیش جاتی تھیں پکار کے کہتی تھیں کہ داؤد کے بیٹے کو ہوشعنا وہ جو خداوند کے نام سے آتا ہی اُسکی خیر ہو سب سے بلند مرتبے میں ہوشعنا اور جب وہ اورشلیم میں آیا تو سارے شہر میں ولولہ پڑا اور کہا کہ یہہ کون شخص ہی تب جماعتوں نے کہا کہ یہہ ناصرہ جلیل کا عیسیٰ نبی ہی اور عیسیٰ خدا کی ہیکل میں گیا اور اُن سبھوں کو جو ہیکل میں خرید فروخت کرتے تھے باہر نکال دیا اور صرّافوں کے تختے اور کبوتر فروشوں کی چوکیاں اُلٹ دیں اور اُنہیں کہا کہ یہہ لکھا ہی کہ میرا گھر عبادت کا گھر کہلاویگا اور تم نے اُسے چوروں کا غار بنایا

اواثی کی دوسری اتوار کی دعا

ای نیک خداوند کہ تونے ساری کتاب مقدس کو ہماری تعلیم کے لئے لکھوایا بخش کہ ہم اِس ڈھب پر اُنہیں سنیں اور پڑھیں اور دھیان کریں اور سیکھیں اور دل میں رکھیں کہ تیرے مقدس کلام کی صبرو تسلی سے زندگانی جاودانی کی امید مبارک کو جو کہ تونے ہمیں ہمارے منجی عیسیٰ مسیح میں دیا ہی گود بھریں اور نت استوار پکڑے رہیں — آمین

مکتوب رومیونکا ۱۵ — ۴

جو کچھ کہ آگے لکھا گیا سو ہماری تعلیم کے لئے لکھا گیا تا کہ ہم صبر کرکے اِس اطمینان کے سبب جو کتابوں سے حاصل ہوتا ہی امید رکھیں اور اب خدا جو کہ صبر اور تسلی کا موجد ہی تمہیں بخشے کہ تم مسیح عیسیٰ کی بابت آپس میں یکدل رہو کہ تم یکدل و یک زبان ہو کے خدا کی جو ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا باپ ہی ستایش کرو اِس واسطے ہر ایک تم میں سے دوسرے کو شامل کرے چنانچہ مسیح نے

بھی ہم کو خدا کی حشمت میں شامل کرلیا کہ مین کہتا ہوں کہ
عیسی مسیح مختونوں کا خادم خدا کی راستی کے لئے ہوا
کہ ان وعدوں کو جو باپ دادوں سے کئے گئے ایفا کرے اور
ساری اُمتیں بھی رحم کے سبب جو اُن پر ہوا خدا کی تقدیس
کریں چنانچہ لکھا گیا ہی کہ اِسس واسطے مین غیر قوموں کے
بیچ تیرا اقرار کرونگا اور تیرے نام کی منقبت گاؤنگا اور
وہ پھر کہتا ہی کہ ای اُمتو اُسکی قوم کے ساتھ شادمانی
کرو اور پھر یہہ کہتا ہی کہ ای ساری اُمتو خداوند کی تعریف
کرو اور ای گروہو تم سب اُسکی ستایش کرو اور
پھر اشعیا یہہ کہتا ہی کہ یسا کی جڑ رہ جایگی اور ایک
شخص اُمتوں پر حکمرانی کے لئے مبعوث ہو کر ساری امتوں کا
امیدگاہ ہوگا اب خدا جو امیدگاہ ہی تمہیں ایمان لانے کے
باعث فرحت کامل اور صلاحیت سے لبالب کرے تاکہ روح
قدس کی تاثیر سے تُمہاری امید قوی تر ہوتی جاے

لوقا کی انجیل ۲۱ — ۲۵

اور سورج اور چاند اور ستاروں مین عجائب دکھائی

دینگی اور زمین پر اقوام گھبراہٹ میں گرفتار ہونگی اور دریا
اور موجوں کا شور ہوگا خلق کے دل مارے دہشت کے اور
اُن واقعوں کے جو زمین پر آنے والے ہیں راہ تکنے سے
گھٹ جائینگے اِسلئے کہ آسمان کی قوتیں ہل جاینگیں اور
اِسوقت ابن آدم کو بدلی پر توانائی اور بڑی حشمت سے آتے
ہوئے دیکھینگے اور جب اُن واقعوں کا ہونا شروع ہو
تو سیدھے ہو بیٹھو اور اپنے سر اُوپر کو اُٹھاؤ اِسواسطے
کہ تُمہاری مخلصی نزدیک ہی پھر اُسنے اُنھیں ایک تمثیل
کہی کہ انجیر اور سب درختوں کی دیدکرو جب اُنکی کونپلیں
نکلتی ہیں تُم دیکھکے آپ سے جانتے ہو کہ اب تابستان
نزدیک ہی سو اِسیطرح تُم بھی جب اُن چیزوں
کو واقع ہوتے دیکھو جانو کہ خدا کی سلطنت نزدیک ہی
میں تُمسے سچ کہتا ہوں کہ جبتک کہ سب پورا نہ ہو لے یہہ
پشت گذر نہ جائیگی آسمان اور زمین ٹل جائینگی لیکن میری
باتیں نہ ٹلینگی

اوائي کی تیسری اتوارکي دعا

ای خداوند عیسی مسیح کہ تو نے اپنے پہلے بار کے آنے کے آگے اپنی راہ کی آرایش کے لئے اپنے آگے اپنے پیشوا کو بھیجا بخش کہ تیرے اسرار کے سب خدمت گذار و مختار کار نافرمانوں کے دلوں کو طرف صادقوں کی دانائی کے پھیر کر اس طور پر تیرے رستے کو سدھاریں اور تیار کریں کہ جب تو باردیگر جہان کے محاسبے کو آویگا تیری نظروں میں ہم بندگانِ مقبول ٹھہریں کہ تو ساتھ باپ اور روح القدس کے موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی مدام ایک خدا جہان سے پایاں تک — آمین

مکتوب ا قرنتیوں کا ۴ — ۱

آدمی ہم کو ایسا ہی جانے جیسے کہ مسیح کے خدمتگذار اور خدا کے اسرار کے مختارکار او رمختارکار میں اس بات کی تجسس کی جاتی ہی کہ وہ دیانت دار ہوے لیکن مجھکو اسکی پروا نہیں کہ مجھے تمہاری یا کسی انسان کی آدم شناسی پرکھے

بلکہ میں آپ بھی اپنے کو نہیں پرکھتا کیونکہ میرا نفس کسی بات میں مجھے ملامت نہیں کرتا پر میں کچھ اس سے راست باز نہیں ٹھہرتا میرا پرکھنے والا خداوند ہی اِس واسطے جب تک کہ وہ خداوند نہ آوے تُم قبل از وقت انصاف نہ کرو وہ اُن رازوں کو جو تاریکی میں ہیں روشن کریگا اور دلوں کے رازوں کو ظاہر کریگا تب ہر ایک شخص خدا کا ممدوح ہوگا

انجیل متی ۱۱ — ۲

یحییٰ سنے قید خانے میں مسیح کے کاموں کا بیان سن کے اپنے شاگردوں میں سے دو کتنیں بھیجکر اُس سے پُوچھوایا کر آیا وہ جو آنیوالا تھا تو ہی یا کہ ہم دوسرے کی راہ دیکھیں عیسیٰ نے اُنھیں جواب دیا اور کہا جاؤ اور جو جو کچھ کہ تم سنتے اور دیکھتے ہو یحییٰ کو سناؤ کہ اندھے بینا ہوتے ہیں اور لنگڑے چلتے ہیں اور کوڑھی چنگے ہوتے ہیں اور بہرے سنتے ہیں مُردے جی اُٹھتے ہیں اور مفلسوں کو خوش خبر دی جاتی ہی اور سعادتمند وہ ہی جو میرے باعث ٹھوکر نہ کھاوے

اور جب وے روانہ ہونے لگے عیسیٰ یحییٰ کے حق میں اُن جماعتوں کو کہنے لگا کہ تم جنگل میں کیا دیکھنے کو گئے کیا ایک ہوا سے ہلتا ہوا سینٹھا — پھر تم کیا دیکھنے کو باہر نکلے کیا ایک شخص مہین پوشاک پہنے ہوئے — دیکھو وے جو مہین لباس سے ملبس ہوتے ہیں بادشاہوں کے محلوں میں موجود ہیں — پھر تم کیا دیکھنے کو باہر نکلے کیا ایک نبی ہاں میں تمسے کہتا ہوں بلکہ ایک شخص نبی سے بہتر اِسلیئے کہ جسکی بابت لکھا ہی کہ دیکھو میں اپنے رسول کو تیرے آگے بھیجتا ہوں جو راہ کو تیرے آگے درست کریگا وہ یہی ہی

اوائی کی چوتھی اتوار کی دعا

ای خداوند ہم تیری منتی کرتی ہیں کہ تو اپنی قدرت کو برپا کر اور ہمارے درمیان آ اور بڑی قوت سے ہماری مدد کر کہ جوں ہم اپنے گناہوں اور شرارتوں کی علت اِس دور میں جو ہمارے لیئے تقرر پایا ہی اٹکے اور کھنچے ہیں تیرا فضل اور رحمت وافر جلد ہماری مدد کرے اور ہمیں بچالے —

یہہ التماس ہمارا اپنے بیٹے ہمارے خداوند کے کفارے
کے سبب بخش کہ جس کیتئیں ساتھ تیرے اور روح
القدس کے عزت و جلال جہان سے پایان تک ہو — آمین

مکتوب فلپیونکا ۴ — ۴

خداوند میں ہمیشہ خوش رہو اور پھر کہتا ہوں کہ خوش رہو
تمہارے مزاج کا اعتدال سارے آدمیوں پر ظاہر ہو
خداوند نزدیک ہی کسی بات میں اندیشہ مندمت ہو
بلکہ چاہیئے کہ ہر ایک بات میں تمہاری عرض مناجات و
دعا سے شکرگذاری کے ساتھ خدا سے کی جائے — اور امن خدا
کا جو سمجھ سے باہر ہی تمہارے دلوں اور خیالوں کی
مسیح عیسیٰ میں نگہبانی کریگا

انجیل یوحنا ۱ — ۱۹

اور یحییٰ کی گواہی یہہ تھی کہ جب یہود نے اورشلیم سے
کاہنوں اور لاویوں کو بھیجا کہ اُس سے پوچھیں کہ تو کون ہی
اُسنے اقرار کیا اور انکار نہ کیا بلکہ صاف کہا کہ میں مسیح نہیں ہوں
اور اُنہوں نے اُس سے پوچھا پس کیا تو الیاس ہی

اُسنے کہا کہ میں نہیں ہوں آیا تو وہ نبی ہی اسنے جواب
دیا نہیں تب اُنہوں نے اُسے کہا کہ تو کون ہی تاکہ ہم اُنہیں
جنہوں نے ہمکو بھیجا ہی کچھ جواب دیں تو اپنی کیا کہتا ہی
اُسنے کہا کہ جیسا اشعیا نبی نے کہا میں ایک شخص کی
آواز ہوں جو بیابان میں پکارتا ہی کہ خداوند کی راہ کو ستقیم
کرو اور یے جو بھیجے گئے تھے فریسوں میں سے تھے اور
اُنہوں نے اُسسے سوال کیا اور کہا کہ اگر تو نہ مسیح
نہ الیاس اور نہ وہ نبی ہی پھر کیوں غسل اصطباغ (بپتس)
دیتا ہی یحییٰ نے جواب میں اُنہیں کہا کہ میں پانی سے
اصطباغ دیتا ہوں پر تمہارے درمیان ایک جسے تم نہیں
جانتے کھڑا ہی یہہ وہ ہی جو میرے پیچھے آتا ہی جو مجھسے آگے
بڑھا جسکی میں جوتی کا تسمہ کھولنے کے لائق نہیں ہوں —
بیت عبرا میں اردن کے پار جہاں یحییٰ اصطباغ دیتا
تھا یے واقعات ہوئے

ہماری خداوند مسیح کی روز
پیدایش کي (یعني کرسمس ڈے کي) دعا

ای خدا ے تعالیٰ جیسے کہ تو نے اپنا اکلوتا بیٹا ہمیں دیا کہ ہماری سرشت کو خود لے اور اِسوقت ایک پاک کواری کے بطن سے پیدا ہو بخش کہ ہم نئی پیدایش پاکر اور فضل سے تیرے متبنیٰ لڑکے بن کر ہر روز تیری روح پاک سے اِس بات میں ترقی پکڑیں — یہہ عرض ہماری اُسی ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے لئے بخش جو ساتھہ تیرے اور اُسی روح کے موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی مدام ایک خدا جہان بے پایان تک — آمین

مکتوب عبرانیوں کا ۱ — ۱

خدا جس نے نبیوں کی زبانی آباسے بار بار اور طرح بطرح تکلم کیا اِس اخیر زمانے میں ہمسے بیٹے کے وسیلے بولا — یہہ وہ ہی کہ جسے اُسنے ساری چیزوں کا مالک کیا اور جس سے اُسنے دونوں جہان بنائے وہ از بسکہ اُسکی شوکت کی شان اور اُسکے کنہ کا نقش ہی اور اپنی قوت کی سخن سے ساری چیزوں کو سنبھالتا ہی اپنے کو دے کے ہمارے گناہوں کو محو کرکے جناب اقدس

کی دھنی طرف بلند آسمان پر جا بیٹھا وہ فرشتوں سے
اُس قدر بڑا ہی کہ جس قدر اُسنے میراث میں اُنکے
ناموں سے افضل نام پایا — اُسنے فرشتوں میں سے کس
کے حق میں کبھی یہہ کہا کہ تو میرا بیٹا ہی میں آج تیرا باپ
ہوا اور پھر یہہ کہ میں اُسکا باپ ہونگا اور وہ میرا بیٹا ہوگا
اور جب پہلوٹھے کو دنیا میں لایا تب کہا کہ خدا کے سارے
فرشتے اُسکی پرستش کریں — اور وہ فرشتوں کے حق میں
کہتا ہی کہ وہ اپنے فرشتوں کو روحیں اور اپنے خادموں کو
آگ کا شعلہ کرتا ہی پر بیٹے سے کہتا ہی کہ ای خدا تیرا
تخت ابدالآباد ہی تیری بادشاہی کا عصا حق کا عصا ہی تونے
تو صدق سے دوستی اور بے انصافی سے دشمنی کی ہی
اس واسطے خدا نے ہاں تیرے خدا نے فرحت کے عطر سے
تجھکو تیرے شریکوں سے زیادہ معطر کیا اور یہہ کہ ای
خداوند تونے ابتدا میں زمین کی نیو ڈالی اور سب آسمان
تیرے ہاتھوں کے بنے ہوئے ہیں وے نیست ہو جاینگے
پر تو باقی ہی وے سب پوشاک کی مانند پرانے ہونگے

اور تو اُنہیں لبادہ کی مانند لپیٹیگا اور وے مبدل ہو جاینگے پر تو
ایک ہی ہی اور تیرے برس ناقص نہ ہونگے

انجیل یوحنا ۱ — ۱

ابتدا میں کلمہ تھا اور کلمہ خدا کے ساتھ تھا اور کلمہ خدا تھا یہی ابتدا
میں خدا کے ساتھ تھا سب چیزیں اُسسے موجود ہوئیں
اور موجودات میں بغیر اُسکے کوئی چیز موجود نہیں ہوئی
زندگی اُسمیں تھی اور وہ زندگی نور تھی اور نور تاریکی
میں چمکتا ہی اور تاریکی نے اُسے دریافت نہ کیا — ایک شخص
ظاہر ہوا جو خدا کی طرف سے بھیجا گیا تھا اُسکا نام یحییٰ تھا یہ
گواہی کے لیئے آیا کہ نور پر گواہی دے تاکہ سب اُسکے
سبب سے ایمان لاویں وہ خود نور نہ تھا پر نور پر گواہی دینے
آیا تھا وہ حقانی نور تھا کہ ہر آدمی کو جو دنیا میں آتا ہی روشن
کرتا ہی وہ جہان میں تھا اور جہان اُسی سے موجود ہوا اور
جہان نے اُسے نہ جانا وہ اپنوں پاس آیا اور اپنوں نے اُسے
قبول نہ کیا لیکن جتنوں نے اُسے قبول کیا اُسنے اُنہیں حقیقت
بخشی کہ خدا کے فرزند ہوں وے وہی ہیں جو اُسپر ایمان

لاتے ہیں اور نہ تو لہو سے اور نہ جسم کی خواہش سے اور نہ آدمی کے قصد سے مگر خدا سے پیدا ہوتے ہیں — اور کلمہ مجسم ہوا اور اُسنے کمال مہر و راستی سے ہم میں سکونت کی اور ہمنے اُسکی حشمت کو جیسا باپ کے اکلوتے کی حشمت کو دیکھا

مقدس استیفان کی دن کی دعا

بخش ای خداوند کہ سب اپنی تکلیفات میں جو کہ تیری صداقت کی شہادت کے لیئے اِس پردہٗ زمین پر ہمپر طاری ہیں ہم آسمان کی طرف بتعمق نظر کریں اور ایمان سے اُس جلال کو جو کہ ظاہر ہوگا دیکھیں اور روح القدس سے معمور ہو کر اپنے ستانے والوں کو پیار کرنا اور اُنکے حق میں مانند مقدس استیفان کی دعا سے خیر مانگنا سیکھیں جو کہ پہلا شہید تھا اور جسنے اپنے قاتلوں کے حق میں تجھسے ای نیک مسیح دعا مانگی کہ تو خدا کے دہنے ہاتھ واسطے اُن لوگوں کی اعانت کے جو کہ تیرے لیئے رنج اُٹھاتے ہیں مستعد ہی کیونکہ تو ہی ہمارا فقط شفیع و ساعی ہی — آمین

اسکی بعد پیدایش کی دن کی دعا عید اوسال
کی پہلی تاریخ کی عرفہ تلک پڑھی جای

اعمال ۷ — ۵۵

استیفان نے روح قدس سے معمور ہو کے آسمان پر غور سے نگاہ کی اور خدا کے جلال کو اور عیسیٰ کو خدا اسکے دہنے ہاتھ کھڑا ہوا دیکھا اور کہا دیکھو میں آسمان کو کھلا اور ابن آدم کو خدا کے دہنے ہاتھ کھڑے دیکھتا ہوں تب اُنہوں نے بڑے شور سے چلا کے اپنے کانوں کو بند کیا اور متفق ہو کے اُس پر دوڑے اور شہر سے باہر نکال کے سنگسار کیا اور گواہوں نے اپنے کپڑوں کو سولوس نام ایک جوان کے پانوں پاس رکھہ دیا اور اُنہوں نے استیفان کو سنگسار کیا وہ اُس وقت دعا کرتا اور کہتا تھا کہ ای خداوند عیسیٰ میری روح کو قبول کر اُسنے گھٹنے ٹیک کے بلند آواز سے پکارا کہ ای خداوند یہہ گناہ اُن پر ثابت نہ کر اور یہہ کہہ کے سو گیا

انجیل متی ۲۳ — ۳۴

اسلیئے دیکھو میں نبیوں اور داناؤں اور کاتبوں کو تمہارے

پاس بھیجتا ہوں اور تم اُن میں سے کتنوں کو قتل کرو گے
اور صلیب دوگے اور کتنوں کو اپنے مجمعوں میں کوڑے
مارو گے اور ستاستا کر شہر بشہر پھراؤگے تاکہ راستبازوں کا
خون جو زمین پر بہایا گیا ہی ہابیل راستباز کے خون سے
لیکر زکریا ابن بارا خیا کے خون تک جسے تمنے ہیکل
اور مذبح کے بیچ میں قتل کیا تم پر آوے میں تمسے
سچ کہتا ہوں کہ یہہ سب کچھ اِس عصر کے لوگوں پر آویگا
ای اورشلیم اورشلیم جو نبیوں کو قتل کرتی ہی اور اُنہیں جو
تیرے پاس بھیجے گئے ہیں سنگسار کرتی ہی میں نے
کتنے بار چاہا کہ تیرے فرزندوں کو جس طرح سے کہ مرغی
بچوں کو پروں تلے لیتی ہی جمع کروں اور تمنے نہ چاہا —
دیکھو تمہارے لئے تمہارا گھر ویران چھوڑا جاتا ہی کیونکہ
میں تمہیں کہتا ہوں کہ تم جب تک نہ کہو گے کہ سلام
اُسپر جو خداوند کے نام سے آتا ہی تب تک تمہاری
نگاہ مجھپر نہ پڑیگی

مقدس یوحنای انجیلی کی د ن کی دعا

ای رحیم خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنے نور کی درخشندگی کا پرتو اپنی کلیسیا پر ڈال کہ تیرے متبرک حواری مقدس یوحنا ے انجیلی کی تعلیم کے نور سے منور ہو کر تیری صداقت کے نور میں اس ڈھب پر چلے کہ آخرش کو زندگانی جاودانی کے نور کو پہنچے — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب ا یوحنا کا ۱ — ۱

حیات کے کلمہ کی بابت جو ابتدا سے تھا جسے ہمنے سنا اور اپنی آنکھوں سے دیکھا اور تاک رکھا جس کو ہمارے ہاتھوں نے چھوا ہم خبر دیتے ہیں کہ زندگی ظاہر ہوئی اور حیات ابدی کو جو باپ کے پاس تھی اور ناپھر نمایان ہوئی ہمنے دیکھا اسکی گواہی دیتے ہیں اور تم کو مطلع کرتے ہیں جو کچھہ کہ ہمنے دیکھا اور سنا اسکی خبر تمہیں دیتے ہیں تاکہ تم بھی ہماری طرح واصل ہو اور ہمارا واصل ہونا باپ میں اور اسکے بیٹے عیسی مسیح میں ہی — اور ہم یہ

باتیں تمہیں اسواسطے لکھتے ہیں کہ تمہاری شادمانی کامل ہووے اور وہ خبر جو ہمنے اُسسے سُنی اور پھر تُمہیں دیتے ہیں سو یہی ہی کہ خدا نور ہی اور اُسمیں ظلمت اصلا نہیں ہی اگر ہم کہیں کہ ہم اُس میں ملے ہوے ہیں اور ہماری روش تاریکی میں ہو تو جھوتھے ہیں اور سچ پر عمل نہیں کرتے پر اگر ہم جس طرح وہ نور میں ہی نور میں چلیں تو ہم آپس میں آمیختہ ہیں اور اُسکے بیتے عیسی مسیح کا لہو ہمکو سارے گناہوں سے پاک کرتا ہی — اگر بولیں کہ ہم بے گناہ ہیں تو ہم اپنے تئیں فریب دیتے ہیں اور راستی ہم میں نہیں ہی اگر ہم اپنے گناہوں کا اقرار کریں تو وہ اپنے صدق و عدل سے ہمارے گناہ کو معاف کریگا اور ہمکو ہر نوع کی ناراستی سے پاک کریگا اور اگر ہم کہیں کہ ہمنے گناہ نہیں کیا تو ہم اُسے جھتیلاتے ہیں اور اُسکی بات ہم میں نہیں ہی

انجیل یوحنا ۲۱ — ۱۹

عیسی نے پطرس سے کہا کہ میرے پیچھے ہو لے تب پطرس

نے متوجہ ہو کے اُس شاگرد کو جسے عیسیٰ پیار کرتا تھا اور
جسنے رات کو اُسکے سینے پر گرکے پوچھا تھا کہ ای
خداوند وہ جو تجھے پکڑوانا ہی کون ہی پیچھے آتے دیکھا
پطرس نے اُسے دیکھکے عیسیٰ کو کہا کہ ای خداوند یہہ
شخص کیا ہوگا عیسیٰ نے اُسے کہا اگر میں چاہوں کہ جب تک
میں آؤں وہ یہیں ٹھہرے تو تجھے کیا تو میرے پیچھے چلا آ تب
بھائیوں میں یہہ بات مشہور ہوئی کہ وہ شاگرد نہ مریگا لیکن
عیسیٰ نے اُسے نہیں کہا کہ وہ نہ مریگا مگر یہہ کہا کہ اگر میں چاہوں
کہ میرے آنے تک وہ ٹھہرے تو تجھے کیا یہہ وہ شاگرد ہی
جسنے اُن کاموں کی گواہی دی اور اُن باتوں کو لکھا اور ہمکو
یقین ہی کہ اُسکی گواہی حق ہی اور بھی بہت سے کام ہیں
جو عیسیٰ نے کیئے کہ اگر وے ہر ایک قلم بند ہوتے تو میں گمان
کرتا ہوں کہ کتابیں جو لکھی جاتیں تو دنیا اُنہیں سنبھال نہ سکتی — آمین

معصوموں کی دن کی دعا

ای خداے تعالیٰ کہ جسنے بچوں اور شیرخواروں کے منہہ
سے قوت نکالی اور لڑکوں کو ایسا کیا کہ وے اپنی موت

سے تیرا حمد کریں سب گناہوں کو جو ہم میں ہیں مردہ کر
اور مار ڈال اور اپنے فضل سے ہمیں ایسی قوت بخش
کہ ہم اپنی چال چلن کی معصومیت سے اور ثابوت ایمان میں
مستقل رہکر تیرے پاک نام کی بڑائی کرتے رہیں —
یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے
بخش — آمین

مشاہدات ۱۴ — ۱

پھر جو میں نے نگاہ کی دیکھو ایک برہ کوہ صیہون پر کھڑا تھا
اور اسکے ساتھ ایک لاکھ چوالیس ہزار جنکے پیشانیوں پر
اُسکے باپ کا نام منقوش تھا پھر میں نے آسمان سے
ایک آواز سُنی جو بحر کے شور اور رعد عظیم کی مشابہ
تھی اور میں نے بربط نوازوں کی آواز جو بربط نوازی کر رہے
تھے سُنی اور وے تخت کے حضور اور اُن چاروں جانداروں
اور بزرگوں کے آگے نئے راگ کی مانند کچھ گا رہے تھے اور
کوئی ان ایک لاکھ چوالیس ہزار کے سوا جو زمین سے
خریدے گئے تھے اُس گیت کو سیکھ نہ سکا یہ وے لوگ

ہیں جو عورتوں کے ساتھ ملوث نہ ہوئے کہ وے کنوارے ہیں یہ وے ہیں جو برہ کے پیچھے جہاں کہیں وہ جاتا ہی جاتے ہیں یہ خدا اور برہ کے لئے پہلے پہل ہو کے آدمیوں میں سے مول لئے گئے ہیں اور اُنکی زبان پر چھلکر پایا نہ گیا کہ وے خدا کے تخت کے آگے بے خطا ہیں

انجیل متی ۲ — ۱۳

خداوند کے فرشتہ نے یوسف کو خواب میں دکھائی دیکر کہا کہ اُٹھ اُس لڑکے کو اور اسکی ماں کو لے کر مصر کو بھاگ جا اور وہیں رہ جب تک کہ میں ترے پاس خبر لاؤں کیونکہ ہیرودیس قتل کرنے کے لیئے اُس لڑکے کو ڈھونڈھیگا تب اُسنے اُٹھکر لڑکے کو اور اُس کی ماں کو رات ہی کو ساتھ لیا اور مصر کو روانہ ہوا اور ہیرودیس کی وفات تک وہاں رہا تا کہ وہ جو خداوند کے نبی کی زبانی کہا گیا تھا کہ میں نے اپنے بیٹے کو مصر سے بلایا پورا ہووے — جب ہیرودیس نے دریافت کیا کہ اُن مجوسیوں نے اُسسے تمسخر کیا نہایت غصہ ہوا اور لوگوں کو بھیجکر سب

لڑکوں کو جو بیت لحم میں اور اُسکی ساری اطراف
میں تھے کل تر دو سالہ سے دو سالہ تک موافق اُس
وقت کے کہ اُسنے اُن مجوسوں سے تحقیق کیا تھا قتل
کیا تب وہ جو ارمیا نبی نے کہا تھا پورا ہوا کر رامہ میں ایک
آواز گریہ و زاری و ماتم شدید کی سنی گئی کہ راحیل
اپنے لڑکوں کے لیئے واویلا کر رہی تھی اور نہ چاہتی تھی کہ
تسلی پذیر ہو اِسلیئے کہ وے موجود نہ تھے

کرسمس ڈے کی بعد کی اتوار کی دعا

اے خدا اے تعالیٰ جیسے کہ تو نے اپنا اکلوتا بیٹا ہمیں دیا کہ ہماری
سرشت کو خود سلے اور اِسوقت ایک پاک کواری کے
بطن سے پیدا ہو بخش کہ ہم نئی پیدا ایش پاکر اور فضل سے
تیرے متبنی لڑکے بن کر ہر روز تیری روح پاک سے اِس
بات میں ترقی پکڑ تیں — یہہ عرض ہماری اُسی ہمارے
خداوند عیسی مسیح کے لئے بخش جو ساتھہ تیرے اور
اُسی روح کے موجود ہے اور سلطنت کرتا ہے مدام
ایک خدا جہان بے پایان تک — آمین

مکتوب گلتیوں کا ۴ — ۱

اور میں کہتا ہوں کہ وارث جب تک کہ نابالغ ہی اگرچہ سب کا خداوند ہی اُسمیں اور غلام میں فرق نہیں لیکن اُس وقت تک جو باپ نے مقرر کیا ہی معلموں اور نائبوں کے حکم میں رہتا ہی سو ہم بھی جب لڑکے تھے تب تک دنیوی تربیت کرنے والی رسموں کے بند میں تھے پر جب وقت پورا ہوا تو خدا نے اپنے بیٹے کو بھیجا وہ بطن عورت سے محکوم شرع ہو پیدا ہوا تاکہ اہل شریعت کو مول لے اور ہم لے پالک ہونے کا درجہ پاویں اور چونکہ تم بیٹے ہو اسلیئے خدا نے اپنے بیٹے کی روح جو آبا یعنے باپ باپ پکارتی ہی روانہ کرکے تمہارے دلوں میں ڈال دی پس تو اب غلام نہیں بلکہ بیٹا ہی اور جب کہ بیٹا ہی تو مسیح کے سبب خدا کا وارث ہی

انجیل متی ۱ — ۱۸

عیسی مسیح کا تولد اِسطرح ہوا کہ جب اُسکی ماں مریم یوسف سے منسوب ہوئی اُسسے پہلے کہ وے باہم

ہوہیں وہ روح قدس سے حاملہ پائی گئی تب اُسکے شوہر
یوسف نے جو مرد صالح تھا اُسکی تشہیر نہ چاہکر ارادہ کیا
کہ اُسے چپکے سے چھوڑدے وہ اِن اندیشوں ہی میں تھا کہ
یکایک خداوند کے فرشتہ نے خواب میں اُسپر ظاہر ہوکے
کہا کہ اے یوسف ابن داؤد تو اپنی جورو مریم کو اپنے
پاس رکھنے سے نہ ڈر اِسلیئے کہ وہ جو اُسکے پیٹ میں
پڑا سو روح قدس سے ہی اور وہ بیٹا جنیگی اور تو اُسکا نام
عیسی رکھنا اِسواسطے کہ وہ اپنے لوگوں کو اُن کے گناہوں
سے بچائیگا پس یہہ سب اِسلیئے ہوا کہ جو کچھ خداوند نے
نبی کی زبانی کہا تھا پورا ہووے کہ دیکھو ایک کواری پیٹ سے
ہوگی اور ایک بیٹا جنیگی اور اُسکا نام عمنوائیل رکھا جائیگا
کہ جسکا ترجمہ یہہ ہی کہ خدا ہمارے ساتھ تب یوسف نے
سوتے سے اُٹھکر جیسا کہ خداوند کے فرشتہ نے
فرمایا تھا کیا اور اپنی جورو کو اپنے یہاں لے آیا اور اُسے
جب تک کہ وہ اپنا پہلا بیٹا نہ جنی نہ بسر نہ ہوا اور اُسکا نام
عیسی رکھا

مسیح کی ختنی کی دن کی دعا

ای خدا ے تعالی کہ تو نے آدمی کے لئے اپنے متبرک بیٹے کا ختنہ کروا اُسے شرع کا محکوم کیا ہمیں سچا ختنہ روح کا بخش کہ ہمارے دل اور جمیع عضو دنیوی و نفسانی شہوتوں کی طرف سے مر کر ہم سب چیزوں میں تیری مرضیٔ مبارک کے مطیع رہیں — یہہ التماس ہمارا اُسی اپنے بیٹے ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب رومیوں کا ۴ — ۸

سعادتمند وہ ہی جسکی طرف خداوند گناہ کی نسبت نہیں کرتا ہی پس کیا نیک بختی فقط مختونوں ہی کی ہی یا نامختونوں کی بھی ہی ہم کہتے ہیں کہ ابراہیم کا ایمان راستبازی میں گنا گیا پس وہ کب گنا گیا اُسکی مختونی یا نامختونی کی حالت میں مختونی میں نہیں بلکہ نامختونی میں اور اُسنے ختنہ بمنزلہ نشان کے پایا کہ وہ اُسکی ایمانی راستبازی پر جو نامختونی میں ملی تھی مہر ہووے تاکہ وہ اُن سب کا جو نامختونی میں ایمان لاتے ہیں باپ ہو تا کہ اُنکی طرف بھی راستبازی نسبت کی جاوے اور مختونوں کا بھی ہو

نہ اُنکا جو برتے مختوں ہیں بلکہ اُنکا جو ہمارے باپ ابراہیم کے ایمان کی جو نامختونی میں تھا پیروی کرتے ہیں کیونکہ یہہ وعدہ جو ابراہیم سے اور اُسکی نسل سے ہوا کہ تو دنیاکا وارث ہوگا شرع کے سبب نہیں بلکہ ایمانیٔ راستبازی کے باعث کیا گیا کیونکہ اگر اہل شرع ہی وارث ہوویں تو ایمان عبث اور وعدہ خلاف ہوگا

انجیل لوقا ۲ — ۱۵

اور یوں ہوا کہ جونہیں فرشتے اُنکے پاس سے آسمان پر گئے گرڑیوں نے آپس میں کہاکہ آؤ اب بیت لحم تک جایں اور اُس بات کو جو واقع ہوئی ہی جسکی خداوند نے ہمکو اطلاع دی دیکھیں تب وے جلد آئے اور مریم اور یوسف اور کھرلے میں لڑکے کو پڑا ہوا پایا جب وے دیکھ چکے تو اُن باتوں کا جو لڑکے کے حق میں اُنہیں کہی گئی تھیں اُنہوں نے شہرہ کیا اور جنہوں نے کے سنا گڑریوں کے قول سے متحیر ہوئے پر مریم نے اُن سب باتوں کو اپنے دل میں یکجا کرکے حفظ کیا اور گڑریے اُن سب چیزوں کے

واسطے جو اُنہوں نے سنیں اور مطابق دیکھیں خدا کی حمد
وستایش کرتے ہوئے لوٹ گئے اور آٹھ دن کے
بعد جب لڑکے کا ختنہ ضرور ہوا اُسکا نام عیسیٰ رکھا گیا کہ
فرشتہ نے پیشتر اُسسے کہ وہ پیٹ میں پڑے اُسکا یہہ نام رکھا تھا

یہی دعا اور مکتوب اور انجیل اپیفني تلک پڑھی جای

دعا اپیفني کي یعنی جب کہ مسیح غیر قوموں پر مبعوث ہوا

ای خدا کہ تو نے ستارے کی ہدایت سے اپنے اکلوتے
بیٹے کو غیر قوموں پر مبعوث کیا مہربانی سے بخش کہ ہم جو
تجھے از راہ ایمان کے پہچانتے ہیں اِس زندگی کے بعد
تیری الوہیت کا جلال کا عیش اُٹھائیں — یہہ عرض ہماری
ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب افسیوں کا ۳ ۔ ۱

اِس واسطے میں پولوس جو تمہارے لئے جو اجنب
قوم ہو عیسیٰ مسیح کا اسیر ہوں تمنے سُنا ہی کہ خدا کی
نعمت مجھے دی گئی ہی تا کہ میں تم میں بانٹنے والا ٹھہروں کہ
اُسنے الہام سے سرّ غیب کو مجھہ پر کھولا چنانچہ میں اُسکو

اختصار سے لکھ چکا تم اُسے پڑھ کے جان سکتے ہو کہ میرا
علم راز مسیحی کیسا ہی وہ اگلے زمانوں میں بنی آدم کو
اِسطرح نہ معلوم ہوا جسطرح اُسکے مقدس حواریوں اور
نبیوں پر الہام سے ظاہر ہوا کہ اجنبی اقوام انجیل کے
وسیلے میراث اور بدن میں شریک اور اُسکے وعدہ میں
جو مسیح کے سبب ہی سہیم ہوں اور خدا کے فضل کے
اس فیض سے جو اُسکی قدرت کی تاثیر سے مجھے ملا میں اس
انجیل کا خادم ہوں میں جو سارے حقیر مقدسوں سے حقیر تر
ہوں مجھے یہہ نعمت دی گئی کہ میں اجنبی قوموں کے درمیان
مسیح کی دولت بیقیاس کی خوشخبری دوں اور سب پر
یہہ بات روشن کروں کہ وہ سرّ غیب جو ازل سے خدا
میں نہاں تھا اُس میں شرکت کیونکر ہوتی ہی اُسنے
ساری چیزیں عیسیٰ مسیح کی وساطت پیدا کیں تا کہ
اب کلیسیا کے وسیلہ خدا کی گوناگون حکمت ارباب حکم
و اصحاب قدرت پر جو آسمانی جگہہ پر ہیں ظاہر ہووے
چنانچہ اُسنے ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے حق میں روز
ازل سے یوں تقدیر کیا کہ ہم اُس میں ہو کے ایمان کے وسیلہ

بے پروا اور اعتماد سے رسا ہوے

انجیل متی ۲ — ۱

جب عیسی ہیرودیس شاہ کے وقت میں یہودیہ کے
بیت لحم میں متولد ہوا دیکھو کہ کئی ایک مجوسیوں نے
مشرق کی سمت سے اورشلیم میں آکے کہا کہ یہودیوں کا
نونہال بادشاہ کہاں ہی کہ ہمنے مشرق کی نواح میں اُسکا
ستارہ دیکھا ہی اور اُسکی پرستش کے لئے آئے ہیں
جب ہیرودیس شاہ نے یے باتیں سنیں تب وہ اور اُسکے ساتھ
اورشلیم کے سارے رہنے والے گھبرائے اور جب کہ اُسنے
سب سردار کاہنوں اور اُس قوم کے کاتبوں کو یک
جا کیا تب اُسنے اُنسے استفسار کیا کہ مسیح کہاں پیدا
ہونے والا ہی اور اُنہوں نے اُسسے کہا کہ یہودیہ کے بیت لحم میں
کیونکہ نبی سے یوں لکھا ہی کہ ای یہودا کی زمین بیت لحم
تو یہودا کے امیروں میں ہرگز حقیر نہیں ہی کیونکہ تجھہ میں
سے ایک سردار نکلیگا جو میری قوم اسرائیل پر
سرداری کریگا تب ہیرودیس نے اُن مجوسیوں کو

خلوت میں بلایا اور اُنسے بہ تاکید پوچھنے لگا کہ ستارہ کس وقت دکھائی دیا تھا اور اُسنے اُنکو بیت لحم میں بھیجا اور کہا کہ جاکر اُس لڑکے کو اچھی طرح ڈھونڈھو اور جب کہ تم اُسے پاؤ مجھے خبر دو تاکہ میں بھی آکر اُسے سجدہ کروں وے بادشاہ سے یہہ بات سنکر چلے گئے اور دیکھو وہ ستارہ جو انہوں نے مشرق میں دیکھا تھا اُنکے آگے آگے چلا گیا یہاں تک کہ آیا اور جہاں وہ لڑکا تھا اُس جگہہ کے اوپر ٹھہرا تب وے اُس ستارے کو دیکھہ کے نہایت بشدت خوش ہوئے اور اُنہوں نے گھر میں پہنچ کر لڑکے کو اُسکی ماں مریم کے ساتھہ پایا اور زمین پر گرکے اُسکی پرستش کی اور اُنہوں نے اپنی جھولیاں کھول کر سونا اور لبان اور مُرّ اُسکے حضور ہدیہ گذرانا اور وے خدا کی طرف سے خواب میں آگاہ ہوکر کہ ہیرودیس کے پاس لوٹ نہ جایں دوسری راہ سے اپنے ملک کو روانہ ہوئے

پہلی اتوار کی دعا بعد اپیفنی کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنے لوگوں کی دعا

جو تجھے پکارتے ہیں مہربانی سے مقبول کر اور بخش کہ وے
اُن چیزوں کو پہچانیں اور جانیں جو کہ اُنہیں کرنا مناسب ہی
اور فضل و طاقت بھی پاویں کہ ساتھ ایمانداری کے
اُنہیں ادا کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ
مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب رومیوں کا ۱۲ — ۱

پس اے بھائیو میں خدا کی رحمتوں کا واسطہ دے کے
تُمسے یہہ التماس کرتا ہوں کہ تم اپنے بدنوں کو خدا پر تفویض
کرو تاکہ زندہ و مقدس و پسندیدہ قربانی ہو کہ یہہ تمہاری جانی
خدمت ہی اور اِس جہان کے ہمشکل مت ہو بلکہ باطن
تجدّد سے اپنی شکل بدل ڈالو تاکہ تم خدا کے مطلب کو
یقین سے جانو کہ وہ جیدّ و لطیف و کامل ہی — پس اُس
نعمت سے جو مجھے عنایت ہوئی ہی تم میں سے ہر ایک
کو کہتا ہوں کہ اپنے مرتبہ سے زیادہ عالی مزاج نہ ہو بلکہ اعتدال
سے باہر نہ جاکے ایسا مزاج رکھو جیسا خدا نے ہر ایک شخص
کو اندازے سے ایمان دیا کیونکہ جیسا ہمارے ایک بدن
میں بہت سے اعضا ہیں اور ہر عضو کا ایک شغل جدا ہی

ایسے ہی ہم جو بہت سے ہیں مل کے مسیح کے ایک بدن ہوئے ہیں اور باہم دیگر عضو ہیں

انجیل لوقا ۲ — ۴۱

اُسکے ماں باپ برس برس عید فسح میں اورشلیم کو جاتے تھے اور جب وہ بارہ برس کا ہوا وے عید کے دستور کے موافق اورشلیم کو گئے اور جب کہ وے اُس مدت کو پورا کر کے پھرے وہ لڑکا عیسی اورشلیم میں رہا اور یوسف اور اُسکی ماں نے نہ جانا لیکن یہہ سمجھ کے کہ وہ قافلہ میں ہی ایک دنکی وے راہ گئے اور اُسے خویشوں اور جان پہچانوں میں ڈھونڈھا اور اُسے نہ پاکر اُسکی تلاش میں اورشلیم کو پھر لوٹے اور یوں ہوا کہ اُنہوں نے تین روز پیچھے اُسے ہیکل میں معلموں کے بیچ بیٹھے ہوئے اُنکی سنتے اور اُنسے سوالات کرتے ہوئے پایا اور جو جو کہ اُسکی سنتے تھے اُسکی فہمید و جوابوں سے دنگ ہو رہے تھے تب وے اُسے دیکھ کے حیران ہوئے اور اُسکی ماں نے اُسے کہا کہ لڑکے کس لئے تو نے ہم سے ایسا سلوک کیا دیکھ تیرا باپ اور میں

ڈھونڈھتے ہوئے تجھے ڈھونڈھتے تھے اُسنے اُنہیں کہا کیوں تم مجھے ڈھونڈھتے تھے کیا تم نہ جانتے تھے کہ مجھے اپنے باپ کا کام کرنا ضرور رہی وے اِس بات کو جو اُسنے اُنہیں کہا نہ سمجھے اور وہ اُنکے ساتھ روانہ ہو کر ناصرہ میں آیا اور اُنکے تابع رہا اور اُسکی ماں نے یے سب باتیں اپنے دل میں رکھیں اور عیسیٰ نے حکمت و قامت و خدا کی اور خلق کی عنایت میں ترقی کی

دوسری اتوار کی دعا بعد ایپفنی کی

ای خدا اے قادر و قدیم کہ تو آسمان و زمین کے سب چیزوں کو منتظم کرتا ہی مہربانی سے اپنے بندوں کے التماسوں کو سُن اور تا بزیست ہمیں اپنی امن عطا کر ــ یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش ــ آمین

مکتوب رومیوں کا ۱۲ ــ ٦

پس ہم نے اس نعمت کے موافق جو ہمیں عنایت ہوئی جدا جدا انعام پایا سو اگر وہ نبوت ہی تو ہم نبوت ایمان کے اندازہ کے ساتھ کریں اگر خدمت ہی تو خدمت میں رہیں

اگر کوئی معلم ہو تو تعلیم پر اور ناصح اپنی نصیحت پر قائم رہے اور قاسم خیرات انصاف سے کرلے اور امامت کرنیوالا جد وجہد سے اور عبادت کرنیوالا خوش دلی سے اپنے کام پر رہے محبت بے ریا ہووے اور بد سے گریزان اور نیک سے پیوستہ رہو مہر پردازی سے ایک دوسرے پر شفقت کرو تعظیم کی راہ سے ایک ایک کو مقدم جانو کوشش میں کاہلی نہ کرو اور روح سے چالاک ہو خداوند کی بندگی میں رہو امید میں شاد ان بلا میں صابر دعا میں پایدار رہو مقدسوں کی احتیاج کو بانٹ لو مسافر پروری کے جویان رہو اُنکے لئے جو تمہیں ایذا دیتے ہیں برکت چاہو اور خیر مناؤ اور لعنت نہ کرو تم اہل سرور کے ساتھہ سرور رہنا اور رونیوالوں کے ساتھہ رونا ایک سا مزاج رکھو عالی طبیعت نہ ہو پستوں کے ساتھہ ہم نشینی کرو

انجیل یوحنا ۲ — ۱

اور تیسرے دن قانا ے جلیل میں کسیکا بیاہ ہوا عیسی کی ماں وہاں تھی اور عیسی اور اُسکے شاگرد بھی اُس بیاہ میں

بلائے گئے تھے اور جب شراب تھوڑی رہی عیسیٰ کی
ماں نے اُسے کہا کہ اُنکے پاس شراب نہ رہی عیسیٰ نے
اُسے کہا کہ ای عورت مجھے تجھ سے کیا کام ہی میرا وقت
ہنوز نہیں آیا اُسکی ماں نے خادموں کو کہا جو کچھ کہ وہ تمہیں کہے
تم اُس پر عمل کرو اور وہاں پتھر کے چھ گھڑے طہارت کے
لئے یہود کے دستور کے موافق دھرے تھے کہ ہر ایک
میں دو یا تین من کی سمائی تھی عیسیٰ نے اُنہیں کہا گھڑوں
میں پانی بھرو سو اُنہوں نے اُنکو لبالب بھرا پھر اُسنے انہیں
کہا اب نکالو اور مجلس کے بزرگ کے پاس لیجاؤ چنانچہ وے
لے گئے جب بزرگ مجلس نے وہ پانی جو مے بن گیا تھا چکھا
اور معلوم نہ کیا کہ یہہ کہاں سے تھا مگر چاکر جنہوں نے وہ
پانی نکالا تھا جانتے تھے تو دولھہ سے خطاب کیا اور کہا
کہ ہر شخص پہلے اچھی شراب کو خرچ کرتا ہی اور بری
تب جب پیکے چھکتے ہیں پر تو نے اچھی شراب ابتک
رکھہ چھوڑی ہی — یہہ پہلا معجزہ عیسیٰ نے قانا سے میں
دکھایا اور اپنی حشمت ظاہر کی اور اُسکے شاگرد اُس پر

ایمان لائے

تیسری اتوارکي دعابعدا پیفني کی

ای خدا ے قادر و قدیم ہماری ناتوانیوں پر مہربانی سے نظر کر اور ہمارے سب خطرے اور ضرورت کے وقت اپنے دہنے ہاتھ کو ہماری مدد و حفاظت کے لیئے بڑھا ـ یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب رومیونکا ۱۲ — ۱۶

اپنے تیئں خردمند نہ سمجھو بدی کی عوض کسی سے بدی نہ کرو اُن کاموں پر جو سارے خلق کے آگے بھلے ہیں آگے سے دھیان رکھو اگر تمسے ہو سکے تو بھر مقدور ہرا نسان کے ساتھہ ملے رہو عزیزو اپنا انتقام نہ لو بلکہ غصے کی راہ چھوڑ دو کیونکہ یہہ لکھا ہی کہ خداوند کہتا ہی کہ انتقام لینا میرا کام ہی میں مکافات کرونگا پس اگر تیرا دشمن بھوکھا ہو اُسے کھلا اگر پیاسا ہو اُسے پانی دے کیونکہ تو یوں کرکے اُسکے سر پر آگ کے انگاروں کا تودہ کریگا بدی کا مغلوب نہ ہو

بلکہ بدی پر نیکی سے غالب ہو

انجیل متی ۸ — ۱

جب وہ اُس پہاڑ سے اُترا بہت سی جماعتیں اُسکے پیچھے ہوئیں اور دیکھو کہ ایک کوڑھی نے آکر اُسے سجدہ کیا اور کہا کہ ای خداوند اگر تو چاہے تو مجھے پاک صاف کر سکتا ہی اور عیسی نے اپنا ہاتھ بڑھا کے اُس کو چھوا اور کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ تو پاک ہو جاے اور وہیں اُس کا کوڑھ صاف جاتا رہا تب عیسی نے اُسے کہا کہ دیکھ کسی سے نہ کہیو پر جا اور اپنے تئیں کاہن کو دکھا اور وہ ہدیہ جو موسی نے مقرر کیا ہی دے تا کہ اُنپر اُس کا ثبوت ہو — اور جب عیسی کفرناحم میں داخل ہوا ایک جمعدار نے پاس آکر اُسکی سماجت کی اور کہا کہ ای خداوند میرا چھوکرا گھر میں فالج کی بیماری سے بشدت عذاب میں پڑا ہی تب عیسی نے اُسکو کہا کہ میں آکر اُسے چنگا کرونگا اور اُس جمعدار نے جواب دیا کہ ای خداوند میں اس لائق نہیں کہ تو میری چھت تلے آوے لیکن صرف

کلمہ کہہ اور میرا چھوکرا چنگا ہو جائگا کیونکہ میں ایک آدمی ہوں
جو دوسرے کے حکم میں ہوں اور سپاہی میرے حکم میں ہیں اور
میں ایک کو کہتا ہوں کہ جا اور وہ جاتا ہی اور دوسرے کو
کہ آ اور وہ آتا ہی اور اپنے خادم کو کہ یہہ کر اور وہ کرتا ہی تب
عیسی نے سن کر تعجب کیا اور اُن کو جو اُسکے پیچھے تھے
کہا کہ میں تمسے سچ کہتا ہوں کہ میں نے ایسا بڑا اعتقاد
بنی اسرائیل میں نہ پایا اور میں تمسے کہتا ہوں کہ بہتیرے
مشرق و مغرب سے آوینگے اور ابراہیم اور اسحاق اور
یعقوب کے ساتھہ آسمان کی سلطنت میں بیٹھینگے پر
اِس سلطنت کے بیٹے کے باہر اندھیرے میں
ڈالے جائینگے جہاں کہ رونا اور دانت پیسنا ہوگا تب
عیسی نے اُس جمعدار سے کہا کہ جا اور جیسا کہ تونے اعتقاد
کیا ہی تیرے واسطے ویسا ہی ہو اور اُس کا چھوکرا
اُسی دم چنگا ہو گیا

چوتھی اتوار کی دعا بعد ایپفنی کی

ای خدا تو جانتا ہی کہ ہم بہت اور بڑے خطروں میں

مبتلا ہیں اور اپنی ذات کے نقص کے سبب مدام سیدھا
کھڑے رہ نہیں سکتے ہیں ایسی قوت و مدد بخش جو
کہ سب خطروں میں ہمیں سنبھالے رہے اور سب
امتحانوں کے درمیان سے ہمیں نکال لائے — یہہ غرض ہماری
ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب رومیوں کا ۱۳ — ۱

ہر ایک شخص قدرت کا جو اُس سے بالاتر ہی محکوم رہے
کیونکہ ایسی کوئی قدرت نہیں جو خدا کی طرف سے
نہ ہو اور جتنی قدرتیں کہ موجود ہیں سو خدا نے معین کی ہیں
پس جو کوئی کہ قدرت کا سامنا کرتا ہی سو خدا کے تعین کا
مخالف ہی اور وے جو مخالف ہیں سو اپنی سزا کے طالب
ہیں کہ حکام نہ اِسلیئے ڈرآتے ہیں کہ نیکوکاری نہ کریں
بلکہ اِسلیئے کہ بدکاری نہ کریں پس اگر تو چاہے کہ قدرت سے
نڈر رہے تو نیک کر کہ وہ تیری مدح کریگا کیونکہ وہ خادم
الٰہی تیری بہتری کے لیئے ہی پر اگر تو بد کرے تو ڈر کہ وہ
تلوار عبث نہیں پکڑتا کہ وہ خدا کا خادم اِسلیئے ہی کہ

بدکاروں کو سزا دیوے سو تم صرف نہ اُسکے غضب سے ڈرکے بلکہ طیب خاطر سے البتہ محکوم ہو اسلیئے تم خراج بھی دو کہ وے اِسی کام کے شغل کے لیئے خدا کے خادم ہیں — پس سبکا حق ادا کرو جسکو محصول چاہیئے محصول اور جسکو خراج چاہیئے خراج دو اور جسے ڈرا چاہیئے ڈرو اور جسکی عزت کیا چاہیئے عزت کرو

انجیل متی ۸ — ۲۳

اور جب وہ ایک کشتی پر چڑھا اُسکے شاگرد اُسکے پیچھے ہو لیئے اور دیکھو کہ دریا میں ایسی شدت کا طوفان ہوا کہ کشتی موجوں سے چھپ گئی تھی پر وہ سوتا تھا تب اُسکے شاگردوں نے اُسکے پاس آکے اُسے اُٹھایا اور کہا کہ ای خداوند ہم کو بچا ہم تباہ ہوتے ہیں اُسنے اُنہیں کہا کہ ای کم اعتقادو تم کیوں خوفناک ہو پھر اُسنے اُٹھ کے ہوا اور دریا کو ڈانٹا تب بڑا چین ہو گیا اور لوگ متعجب ہو کے کہنے لگے کہ یہہ کس طرح کا آدمی ہی کہ ہوا اور دریا بھی اُسکے کہنے میں ہیں اور

جب وہ پار جرجسیین کے ملک میں پہنچا دو دیوانے
گورستان سے نکلتے ہوئے جو ایسے تند تھے کہ اُس رستے
سے کوئی گذر نہ سکتا تھا اُسکو ملے اور دیکھو اُنھوں نے
چلا کے کہا کہ خدا کے بیٹے عیسیٰ ہمیں تجھ سے کیا کام کیا تو
یہاں آیا ہی کہ وقت سے آگے ہم کو ستاوے اور اُنسے دور
سوٗروں کا ایک بڑا گلہ چرتا تھا چنانچہ دیؤوں نے اُسکی
سماجت کرکے کہا کہ اگر تو ہمکو دور کرتا ہی تو ہمیں رخصت
دے کہ ہم اُن سوٗروں کے گلّہ پر جاؤیں تب اُسنے
اُنھیں کہا کہ جاؤ اور وے نکل کر اُن سوٗروں کے گلّہ پر گئے
اور دیکھو وہ سوٗروں کا سارا گلّہ کڑارے سے جھٹ
دریا میں جا گرا اور پانی میں ڈوب کر مر گیا تب چرانے
والے بھاگے اور شہر میں جا کر سب ماجرا اور اُن دیوانوں
کا احوال بیان کیا اور دیکھو کہ سارا شہر عیسیٰ کی ملاقات
کو نکلا اور جب اُنھوں نے اُسکو دیکھا تو منت کی کہ
اُنکے سرحد سے باہر جاوے

پانچویں اتوار کی دعا بعد اپیفنی کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنی کلیسیا اور مقدسوں کو مدام اپنے دین راست پر قائم رکھ کہ وے جو تیرے آسمانی فضل کی امید کے سہارے سے کھڑے ہیں مدام تیری قدرت قوی کے سبب محفوظ رہیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب قلسیوں کا ۳ — ۱۲

پس خدا کے برگزیدوں کی مانند جو مقدس اور محبوب ہیں دل پُر درد اور اخلاق اور خاکساری اور فروتنی اور حلم سے زیبایش پیدا کرو اور اگر کوئی کسی سے نالاں ہو تو ایک دوسرے کی برداشت کرے اور ایک دوسرے کو معاف کرے جیسا مسیح نے تمہیں بخشا ویسا ہی تم بھی کرو اور ان سب پر علاوہ محبت کو پہن لو کہ اسنے کمالیت کو استواری بخشا ہی — امن خدا کا کہ جسکی طرف تم ایک تن ہو کر بلائے گئے ہو تمہارے دلوں میں جگہ کرے شکر گذار رہو — مسیح

کی باتیں تم میں فراوانی سے بسیں اور تم ایک دوسرے کو کمال دانش سے تعلیم اور پند دو اور مزامیر اور مناجاتیں اور روحانی غزلیں شکر گذاری کے ساتھ خداوند کے لیئے دلوں سے گاو بلکہ جو کچھ کہ کرتے ہو بات اور کام سب کچھ خداوند عیسی کے نام سے کرو اور اُسکا نام لیکے خدا اور باپ کا شکر کرو

انجیل متی ۱۳ — ۲۴

آسمان کی سلطنت اُس آدمی سے مشابہ ہی جسنے اچھے بیجوں کو اپنے کھیت میں بو یا پر جب کہ لوگ سو گئے اُسکا دشمن آیا اور اُسکے گیہوؤں میں جا بجا تلخدانے بو گیا اور جب سبزی نمود ہوئی اور خوشے لگے تو تلخدانے بھی ظاہر ہوئے تب اُس زمیندار کے نوکروں نے آکے اُسے کہا کہ کیا صاحب نے اپنے کھیت میں اچھے بیج نہ بوئے تھے پھر اُس میں تلخدانے کہاں سے آئے اُسنے اُنہیں کہا کہ کسی دشمن نے یہہ کام کیا ہی خادموں نے اُسے کہا کہ مرضی ہو تو ہم جا کر اُنہیں جمع کریں اُسنے کہا نہیں ایسا نہ ہو کہ جب تم تلخ دانوں کو جمع کرو تو اُنکے ساتھ گیہوں کو بھی اُکھاڑلو وقت

دروتک دونوں کو ملے ہوئے بڑھنے دو کہ ہیں دروکے وقت
درو کرنیوالوں کو کہونگا کہ پہلے تلخدانوں کو جمع کرو اور جلانیکے
لیئے اُنکے گٹھے باندھو اور گیہوں کو میرے کھتّے میں جمع کرو

چھٹھی اتوار کی دعا بعد اپیفنی کی

ای خدا تیرا متبرک بیٹا ظاہر ہوا کہ وہ شیطان کے کاموں کو
بگاڑ دے اور ہمیں خدا کے لڑکے اور زندگانیٔ جاودانی کے ورثہ
بنائے ہم تیری منتی کرتے ہیں بخش کہ اِس آس پر ہم
آپسی نمط کہ جیسے وہ خالص تھا اپنے تئیں منزہ کریں تاکہ
جب وہ ساتھ قدرت اور بڑے جلال کے پھر نمودار ہوگا
ہم سلطنت ابدی ذوالجلال میں اُسکی مانند بنائے جائیں
کہ جہاں وہ ساتھ تیرے ای باپ اور ساتھ تیرے
ای روح القدس موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی مدام
ایک خدا جہان سے بے پایان تک — آمین

مکتوب یوحنا ۳ — ۱

دیکھو کہ باپ نے ہم سے کیسی محبت کی ہی کہ ہم خدا کے فرزند
کہلاویں اِس واسطے دنیا ہمکو نہیں جانتی کہ اُسنے اُسکو نہ جانا —

عزیزو اب ہم خدا کے فرزند ہیں اور یہہ تو ہنوز ظاہر نہیں ہوتا
کہ ہم کیا ہونگے پر ہم جانتے ہیں کہ جب وہ ظاہر ہوگا ہم اُسکی مانند
ہونگے کیونکہ تب ہم اُسے ویسا جیسا وہ ہی دیکھینگے اور جو
کوئی اُسسے یہہ امید رکھتا ہی وہ اپنے تئیں ایسا جیسا
وہ ہی پاک کرتا ہی اور جو کوئی گناہ کرتا ہی سو نقض شرع
کرتا ہی کیونکہ گناہ جو ہی نقض شرع ہی اور تم یہہ جانتے ہو
کہ وہ ہمارے گناہ اُٹھانے کو ظاہر ہوا اور اُس میں گناہ نہیں
ہی جو کوئی اُسمیں بستا ہی خطا نہیں کرتا اور جو کوئی کہ خطا کرتا ہی
اُسنے اُسے نہ دیکھا اور نہ جانا — ای لڑکو تمھیں کوئی فریب
دینے نہ پائے جو کوئی راستبازی کرتا ہی سو راستباز ہی
جیسا وہ راستباز ہی اور جو گناہ کرتا ہی سو ابلیس کا ہی
کہ ابلیس آغاز سے عاصی ہی اور خدا کا بیٹا اِسی لئے ظاہر
ہوا کہ ابلیس کے عملوں کو نابود کرے

انجیل متی ۲۴ — ۲۳

تب اگر کوئی تمسے کہے کہ دیکھو مسیح یہاں یا وہاں ہی
باور نہ کیجیو کیونکہ بہت سے جھوٹھے مسیح اور جھوٹھے نبی ظاہر

ہونگے اور ایسے بڑے معجزے اور کرامتیں دکھلاینگے کہ اگر ممکن
ہوتا تو وے برگزیدوں کو بھی گمراہ کرتے دیکھو میں آگے سے
کہہ چکا ہوں اسلیئے کہ اگر وے تمہیں کہیں کہ دیکھو وہ دشت
میں ہی تو باہر نہ جائیو یا کہ دیکھو وہ خلوت سرا میں ہی
تو باور نہ کیجیو اسلیئے کہ جسطرح بجلی مشرق میں چمکتی
اور مغرب تک روشنی پہنچاتی ہی ابن آدم کی آمد
بھی اسیطرح ہو گی کیونکہ جہاں کہ مردار ہی گدھ
وہیں جمع ہونگے — اُن روزوں میں اُس تنگی کے بعد
فی الفور سورج اندھیرا ہو جایگا اور چاند اپنی روشنی نہ دیگا اور
ستارے آسمان سے گر ینگے اور آسمانوں کی قوتوں کو
قرار نہ رہیگا اور اُسوقت ابن آدم کا نشان آسمان پر نمایاں
ہوگا اور اُسوقت جہان کے سارے فرقے چھاتی پیٹینگے اور ابن
آدم کو بڑی قوت و حشمت سے آسمان کی بدلیوں پر
آتے دیکھینگے اور وہ نرسنگے کے بڑے شور کے ساتھ
اپنے فرشتوں کو بھیجیگا وے چاروں ہواؤں سے آسمان
کے اس سرے سے اُس سرے تک اُس کے برگزیدوں

کو جمع کرینگے

تیسری اتوار کی دعا قبل روزی کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنے بندوں کی دعاؤں کو مہربانی سے سن کہ ہم جو عدلاً اپنے گناہ کی علت سزا پاتے ہیں تیری خوبی اور اسم ذوالجلال کے سبب رحمت سے بچائے جائیں — یہہ التماس ہمارا ہمارے منجی عیسیٰ مسیح کے سبب سن کہ وہ موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی ساتھ تیرے اور روح القدس کے مدام ایک خدا جہان سے پایان تک — آمین

۱ مکتوب قرنتیوں کا ۹ — ۲۴

کیا تم نہیں جانتے ہو کہ مضمار میں جب دوڑتے ہیں تو سب دوڑتے ہیں پر بازی ایک ہی جیتتا ہی پس تم ایسا دوڑو کہ تمہیں جیتو اور ہر ایک حریف سب باتوں میں منضبط ہوتا ہی سو وے اس ہار کے لیئے جو فانی ہی اور ہم وہ ہار پانے کو جو باقی ہی یہہ کرتے ہیں سو میں دوڑتا ہوں اور میں ایسا نہیں دوڑتا جیسا مقصود سے بے ثبات کی طرف دوڑتے ہیں میں

گھوسے لڑتا ہوں اور ہوا کو نہیں مارتا بلکہ میں اپنے بدن کو روکتا ہوں اور اُسے مطیع کرتا ہوں نہ ہووے کہ میں دوسروں کو نصیحت کرکے آپ فضیحت میں پڑوں

انجیل متی ۲۰ — ۱

آسمان کی سلطنت اس شخص سے مشابہ ہی کہ صاحب خانہ ہو جو تڑکے صبح کو گھر سے نکلا تا کہ اپنے تاکستان کے واسطے مزور لگادے اور جب کہ اُسنے ہر مزور کا ایک دینار روزینہ چکایا تو اُنہیں اپنے تاکستان میں بھیج دیا اور تیسری ساعت پھر گیا اور اوروں کو بازار میں بیکار کھڑے دیکھا اُنکو کہا کہ تم بھی تاکستان میں جاؤ اور جو کچھ کہ حق ہی میں تمہیں دونگا اور وے گئے اُسنے چھٹی اور نویں ساعت پھر باہر جاکے وہی کیا اور گیارہویں ساعت کے قریب پھر باہر گیا اور اوروں کو بیکار کھڑے دیکھا اور اُنکو کہا کہ تم یہاں سارے دن کیوں بیکار کھڑے ہو انہوں نے اُسے کہا اسلیئے کہ ہمکو کسی نے مزوری پر نہیں لگایا اُسنے کہا کہ تم بھی تاکستان میں جاؤ اور جو کچھ

کرو اجب ہی تم پاؤ گے چنانچہ جب شام ہوئی تو تاکستان کے
مالک نے اپنے خان ساماں سے کہا کہ مزدوروں کو بلا اور
پچھلوں سے شروع کرکے پہلوں تک اُنکی مزدوری دے
جب وے جو گیا رہویں ساعت لگائے گئے تھے آئے اور
ہر ایک نے اُنہیں سے ایک دینار پایا اور جب اگلے
آئے اُنہیں یہہ گمان تھا کہ وے زیادہ پاینگے پر اُنہوں نے
بھی ایک ہی ایک دینار پایا جب اُنہوں نے یہہ پایا تو
صاحب خانہ کے آگے شکوہ کرکہنے لگے کہ پچھلوں نے
فقط ایک ہی ساعت کام کیا اور تو نے اُنہیں ہمسے جو دن
کے بھاری کام اور گرمی کے متحمل ہوئے برابر کیا تب اُسنے
اُنہیں سے ایک کو جواب دیا اور کہا کہ اے دوست میں
تجھپر کچھ ظلم نہیں کرتا کیا تو مجھسے ایک دینار لینے پر راضی
نہ ہوا تھا اپنا حق لے اور چلا جا میں جتنا تجھے دیتا ہوں اُس
پچھلے کو اتنا ہی دونگا کیا روا نہیں کہ میں اپنے مال سے جو چاہوں
سو کروں کیا تو اسلیئے بد نظر ہے کہ میں نیک ہوں اسی طرح
جو پچھلے ہیں آگے اور جو اگلے ہیں پیچھے ہونگے کیونکہ بہت
سے بلائے گئے ہیں پر برگزیدہ تھوڑے ہیں

دوسری اتوار کی دعا قبل روزی کی

ای خداوند خدا تو دیکھتا ہی کہ ہو کچھ کہ ہم آپ کرتے ہیں اسپر بھروسا نہیں رکھتے مہربانی سے بخش کہ تیری قدرت سے ہم سب رنج و اذیت سے حفاظت پائیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

۲۔ مکتوب قرنتیوں کا ۱۱ — ۱۹

تم آپ دانشمند ہو کہ بیوقوفوں کی برداشت بخوشی کرتے ہو اِسلیئے کہ جب کوئی تمہیں بندہ کرتا ہی یا جب کوئی تمہیں پھاڑ کھاتا ہی یا جب کوئی تمسے کچھ چھین لیتا ہی یا جب کوئی آپ کو بلند کرتا ہی یا جب کوئی تمہارے منہہ پر تھپیڑا مارتا ہی تو تم برداشت کرتے ہو اور گویا اس واسطے کہ ہم بھی کمزور رہیں میں ذلیل باتیں بولتا ہوں پر جس بات میں کوئی جری ہی تو میں بیوقوفی سے یہہ کہتا ہوں کہ میں بھی اُسمیں جری ہوں کیا وے عبرانی ہیں تو میں بھی ہوں

یا اسرائیلی ہیں تو میں بھی ہوں یا ابراہیم کی نسل سے
ہیں تو میں بھی ہوں یا مسیح کے خادم ہیں تو میں نادانی
سے کہتا ہوں کہ میں زیادہ تر ہوں یعنے محنتوں میں زیادہ اور
کوڑے کھانے میں حد سے زیادہ اور قیدوں میں بیشتر
اور موتوں میں اکثر اور میں نے پانچ بار ہر دفعہ یہود سے ایک
کم چالیس کوڑے کھائے اور تین بار چھڑیوں سے
مار کھائی اور ایک دفعہ پتھروں کی مار کھائی اور تین مرتبہ میں نے
کشتی کی تباہی سے رنج اٹھایا اور ایک رات دن دریا
میں کاٹا اور میں سفروں میں بہت اور پانیوں کے
خطروں میں اور چوروں کے خطروں میں اور اپنی امت
سے خطروں میں اور اقوام سے خطروں میں اور شہر کے بیچ
خطروں میں اور بیاباں کے بیچ خطروں میں اور سمندر کے بیچ خطروں
میں اور باطل بھائیوں کے بیچ خطروں میں رہا ہوں محنت و
درد انگیزی میں بارہا بیداریوں میں بھوک اور پیاس میں
اکثر بار فاقہ کشیوں میں سردے اور عریانی میں بھی رہا ہوں
ان باہر والی چیزوں کے سوا ساری کلیسیاؤں کا فکر مجھ کو

ہر روز دوباتا ہی کون کمزور ہی کہ میں کمزور نہیں ہوں اور کون بیزار ہوتا ہی کہ میں بھی اُسکے ساتھہ نہیں جلتا اگر فخر کیا چاہیے تو میں اپنی کمزوریوں پر فخر کرونگا خدا ہمارے خداوند عیسی مسیح کا باپ جو ابد تک ممدوح ہی جانتا ہی کہ میں جھوٹھہ نہیں بولتا

انجیل لوقا ۸ — ۴

اور جب بڑا دنگل اور لوگ جو ہر شہر سے اُسکے پاس آئے تھے جمع ہوئے اُسنے تمثیل میں کہا کہ ایک کسان اپنے بیج بونے گیا اور بوتے وقت بعضے راہ کے کنارے گرے اور روندے گئے اور پرندوں نے اُنہیں چگ لیا اور بعضے پتھر پر گرے اور وے اُگ کے سوکھہ گئے کیونکہ طراوت اُنہیں نہ پہنچی اور بعضے کانٹوں میں گرے اور کانٹوں نے اُنکے ساتھہ بڑھہ کے اُنہیں گھونٹ ڈالا اور بعضے کاہل زمین میں گرے اور اُگ کے سو گنے پھل لائے — وہ یہہ باتیں کہکے پکارا کہ جسکے کان سننے کے لئے ہیں سنے اور اُسکے شاگردوں نے اُسسے پوچھا کہ اِس تمثیل کے کیا معنے تب اُسنے کہا کہ خدا کی مملکت کے اسرار کا علم تمہیں دیا گیا ہی پر اوروں

کو تمثیلیں تا کہ وے دیکھتے ہوئے نہ دیکھیں اور سنتے ہوئے
نہ سمجھیں اب یہہ تمثیل یون ہی کہ بیج جو ہی خدا کا کلام ہی
راہ پر وے ہیں جو سنتے ہیں اور پھر شیطان آتا ہی
اور کلام کو اُنکے دلوں سے لے بھاگتا ہی تا نہ ہووے
کہ وے ایمان لا کے نجات پاویں پتھر پر کے وے ہیں جو
سخن کو سُنکے خوشی سے قبول کرتے ہیں پر سیلے جڑ نہیں
رکھتے کہ تھوڑی مدت اعتقاد کرکے امتحان کے وقت پھر
جاتے ہیں اور وے جو کانٹوں میں گرے وے ہیں کہ سُنکے
چل نکلتے ہیں اور تردداتِ اور اموال اور زندگانی کی خوشیاں
اُنہیں گھونٹ ڈالتی ہیں اور کمال کا میوہ نہیں لاتے پر کامل
زمین کے وے ہیں کہ سخن کو سُنکے خاطر خواہ دل میں
حفظ کر رکھتے ہیں اور صبر سے میوہ لاتے ہیں

دعا اتوار کی قبل روزی کی

ای خداوند تو نے ہمیں سکھایا ہی کہ ہمارے سب کار
و بار جو بے دیا کے ہوں کچھ حقیقت نہیں رکھتے نازل کر اپنے

روح القدس کو اور وہ تحفہ نعمت دیا کی جو شناسائی کرنیوالی سب امن اور نیکیوں کی ہی ہمارے دلوں میں ڈال کیونکہ جو بغیر اُسکے جیتا ہی تیرے حضور ایک مردا سا گنا جاتا ہی ــ یہہ التماس ہمارا اپنے اکلوتے بیٹے عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش ــ آمین

۱ مکتوب قرنتیوں کا ۱۳ ــ ۱

اگر میں آدمی یا فرشتوں کی زبانوں میں بولوں اور محبت نہ رکھوں تو میں ٹھنٹھناتا پیتل یا ٹھنٹھناتا جھانجھ سا ہوں اور اگر میں نبوت کی شرافت رکھوں اور غیب کی ساری باتوں اور سارے علموں کو جانوں اور میرا ایمان کامل ہو یہاں تک کہ میں پہاڑوں کو چلاؤں پر اگر محبت نہ رکھوں تو میں کچھ چیز نہیں ہوں اور اگر میں اپنا سارا مال دے ڈالوں یا اگر میں اپنا بدن دوں کہ جلایا جائے پر محبت نہ رکھوں تو مجھے کچھ فائدہ نہیں محبت صابر ہی ملایم ہی محبت حسد نہیں کرتی محبت لاف زن نہیں مغرور نہیں نازیبا نہیں کرتی اپنا نفع نہیں طلب کرتی تندوضع نہیں بدگمانی نہیں کرتی بدکاری

سے خوش نہیں بلکہ راستی سے باہم خوش ہی سب
باتوں کو چھپاتی ہی سب کچھ باور کرتی ہی سب چیز کی
امید رکھتی ہی سب کا تحمل کرتی ہی محبت کبھو جدا نہیں
ہوتی اگر نبوتیں ہیں تو معدوم ہونگیں زبانیں ہیں تو بند ہو
جائینگیں اگر علم ہی تو لاحاصل ہو جائیگا کیونکہ ہمارا علم ناقص
ہی اور ہماری نبوت ناتمام ہی پر جب کمال ہوگا تو ناقص
نیست ہو جائیگا جب کہ میں لڑکا تھا تب میری بولی لڑکے
کی سی اور مزاج لڑکے کا سا اور فہمید لڑکے کی سی تھی پر جب
جوان ہوا تب میں نے لڑکائی سے ہاتھ اُٹھایا کہ اب ہم
آئینہ میں انعکاس کے طور پر دیکھتے ہیں پر اُسوقت
روبرو دیکھینگے اِسوقت میرا علم ناقص ہی پر اُسوقت میں
اُسطرح جانونگا جسطرح وہ مجھے جانتا ہی اب تو ایمان اور
امید اور محبت یے تینوں موجود ہیں پر اِن میں جو اعلی ہی
سو محبت ہی

انجیل لوقا ۸ ا — ۳۱

پھر اُسنے اِن بارھوں کو ساتھ لیکر اُنہیں کہا کہ دیکھو ہم

اور شاہم کو جاتے ہیں اور سب چیزیں جو ابن آدم کے حق میں
نبیوں کے وسیلے لکھی گئی ہیں پوری ہو نگیں اسلیئے کہ
وہ عوام کے حوالے کیا جائیگا لوگ اُسے ٹھٹھے کرینگے اور
اُسپر زبردستی کرینگے اور اُسکے منہہ پر تھوکینگے اور اُسے
کوڑے مارینگے اور قتل کرینگے اور تیسرے دن وہ پھر اُٹھیگا۔
اور وے اُن باتوں سے کچھ نہ سمجھے اور یہہ کلام انپر پوشیدہ
رہا اُنہوں نے اُن باتوں کو جو کہی گئی تھیں ہرگز نہ جانا اور یوں
ہوا کہ جب وہ یریحا کے نزدیک آیا ایک اندھا شخص راہ میں
بیٹھا بھیکھ مانگتا تھا اور جماعت کو گذرتے ہوئے سنکے اُسنے
پوچھا کہ کیا ہی انہوں نے اُسے اطلاع دی کہ عیسا ے
ناصری گذرتا ہی تب وہ چلّایا کہ ای داؤد کے بیٹے عیسیٰ
مجھہ پر رحم کر انہوں نے جو آگے چلتے تھے اسے ڈانٹا کہ چپ
رہے پر وہ اور بھی زیادہ چلّایا کہ ای داؤد کے بیٹے مجھہ پر
رحم کر تب عیسیٰ کھڑا رہا اور حکم کیا کہ اسے آگے لاویں
جب وہ نزدیک آیا تو اُسے پوچھا کہ تو کیا چاہتا ہی میں تجھہ
سے کیا کروں وہ بولا کہ ای خداوند میں اپنی بینائی پھر پاؤں

تب عیسیٰ نے اسسے کہا اپنی بینائی پا تیرے اعتقاد نے تجھے رہائی بخشی اور اُسنے فی الفور بینائی پائی اور خدا کی ستایش کرتے ہوئے اُسکے پیچھے ہولیا اور ساری جماعت نے یہہ دیکھکے خدا کی ثنا کی

دعا روزی کی پہلی دن کي

جوکہ عموما ایش ونس ڈے کہلاتا ھی

ای قادر مطلق و قدیم خدا تو کسی چیز سے جوکہ تو نے بنائی ہی متنفر نہیں ہی اور اُنکے گناہوں کو جو تائب ہیں معاف کرتا ہی پیدا کر اور ہما ہم میں ایک نیا اور توبہ کرنیوالا دل کہ ہم لیاقت کے ساتھہ اپنے گناہوں سے نالہ وزاری اور اپنی شقاوت کا اقرار کر کے تجھسے جو خدا سب رحمتوں کا ہی اور عفو اور آمرزش کامل حاصل کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

یہہ دعا روزوں کی ایام میں ہرروز بعد دعای مقرر کی پڑھی جائی

بعوض مکتوب یوئیل ۲ — ۱۲

خداوند فرماتاہی کہ اپنے تمام دل سے اور روزے رکھکے

کے اورنالہ و زاری سے میری طرف رجوع کرو — اور اپنے دل کو چاک کرو نہ اپنے گریبان کو اپنے خداوند خدا کی طرف رجوع کرو کیونکہ وہ فضّال ورحیم ورؤف وحلیم ہی اور ضرر پہنچانے سے ملول ہوتا ہی — کون جانتا ہی کہ وہ رجوع اور توبہ کریگا اور اپنے پیچھے ایک برکت یعنے خداوند خدا کے لیئے ایک قربانی کھانے کی اور ایک قربانی پینے کی پیچھے چھوڑ جائیگا — صیہون میں تُرہی بجاؤ ایک دن روزے کا تقرر کرو مودب جماعت بلاؤ لوگوں کو فراہم کرو جماعت پاکیزہ ہو باہم آئیں مشائخوں کو جمع کرو اور لڑکوں کو اور دودھ پینے والے بچوں کو اکٹھا کرو دولھا اپنے حجلہ سے اور دلہن اپنے پردے سے نکلیں اور سب کاہن کہ جو خداوند کے خادم ہیں سایبان اور مذبح کے درمیان آویں اور کہیں کہ ای خداوند اپنے لوگوں بچا اور اپنی میراث پر ذلت نہ آنے دے کہ جسمیں اغیار اُنپر حکم رانی کریں کسلیئے اغیار لوگوں میں کہیں کہ انکا خدا کہاں ہی

انجیل متی ۶ — ۱۲

ور جب تم روزہ رکھو ریاکاروں کی مانند ترش رو نہ ہو کیونکہ وے اپنا منہہ بناتے ہیں تا کہ لوگ اُنہیں روزہ دار جانیں میں تمسے سچ کہتا ہوں کہ وے اپنا اجر پاچکے پر جب تو روزہ رکھے اپنے سر کو چکنا کر اور اپنے منہہ کو دھو تا کہ تجھے روزہ سے نہ آدمی بلکہ تیرا باپ جو پوشیدہ ہی جانے اور تیرا باپ جو پردے میں دیکھتا ہی تجھے آشکارا اجر دیگا — مال اپنے واسطے زمین پر جمع نہ کرو کہ وہاں کیڑا اور زنگ خراب کرتا ہی اور چور سیندھ دیتے ہیں اور چُراتے ہیں بلکہ مال اپنے لیئے آسمان پر جمع کرو کہ وہاں نہ کیڑا اور نہ زنگ خراب کرتا ہی اور نہ چور وہاں کو نبھل دیتے اور نہ چُراتے ہیں کیونکہ جس جگہہ تمہارا مال ہی تمہارا دل بھی وہیں لگا رہیگا

روزی کی پہلی اتوار کی دعا

ای خداوند کہ تو نے ہمارے لیئے چالیس دن اور چالیس رات تک فاقہ کیا ہی پر فضل کر کہ ہم اِس ڈھب کا پرہیز کریں

کہ ہمارا جسم مطیع روح کا ہو کر ہم ساتھ نیکوکاری اور تقوای
سے بے ریا کے تیری عزت اور جلال کے لیئے تیری الہام کے مدام
مطیع رہیں کہ تو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی ساتھ باپ اور
روح القدس کے مدام ایک خدا جہان سے بے پایان تک — آمین

۲ مکتوب قرنتیوں کا ۶ — ۱

اور ہم باہم ہمخدمت ہو کر تمسے التماس کرتے ہیں کہ تم
خدا کی نعمت کو عبث نہ جانو کہ وہ کہتا ہی کہ میں نے
رضامندی کے موسم میں تیری سنی اور نجات کے دن
تیری کمک کی دیکھو کہ رضامندی کا موسم یہہ ہی اور دیکھو
نجات کا دن یہہ ہی اور ہم کسی سے ٹھوکر کھانے کے باعث
نہیں ہوتے تاکہ وہ خدمت دوکہی نہ جاے پر اپنے کو ہر ایک
بات میں ایسا ظاہر کرتے ہیں جیسے کہ خدا کے خادم ہوتے
ہیں یعنے بہت تحمل کر کے اور دکھ اٹھا کے اور احتیاجوں
اور تنگیوں میں پڑ کے اور کوڑے کھا کے اور قید ہو کے اور
ہنگاموں میں پڑ کے اور محنتیں اور بیداریاں اور فاقے کر کے
پاکیزگی اور تمیز اور صبر اور مہربانی سے روح پاک

اور محبت صادق اور سچائی کی بات اور خدا کی قدرت
سے راستبازی کے ہتھیاروں سے جو داہنے بائیں ہیں
اور عزت اور بےحرمتی اور بدگوئی اور خوش گوئی سے دغا
باز اور سچے کہلا کے گمنام اور مشہور ہو کے مر مر کے اور
ہنوز ہم جیتے ہیں تنبیہ پا کے پر نہ قتل ہو کر غمگین اور خوش
ہو کر کنگال ہو کے پر بہتوں کو دولتمند کر کے نادار ہو کے پر
ساری چیزوں کے مالک ہو کر ظاہر کرتے ہیں

انجیل متی ۴ — ۱

تب عیسی روح قدس کی ہدایت سے بیابان میں پہنچا
تاکہ ابلیس اُسکا امتحان کر لے اور جب وہ چالیس دن رات
روزہ رکھہ چکا آخر کو بھوکھا ہوا اور امتحان لینے والے نے
اُسکے پاس آ کر کہا کہ اگر تو خدا کا بیٹا ہی تو کہہ کہ یے پتھر روٹی
بن جاویں پر اُسنے جواب دیا اور کہا کہ لکھا ہی کہ انسان فقط
روٹی سے نہیں بلکہ ہر بات سے جو خدا کے منہہ سے نکلتی
ہی جیتا ہی اُسوقت ابلیس اُسے شہر مقدس میں
لے گیا اور ہیکل کے کنگرے پر کھڑا کیا اور اُسسے کہا کہ اگر تو

خدا کا بیٹا ہی تو اپنے تئیں تلے گرا دے اسواسطے کہ
یوں لکھا ہی کہ وہ اپنے فرشتوں کو تیرے لیئے حکم کریگا اور
وے تجھے ہاتھوں پر اُٹھا لینگے تا ایسا نہ ہو کہ تیرا پانوں
پتھر پر لگنے پاوے تب عیسی نے اُسکو کہا کہ یہہ بھی
لکھا ہی کہ تو خداوند کا جو تیرا خدا ہی امتحان نہ کر پھر ابلیس
اُسے ایک بڑے اُونچے پہاڑ پر لے گیا اور دنیا کی ہر ایک
مملکت اور اُنکی شوکت اُسے دکھائی اور اُسکو کہا
کہ اگر تو جھک کے میرا سجدہ و پرستش کرے تو میں
یہہ سب کچھ تجھے دوں تب عیسی نے اُس کو کہا کہ ای
شیطان دور ہو اسلیئے کہ لکھا ہی کہ تو اُس خداوند کو
جو تیرا خدا ہی سجدہ کر اور فقط اُسی کی بندگی کر تب ابلیس
اُسکے پاس سے جاتا رہا اور وونہیں فرشتے آئے اور
اُسکی خدمت کی

روزی کی دوسری اتوار کي دعا

ای خداے تعالی تو دیکھتا ہی کہ ہم از خود اپنی پرداخت کے

لئے کچھ طاقت نہیں رکھتے ظاہراً ہمارے جسم کو اور باطناً ہماری جان کو اپنے اختیار میں رکھہ کہ ہم سب کلفتوں سے جو متعلق جسم کے ہیں اور سب بُرے خیالوں سے جو کہ جان پر حملہ کریں اور اُسے ایذا دیں بچے رہیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

۱ مکتوب تسلینقیوں ۴ — ۱

باقی ای بھائیو ہم تمسے خداوند عیسیٰ کے واسطے عرض اور التماس کرتے ہیں کہ تمنے جو ہمسے روش کی اور خدا کے خوش کرنے کی وضع سیکھی ہی سو اسمیں تم ترقی کرو تم جانتے ہو کہ ہمنے تم کو خداوند عیسیٰ کی طرف سے کیا احکام پہنچائے کہ خدا کی مرضی یہہ ہی کہ تم مقدس ہو اور حرام کاری سے اپنے تئیں باز رکھو اور ہر ایک تم میں سے جانے کہ اپنی ظرف کو تقدس اور حرمت سے رکھا چاہئے نہ اجنبی قوموں کی مانند جو خدا کو پہچانتے نہیں ہیں ہوا و ہوس میں اور اپنے بھائی سے زبردستی اور دغابازی نہ کرے کیونکہ خداوند ایسے سارے فعلوں کا انتقام لیگا چنانچہ ہمنے آگے بھی تمسے

کہا اور گواہی دی کہ خدا نے ہمکو ناپاکی میں نہیں بلکہ تقدس میں بلایا اسواسطے جو تحقیر کرتا ہی سو نہ آدمی کی بلکہ خدا کی جسنے اپنی مقدس روح بھی ہمیں دی تحقیر کرتا ہی

انجیل متی ۱۵ — ۲۱

تب عیسی وہاں سے روانہ ہو کر صور اور صیدا کی نواحی میں گیا اور دیکھو ایک کنعانی عورت اُس نواح سے نکلکر پکارتی ہوئی بولی کہ ای خداوند داؤد کے بیٹے مجھپر رحم کر کہ میری بیٹی بشدت دیوانی ہی پر اُسنے اُسے جواب میں کوئی بات نہ کہی اور اُسکے شاگردوں نے آکے اُسسے التماس کرکے یہہ کہا کہ اُسے رخصت کر کیونکہ وہ ہمارے پیچھے چلاتی ہی تب اُسنے جواب دیا اور کہا کہ میں سوائے اسرائیل کے گھرانے کے گوسپندوں کے جو گم شدہ ہیں کسی کے پاس بھیجا نہیں گیا تب وہ آئی اور اُسے سجدہ کیا اور کہا کہ ای خداوند میری مدد کر اُسنے جواب دیا اور کہا مناسب نہیں کہ لڑکوں کی روٹی لیکے کتوں کو پھینک دیجے وہ بولی سچ ای خداوند پر کُتّے بھی تکڑے جو اُنکے مالکوں کے دستارخوان

سے گرتے ہیں کھاتے ہیں تب عیسی نے جواب دیا اور
اُسے کہا کہ ای عورت تیرا اعتقاد بڑا ہی جو تیری خواہش
ہی بر آوے اور اُسکی بیٹی اُسی گھڑی چنگی ہو گئی

روزی کی تیسری اتوار کی دعا

ای خداے تعالی ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنے عاجز بندوں
کی خواہش دلی پر لحاظ کر اور ہمارے سب دشمنوں سے بچاؤ
کے لئے اپنے ید طولی ذوشان کو بڑھا — یہہ عرض ہماری
ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب افسیوں کا ٥ — ۱

پس تم عزیز فرزندوں کی طرح خدا کا تبع کرو اور محبت
میں چلو چنانچہ مسیح نے ہمسے محبت کی اور ہمارے عوض
اپنے تئیں خدا کے آگے نذر اور قربان کیا تا کہ اُسے خوشبو
معلوم ہو اور حرام کاری اور ہر نوع کی ناپاکی اور لالچ کا تم میں ذکر
تک نہ ہو جیسا مقدس لوگوں کو مناسب ہی اور گندگی
اور بیہودہ گوئی یا بے موقع لطیفہ گوئی نہ ہووے بلکہ بیشتر

شکر گذاری ہووے کیونکہ تم اُسسے واقف ہو کہ حرامکار
اور ناپاک اور لالچی کی جو ٹھیک بت پرست ہی مسیح
اور خدا کی بادشاہی میں میراث نہیں ہی کوئی تم کو بے
بنیاد باتوں سے بہلانہ سکے کہ ایسی باتوں کے سبب خدا کا قہر
ابنای بغاوت پر ہوتا ہی پس تم اُنکے شریک نہ ہو تم
آگے ظلمت تھے پر اب خداوند میں ہو کے نور ہو تم ابنای
نور کی طرح چلو کہ روح کا پھل جو ہی سو کمال خوبی اور راستبازی
اور سچائی ہی اور امتیاز کرو کہ خدا کو کیا خوش گوار ہی اور
ظلمت کے بے ثمرہ کاموں میں شریک نہ ہو بلکہ بیشتر اُنکو
الزام دو کیونکہ اُنکے امور خفیہ کا ذکر کرنا بھی عار ہی کہ ساری
چیزیں جب اُنپر روشنی پڑتی ہی تب دیکھی جاتی ہیں
کیونکہ ہر ایک چیز جو ظاہر ہوتی ہی سو روشن ہی اسلیئے
وہ کہتا ہی اَرے تو جو سوتا ہی جاگ اور مردوں میں سے
نکل کے مسیح تجھے روشن کریگا

انجیل لوقا ۱۱ --- ۱۴

پھر وہ ایک دیو کے سایہ کو جو ایک گونگے پر تھا اُتارنے لگا

اور ایسا ہوا کہ جب وہ دیو نکلا وہ گونگا گویا ہوا اور لوگ حیران
ہوئے لیکن اُن میں سے بعضے بولے کہ وہ دیوؤں کے سردار
بعلزبوب کی کمک سے دیوؤں کو نکالتا ہی اور بعضوں نے
امتحان کے لئے اُسسے آسمانی معجزہ طلب کیا تب اُسنے
اُنکے اندیشوں کو دریافت کرکے اُنہیں کہا جو مملکت اپنی
مخالفت سے دو ٹکڑے ہو ویران ہوتی ہی اور جو گھر یوں
ہی اپنا مخالف ہو کر پڑتا ہی شیطان بھی اگر اپنی مخالفت
میں آپ سے جدا ہو تو اُسکی سلطنت کیونکر قائم رہیگی
کیونکہ تم کہتے ہو کہ میں بعلزبوب کی کمک سے دیوؤں کو نکالتا
ہوں بھلا اگر میں بعلزبوب کی کمک سے دیوؤں کو بھگاتا ہوں
تمہارے بیٹے کسکی کمک سے نکالتے ہیں اِسلیئے وے
تمہارے منصف ہونگے پر اگر میں خدا کے اشارہ سے دیوؤں کو
نکالتا ہوں تو بلا شبہہ خدا کی مملکت تم تک آئی ہی — جب
ایک زور آور مرد ہتھیار لگائے ہوئے اپنے گھر کی نگہبانی کرتا
ہی اُسکا مال سلامت رہتا ہی لیکن جب کہ اُسسے ایک
قوی تر اُسپر چڑھ آوے اور اُسے مغلوب کرے تو اُسکے سب

ہتھیار جنپر اُسے بھروسا تھا چھین لیتا ہی اور اُسکے
اموال کو لوٹ بانٹ دیتا ہی جو میری طرف نہیں ہی سو
میرا مخالف ہی اور جو میرے ساتھ جمع نہیں کرتا پریشان کرتا
ہی ــ جب دیو پلید ایک آدمی میں سے نکل گیا تو سوکھے مکانوں
میں چین ڈھونڈھتا پھرتا ہی اور جب نہیں پاتا تو کہتا ہی کہ
اپنے گھر میں جہاں سے میں نکلا تھا پھر جاؤنگا اور آکے اُسے
جھاڑا بہارا پاتاہی تب وہ جاکے اور سات روحیں جو اُسسے
بدتر ہیں ساتھ لاتا ہی اور وے در آکے وہاں رہتی ہیں تب
اُس شخص کا پچھلا حال پہلے سے بدتر ہوتا ہی اور جب وہ یے باتیں
فرماتا تھا یوں ہوا کہ اس جماعت سے ایک عورت نے بلند آواز
سے کہا ای مبارک وہ بطن ہی جسنے تو نکلا اور مبارک
وے چھاتیاں جو تو نے پئیں اور اُسنے کہا کہ ہاں مبارکتر
وے ہیں جو خدا کا کلام سنتے ہیں اور اُسے حفظ کرتے ہیں

روزی کی چوتھی اتوار کی دعا

ای خدا ئے تعالی ہم تیری منتی کرتے ہیں بخش کہ

ہم جو اپنی بدکرداری کی علت عدلاً قابلیت سزا کی رکھتے ہیں تیرے فضل کی تسکین کے طفیل سے ازروی مہربانی کے رہائی پائیں — یہہ عرض ہماری ہمارے بچانے والے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب غلطیوں کو ۴ — ۲۱

مجھہ سے کہو تو تم جو شریعت کے طالب ہو کیا تم نہیں سنتے کہ شریعت کیا کہتی ہی یہہ لکھا ہی کہ ابراہیم کے دو بیٹے تھے ایک کنیز سے دوسرا آزاد سے وہ جو کنیز سے تھا جسم کی وضع پر پیدا ہوا اور جو آزاد سے تھا سو وعدے کے طور پر متولد ہوا یہہ معنے ظاہر کے ہیں اسلیئے کہ یے عورات دو وثیقے ہیں ایک تو کوہ سینے کا جو بندے غلام جنتی ہی یہہ ہاجرہ ہی کہ ہاجرہ عرب کا کوہ سینا ہی اور یہاں کی اور شلیم کی ہم جنس ہی اور اپنے لڑکوں کے ساتھہ بند میں ہی پر اوپر کی اورشلیم آزاد ہی سو ہم سبھوں کے ماں ہی کیونکہ یہہ لکھا ہی کہ ای بانجھہ جو جنے والی نہیں جی جان سے خوش ہو اور تو جو دردزہ نہیں جانتی اب آواز و شور سے خوشیاں کر

کیونکہ نگوڑی کے لڑکے سہاگن کے لڑکوں سے زیادہ ہیں
اور ای بھائیو ہم اسحاق کی طرح وعدہ کے فرزند ہیں پر جیسا
اسوقت وہ جسکی پیدایش جسمانی تھی اسے جسکا تولد
روحانی تھا ستاتا تھا ویسا اب بھی ہوتا ہی پر کتاب کیا کہتی
ہی کہ لونڈی کو اور اسکے بیٹے کو نکال کیونکہ لونڈی کا بیٹا حرہ کے
بیٹے کے ساتھہ وارث نہ ہوگا ای بھائیو ہم لونڈی کے بیٹے
نہیں پر آزاد کے بیٹے ہیں

انجیل یوحنا ۶ — ۱

عیسی اُن چیزوں کے بعد دریاے جلیل کے پار جو دریاے
طبیاریاس ہی گیا تب ایک بڑا دنگل اُسکے پیچھے ہولیا
کیونکہ اُنہوں نے اُسکے معجزوں کو جو اُسنے بیماروں میں
دکھائے دیکھا تھا پھر عیسی پہاڑ پر گیا وہاں اپنے شاگردوں
کے ساتھہ بیٹھا اور فسح جو یہودیوں کی عید ہی نزدیک تھی
پھر جب عیسی نے آنکھیں اُٹھائیں اور دیکھا کہ بڑی
جماعت اُسکے پاس آتی ہی تو فیلبوس سے کہا کہ ہم
کہاں سے اُنکے کھانے کے لئے روٹیاں خرید یں پر اُسنے

امتحان کی راہ سے یہہ کہا تھا کیونکہ وہ آپ جانتا تھا جو کیا چاہتا تھا
فیلبوس نے اُسے جواب دیا کہ اگر اُن میں سے ہر ایک
کو ایک ہی ایک ٹکڑا دینے چلے جائے تو دو سو درہم کی
روٹیاں اُنکے لئے بس نہ ہونگیں ایک نے اُسکے شاگردوں
میں سے جو شمعون پطرس کا بھائی اندریاس تھا اُسے
کہا یہاں ایک چھوکرے کے پاس جو کی پانچ روٹیاں
اور دو چھوٹی مچھلیاں ہیں پر یے اتنے لوگوں میں کیا ہیں
عیسی نے کہا کہ لوگوں کو بیٹھاؤ کہ اُس جگہہ بہت
گھاس تھی چنانچہ وے لوگ گنتی میں قریب پانچ
ہزار کے بیٹھے اور عیسی نے روٹیاں اُٹھالیں اور شکر
کرکے شاگردوں کو دیں اور شاگردوں نے اُنہیں جو بیٹھے تھے
بانٹیں اور اُسی طرح مچھلیوں میں سے جس قدر کہ وے
چاہتے تھے دیں جب وے سیر ہو چکے اسنے اپنے
شاگردوں سے کہا کہ ان ریزوں کو جو بچ رہے ہیں جمع
کرو تاکہ کچھ خراب نہ ہووے چنانچہ انہوں نے جمع کئے سو جو کی
پانچ روٹیوں کے ریزوں سے جو اُن کھانے والوں سے

بچ رہے تھے بارہ ٹوکریاں بھریں تب ان لوگوں نے
یہہ معجزہ جو عیسی نے دکھایا دیکھکر کہا کہ تحقیق ہی وہ نبی
جو جہان میں آنیولا تھا یہی ہی

روزی کی پانچویں اتوار کی دعا

ای خدا ے تعالی ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنے بندوں پر
رحمت سے نظر کر کہ تیری بڑی خوبی سے وے جسم اور روح کا
مدام انتظام و حفاظت پاویں -- یہہ عرض ہماری ہمارے
خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب عبرانیوں کا ۹ — ۱۱

مسیح آنیوالے حسنات کا سردار کاہن ہو آیا اس
مسکن کے وسیلے سے جو بزرگتر اور کاملتر ہی اور
دستکاری سے نہیں بنا یعنے اِس معمورہ میں سے نہیں
نہ بکروں اور بچھڑوں کے خون سے بلکہ اپنے ہی لہو کے ساتھ
مقام اقدس میں ایک بار داخل ہوا کہ اُسنے ہمارے واسطے
ابدی خلاصی حاصل کی کیونکہ ہرگاہ بیلوں اور بکروں کا لہو اور بچھیا کی

راکھ جو ناپاکوں پر چھڑکی جاوے اتنا تقدس بخشتی ہیں کہ جسم پاک ہو جاتا ہی تو کتنا بطریق اولی مسیح کا خون جسنے اپنے تئیں بے عیبی کے ساتھہ روح ابدی سے خدا کے آگے قربانی کیا تمہاری طبیعت کو اُن کاموں سے جو مکروہ ہیں پاک کریگا تاکہ تم جیتے خدا کی عبادت کرو اور وہ اسی واسطے نئے وثیقہ کا واسطہ ہی تاکہ جب اُن خطاؤں کی کفارت کے لئے جو پہلے وثیقہ میں تہیں موت آوے تو وے جو بلائے گئے ہیں میراث ابدی کے وعدے کو حاصل کریں

مکتوب یوحنا ۸ — ۴۶

کون تم میں سے مجھہ پر گناہ ثابت کرتا ہی پر میں جو حق کہتا ہوں تم میرا اعتقاد کیوں نہیں کرتے جو خدا کا ہی خدا کی باتیں سنتا ہی تم اِسلیئے نہیں سنتے کہ تم خدا کے نہیں ہو تب یہود نے جواب میں اُسے کہا کہ کیا ہم اچھا نہیں کہتے کہ تو سامری ہی اور تیرے ساتھہ دیو ہی عیسی نے جواب دیا میرے ساتھہ دیو نہیں پر میں اپنے باپ کی تکریم کرتا ہوں اور تم میری تحقیر کرتے ہو اور میں اپنی شوکت نہیں ڈھونڈھتا

ایک ہی جو ڈھونڈھتا ہی اور حکم کرتا ہی میں تمسے سچ سچ
کہتا ہوں کہ اگر کوئی شخص میرا کلام حفظ کرے موت کو ہرگز نہ دیکھیگا
یہود نے اُسسے کہا اب ہمنے جانا کہ تیرے ساتھہ دیو ہی
ابراہیم اور انبیا مر گئے اور تو کہتا ہی کہ اگر کوئی شخص میرے کلام
کو حفظ کرے موت کو کبھی نہ چکھیگا کیا تو ہمارے باپ ابراہیم
سے جو مرگیا بزرگ تر ہی سب انبیا مر گئے تو اپنے تئیں کیا ٹھہراتا
ہی عیسیٰ نے جواب دیا اگر میں اپنی تکریم کرتا ہوں میری
تکریم کچھہ نہیں میرا باپ ہی جسے تم کہتے ہو ہمارا خدا ہی
وہ میری تکریم کرتا ہی تمنے اُسے نہیں جانا لیکن میں اُسے
جانتا ہوں اور اگر میں کہوں ہیں اُسے نہیں جانتا میں تمہاری طرح
جھوٹھا ہونگا پر میں اُسے جانتا ہوں اور اُسکا کلام حفظ کرتا ہوں
تمہارا باپ ابراہیم بہت مشتاق تھا کہ میرا دن دیکھے چنانچہ
اُسنے دیکھا اور خوش ہوا یہود نے اُسے کہا تیری عمر تو
پچاس برس کی نہیں ہی اور تو نے ابراہیم کو دیکھا عیسیٰ نے
انہیں کہا میں تمسے سچ سچ کہتا ہوں پیشتر اُسسے کہ ابراہیم
ہوا میں ہوں تب انہوں نے پتھر اُٹھائے کہ اُسے سنگسار

کریں پر عیسیٰ نے اپنے تئیں پوشیدہ کیا اور اُنکے بیچ میں ہوکے
ہیکل سے نکل گیا

قبل روز فصح کی اتوار کی دعا

ای قادر مطلق وقدیم خدا کہ تو نے اُس بڑی محبت کے
لئیے جو تو انسان سے رکھتا ہی اپنے بیٹے ہمارے منجی
عیسیٰ مسیح کو بھیجا کہ جسم بشری اختیار کرے اور صلیب
پر موت کا رنج سہے تاکہ تمام عالم اُسکی بڑی فروتنی کی پیروی
کرے مہربانی سے بخش کہ ہم بھی اُسکے صبر کی پیروی کریں
اور بھی اُسکے حشر کے شریک ہوں — یہہ التماس ہمارا
اُسی ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب فلپیوں کا ۲ — ۵

تمہارا مزاج وہی ہووے جو مسیح عیسیٰ کا تھا کہ اُسنے خدا
کی صورت ہو کے خدا کے برابر ہونا غصب نہ جانا لیکن اُسنے آپ
کو رسوا کیا بندے کی صورت پکڑی آدمی کی شکل بنا اور اُسنے
ترکیب انسانی میں نمود ہو کر اپنے کو حقیر کیا اور موت حتیٰ
کہ موت صلیبی تک فرماں بردار رہا اسواسطے خدا نے بھی

اُسی سرافرازی سے بلند کیا اور اُسکو ایسا نام جو ہر نام پر مقدم ہی دیا تاکہ عیسیٰ کے نام سے آسمانیوں کے اور زمینیوں کے اور جو زمین کے نیچے ہیں گھٹنے ٹیکے جاویں اور ہر ایک زبان اقرار کرے کہ عیسیٰ مسیح خداوند ہی تاکہ خدا کی جو باپ ہی ستایش کی جاوے

انجیل متی ۲۷ — ۱

جب صبح ہوئی سارے سردار کاہنوں اور قوم کے مشائخ نے عیسیٰ کے حق میں مشورت کی کہ اُسے قتل کریں اور اُسے باندھکے لے گئے پونطیوس پیلاطوس کے جو حاکم تھا حوالہ کیا تب یہودا جسنے اُسے پکڑوایا تھا دیکھکر کہ اُسپر قتل کا فتویٰ دیا گیا پشیمان ہوا اور وہ تیس درہم سردار کاہنوں اور مشائخ کے پاس پھیر لایا اور کہنے لگا کہ میں نے گناہ کیا کیونکہ بیگناہ کو قتل کے لیئے پکڑوایا تدوے بولے پھر ہمیں کیا تو جان اور وہ درہموں کو ہیکل میں پھینک کر روانہ ہوا اور اُسنے جا کر اپنے تئیں پھانسی دی اور سردار کاہنوں نے درہم لیکر کہا کہ اُنہیں خزانہ میں داخل کرنا روا نہیں کیونکہ یہہ خون بہا ہی تب اُنہوں نے

مشورت کی اور اُنہیں دیکر ایک کمہار کی زمین غریبوں کے
دفن کے لئے مول لی اسلیئے وہ زمین ابتک خون کا کھیت
کہلاتی ہی تب وہ جو ارمیا نبی کی زبانی کہا گیا تھا پورا ہوا
کہ اُنہوں نے تیس درہم اُسکی قیمت کی جسکا مول ٹھہرایا گیا
ہاں جسکا بنی اسرائیل میں سے بعضوں نے مول ٹھہرایا
اور اُن درہموں کو کمہار کی زمین کے لیئے دیا جیسا خداوند نے
مجھے فرمایا — اور عیسیٰ حاکم کے سامنے کھرا تھا اور حاکم نے اُسنے
یہہ پوچھا کہ کیا یہود کا بادشاہ تو ہی ہی عیسیٰ نے کہا کہ تو ہی کہتا
ہی اور جب سردار کاہن اور مشائخ اُس پر فریاد کر رہے تھے
اُسنے کچھ جواب نہ دیا تب پیلاطوس نے اُسے کہا کیا تو نہیں
سنتا کہ وے کیا کیا کچھ تجھپر گواہی دیتے ہیں پر اُسنے جواب
میں ہرگز ایک بات نہ کہی چنانچہ حاکم نے بہت تعجب کیا اب
حاکم کا دستور تھا کہ ہر عید میں لوگوں کے واسطے ایک بندھوا
جسے وے چاہتے تھے آزاد کرتا تھا اور اُسوقت میں اُنکا
ایک مشہور بندھوا تھا جو برا باس کہلاتا تھا اسلیئے جسوقت
وے اکٹھے تھے پیلاطوس نے اُنسے کہا کہ تم کسکو چاہتے

ہو کہ میں تمہارے لیئے آزاد کروں برابا س کو یا عیسیٰ
کو جو مسیح کہلاتا ہی کیونکہ وہ جان گیا تھا کہ اُنہوں نے حسد
سے اُسے پکڑوایا تھا جب وہ محکمہ میں بیٹھا اُسکی جورو نے
اُسے کہلا بھیجا کہ تجھے اُس راستباز سے کچھ کام نہ رہے
کہ آج میں نے خواب میں اُسکے لیئے بہت تصدیع پائی ہی
پر سردارکاہنوں اور مشائخ نے جماعت کو راغب کیا
کہ برابا س کو چاہیں اور عیسیٰ کو قتل کروائیں حاکم نے پھر
اُنہیں کہا کہ تم دونوں میں سے کسکو چاہتے ہو کہ میں تمہارے
واسطے آزاد کروں وے بولے کہ برابا س کو پیلاطوس نے
اُنسے کہا کہ پھر عیسیٰ کو جو مسیح کہلاتا ہی اُسے کیا
کروں وے بولے کہ وہ صلیب پر کھینچا جاوے حاکم نے کہا کیوں
اُسکا کیا گناہ ہی پر اُنہوں نے اور غل مچا کے کہا کہ وہ
صلیب پر کھینچا جاوے جب پیلاطوس نے دیکھا کہ اُسکا
کچھ نہ چلا بلکہ ہنگامہ ہوتا ہی اُسنے پانی لیکر جماعت کے
آگے یہہ کہکے اپنے ہاتھ دھوئے کہ میں اِس مرد راستباز کے
خون سے مبرا ہوں تم جانو تب سب لوگ بولے کہ اُسکا

خون ہمپر اور ہماری اولاد پر ہووے پھر اُسنے برابا س
کو اُنکے لئے آزاد کیا اور عیسیٰ کو کوڑے مار کے حوالہ
کیا کہ صلیب پر کھینچا جاوے تب حاکم کے سپاہی عیسیٰ
کو دیوان عام میں لے گئے اور سپاہیوں نے سارے
رسالے کو اُسکے گرد جمع کیا تب انہوں نے اُسے ننگا
کرکے قرمزی پیراہن پہنایا اور انہوں نے کانٹوں کا تاج بناکے
اُسکے سر پر رکھا اور ایک سینٹھا اُسکے دہنے ہاتھہ میں دیا
اور اُسکے آگے گھتنے ٹیک کے یوں کہکے اُسے ٹھٹھی کرنے لگا کہ
ای یہود کے بادشاہ سلام پھر اُنہوں نے اُسپر
تھوکا اور اُس سینٹھے کو لیکر اُسکے سر پر مارا اور جب کہ دے
ٹھٹھی کر چکے تب اُنہوں نے اُسکا پیراہن اُتار لیا اور اُسے اُسیکا
لباس پھر پہنا لے چلے کہ صلیب پر کھینچیں اور جوں وے
باہر آئے اُنہوں نے قورینہ کے ایک شخص کو جسکا نام
شمعون تھا پایا اُسپر جبر کیا کہ اُسکا صلیب لے چلے اور
جب وے ایک مقام میں جو کہ جلجلہ یعنی کھوپری کی جگہہ
کہلاتی تھی پہنچے اسے سرکہ پت ملا دیا کہ پیوے اُسنے اُسے

چکھہ کے پینے کا ارادہ نہ کیا اور اُنہوں نے اُسے صلیب پر
کھینچ کے اُسکے کپڑے قرعہ ڈال کے بانٹ لیئے تاکہ جو
نبی نے کہا تھا پورا ہووے کہ اُنہوں نے میرے کپڑے
آپس میں بانٹ لیئے اور میرے لباس کے لیئے قرعہ ڈالا اور
وے وہاں بیٹھہ کے اُسکی نگہبانی کرنے لگے اور اُسکی تہمت
کو لکھکر اُسکے سر سے بلند نصب کیا کہ یہہ یہود کا بادشاہ
عیسیٰ ہی اُسوقت اُسکے ساتھہ دو چور صلیب پر کھینچے گئے
تھے ایک دہنے ہاتھہ اور دوسرا بائیں اور وے جو اُودھر سے
گذرتے تھے اپنے سر دُھن کے اُسے ملامت کرتے تھے اور
کہتے تھے کہ تو جو ہیکل کا ڈھانے والا اور تین دن میں پھر بنا کرنیوالا
ہی اپنے تئیں بچا اگر تو خدا کا بیٹا ہی صلیب پر سے اُتر آ اِسیطرح
سے کاتبوں اور شائخ کے ساتھہ سردارکاہنوں نے بالکے
بھی ٹھٹھے سے کہا کہ اوروں کو بچایا اپنے تئیں بچ نہیں سکتا اگر وہ
اسرائیل کا پادشاہ ہی تو اب صلیب پر سے اُتر آوے
اور ہم اُسکے معتقد ہونگے اُسنے خدا پر توکل کیا اب اگر وہ اُسکا
پیارا ہی تو وہی اُسے رہائی بخشے کیونکہ وہ کہتا تھا کہ میں خدا کا

بیٹا ہوں وے چور بھی جو اُسکے ساتھ صلیب پر کھینچے گئے تھے
اِسیطرح سے اُسکو ملامت کرتے تھے تب چھٹویں ساعت
سے نویں تک اُس ساری زمین پر تاریکی چھا گئی اور
نویں ساعت کے نزدیک عیسیٰ نے بلند آواز سے چلا کے
کہا کہ ایلی ایلی لما سبقتنی یعنے ای میرے خدا ای میرے
خدا کیوں تونے مجھے اکیلا رکھا بعضے ان میں سے جو وہاں کھڑے
تھے یہہ سن کے بولے کہ یہہ ایلیاس کو بلاتا ہی اور فی
الفور ایک نے ان میں سے دوڑ کے بادل لیکے سرکے سے
تر کیا اور نیزے پر رکھ کے اُسے چسایا اوروں نے کہا بھلا
ہم دیکھیں تو کہ ایلیاس اُسے چھڑانے آویگا تب عیسیٰ
دوبارہ بڑی آواز سے چلایا اور جان دی اور دیکھو کہ ہیکل
کا پردہ اوپر سے نیچے تک پھٹ گیا اور زمین کانپ گئی اور پتھر
تڑک گئے اور قبریں کھلیں اور مقدسوں کی بہت سی جو خواب
عدم میں تھیں اُٹھیں اور عیسیٰ کے اُٹھنیکے بعد قبروں سے باہر آئیں
اور شہر مقدس میں گئیں اور بہتوں کو دکھلائی دیں اور جب
اُس جمعدار اور اُسکے رفیقوں نے جو عیسیٰ کی نگہبانی

کرتے تھے زلزلہ اور جو کچھہ کہ واقع ہوا تھا دیکھا تب بہت
ہراسان ہوکے بولے کہ یہہ سچ مچ خدا کا بیٹا تھا

قبل روز فصح کی پیر کی دعا

مکتوب کی عوض اشعیا ۶۳ — ۱

یہہ کون ہی جو ادوم سے اور بوصارسے آتا ہی جسکا لباس
لہو سے بھرا ہوا ہی اور جو اپنے لباس کے سبب جلال
والا ہی اور اپنی توانائی کی بزرگی سے سیاحت کرتا ہی
یہہ میں ہوں جو راستبازی سے بولتا ہوں اور نجات دینے
میں زبردست ہوں تیرے کپڑے کس لئے سرخ
ہیں اور تیری پوشاک اُس شخص کی مانند کیوں ہی
جو کولھو میں انگور کچلتا ہی میں نے تن تنہا کولھو میں کچلا
اور لوگوں میں سے میری ساتھہ کوئی نہ تھا کیونکہ میں نے
اُنہیں اپنے غصے سے لتاڑا اور اپنے جوش سے اُنہیں روندا
اور اُنکا لوہو میرے لباس پر چھڑکا گیا اور میں نے اپنے
سارے کپڑوں کو نجس کیا کہ انتقام کا دن میرے دل میں
ہی اور اُنکا برس جنہیں میں نے نجات دی ہی آیا ہیں

سنے نگاہ کی اور کوئی چارہ کرنیوالا نہ تھا میں نے تعجب کیا
کہ سنبھالنے والا نہیں سو میرا اپنا بازو نجات کو میرے لیئے
لایا اور میرے جوش نے مجھے سنبھالا اور میں نے اپنے
قہر سے لوگوں کو لتاڑا اور ایسا کیا کہ وے میرے قہر کی شراب
سے متوالے ہوئے اور میں نے اُنکے زور کو زمین پر گرادیا
اور میں یہواہ کی رحمتوں اور اُسکی نیکیوں کے مطابق جو
اُسنے اپنی رحمتوں اور اپنی خاص مہربانیوں کے موافق
اسرائیل کے گھرانے سے کیں یہواہ کی خاص عنایتوں کا تذکرہ
کرونگا کیونکہ اُسنے کہا ہی کہ وے میرے بندے ہیں اور
میرے لڑکے جو جھوٹھہ نہ بولینگے چنانچہ وہ اُنکا بچانے والا
ہوا اُنکے سارے دکھوں میں وہ بھی ملول ہوا اور اُسکے
حضور کے فرشتے نے اُنہیں بچالیا اُسنے اپنی الفت
اور اپنی محبت سے اُنہیں نجات دی اُسنے اُنہیں اُٹھایا
اور سارے اگلے وقت میں اُنہیں لیئے پھرا لیکن وے باغی
ہوئے اور انہوں نے اُسکی پاک روح کو ناخوش کیا
اسلیئے وہ اُنکا دشمن ہو گیا اور اُنسے لڑا پھر اُسنے اگلے

دنوں کو اور موسیٰ کو اور اُسکی اُمت کو یاد کیا اور فرمایا کہ وہ
کہاں ہی جو اُنکو اپنے گلّے کے چوپان سمیت دریا سے باہر لایا
وہ کہاں ہی جسنے اپنی پاک روح اُن میں ڈالی اور جس
نے اپنے قوی بازو سے انکو موسیٰ کے دہنے ہاتھہ رہنمائی کی
اور انکے آگے دریا کو چیرا تاکہ اپنا ایسا نام کرے جو ابد تک
رہے جس نے اُنہیں گہراؤں میں سے جنگل میں جانے
والے گھوڑے کی مانند روان کیا تاکہ وے ٹھوکر نہ کھاویں
جس طرح چارپایہ نشیب میں اُترتے اُسی طرح یہوواہ
کی روح نے اُنہیں چین دیا سو تو نے اپنی اُمت کی پیشوائی
کی تاکہ تو اپنے لیئے ایک جلالی نام پیدا کرے آسمان پر سے
نگاہ کر اور اپنے تقدس و جلال کی بارگاہ سے دیکھہ کہ تیری
غیرت کہاں ہی اور تیرا زور اور تیری بڑی میا اور تیری
رحمتیں کیا مجھہ پر سے روک لی گئیں بے شک تو ہمارا باپ
ہی اگرچہ ابراہیم ہم سے ناواقف ہی اور اسرائیل ہمارا
اقرار نہیں کرتا ہی یہوواہ تو ہمارا باپ ہی اور تو ہمارا نجات
بخشنیوالا تیرا نام ابدی ہی ای یہوواہ تو نے کیوں ایسا کیا کہ ہم

تیری راہوں سے بھٹکے اور ہمارے دلوں کو ایسا سخت کیوں کیا جو تجھسے نہ ڈرے اپنے خادم کے لیئے یعنے اپنی میراث کے فرقوں کے لیئے پلٹ آ یہہ تو ادنی بات ہی کہ وے تیرے مقدس لوگوں کے مالک ہوئے اور مقدس کو ہمارے دشمنوں نے پایمال کیا ہم قدیم سے انکی مانند ہوئے کہ جنپر تو تسلط نہیں رکھتا اور جو تیرے نام کے نہیں کہلاتے ہیں

انجیل مرقس ۱۴ ۱—۱

دو دن کے بعد فصح اور فطیری روٹی کی عید تھی اور سردار کاہن اور کاتب تدبیر کررہے تھے کہ اُسے کسی طرح مکر سے پکڑ لیں اور جان سے ماریں آخر کو انہوں نے کہا کہ عید میں نہیں کہیں لوگوں میں ہنگامہ برپا نہ ہو جاے اور جب وہ بیت عنیاہ میں کوڑھی شمعون کے گھر میں کچھہ کھانے بیٹھا ایک عورت گراں بہا ناردین کا خالص عطر مرمر کے حقہ میں وہاں سے لیئے آئی اور اُس حقہ کو توڑ کر سب اُسکے سر پر ڈالا تب بعضے بعضے اپنے دل میں دق ہوئے اور کہنے لگے کہ عطر کی یہہ بربادی کسلیئے ہوئی ممکن تھا کہ یہہ تین سو دینار سے زیادے کو بکے اور کنگالوں کو دیا جاے

اور وے اُس عورت کو ملامت کرنے لگے تب عیسیٰ
نے کہا کہ اُسے چھوڑ دو کیوں اُسے ستاتے ہو اُسنے
مجھ سے اچھا سلوک کیا ہی اسواسطے کہ تم کنگالوں کو ہمیشہ
اپنے ساتھ پاؤ گے اور جب کبھی تم چاہو گے اُنسے سلوک
کرسکو گے پر مجھے تم ہمیشہ نہ پاؤ گے وہ جو کچھ کرسکی سو کرچکی
اُسنے سبقت کرکے میرے بدن کو دفن کے لیئے معطر کیا
میں تمسے سچ کہتا ہوں کہ تمام دنیا میں جہاں کہیں اِس انجیل
کی منادی کی جائیگی یہہ بھی جو اسنے کیا ہی اُسکی یادگاری
کے لیئے ذکر کیا جائیگا تب یہودا اسکریوطی جو ایک اُن
بارہ میں سے تھا سردار کاہنوں کے پاس گیا تاکہ اُسے
اُنکے ہاتھہ پکڑوا دیوے وے یہہ سنکے خوش ہوئے اور
اُسے زر دینے کا وعدہ کیا پھر وہ فکر میں ہوا کہ کسی طرح
قابو پا کے اُسے پکڑوا دے تب عید فطیر کے پہلے دن جب
وے فصح کی قربانی کرتے تھے اُسکے شاگردوں نے اُسے
کہا تو کہاں چاہتا ہی کہ ہم وہاں جاویں اور تیرے فصح کھانے
کی تیاری کریں اُسنے اپنے شاگردوں میں سے دو کو بھیجا اور

انہیں کہا شہر میں جاؤ وہاں ایک شخص پانی کا گھڑا اٹھائے ہوئے تمسے دوچار ہوگا اسکے پیچھے ہو لو جب وہ کسی مکان میں داخل ہووے تم اس صاحب خانہ سے کہو کہ استاد فرماتا ہی کہ وہ محل جہاں میں اپنے شاگردوں کے ساتھ فصح کھاؤں کہاں ہی وہ ایک بڑا بالاخانہ مفروش اور آراستہ تمہیں دکھلا دیگا وہاں ہمارے لیئے تیاری کرو تب اسکے شاگرد راہی ہوئے اور شہر میں آ کے جیسا اسنے انہیں کہا تھا ویسا ہی پایا اور فصح تیار کیا شام کو وہ اُن بارہوں کے ساتھ آیا اور جوں وے بیٹھے اور کھانے لگے عیسیٰ نے کہا تمسے سچ کہتا ہوں کہ ایک تم میں سے جو میرے ساتھ کھاتا ہی مجھے پکڑوا دیگا تب وے کڑھنے لگے اور ایک اسے کہنے لگا کہ کیا میں ہوں اور دوسرا بولا کہ کیا میں ہوں اسنے جواب دیا اور انہیں کہا کہ بارہوں سے ایک جو میرے ساتھ طباق میں ہاتھ ڈالتا ہی وہی وہ ہی ابن آدم تحقیق جیسا اسکی بابت لکھا ہی جاتا ہی پر اُس شخص پر جسکے سبب ابن آدم پکڑوایا جاتا ہی واویلا ہی اُس شخص کے لیئے بہتر ہوتا اگر وہ خلق نہ ہوتا اور اُسنے کھاتے وقت

عیسی نے روٹی اُٹھائی اور کلمہ متبرک کہکے توڑی اور اُنہیں
دی اور کہا لو کھاؤ یہہ میرا بدن ہی پھر اُسنے پیالہ لیا اور شکر
کرکے اُنہیں دیا اور اُن سب نے اُسسے پیا اور اُسنے اُنہیں
کہا کہ یہہ میرا یعنے نئے وثیقے کا لو ہو ہی جو بہتوں کے لئے بہایا
جاتا ہی میں تمسے سچ کہتا ہوں کہ میں شیرۂ انگور جس دن
تک کہ خدا کی مملکت میں تازہ پیوں کبھی نہ پیونگا تب وے
غناسے مزمور پڑھ کے کوہ زیتون کو گئے اور عیسی نے اُسے
کہا کہ تم سب آج میرے حق میں ٹھوکر کھا جاؤ گے اسلئے
کہ یہہ لکھا ہی میں چوپان کو مارونگا اور بھیڑیں پراگندہ ہونگیں
پر میں اپنے حشر کے بعد تمسے آگے جلیل کو جاونگا تب
پطرس نے اُسسے کہا اگرچہ سب ٹھوکر کھاویں پر میں نہ کھاونگا
اور عیسی نے اُسسے کہا میں تجھے سچ کہتا ہوں کہ آج ہی کی رات
اُسسے پہلے کہ مرغ دو بار بانگ دیوے تو تین بار میرا انکار کریگا
تب اُسنے اور زیادہ مبالغہ سے کہا کہ اگر تیرے ساتھ میرا
مرنا ضرور ہو تو بھی ہرگز تیرا انکار نہ کرونگا اُن سبھوں نے
بھی یہی کچھ کہا پھر وے ایک جگہہ کہ جسکا نام جتشمن تھا

آئے اور اُسنے اپنے شاگردوں کو کہا جب تک میں دعا کروں
تم یہیں بیٹھو اور پطرس اور یعقوب اور یوحنا کو اپنے ساتھ
لیا اور گھبرانے اور کڑھنے لگا اور اُسنے کہا میرا جی مرنے تک
حد غمزدہ ہی تم یہاں ٹھہرو اور جاگتے رہو اور وہ کچھ آگے بڑھکر
زمین پر گرا اور دعا مانگی کہ اگر ممکن ہو تو یہہ گھڑی مجھسے ٹل
جاے اور کہا کہ آبا ای باپ سب چیزیں تیرے نزدیک ممکن
ہیں اِس پیالے کو مجھسے گذرا پر نہ وہ جو میں چاہتا ہوں مگر وہ
جو تو چاہتا ہی ہو پھر وہ آیا اور اُنہیں سوتے پایا اور پطرس
کو کہا ای شمعون تو سوتا ہی کیا تو ایک ساعت جاگتا نہ رہ
سکا جاگتے رہو اور دعا کرو تا ایسا نہ ہو کہ تم امتحان میں پڑو کہ
روح فی الحقیقت مستعد ہی پر بدن ناتوان ہی اور وہ
پھر گیا اور دعا میں وہی کلمے کہے اور پھر کر اُنہیں پھر سوتے
پایا کیونکہ انکی آنکھیں بھاری تھیں اور وے نہ جانتے تھے کہ اُسے
کیا جواب دیویں پھر وہ تیسرے مرتبے آیا اور اُنہیں کہا کہ اب
سوتے رہو اور آرام کرو بس وقت آ پہنچا دیکھو ابن آدم
گنہگاروں کے ہاتھوں میں گرفتار کیا جاتا ہی اُٹھو ہم جائیں دیکھو

وہ جو مجھے پکڑوائیگا نزدیک ہی اور وہ یہہ کہتا ہی تھا کہ
فی الفور ایک ان بارہ سے یہوداہ اور ساتھ اسکے سردار کاہنوں
اور کاتبوں اور مشائخ کی طرف سے ایک بڑا انبوہ تلواریں اور
سونٹے لیکے دکھائی دیا اور پکڑوانیوالے نے اُنسے باہم ہو کے
یہہ پتا مقرر کیا تھا کہ جسکا میں بوسہ لوں وہ وہی ہی اُسے
پکڑ لو اور سب پرواسے لے جاؤ اور یہی کہ وہ آیا صاف اُسکے پاس
گیا اور بولا کہ ربی ربی اور اُسکا بوسہ لیا اُنہوں نے اُسپر
ہاتھ چلائے اور اُسے پکڑ لیا ایک نے اُنہیں سے جو وہاں حاضر تھے
تلوار کھینچکر سردار کاہن کے خادم کو لگائی اور اُسکا کان اُڑا دیا
تب عیسیٰ اُنہیں کہنے لگا کہ تم میرے پکڑنے کو جیسے
چور کے لیئے تلواریں اور سونٹے لیکے نکلے ہو میں تو روز مرہ تمہارے
پاس ہیکل میں تعلیم دیتا رہا اور تمنے مجھے نہ پکڑا لیکن کتابوں
کا پورا ہونا ضرور تھا تب وے سب اُسے چھوڑ کے بھاگ
گئے مگر ایک جوان جو سوتی چادر اپنے بدن پر ڈالے تھا
اُسکے پیچھے رہا اور جوانوں نے اُسے بھی پکڑا پر وہ سوتی
چادر اُنکے ہاتھوں میں چھوڑ کر ننگا گریزاں ہوا تب وے

عیسیٰ کو سردار کاہن کے پاس کہ جسکے پاس سب
سردار کاہن اور مشائخ اور کاتب جمع ہوئے تھے لے گئے اور پطرس
اُسکے ساتھ بیٹھ رہا اور آگ سے اپنے تئیں سینکا کیا تب
سردار کاہنوں اور ساری مجلس نے عیسیٰ پر گواہی ڈھونڈھی
کہ اُسے جان سے ماریں پر نہ پائی اگرچہ بہتوں نے اسپر جھوٹھی
گواہی دی پر اُنکی گواہیاں موافق نہ تھیں تب بعضوں نے
اُٹھکے اسپر یہہ جھوٹھی گواہی دی کہ ہمنے اُسے کہتے سنا ہی
کہ میں اس ہیکل کو جو دستکاری سے بنی ہی ڈھا دونگا
اور تین دن میں ایک دوسری جو دستکاری سے نہ بنے بنا
کرونگا اسپر بھی انکی گواہی موافق نہ تھی تب سردار
کاہن نے بیچ میں کھڑے ہوکے عیسیٰ سے پوچھا کیا تو کچھ جواب
نہیں دیتا ہے تجھپر کیا گواہی دیتے ہیں پر وہ چُپ رہا اور کچھ
جواب نہ دیا سردار کاہن نے اُسسے پھر پوچھا اور اُسے کہا کہ کیا
تو مسیح اسکا فرزند ہی جو ستوده الحمد ہی تب عیسیٰ
نے کہا کہ میں وہی ہوں اور تم ابن آدم کو قوت کے دہنے ہاتھ
بیٹھے اور آسمان سے بدلیوں پر آتے دیکھوگے تب سردار

کاہن نے اپنے کپڑے پھاڑے اور بولا کہ اب ہمیں اور گواہ کیا درکار ہیں تمنے یہہ کفر سنا تم کو کیا معلوم ہوتا ہی اُن سبھوں نے فتویٰ دیا کہ وہ واجب القتل ہی تب کتنے اُسپر تھوکنے اور اُسکا منہہ ڈھانپنے اور اُسے دھولیں لگانے اور کہنے لگے کہ نبوت سے خبر دے اور سب خادموں نے اسے تھپیڑے مارے اور جب پطرس قصر میں تلے کے مکان میں تھا سردار کاہن کی لونڈیوں میں سے ایک وہاں آئی اور پطرس کو تاپتے دیکھکر اُسپر نگاہ کی اور کہا کہ تو بھی عیسا ناصری کے ساتھہ تھا اُسنے انکار کیا اور کہا کہ میں نہیں جانتا اور نہیں سمجھتا کہ تو کیا کہتی ہی اور باہر دھلیز پر گیا کہ مرغ نے بانگ دی اور وہ لونڈی اُسے پھر دیکھکر اُنسے جو حاضر تھے کہنے لگی کہ یہہ اُنہیں میں سے ہی اُسنے پھر انکار کیا اور تھوڑی دیر پیچھے پھر اُنھوں نے جو وہاں کھڑے تھے پطرس کو کہا یقیناً تو اُنہیں میں سے ہی کیونکہ تو جلیلی ہی اور تیری بولی اُنھیں کی سی ہی پروہ لعنت کرنے اور قسمیں کھانے لگا کہ میں اس شخص کو جسکا تم ذکر کرتے ہو نہیں جانتا اور دوسری

بار مرغ نے بانگ دی تب پطرس کو وہ بات جو عیسی
نے اُسے کہی تھی یاد آئی کہ اُس سے پہلے کہ مرغ دو بار بانگ
دے تو تین بار میرا انکار کریگا تب وہ پھوٹ پھوٹ رونے لگا

قبل روز فصح کی منگل کی دعا

مکتوب اشعیا نبی ۵۰ — ۵

خداوند یہواہ نے میرے کان کھولے ہیں اور میں باغی نہ تھا
اور نہ برگشتہ ہوا تھا میں نے اپنی پیٹھ مارنے والوںکو دی اور
اپنے رخسارے اُنکو جنھوں نے بال نوچے میں نے ننگ
سے اور تھوک سے اپنا منہہ نہ چھپایا اور خداوند یہواہ میری
حمایت کریگا اسلیئے میں شرمندہ نہ ہونگا اور اِسی لیئے میں نے
چقمق کے پتھر کی مانند اپنا منہہ رکھہ دیا اور مجھے یقین ہی کہ میں
پشیمان نہ ہونگا وہ جو مجھے راستباز ٹھہراتا ہی نزدیک ہی
سو مجھسے کون جھگڑا کر سکیگا آؤ ہم مقابلہ کرلیں کون ہی
جو مجھہ سے دعوی کرے آوے اور میرا سامھنا کرے دیکھو خداوند
یہواہ میری حمایت کریگا وہ کون ہی جو مجھے مجرم کرے دیکھہ
وے سب کپڑے کی طرح پرانے ہو جاینگے کیڑا اُنہیں

کہا جائیگا تمھارے درمیان وہ کون ہی جو یہواہ سے ڈرتا ہی اور اُسکے خادم کا حکم مانتا ہی اور تاریکی مین چلتا ہی اور روشنی نہیں رکھتا وہ یہواہ کے نام پر توکّل کرے اور اپنے خدا پر تکیہ کرے دیکھو تم سب جو آگ سُلگاتے ہو اور اپنے تئین چنگاریوں سے گھیرتے ہو اپنی ہی آتش کے اجالے میں اور ان چنگاریوں میں جنہیں تمنے سُلگایا چلو تم میرے ہاتھ سے یہی پاؤگے کہ تم غم میں لیٹے رہوگے —

انجیل مرقس ۱۵ — ۱

اور جوں صبح ہوئی سردارکاہن شتابی اور کاتبوں کے اور ساری محفل کے ساتھ مشورت کرکے عیسی کو باندھکے لے گئے اور پیلاطوس کے حوالہ کیا پیلاطوس نے اُسسے پوچھا کہ کیا تو یہود کا بادشاہ ہی اُسنے جواب میں اُسے کہا کہ تو تو کہتا ہی اور سردارکاہنوں نے اُسپر بہت سے الزام دھرے تب پیلاطوس نے اُس سے پھر پوچھا کہ کیوں تو کچھ جواب نہیں دیتا دیکھ وے تجھپر کیا کیا کچھ گواہیاں دیتے ہیں تو بھی عیسی نے کچھ جواب نہ دیا یہاں تک

کہ پیلاطوس نے تعجب کیا اور وہ اُس عید میں جس ایک
اسیر کو وے چاہتے تھے اُنکی خاطر سے آزاد کرتا تھا سو ایک
شخص جسکا نام باراباس تھا اُن مُفسدیوں کے ساتھ
جنہوں نے بغاوت کے ہنگام میں خون کیا تھا قید تھا تب وہ
جماعت چلا کے اُس سے درخواست کرنے لگی کہ جو اُسکا معمولی
سلوک ہی ہمسے کر پیلاطوس نے اُنہیں جواب دیا کہ آیا
تم چاہتے ہو کہ میں تمہارے لیئے یہود کے بادشاہ کو آزاد کروں
کہ وہ جانتا تھا کہ سردار کاہنوں نے حسد سے اُسکو حوالہ کیا
تھا پر سب سردار کاہنوں نے اُس جماعت کو تحریض کیا
تاکہ وہ اُنکے لیئے باراباس کی آزادی اختیار کرے تب
پیلاطوس نے اُنہیں پھر کہا پس تم چاہتے کہ میں اُسے
جسے تم یہود کا بادشاہ کہتے ہو کیا کروں وے پھر چلائے کہ اُسے
صلیب دے پیلاطوس نے اُنہیں کہا کہ کیوں اُسنے کیا
بدی کی ہی تب وے اور بھی زیادہ چلائے کہ اُسے صلیب
دے تب پیلاطوس نے گروہ کی رضامندی چاہ کر
باراباس کو اُنکے لیئے ازاد کیا اور عیسیٰ کو کوڑے مار کے

حوالہ کیا کہ صلیب پر کھینچا جاوے اور سپاہی اُسکو قصر میں لیگئے
دربار میں لے گئے اور سب سپاہیوں کے طائفہ کو اکٹھا
کیا اُنہوں نے اُسے ارغوانی لباس پہنایا اور کانٹوں کا ایک
تاج سج کے اُسکے سر پر رکھا اور اُسے سلام کرنے لگے کہ
سلام ای یہود کے بادشاہ اور وے اُسکے سر پر سینٹھے
مارتے تھے اور اُسپر تھوکتے تھے اور گھٹنے ٹیک کے اُسے
سجدے کرتے تھے اور جب اُسے مسخر کر چکے تو
اُسکے بدن سے ارغوانی لباس اُتار اُسیکا لباس اُسے
پہنایا اور اُسے لے چلے کہ صلیب دیں اور ایک شخص قرینی
شمعون نام جو اسکندر اور روفس کا باپ تھا بیرونجات
سے آتے ہوئے اُدھر سے گذرا اُنہوں نے اُسے جبراً
پکڑ کر اُسکی صلیب اُٹھا لے چلے اور وے اُسے مقام جلجاتہ
میں جسکا ترجمہ کھوپری کی جگہ ہی لائے اور شراب مُر ملا
کے اُسے دی کہ پیئے پر اُسنے نہ پی اور اُنہوں نے اُسے
صلیب پر کھینچ کے اُسکے کپڑوں پر قرعہ ڈالا کہ ہر شخص کون سا
لے اور اُنہیں بانٹ لیا اور تیسری ساعت تھی جب اُنہوں

نے اُسے صلیب دیا اور اسکی تہمت کا کنایہ یون رقم کیا
گیا کہ یہہ یہود کا بادشاہ ہی اور انہوں نے اُسکے ساتھہ دو
چوروں کو ایک کو دہنے ہاتھہ اور دوسرے کو بائیں صلیب
پر کھینچا تب وہ نوشتہ جو یہہ ہی کہ اور وہ خطاکاروں میں گنا گیا
پورا ہوا اور وے جو اُدہر سے گذرتے تھے سر دھن کے
اور یہہ کہکے اُسے ملامت کرتے تھے کہ واہ تو جو ہیکل کو ڈھاتا تھا
اور تین دن میں بناتا تھا اپنے تئیں چھڑا اور صلیب سے اتر آ
اِسی طرح سردار کاہنوں نے بھی آپس میں کاتبوں سے
ٹھٹھے کرتے ہوئے کہا اُسنے اوروں کو چھڑایا اپنے تئیں چھڑا
نہیں سکتا بانی اسرائیل کا بادشاہ مسیح اب صلیب پر سے
اُتر تو آوے کہ ہم دیکھیں اور ایمان لاویں اور وے جو اُسکے
ساتھہ صلیب پر کھینچے گئے تھے اُسے ملامت کرتے تھے اور جب
چھٹی ساعت ہوئی ساری زمین پر تاریکی چھائی اور نویں
ساعت تک رہی اور نویں ساعت عیسی بڑی آواز سے
چلایا اور بولا الوہی الوہی لما سبقتنی جسکا ترجمہ یہہ ہی کہ ای
میرے خدا ای میرے خدا کیوں تو نے مجھے اکیلا چھوڑا

بعضے اُن میں سے جو وہان کھڑے تھے یہہ سُنکے بولے کہ دیکھو وہ ایلیاس کو بلاتا ہی اور ایک نے دوڑ کے بادل کا ایک ٹکڑا سرکہ میں خوب ہی بھگو کے ایک نیزہ پر رکھ کے اُسے چُسایا اور کہا کہ بھلا آؤ ہم دیکھیں تو کہ ایلیاس آکے اُسے اُتاریگا تب عیسی نے بڑی آواز سے چلا کر جان دی تب ہیکل کا پردہ اوپر سے تلے تک پھٹ گیا اور ایک جمعدار نے جو اُسکے سامنے کھڑا تھا اسے یون چلا کے جان دیتے دیکھکے کہا کہ یہہ شخص سچ مچ خدا کا بیٹا تھا

قبل روزفصح کی بدھہ کی دعا

مکتوب عبرانیوں کا ۹ — ۱۶

کیونکہ جہاں وثیقہ ہی وہاں اُسکی موت جسکی طرف سے وثیقہ ہی ضرور رہی کیونکہ وثیقہ موت سے استوار ہوتا ہی کہ اُسمیں کچھ قوت نہیں جب تک کہ وہ جسکی طرف سے وثیقہ ہی جیتا ہی اِس واسطے پہلا وثیقہ بھی بغیر خون کے مقرر نہیں کیا گیا کہ جب موسی نے ساری اُمت کو شرع

کے سب احکام کہہ سنائے تب بچھڑوں اور بکروں کا خون
پانی اور سرخ صوف اور زوفا کے ساتھ لیکر اُس
کتاب پر اور سارے لوگوں پر چھڑک کے کہا کہ یہہ اُس وثیقہ
کا خون ہی جو خدا نے تمہارے لئے ٹھہرایا اور اُسنے اُسی
طور سے مسکن پر اور اُن چیزوں پر جو خدمت ربّانی میں
استعمال کی جاتی ہیں خون چھڑکا اور ساری چیزیں مگر بعضی
شرع میں خون سے پاک کی جاتی ہیں اور بغیر خون بہائے
مغفرت نہیں ہوتی سو ضرور تھا کہ آسمانی چیزوں کے نمونے
ایسی چیزوں سے اور آسمانی چیزیں ایسی قربانیوں
سے جو اُنسے افضل ہیں پاک کی جایں کہ مسیح اُس
مقام مقدس میں جو ہاتھوں سے بنایا گیا اور حقیقی چیزونکا
نمونہ ہی داخل نہیں ہوا بلکہ آسمان ہی میں داخل ہوا تاکہ
وہ خدا کے حضور ہمارے واسطے حاضر ہووے پر ضرور نہ تھا کہ
وہ آپ کو بار بار گذرانے جیسا سردار کاہن مقام مقدس میں
ہر برس دوسرے کے لہو کے ساتھ داخل ہوتا ہی
اِسلیئے کہ اگر ایسا ہوتا تو ضرور تھا کہ وہ بنائے عالم سے بار بار

مرا کرے پر اب وہ آخری زمانے میں ایک بار ظاہر ہوا تاکہ
اپنی قربانی سے گناہ کو نیست کرے اور جیسا سارے
آدمیوں کے لیئے ایک بار مرنا اور بعد اُسکے عدالت مقرر
ہوئی ہی ایسا ہی مسیح ایک بار فدا ہوکر تاکہ وہ بہتوں کے
گناہوں کو اُٹھاوے دوسرے بار بغیر گناہ کے دیکھا جائیگا
تاکہ اُنکو جو اسکی راہ تکتے ہیں نجات دیوے

انجیل لوقا ۲۲ — ۱

اب نان فطیری کی عید جو فصح کہلاتی ہی قریب آئی اور
سردار کاہن اور کاتب فکر میں تھے کہ اُسے کیونکر قتل کریں
کہ وے گروہ سے ڈرتے تھے تب شیطان یہودا کے دل
میں جسکا لقب اسکریوطا تھا جو اُن بارہ میں گنا جاتا تھا
در آیا اور اُسنے جاکے سردار کاہنوں اور امیروں سے
گفتگو کی کہ اُسے کیونکر اُنکے حوالے کرے تب وے خوش
ہوے اور اُسے زر دینے کا عہد کیا اور اُسنے وعدہ کیا
اور قابو ڈھونڈھتا تھا کہ اُسے گروہ کی غیبت میں اُنکے حوالے
کردے تب عید فطیر کا دن جسمیں ذبح فصح ضرور تھا

آپہنچا اور اُسنے پطرس اور یوحنا کو یہہ کہکے بھیجا کہ جاؤ
اور ہمارے واسطے فصح تیار کرو تا کہ ہم کھاویں اُنہوں
نے اُسے کہا کہ کس جگہہ تو چاہتا ہی کہ ہم تیار کریں اُسنے
اُنہیں کہا کہ دیکھو جب تم شہر میں داخل ہو گے وہاں ایک
شخص پانی کی گھڑا اُٹھائے تمسے دوچار ہوگا اُسکے پیچھے اُس
گھر تک جسمیں وہ جاوے چلے جاؤ اور صاحب خانہ سے کہو
کہ استاد تجھے فرماتا ہی کہ وہ مہمان سرا جہاں میں اپنے شاگردوں
کے ساتھہ فصح کھاؤں کہاں ہی وہ تمہیں ایک بڑا بالاخانہ مفروش
دکھاویگا وہاں تیار کرو اُنہوں نے جاکے جیسا اُسنے اُنہیں کہا
تھا پایا اور فصح تیار کیا اور جب وہ وقت پہنچا تو وہ بارہوں حواریوں
کو اپنے ساتھہ لیکے جا بیٹھا اور اُنہیں کہا کہ میں نے بڑی رغبت سے
خواہش کی کہ میں موت کے دکھہ اُٹھانے سے پیشتر یہہ فصح
تمہارے ساتھہ کھاؤں اسلیئے کہ میں تمسے کہتا ہوں کہ میں
یہہ پھر کبھی نہ کھاؤنگا مگر جب کہ وہ خدا کی مملکت میں کامل
ہوئے اور اُسنے پیالہ لیا اور شکر کرکے کہا کہ اِسے لو اور
آپس میں بانٹ لو کہ میں تمہیں کہتا ہوں جب تک کہ خدا کی

بادشاہت آوے میں شیرۂ انگور نہ پیونگا پھر اُسنے روٹی
اٹھائی اور شکر کرکے توڑی اور اُنہیں دیکے یہہ کہا کہ یہہ میرا
بدن ہی جو تمہارے واسطے دیا جاتا ہی میری یادگاری کے لیئے
ایسا کیا کرو اسیطرح سے پیالہ بھی کھانیکے بعد دیکے کہا کہ یہہ
پیالہ وہ نیا وثیقہ ہی جو میرے لہو سے موثق ہوا اور وہ تمہارے
لیئے بہایا جاتا ہی باقی دیکھو میرے پکڑوانیوالے کا ہاتھہ میرے
ساتھہ دسترخوان پر ہی اور ابن آدم جیسا کہ مقدر ہوا جاتا ہی
لیکن اُس شخص پر جسکے سبب وہ پکڑوایا جاتا ہی
واویلا ہی تب وے آپس میں تفتیش کرنے لگے کہ ہم
میں وہ جس سے یہہ کام ہوگا کون ہی اور اُنہیں یہہ مناظرہ
بھی ہوا کہ اُنمیں کون سب سے بڑا گنا جائیگا تب اُسنے اُنہیں
کہا کہ اقوام کے بادشاہ اُنپر خداوندی کرتے ہیں اور وے
جو اُنپر سلطنت کرتے ہیں خداوند نعمت کہلاتے ہیں لیکن
تم ایسا نہ کرو بلکہ تم میں جو سب سے بڑا ہی چھوٹے
کی مانند اور مخدوم خادم کے مثل ہووے اسلیئے کہ بڑا کون
ہی وہ جو کھانے پر بیٹھا ہی یا وہ جو خدمت کرتا ہی کیا وہ نہیں جو

بیٹھا ہی لیکن میں تمہارے بیچ خادم کی مانند ہوں تم وے ہو
جو میرے امتحانوں میں نت میرے ساتھ رہے جسطرح
میرے باپ نے میرے لئے مملکت مقرر کی ہیں تمہارے
لیئے مقرر کرتا ہوں تا کہ تم میری مملکت میں میرے دسترخوان
پر کھاؤ اور پیو اور مسندوں پر بیٹھکے اسرائیل کے بارہ
فرقوں کی عدالت کرو اور خداوند نے کہا شمعون ای شمعون
دیکھہ کہ شیطان نے چاہا ہی کہ تمہیں گیہوؤں کی طرح پھٹکے
لیکن میں نے تیرے لئے دعا مانگی ہی کہ تیرا ایمان ناقص نہ ہو
اور آخر جب تو رجوع کرے اپنے بھائیوں کو قائم کر تب اُسنے
اُسے کہا کہ ای خداوند میں تیرے ساتھہ قید خانہ میں جانے تک
بلکہ مرنے تک تیار ہوں اُسنے کہا کہ ای پطرس میں تجھے
کہتا ہوں کہ آج جب تک کہ تو تین مرتبہ انکار نہ کرے کہ مجھے نہیں
جانتا مرغ بانگ نہ دیگا پھر اُسنے انہیں کہا جب میں نے تمہیں
بے کیسہ اور بے توشہ دان اور بے نعلین بھیجا تھا کیا تم
کسی چیز کے محتاج ہوئے تھے وے بولے کسی چیز کے
نہیں تب اُسنے اُنہیں کہا لیکن اب جسکے پاس تھیلی

ہو یا توشہ دان ہو اُسے لے اور جسکے پاس تلوار
نہ ہو اپنی پوشاک بیچے اور ایک مول لے کیونکہ میں تمہیں
کہتا ہوں ضرور ہی کہ ایک اور نوشتہ یعنے وہ بدوں میں گنا گیا
میرے حق میں پورا ہووے اسلیئے کہ وے چیزیں جو
میرے لیئے ہیں انجام کو پہنچی ہیں تب انہوں نے کہا
کہ ای خداوند دیکھہ یہاں دو تلواریں ہیں اُسنے اُنہیں کہا
بس ہی پھر وہ باہر نکلکے اپنی عادت پر کوہ زیتون کو گیا اور
اسکے شاگرد بھی اسکی پیچھے ہولیئے جب وہ اُس جگہہ
پہنچا تو اُنہیں کہا دعا کرو کہ امتحان میں نہ پڑو پھر وہ اُنسے ایک
تیر پرتاب دور گیا اور گھٹنے ٹیک کے دعا کی اور کہا کہ ای باپ
اگر تیری مرضی ہو تو اس پیالہ کو مجھسے گذرا لیکن نہ میری
رضا بلکہ تیری رضا واقع ہو تب آسمان سے ایک فرشتہ
نے ظاہر ہو کر اُسے قوت دی اور جیسے جانکنی میں آکے اُسنے
زیادہ کشمکش سے دعا کی اور اسکا پسینا مانند لہو کے زمین
پر ٹپکنے لگا اور وہ دعا سے فارغ ہوکے اپنے شاگردوں کے پاس
آیا اور اُنہیں غمگینی سے سوتے پایا تو اُسنے اُنہیں کہا کہ تم

کیوں سوتے ہو اٹھو اور دعا کرو تا نہ ہووے کہ تم امتحان میں
پڑو اور جسوقت وہ یہہ کہہ رہا تھا دیکھو ایک جماعت دکھائی
دی ان بارہ میں سے وہی ایک جو یہودا کہلاتا تھا انکا پیشرو تھا
وہ عیسی کا بوسہ لینے کو نزدیک آیا تب عیسی نے
اسے کہا کہ ای یہودا تو ابن آدم کو بوسہ سے پکڑواتا ہی
اور انہوں نے جو اسکے پاس تھے جو کچھ کہ ہونہار تھا
دیکھکر اسے کہا کہ ای خداوند ہم تلوار چلاویں اور انمیں
سے ایک نے سردار کاہن کے خادم کو لگائی اور اسکا دہنا کان
اڑا دیا تب عیسی نے متوجہ ہوکر فرمایا کہ بس اب صبر
کرو اور اسکے کان کو چھوکے اسے چنگا کیا پھر عیسی نے سردار
کاہنوں اور ہیکل کے مجاوروں اور مشائخ کو جو اسکے پاس
آئے تھے کہا کہ تم تلواریں اور لاٹھیاں لیکر جیسے چور کے
پکڑنے کو نکلے ہو جب میں روز مرہ ہیکل میں تمہارے ساتھ
ہوتا تھا تمنے مجھپر ہاتھ نہ بڑھایا لیکن یہہ تمہاری ساعت ہی
اور تاریکی کا غلبہ ہی تب انہوں نے اسے پکڑکے آگے دھر
لیا اور سردار کاہن کے گھر لے آئے اور پطرس دور سے

اُسکے پیچھے لگا گیا اور جب انہوں نے گھر کے بیچ میں آگ
سُلگائی اور ملکے بیٹھے تو پطرس بھی ان میں بیٹھ گیا تب
ایک لونڈی نے اُسے آگ کے پاس بیٹھے دیکھا اور غور
سے اُسپر نگاہ کر کے کہا کہ یہہ شخص بھی اسکے ساتھ تھا
اُسنے اسکا انکار کیا اور کہا کہ ای عورت میں اُسے نہیں
جانتا تھوڑی دیر پیچھے ایک دوسرے آدمی نے اُسے دیکھا
اور کہا کہ تو بھی ان میں سے ہی تب پطرس نے کہا کہ ای
مرد میں نہیں ہوں اور قریب ایک ساعت کے بعد ایک
اور نے تاکید سے کہا کہ یقینا یہہ بھی اُسکے ساتھ تھا اسلیئے
کہ یہہ جلیلی ہی تب پطرس نے کہا کہ ای مرد میں نہیں
جانتا تو کیا کہتا ہی وہ کہتا ہی تھا کہ ایکبارگی مرغ نے بانگ دی
تب خداوند نے متوجہ ہو کر پطرس پر نگاہ کی اور پطرس
کو خداوند کا کلام یاد آیا کہ اُسنے اُسے یوں فرمایا تھا کہ مرغ کے
بانگ دینے سے پیشتر تو تین مرتبہ میرا انکار کریگا تب
پطرس باہر گیا اور زار زار رویا اور جن لوگوں نے عیسی
کو پکڑا تھا اُسے ٹھٹھوں میں اُڑاتے ہوئے مارنے لگے اور

اُسکی آنکھیں بند کرکے اُسکے منہہ پر طماچے مارے اور اُسنے
سوال کیا کہ نبوت سے خبر دے یہہ کون ہی جو تجھے طماچے
مارتا ہی اور کفر کے اور بہت سے کلمے اُسکے حق میں کہے اور
جوں دن ہوا قوم کے مشائخ اور سردار کاہن اور کاتب ایکٹھے
آئے اور اُسے اپنی محفل میں لیجاکے کہا کہ آیا تو مسیح ہی
ہمیں کہہ اُسنے اُنہیں کہا اگر میں تمہیں کہوں تم باور نہ کروگے
اور اگر میں پوچھوں تم جواب بھی مجھے نہ دوگے اور نہ چھوڑوگے
بعد اسکے ابن آدم خدا کی قوت کے داہنے ہاتھہ بیٹھا رہیگا تب
سب نے کہا پس تو کیا خدا کا بیٹا ہی اُسنے اُنہیں کہا تم
ہی کہتے ہو کہ میں ہوں اُنہوں نے کہا اب ہمیں گواہی کیا درکار
ہی اسلئیے کہ ہمنے اسکے منہہ سے سناہی

قبل روز فصح کی جمعرات کي دعا

مکتوب ۱ قرنتیوں ۱۱ — ۱۷

میں یہہ تمہیں کہتا ہوں اور اِسمیں تمہاری تعریف نہیں
کرتا کہ تم جو باہم جمع ہوکے آتے ہو کچھہ اِسمیں تمہاری بہتری

نہیں ہی بلکہ بدتری ہی کیونکہ میں سُنتا ہوں کہ جب تم پہلے
کلیسیا میں باہم ہو کے آتے ہو تو تمہارے بیچ اختلاف ہوتا ہی
اور میں اسکو تھوڑا سا باور کرتا ہوں کیونکہ ضرور رہی کہ
تمہارے بیچ کوئی بدعت ہووے تاکہ وے جو مقبول ہیں
تم میں آشکارا ہو جایں اور پھر جو تم ایک ہی مقام میں
جمع ہو کے آتے ہو یہہ تو خداوند کا عشا کھانے کے لیئے
نہیں ہی کیونکہ ہر ایک دوسرے سے سبقت کرکے
اپنا عشا کھالیتا ہی اور بعضے بھوکھے اور بعضے مدہوش
ہوتے ہوں کیا تم کھانے پینے کے لیئے گھر نہیں رکھتے ہو یا
خدا کی کلیسیا کو حقیر جانتے ہو اور مسکینوں کو شرمندہ کرتے
ہو اب میں تم سے کیا کہوں کیا میں تمہاری تعریف کروں
نہیں اِس امر میں تمہارے تعریف نہیں کرنیکا کہ میں نے
یہہ بات خداوند سے پائی اور تمہیں بھی سونپی کہ خداوند عیسی
نے جس رات پکڑوایا گیا روٹی لی اور شکر کرکے توڑی
اور کہا کہ لو کھاؤ یہہ میرا بدن ہی جو تمہارے لیئے توڑا جاتا
ہی تم میری یادگاری کے لیئے یہہ کیا کرو اور اِسی طرح اُسنے

عشا کے بعد پیالہ بھی لیا اور کہا کہ یہہ پیالہ وہ وثیقہ ہی جو میرے لہو
سے موثق ہی جب کبھی تم اُسے پیؤ میری یادگاری کے لیئے
یوں کرو کیونکہ جب کبھی تم یہہ روٹی کھاتے اور یہہ پیالہ پیتے ہو
تو تم خداوند کی موت کو جب تک کہ وہ آوے دکھاتے رہتے
ہو اِس واسطے جو کوئی نامناسب وضع سے یہہ روٹی کھاوے
یا خداوند کا پیالہ پیوے تو وہ خداوند کے بدن اور لہو کا مجرم
ہوگا پس آدمی پہلے آپ کو جانچے اور اِسی طرح وہ روٹی
کھاوے اور وہ پیالہ پیوے کیونکہ جو ناشایستگی سے کھاتا
اور پیتا ہی سو خداوند کے بدن کا اندیشہ نہ کرکے اپنی سزا
کھاتا اور پیتا ہی اُسی سبب سے تم میں بہتیرے کمزور
اور بے آرام ہیں اور کتنے سو سو جاتے ہیں اگر ہم اپنے
تئیں جانچتے تو ہم سزا کے مورد نہ ہوتے اور خداوند ہمیں سزا
دیکے تربیت کرتا ہی نہ ہووے کہ ہم دنیا کے ساتھہ قتل
کے حکم میں شریک ہو جایں پس ای میرے بھائیو جب
تم باہم ہوکے کھانے کو آؤ تو ایک دوسرے کا انتظار
کرو اور اگر کسی کو اسی ہی بھوکھہ لگے تو اپنے گھر میں

کھاوے نہ ہووے کہ تم سزا پانے کو باہم آؤ رہیں باقی
باتیں سو میں آکے مرتب کرونگا

انجیل لوقا ۲۳ — ۱

ساری جماعت اُٹھکے اُسے پیلاطوس کے پاس لے
گئی اور رووے اُسپر یہہ تہمت کرنے لگے کہ ہم نے اُسے
اُمت کو گمراہ کرتے اور اپنے تئیں مسیح و شاہ کہتے
اور جزیہ قیصر کے تئیں دینے سے منع کرتے ہوئے پایا
تب پیلاطوس نے اُسسے پوچھا کہ آیا تو ہی یہود کا
بادشاہ ہی اُسنے اُسے جواب دیا اور کہا کہ تو کہتا
ہی تب پیلاطوس نے سردار کاہنوں اور گروہ کو کہا
میں اُس شخص کی کچھہ تقصیر نہیں پاتا اور اُنہوں نے
زیادہ تر تقاضا کیا اور کہا کہ وہ جلیل سے لیکے یہاں تک ساری
یہودیہ میں تعلیم دے دیکے خلق میں فساد برپا کرتا ہی جب
پیلاطوس نے جلیل کا سنا تو پوچھا کہ کیا وہ جلیلی ہی جوں
اُسنے جانا کہ وہ ہیرودیس کی رعیت میں سے ہی اُسے
ہیرودیس کے پاس جو اُسوقت اورشلیم میں تھا روانہ

کرد یا ہیرودیس عیسیٰ کو دیکھ کے نہایت خوش ہوا
کیونکہ وہ مدت سے اُسکے دیکھنے کا مشتاق تھا اسلیئے کہ اُسنے
اُسکی بہت سی باتیں سنی تھیں اور امید میں تھا کہ اُسکے
کسی معجزہ کو مشاہدہ کرے اُسنے اُسّے بہت سے سوال
کیئے پر اُسنے اُسکو کچھ جواب نہ دیا اور سردارکاہنوں اور
کاتبوں نے کھڑے ہوکے اُسپر زور شور سے بہتان کیا تب
ہیرودیس نے اپنے لشکر سے باہم ہوکے اُسے ذلیل
کیا اور ٹھٹھے کیئے اور اُسے شہانہ لباس پہنا کر پیلاطوس
کے پاس پھر بھیجا اُسدن پیلاطوس اور ہیرودیس باہم
دوست ہوئے اِسّے پہلے اُن میں دشمنی تھی اور پیلاطوس
نے سردارکاہنوں اور رئیسوں اور گروہ کو اکٹھے بُلا کے
کہا کہ تم اُس شخص کو یہہ کہتے ہوئے میرے پاس
لائے ہو کہ خلق کو گمراہ کرتا ہی اور دیکھو میں نے تمہارے
سامھنے اُسے آزما دیکھا اور اُس شخص میں اُن تہمتوں
سے جو تمنے اُسپر کی تھیں میرے پاس کچھ ثابت نہ ہوا
اور نہ ہیرودیس کے پاس کہ میں نے تمہیں اُسکے پاس بھیجا تھا

اور دیکھو ایسا کوئی سلوک جسّے اُسکے قتل کی بات نکلے اُسکے
ساتھہ نہ کیا گیا پس اُسے تنبیہہ کرکے چھوڑ دیتا ہوں — اب اُسے
ضرور تھا کہ ہر عید میں ایک کو اُنکے لئے چھوڑ دے تب وہ سب
ایکتھے یہہ کہکے چلّائے کہ اسے اُٹھا ڈال اور بارا باس کو
ہمارے لئے چھوڑ دے کہ وہ کسی ہنگامہ کے باعث جو
شہر میں برپا ہوا تھا اور خون کرنے کے سبب سے قید میں
پڑا تھا تب پیلاطوس نے اُنسے پھر خطاب کرکے
عیسیٰ کے چھوڑ دینے کی بات کہی اور وے چلّا اُٹھے کہ
اُسے صلیب دے صلیب دے اور اُسنے تیسرے
مرتبہ اُنہیں کہا کہ اُسنے کیا بدی کی ہی میں نے اُسمیں قتل کا
کوئی سبب نہیں پایا اسلیئے میں اُسے تنبیہہ دیکے چھوڑ دیتا ہوں
پر وے بلند آواز سے بجد ہوکے طالب ہوئے کہ اُسے صلیب
دے تب اُنکا اور سرداروں کاہنوں کا غوغا غالب ہوا اور پیلاطوس
نے حکم کیا کہ اُنکا کہا کرو اور اُسنے اُسے جسکے وے طالب تھے
وہ جو فساد اور خون کرنے کے سبب سے قید تھا اُنکی خاطر
چھوڑ دیا اور عیسیٰ کو اُنکے طور پر حوالہ کیا اُنہوں نے اُسے لے

جاتے ہوئے شمعون قرینائی ایک شخص کو جو باہر دیہات سے
آتا تھا پکڑا اور اُسپر صلیب کو رکھا کہ عیسیٰ کے پیچھے اٹھائے
ہوئے چلے اور جمع ہوکے لوگ اور عورتیں اسکے لئیے پیٹتی
روتیں اسکے پیچھے ہولیں عیسیٰ نے اُنکی طرف پھرکے کہا
کہ ای اورشلیم کی بیٹیو میرے لئیے نہ روؤ پر اپنے اور اپنے
لڑکوں کے لئیے روؤ اِسلیئے کہ دیکھو وے دن آتے
ہیں جن میں کہینگے کہ نیکبخت ہیں وے عورتیں جو بانجھ ہیں
اور وہ رحم جو باردار نہ ہوئے اور وے چھاتیاں جو چوسی
نگئیں اُسوقت پہاڑوں کو کہنا شروع کرینگے کہ ہمپر گرو اور
ٹیلوں کو کہ ہمیں ڈھانپو اِسلئیے کہ جب ہرے درخت
سے یہہ کچھہ کیا جاتا ہی تو سوکھے سے کیا کیا جائیگا اور دو شخصوں کو
بھی جو بدکار تھے اُسکے ساتھہ قتل کے لئیے لے چلے اور
جب اُس جگہہ جسکا نام جلجلہ تھا آئے وہاں اُنہوں نے
اُسے اور ان بدکاروں کو ایک کو اُسکے دہنے ہاتھہ اور دوسرے
کو بائیں صلیب پر کھینچا تب عیسیٰ نے کہا کہ ای باپ
اُنہیں معاف کر کیونکہ وے نہیں جانتے کہ کیا کرتے ہیں پھر

اُنہوں نے قرعہ ڈال کے اُسکی پوشاک بانٹ لی اور لوگ
کھڑے دیکھہ رہے تھے اور سب سردار بھی اُنکے ساتھ
تمسخر سے کہتے تھے اُسنے اوروں کو چھڑایا اگر وہ مسیح
خدا کا برگزیدہ ہی تو اپنے تئیں چھڑاوے اور پیادے بھی ٹھٹھے
مارتے ہوئے پاس آئے اور اُسے سرکہ دیا اور کہا
کہ اگر تو یہود کا بادشاہ ہی تو اپنے تئیں چھڑا اور یونانی
اور لاتینی اور عبری لغت میں اسکے سر کے اوپر کتابہ بھی
لکھہ کے لگایا کہ یہہ یہودیوں کا بادشاہ ہی اور ایک نے ان
بدکاروں سے جو کھینچے گئے تھے اسکے حق میں کفر کہا کہ اگر تو مسیح
ہی آپ کو اور ہمیں چھڑا پر دوسرے نے جواب میں
اُسے ملامت کی اور کہا کہ تو بھی خدا سے نہیں ڈرتا حالانکہ
اُس عذاب میں شریک ہی اور ہم تو انصاف کی راہ سے
کیونکہ ہم اپنے فعلوں کی مکافات پارہے ہیں پر اُس شخص
نے کوئے خطا نہیں کی اور اُسنے عیسیٰ کو کہا کہ اے خداوند
جب تو اپنی مملکت میں آوے تو مجھے یاد کیجو عیسیٰ نے
اُسے کہا کہ میں تجھے سچ کہتا ہوں کہ آج تو میرے ساتھہ

فردوس میں ہوگا اور چھٹی ساعت کے قریب ساری زمین پر اندھیرا ہوا اور نویں ساعت تک رہا اور آفتاب تاریک ہوا اور ہیکل کا پردہ بیچ سے پھٹ گیا پھر عیسیٰ بلند آواز سے چلا کر بولا کہ ای باپ میں اپنی روح تیرے ہاتھوں میں سونپتا ہوں اور یہہ کہکے جان دی تب جمعدار نے یہہ واقعہ دیکھکر خدا کی ستایش کی اور کہا کہ یقیناً یہہ مرد راستباز تھا اور ساری جماعتیں جو اس تماشے میں حاضر تھیں ان چیزوں کو جو واقع ہوئی تھیں دیکھکے چھاتی پیٹتی ہوئی پھریں اور سب اُسکے جان پہچان اور عورتیں جو جلیل سے اُسکے پیچھے ہو لیں تھیں دور کھڑی ہوئیں یہے چیزیں دیکھہ رہی تھیں

متبرک جمعہ کی دعا

ای خدا ے قادر مطلق ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ فضل سے اپنے اِن مقربوں پر نگاہ کر کہ جنکے لئے ہمارا خداوند عیسیٰ مسیح اس بات پر راضی ہوا کہ بیوفائی سے وہ بدکرداروں کے ہاتھوں میں پکڑوایا اور حوالہ کیا جاے اور موت کا

رنج صلیب پر اُٹھائے اور وہ اب موجود ہی اور سلطنت
کرتا ہی ساتھہ تیرے اور روح القدس کے مدام ایک خدا
جہان سے بے پایان تک — آمین

ای خدائے قادر قیوم کہ تیری روح سے کلیسیا کا سارا جسم
انتظام پاتا اور مقدس ہوتا ہی ہمارے التماسوں اور دعاؤں
کو جو کہ ہم تیری کلیسیائے مقدس کے سب درجہ کے
آدمیوں کے حق میں کرتے ہیں قبول کر کہ ایک ایک عضو اسکے
اپنے اپنے کاروبار میں صداقت اور تقوی کے ساتھہ تیری
خدمت کرے — یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند اور منجی
عیسی مسیح کے وسیلے بخش — آمین

ای رحیم خدا کہ تونے سب آدمیوں کو بنایا اور کسی چیز سے
جو تو نے بنائی ڈر ڈرا تا نہیں ہی اور گنہگار کی موت نہیں چاہتا بلکہ یہہ کہ
وہ اپنے روئے کو بدلے اور جیئے سب یہود اور مسلمان
و وثنی و مبتدع پر رحمت کر اور سب نادانی و سنگ
دلی و توہین اُنکے دلوں سے تیرے کلام کی بابت اُٹھالے
اور اِس ڈھب سے اُنہیں ای نیک خداوند اپنے گھر کے

گلّے میں لا کر وسے صادق اسرائیلی کے بقیہ میں نجات پائیں اور ایک گلہ ایک گلہ بان ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کی شبانی میں بنیں جو کہ موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی ساتھہ تیرے اور روح القدس کے مدام ایک خدا جہان سے بے پایان تک — آمین

مکتوب عبرانیوں کا ۱۰ — ۱

اب شرع جس میں آنیوالی اچھی چیزوں کا پرچھانواں ہی نہ کہ اُن چیزوں کی حقیقی صورت ان قربانیوں کی تکرار سے جو وے برس برس ہمیشہ لاتے ہیں اُنکو جو واں آتے ہیں کمال کبھی نہیں کر سکتی ہیں تو کیا لوگ قربانی گذرانے سے باز نہ رہتے اس واسطے کہ عبادت کرنیوالے ایک بار پاک ہو کے اپنے کو گنہگار نجانتے بلکہ قربانیاں برس برس گناہوں کو یاد دلاتی ہیں محال ہی کہ بیلوں اور بکروں کا خون گناہوں کو مٹا دے اس لیئے کہ وہ دنیا میں آتے ہوے کہتا ہی کہ تو نے ذبح اور قربانی کو پسند نہ کیا اور میرے لیئے ایک بدن تیار کیا تو ان قربانیوں سے جو جل کے راکھہ ہو ئیں اور اُن قربانیوں سے جو گناہوں کے واسطے ہیں راضی نہ تھا

تب میں نے کہا کہ دیکھہ میں آتا ہوں کتاب کے طومار میں
میرے لیئے لکھا ہی تا کہ ای خدا میں تیری مرضی پر چلوں
قبل اسکے جب کہ اُسنے کہا کہ تو نے ذبح اور نذر اور اُن
قربانیوں کی جو جل کے راکھہ ہوئیں اور اُن قربانیوں کی جو
گناہوں کے لیئے ہیں خواہش نہ کی اور اُنکا راضی نہ ہوا اور یہی
چیزیں شرع کے موافق گذرانی جاتی ہیں تب اُسہی نے
کہا کہ ای خدا دیکھہ میں آتا ہوں تا کہ تیری مرضی پر چلوں وہ
پہلے کو اُٹھا دیتی ہی تا کہ دوسرے کو نصب کرے اور اس
مرضی کے سبب سے ہم جو عیسی مسیح کے بدن کے یکبارہ
قربانی ہونے سے مقدس ہوئے ہیں اور ہر ایک کاہن
ہر روز کھڑا رہ کے خدمت الہی کرتا ہی اور ایکہی نوع کی
قربانیاں جو گناہ کو دور نہیں کر سکتی ہیں اکثر گذرانتا رہتا ہی
لیکن وہ ایکہی قربانی گناہوں کے واسطے گذرانکے خدا کے دہنے
اب سے بیٹھہ رہا اور انتظار کرتا ہی کہ اُسکے دشمن اُسکے فرش
پا انداز ہوں کیونکہ اُسنے ایک بارگی نذر دینے سے اُنھیں جو
مقدس ہوتے جاتے ہیں ابد کے لیئے کمال کیا اور روح قدس

بھی ہمارے پاس گواہی دیتا ہی کیونکہ جب اُسنے پہلے کہا
تھا کہ خداوند فرماتا ہی یہہ وہ وثیقہ ہی جو میں اُن دنوں کے
بعد اُنہیں دونگا کہ میں اپنی شرعوں کو ان کے فہم میں ڈالونگا
اور اُنہیں اُنکے دلوں میں لکھونگا تب یہہ بھی کہا اور اُنکے
گناہوں اور بے شرعیوں کو پھر یاد نہ کرونگا اب جہاں
کہیں اُنکی مغفرت ہی وہاں گناہ کے واسطے قربانی گذرانتا
نہیں پس ای بھائیو جب کہ ہمکو اجازت ملی کہ مقام مقدس
میں عیسیٰ کے لہو سے دخل کریں اِس واسطے کہ اُسنے
ایک نئی اور جیتی راہ اپنے جسم کے پردہ کو پھاڑ کے
مقرر کی اور ہمارے لئے بڑا کاہن ہی جو خدا کے گھر کا مختار
ہی تو آؤ ہم سچے دل و جان و ایمان کامل سے اپنی خبیث طینت
پر آب پاشی کرکے نزدیک آویں اور اپنے بدنوں کو صاف
پانی سے غسل دلواکے اپنی امید کے اقرار کو بے جنبش تھانبھیں
کیونکہ وہ جسنے وعدہ کیا ہی امین ہی اور ہم ایک دوسرے
پر غور کریں تاکہ ہم ایک دوسرے کو الفت اور نیکوکاری
کی ترغیب کریں نہ ایسا جیسا کہ بعضوں کی عادت ہی ہم اکٹھے

ہونے سے باز رہیں بلکہ ایک دوسرے کو تحریک کریں اور یہہ بدرجہ اتم ضروری ہی کیونکہ تم اُس دن کو دیکھتے ہو کہ چلا آتا ہی

انجیل یوحنا ۱۹ — ۱

تب پیلاطوس نے عیسیٰ کو کوڑے مارے اور سپاہیوں نے کانٹوں کا تاج سج کے اُسکے سر پر رکھا اور اُسے قرمزی لباس پہنا کے کہا کہ یہودیوں کے بادشاہ سلام اور اُنہوں نے اُسے طمانچے مارے تب پیلاطوس نے دوبارہ باہر جاکے اُنہیں کہا کہ دیکھو میں اُسے تمہارے پاس باہر لے آتاہوں تاکہ تم جانو کہ میں اُسکا کچھہ قصور نہیں پاتا تب عیسیٰ کانٹوں کا تاج رکھے اور قرمزی لباس پہنے ہوئے باہر آیا اور اُسنے اُنسے کہا کہ یہہ حاضر ہی جب سردار کاہن اور پیادوں نے اُسے دیکھا تو چلائے کہ اُسے صلیب دے صلیب دے پیلاطوس نے اُنہیں کہا تم اُسے لو اور صلیب دو کیونکہ میں اُسکا کچھہ قصور نہیں پاتا یہودیوں نے اُسے جواب دیا کہ ہم شریعت والے ہیں اور ہماری شریعت کے مطابق وہ واجب القتل ہی اسلیئے

کہ اُسنے اپنے تئیں خدا کا بیٹا ٹھہرایا جب پیلاطوس نے
یہہ کلام سنا اور زیادہ ڈرا اور بارگاہ میں پھر اندر آکے عیسی
سے کہا تو کہاں کا ہی پر عیسی نے اُسے کچھ جواب نہ دیا
تب پیلاطوس نے اُسے کہا کہ تو مجھسے نہیں بولتا کیا تو
نہیں جانتا کہ میں مختار ہوں چاہوں تو تجھے صلیب دوں اور چاہوں
تو تجھے چھوڑ دوں عیسی نے جواب دیا کہ اگر یہہ اختیار تجھے
اوپر سے دیا نہ جاتا تو مجھپر تیرا کچھہ بس نہ چلتا سو جسنے مجھے تیرے
حوالے کیا اُسکا گناہ بڑا ہی اُسوقت پیلاطوس نے ارادہ
کیا کہ اُسے چھوڑ دے پر یہودیوں نے چلا کے کہا کہ اگر تو اِس
مرد کو چھوڑ دیتا ہی تو تو قیصر کا دوست نہیں جو کوئی کہ اپنے
تئیں بادشاہ مقرر کرتا ہی قیصر کا مخالف ہی پیلاطوس یہہ
بات سنکر عیسی کو باہر لایا اور اُس مقام میں جو چبوترہ اور
عبرانی زبان میں جبتا کہلاتا ہی عدالت کی مسند پر بیٹھا اور یہہ فسح
کے تیہہ کا وقت تھا اور چھٹی ساعت قریب تھی پھر اُسنے
یہودیوں کو کہا کہ تمہارا بادشاہ حاضر ہی تب وے چلا سے
کہ لیجا لیجا اُسے صلیب دے پیلاطوس نے کہا کہ میں تمہارے

بادشاہ کو صلیب دوں سردارکاہنوں نے جواب دیا کہ
ہمارا بادشاہ سواے قیصر کے کوئی نہیں ہی تب اُسنے اُسے
اُنکے حوالہ کیا کہ اُسے صلیب دئی جاے اور وے عیسی کو
پکڑ کر لے گئے وہ اپنے صلیب اُٹھائے ہوے اُس جگہہ تک
جو کھوپری کی جگہہ کہلاتی ہی جسکا ترجمہ عبری میں جلجتہ ہی
گیا وہاں اُنھوں نے اُسے اور اُسکے ساتھہ اور دو کو صلیب پر
کھینچا ہر ایک طرف ایک اور عیسی بیچ میں اور پیلاطوس
نے ایک کتابہ لکھا اور صلیب پر نصب کیا وہ نوشتہ یہہ تھا کہ
عیسا ے ناصری یہودیوں کا بادشاہ اُس کتابہ کو بہت سے
یہودیوں نے پڑھا اسلیئے کہ وہ مقام جہاں عیسی صلیب پر
کھینچا گیا تھا شہر کے متصل تھا اور وہ عبرانی اور یونانی اور
لاطینی میں لکھا تھا تب یہودیوں کے سردارکاہنوں نے
پیلاطوس کو کہا کہ یہودیوں کا بادشاہ مت لکھہ یہہ لکھہ کہ اُسنے
کہا کہ میں یہودیوں کا بادشاہ ہوں پیلاطوس نے جواب دیا
کہ میں نے جو لکھا سو لکھا پھر سپاہیوں نے جب عیسی کو صلیب
پر کھینچ چکے اُسکے کپڑوں کو لیا اور چار حصے کئے ہر سپاہی

کو ایک اور اُسکے قمیص کو بھی لیا اور قمیص بیدوخت
سرتاسر بنا ہوا تھا اِسلیئے اُنہوں نے آپس میں کہا کہ ہم اُسے نہ
پھاڑیں بلکہ آؤ اُسپر قرعہ ڈالیں کہ یہہ کسے پہنچتا ہی یہہ
اِسلیئے ہوا تا کہ کتاب جو کہتی ہی کہ اُنہوں نے میرا لباس
بانٹ لیا اور میرے قمیص کے لئے قرعہ ڈالا پوری ہوے سو
سپاہیوں نے ایسے ہی کیا تب عیسیٰ کی صلیب کے پاس
اُسکی ماں اور اُسکی ماں کی بہن مریم کلیوپاس کی جورو اور
مریم مجدلینہ کھڑی تھیں عیسیٰ نے اپنی ماں کو اور اُس شاگرد
کو جسے وہ پیار کرتا تھا پاس کھڑے ہوئے دیکھکر اپنی ماں کو
کہا کہ اَی عورت یہہ تیرا بیٹا پھر اُسنے اُس شاگرد کو کہا
کہ یہہ تیری ماں اور اُس گھڑی سے اُس شاگرد نے اُسے
اپنے گھر داخل کیا بعد اُسکے عیسیٰ نے جانکے کہ اب سب
چیزیں کامل ہو چکیں پس تا کہ کتاب پوری ہووے اُسنے کہا کہ
میں پیاسا ہوں اب وہاں ایک لوتا سرکہ سے کہ بھرا ہوا دھرا
تھا اُنہوں نے بادل کو سرکہ میں ترکرکے زوفا میں لپیٹ
کے نل پر رکھا اور اُسکے منہہ میں دیا پھر عیسیٰ نے جب

سر کر چکھا تو کہا کہ پورا ہوا اور سر جھکا کے جان دی پھر اسلیئے
کہ وہ وقت تہیہ تھا یہودیوں نے پیلاطوس سے خواہش کی کہ
انکی تانگیں توڑیں اور اُتار لیجاہیں تاکہ لاشین سبت کے
دن صلیب پر نہ رہ جاہیں کیونکہ وہ بڑا سبت تھا تب سپاہیوں
نے آکے پہلے اور دوسرے کی تانگیں جو اسکے ساتھ صلیب پر
کھینچے گئے تھے توڑیں لیکن جب اُنہوں نے عیسی کی طرف
آکے دیکھا کہ وہ مرچکا ہی تو اُسکے تانگیں نہ توڑیں پر سپاہیوں
میں سے ایک نے نیزہ سے اُسکی پسلی چھیدی اور فی الفور
اُسسے لہو پانی نکلا اور جسنے یہہ دیکھا گواہی دی اور اُسکی گواہی
حق ہی اور وہ جانتا ہی کہ حق کہتا ہی تاکہ تم ایمان لاؤ — اِسلیئے
یے چیزیں واقع ہوئیں کہ نوشتہ پورا ہووے کہ اسکی کوئی
ہڈی توڑی نہ جائیگی اور پھر دوسری کتاب کہتی ہی کہ وے
اُسپر جسے اُنہوں نے چھیدا نظر کرینگے

عید فصح کی عرفہ کی دعا

ای خداوند بخش کہ جیسے کہ ہم تیرے متبرک بیتے ہمارے

بچانے والے عیسیٰ مسیح کی موت میں بپتسمہ ہوئے یسے ہی مدام اپنی خواہش نفسانیوں کے مردہ کرنے سے ہم اُسکے ساتھ مدفون ہوں اور قبر اور موت کے دروازے سے ہم حشر پر فرح میں گذر کریں — یہہ عرض ہماری اُسکے استحقاق کے لئے بخش جو کہ ہمارے واسطے مُوا اور مدفون ہوا پھر کر اُٹھا (یعنے) تیرا بیٹا ہمارا خداوند عیسیٰ مسیح — آمین

مکتوب پطرس ۳ — ۱۷

اگر خدا کی خواہش یوں ہی کہ تم دُکھ پاؤ تو بھلا کر کے دکھ پانا اُسسے بہتر ہی کہ بد کر کے دُکھ پاؤ کیونکہ مسیح نے بھی ایک بار گناہوں کے واسطے راستباز نے ظالموں کے عوض دُکھ پایا تا کہ وہ ہمکو خدا کے پاس پہنچائے کہ وہ تو جسم کے روسے مارا گیا لیکن روح سے زندہ کیا گیا اسنے بوضع روحانی ان روحوں کو جو نظر بند تھیں جا کے وعظ کہا وے روحیں ایک مدت تک جس وقت خدا کے صبر نے مہلت دی یعنے نوح کے ایام میں جب کشتی تیار ہوتی تھی نافرمان تھیں اور اُس کشتی میں تھوڑی سی جانیں پانی سے او ہر آ کے بچائی گیں اور اسی

کی مثل غسل اصطباغ ہم کو اب بچاتا ہی وہ تو بدن کے میل کا
چھڑانا نہیں بلکہ اطمینان نفس سے خدا کو جواب دیا ہی اور
ہمکو عیسی مسیح کے اُٹھنے کے طفیل سے بچاتا ہی کہ
وہ آسمان پر جاکے خدا کے دہنے ہی اور فرشتے اور قوتیں
اور قدرتیں اسکی محکوم ہوئی ہیں

انجیل متی ۲۷ — ۵۷

جب شام ہوئی ارمتیہ کا ایک دولتمند شخص جسکا نام یوسف
تھا اور وہ عیسی کا شاگرد بھی تھا آیا اور پیلاطوس کے پاس
جاکر عیسی کی لاش مانگی تب پیلاطوس نے حکم کیا کہ لاش اُسے
سونپی جاے یوسف نے لاش کو لیکے سوتی پاک چادر سے کفنایا اور
اُسے اپنے دخمہ میں جو اسنے پتھر میں کھدایا تھا رکھا اور
ایک بھاری پتھر دخمہ کے منہ پر ڈھاکے چلا گیا اور مریم
مجدلیہ اور دوسری مریم قبر کے سامنے وہاں بیٹھیں تھیں اب
دوسرے روز جو تہیہ کے دن کے بعد تھا سب سردار کاہن
اور فریسی اکٹھے ہوکے پیلاطوس کے پاس آئے اور کہا کہ
ای خداوند ہمیں یاد ہی کہ وہ دغاباز اپنے جیتے جی کہتا تھا کہ

ہیں تین دن پیچھے پھر اُٹھونگا اِسلیئے حکم کرکہ تیسرے دن تک قبر کی حفاظت کی جاوے تا ایسا نہ ہو کہ اُسکے شاگرد رات کو آکے اُسے چُرا لیجاویں اور خلق سے کہیں کہ وہ مرکے جی اُٹھا کہ یہہ پچھلی خطا پہلے سے بھی بدتر ہوگی پیلاطوس نے اُنسے کہا کہ رکھوالے تمہارے پاس ہیں جاؤ بمقدور حفاظت کر دوے گئے اور رکھوالے بیٹھلا کے علاوہ پتّھر پر مہر کرکے مدفن کی حفاظت کی

عید فصح کی دعا

صبح کی نماز میں بعوض مزمور کی

(آؤ چلو گائیں) یہی مناقب گائی یا پڑھی جائیں

مسیح ہمارا فصح ہمارے لیئے قربانی کیا گیا اِسلیئے آؤ ہم عید کریں * نہ پرانے خمیر سے اور نہ بدی اور شرارت کے خمیر سے بلکہ خلوص اور راستی کی فطیری روٹی سے

۱ قرنتیوں ۵ — ۷

مسیح جو اب مرکے جیا پھر نہ مریگا اور موت پھر اُسپر مسلّط نہ ہوگی * کیونکہ وہ جو موا تو گناہ کی علت ایکبار موا مگر وہ جو جیتا ہی تو خدا کی نسبت جیتا ہی

اِسیطرح تم بھی آپ کو گناہ کی علت مردہ جانو پر خدا کی نسبت ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے زندہ سمجھو

رومیوں ۶ — ۹

مسیح تو مردوں میں سے اُٹھا ہی اور اُنہیں جو سوگیئے ہیں پہلا پھل ہوا

کیونکہ جب کہ آدمی کے سبب سے موت ہی تو آدمی ہی کے سبب سے مردوں کا اُٹھنا بھی ہی

جیسا آدم کے سبب سے سارے مرتے ہیں ویسا ہی مسیح کے سبب سے سارے جلائے جائینگے قرنتیوں ۱۵ — ۲۰

ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابدالآباد تک ہمیشہ رہیگی — آمین

دعا

ای خدائے تعالیٰ قادرمطلق کہ تونے اپنے اکلوتے بیٹے عیسیٰ مسیح کے وسیلے موت کو مطیع کیا اور ہمارے لیئے زندگانیٔ جاودانی کا دروازہ کھولا ہم بعجز و انکسار تیری منتی کرتے

ہیں کہ جیسے اپنے فضل خاص سے مانع آکر تو ہمارے دلون میں نیک خواہشیں ڈالتا ہی ایسے ہی تیری مدد دائمی سے اُسکا ہم نیک انجام کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش جو ساتھہ تیرے اور روح القدس کے موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی مدام ایک خدا جہان بے پایان تک — آمین

مکتوب قلسیوں کا ۳ — ۱

پس اگر تم مسیح کے ساتھہ جی اُٹھے ہو تو فوقانی چیزوں کے طالب ہو جہاں کہ مسیح خدا کے دہنے بیٹھا ہی فوقانی چیزوں سے دل لگاؤ نہ اُن چیزوں سے جو زمین پر ہیں کیونکہ تم مر گئے ہو اور تمہاری زندگی مسیح کے ساتھہ خدا میں متضمن ہی جب مسیح جو ہماری زندگی ہی ظاہر ہوگا اُسکے ساتھہ تم بھی جلال کے ساتھہ ظاہر ہوگے اِسواسطے تم اپنے عضوون کو جو زمین پر ہیں یعنے حرام کاری اور ناپاکی اور شہوت پرستی اور بری خواہش اور لالچ کو جو کہ ایک قسم کی بت پرستی ہی کشتہ کرو اُنہیں کے سبب سے

خدا کا غضب ابنائے بغاوت پر نازل ہوتا ہی اور آگے جب
تم اُنکے بیچ جیتے تھے اُن میں تم بھی راہ چلتے تھے

انجیل یوحنا ۲۰ — ۱

ہفتہ کے پہلے دن مریم مجدلیہ تڑکے ایسا کہ ہنوزا ندھیرا تھا
دخمہ پر آئی اور پتھر کو دخمہ سے ٹلا ہوا دیکھا تب وہ شمعون
پطرس اور اس دوسرے شاگرد کے پاس جسے
عیسی پیار کرتا تھا دوڑتی آئی اور اُنہیں کہا کہ خداوند کو
دخمہ سے نکال لے گئے اور ہم نہیں جانتے انہوں نے اُسے
کہاں رکھا پھر پطرس دوسرے شاگرد کے ساتھ ہو کے نکلا
اور دخمہ کی طرف آنے لگا چنانچہ وے دونوں اکٹھے دوڑتے
پر دوسرا شاگرد پطرس سے بڑھ گیا اور دخمہ پر پہلے پہنچا
اُسنے جُھک کے سوتی کپڑے پڑے دیکھے پر وہ اندر نہ گیا
پھر شمعون پطرس اُسکے بعد پہنچا اور دخمہ کے اندر گیا
اور سوتی کپڑے پڑے ہوئے دیکھے اور وہ رومال جسے
اُسکا سر بندھا تھا نہ اُن سوتی کپڑوں کے ساتھ پر جدا
لپٹا ہوا ایک جگہہ پڑا دیکھا تب دوسرا شاگرد بھی جو دخمہ پر

پہلے آیا تھا اندر گیا اور دیکھہ کے ایمان لایا کیونکہ وے ہنوز کتاب کو نہ جانتے تھے کہ وہ ضرور مرکے جی اُٹھیگا تب وے شاگرد اپنے دوستوں کے پاس گئے

عیدفصح کی هفتی کی پیرکی دعا

ای خدا ے تعالی قادر مطلق کہ تو نے اپنے اکلوتے بیٹے عیسی مسیح کے وسیلے موت کو مطیع کیا اور ہمارے لئے زندگانی جاودانی کا دروازہ کھولا ہم بعجز و انکسار تیری منتی کرتے ہیں کہ جیسے اپنے فضل خاص سے مانع آکر تو ہمارے دلوں میں نیک خواہشیں ڈالتا ہی ایسے ہی تیری مدد دائمی سے اُسکا ہم نیک انجام کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش جو ساتھہ تیرے اور روح القدس کے موجود ہی اور سلطنت کرتاہی مدام ایک خدا جہان بے پایان تک — آمین

تب پطرس نے زبان کھول کے کہا کہ فی الحقیقۃ میں جانتا ہوں کہ خدا شخص پر نظر نہیں کرتا بلکہ ہر اُمت میں جو کہ

اُسسے ڈرتا ہی اور عدل کا کام کرتا ہی اُسکا مقبول ہی
یہہ وہی بات ہی جو خدا نے بنی اسرائیل کو کہلا بھیجا
کیونکہ اُسنے بشارت دی کہ عیسی مسیح سے جو کُل کا خداوند
ہی سلامتی ملیگی وہ ماجرا جو بعد اُس اصطباغ کے کہ جسکی
منادی یحیی نے کی جلیل سے شروع ہوکے ساری یہودیہ
میں ہوتا رہا تم جانتے ہو یعنے عیسی ناصری کی بات کہ خدا نے
اُسے روح قدس اور قوت سے کِس طرح مسح کیا اور
وہ نیکی کرتا رہا اور سب کو جو ابلیس سے مغلوب ہوئے تھے
شفا بخشتا پھرا اِس لیئے کہ خدا اُسکے ساتھہ تھا اور
ہم ان کاموں پر جو اُسنے یہود کی سرزمین اور اورشلیم میں کئے گواہ
ہیں اُسکو انہوں نے لکڑے پر جکڑ کے قتل کیا خدا نے
اُسے تیسرے دن اٹھایا اور عنایت سے علانیہ ظاہر کیا
اور ساری گروہ پر نہیں بلکہ بعضے گواہوں پر جو پہلے سے خدا کے
برگزیدہ ہوئے یعنے ہم پر ظاہر کیا کہ ہم نے اُسکے جی اٹھنے
کے بعد اُسکے ساتھہ کھایا اور پیا اُسنے ہمیں حکم کیا کہ
خلق میں منادی کرو اور گواہی دو کہ میں وہ ہوں جسے خدا

نے مقرر کیا کہ زندوں اور مردوں کا حاکم ہو اُسکے لئے سب انبیا گواہی دیتے ہیں کہ جو کوئی اُس پر ایمان لاویگا اُسکے نام سے اُسکے گناہوں کی مغفرت ہو گی

انجیل لوقا ۲۴ — ۱۳

دیکھو کہ اُسکے دو شاگردوں میں سے اُسی روز اماوس نام ایک گانوں کو جو اور شلیم سے سات تیر پرتاب ہی جاتے تھے اور آپس میں اُن ساری چیزوں کا جو واقع ہوئی تھیں ذکر کرتے تھے اور یوں ہوا کہ جب وے آپس میں گفتگو اور قیل و قال کر رہے تھے عیسیٰ آپ نزدیک آ کر اُنکے ہمراہ چلا لیکن اُنکی آنکھیں بند ہو گئی تھیں یہاں تک کہ اُنہوں نے اُسے نہ پہچانا اور اُسنے اُنہیں کہا کہ یہہ کس قسم کی باتیں ہیں جو تم آپس میں راہ چلتے کرتے ہو اور تمہارا چہرہ اُداس ہی ایک نے اُن میں سے جسکا نام کلیپاس تھا جواب میں اُسے کہا کیا تو اور شلیم میں ایسا اجنبی ہی کہ یے حادثے جو اِن دنوں وہاں واقع ہوئے ہیں نہیں جانتا اُسنے اُنسے پوچھا کہ کون سے حادثے اُنہوں نے اُسے کہا کہ عیسا ے ناصری کا

حادثہ جو خدا اور سب خلق کے نزدیک نبی مسلّم تھا جسکا قول وفعل معجزہ نما تھا اور کیونکر سردارکاہنوں اور ہمارے سرداروں نے اُسے پکڑوا کے اُسکے قتل کا فتوی دیا اور اُسے صلیب پر کھینچا اور ہمیں امید تھی کہ یہہ وہی اسرائیل کا مخلصی دینے والا تھا اور ان سب کے سوا ے تین دن گذرے جب سے یے حادثے واقع ہوے اور ہماری قوم کی بعضی عورتوں نے بھی ہمیں گھبرادیا ہی جو سویرے دخمہ پر تھیں اور اسکی لاش کو نہ پا کر یہہ کہتی آئیں کہ ہمنے کچھہ ملایک سے دیکھے جو ہمیں کہتے تھے کہ وہ جیتا ہی چنانچہ بعضے ان میں سے جو ہمارے ساتھہ تھے دخمہ پر گئیے اور جیسا کہ عورتوں نے کہا تھا ویسا ہی پایا اور انہوں نے اُسے نہ دیکھا تب اُسنے اُنہیں کہا کہ ای نادانو اور سست ایمانو باوجود اُن سب باتوں کے جو نبیوں نے فرمایا کیا یہہ لازم نہ تھا کہ مسیح رنج اٹھا کے اپنی حشمت میں داخل ہو اور اُسنے موسیٰ اور سارے نبیوں سے شروع کر کے وے باتیں جو ساری کتابوں میں اُسکے حق میں ہیں اُنکے آگے تفسیر سے بیان کیں پھر وے اُس گانوں کے

جسکا ارادہ رکھتے تھے نزدیک ہوئے اور ایسا ظاہر ہوتا تھا کہ
وہ آگے جایا چاہتا ہی پر اُنہوں نے زور سے روکا اور کہا کہ
ہمارے ساتھہ رہ کہ اب شام نزدیک ہی اور دن آخر ہو چلا
پھر وہ داخل ہوا تا کہ اُنکے ساتھہ رہے اور جب اُنکے ساتھہ کھانے کو
بیٹھا یوں ہوا کہ اُسنے روٹی اُٹھا کر برکت کی بات کہی اور توڑکر
اُنہیں دی تب انکی آنکھیں کھل گئیں اور اُسے پہچانا اور وہ
اُنکی نظر سے غائب ہوا تد اُنہوں نے آپس میں کہا جب وہ
ہم سے راہ میں ہمکلام تھا اور جب وہ ہمپر کتابیں واضح کرتا تھا
کیا ہمارے سینوں میں ہمارے دل نہ جلتے تھے اور وے
اُسی گھرتی اُٹھکر اورشلیم کو پھرے اور ان گیارہوں کو اور
اُنکے رفیقوں کو یہہ کہتے ہوے مجتمع پایا کہ خداوند فی الواقع
اُٹھا ہی اور شمعون کو دکھائی دیا تب اُنہوں نے راہ کی باتیں
کہیں اور بیان کیا کہ وہ روٹی توڑنے میں کس طرح پہچانا گیا تھا

عید فصح کی ھفتی کی منگل کی دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تو نے اپنے اکلوتے بیٹے عیسی

مسیح کے وسیلے موت کو مطیع کیا اور ہمارے لئے
زندگانی جاودانی کا دروازہ کھولا ہم بعجز و انکسار تیری منتی
کرتے ہیں کہ جیسے اپنے فضل خاص سے مانع آکر تو ہمارے
دلوں میں نیک خواہشیں ڈالتا ہی ایسے ہی تیری مدد دائمی
سے اُسکا ہم نیک انجام کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند
عیسی مسیح کے واسطے بخش — جو ساتھہ تیرے اور روح القدس
کے موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی مدام ایک خدا جہان
بے پایان تک — آمین

اعمال ۱۳ — ۲۶

ای مردو اور بھائیو ای ابراہیم کے فرزندو اور ای لوگو جو خدا
ترس ہو تمہارے لیئے اِس نجات کی خبر بھیجی گئی ہی
اِسلیئے کہ اورشلیم کے باشندوں نے اور اُنکے رئیسوں
نے اِس سبب سے کہ اُسے اور نبیوں کے اُن کلموں کو
جو ہر سبت کو پڑھے جاتے ہیں نہ جانا اُسے مجرم کرکے اُنہیں
پورا کیا اور اگرچہ اُنہوں نے اُسکے قتل کا موجب نہ پایا تاہم
اُنہوں نے پیلاطوس سے اُسکے قتل کی درخواست کی
اور جب وے سب کچھہ جو لکھا تھا کہ اُسپر ہوگا پورا کرچکے تو

اُسے چوب پر سے اُتار کے دخمہ میں ڈالا لیکن خدا نے اُسے
جلایا اور وہ بہت دنوں تک انہیں جو اُسکے ساتھ جلیل سے
اورشلیم میں آئے تھے دکھائی دیا وے خلق کے آگے اسکے گواہ
ہیں اور ہم تمکو خوش خبر دیتے ہیں کہ وہ وعدہ جو باپ دادوں سے
کیا گیا تھا خدا نے اسکو اُنکے لڑکوں کے واسطے جو ہم ہیں پورا
کیا ہی کہ اُسنے عیسیٰ کو پھر جلایا چنانچہ دوسرے مزمور
میں یہہ لکھا ہی کہ تو میرا بیٹا ہی آج کے دن تو مجھسے پیدا ہوا
اور اُسنے اِس سبب سے کہ اُسے جلایا تا کہ وہ فاسد
نہ ہووے یوں فرمایا کہ میں تم پر داؤد کا حسنات ثابت کرونگا
اِسی لئے اُسنے دوسرے مقام میں یوں کہا کہ تو اپنے
برگزیدے کو فاسد ہونے نہ دیگا داؤد تو اپنے عصر کے لوازم خدا کی
مرضی کے موافق ادا کر کے سو گیا اور اپنے آبا کے درمیان گیا اور
فاسد ہوا لیکن یہہ جسکو خدا نے پھر اُٹھایا فاسد نہ ہوا اِسلیئے
ای مردو اور بھائیو تمہیں معلوم ہووے کہ گناہوں کی مغفرت
اسی شخص کے سبب سے تمہارے لئے بیان کی جاتی ہی اور
ہر ایک شخص ان سب گناہوں سے جن سے تم موسیٰ کی

شریعت میں پاک نہ ہو سکے اُسی کے باعث ایمان لا کے
پاک ہوتا ہی پس حذر کرو تا نہ ہووے کہ وہ جو انبیا کی کتابوں
فرمایا گیا ہی تم پر آپڑے کہ دیکھو ای اہانت کرنیوالو اور
تعجب کرو اور ناچیز ہو جاؤ کہ میں تمہارے ایام میں ایسا
ایک کام کرتا ہوں جسکو تم ہر چند کوئی تم سے کہے اصلا
باور نہ کروگے

انجیل لوقا ۲۴ — ۳۶

عیسی آپ اُنکے درمیان کھڑا تھا اور اُنہیں کہا تم پر سلام
انہوں نے ترسان و ہراسان ہوکے خیال کیا کہ ہمیں روح نظر
آرہی ہی اُسنے انہیں کہا تم کیوں مضطرب ہو اور کیوں
تمہارے دلوں میں اندیشے پیدا ہوتے ہیں میرے ہاتھوں
اور میرے پاؤں کو دیکھو کہ میں آپہی ہوں مجھے ٹٹولو اور دریافت
کرو اِسلئیے کہ جیسا تم مجھے دیکھتے ہو کہ مجھہ میں گوشت اور
استخوان ہی روح میں نہیں ہوتا اور یہہ کہکے ہاتھوں اور
پاؤں کو انہیں دکھلایا اور جب وے ہنوز خوشی سے باور
نہ کرتے تھے اور متعجب تھے اُسنے انہیں کہا تمہارے

پاس یہاں کچھ کھانے کی چیز ہی انہوں نے اسے تھوڑی
سی بھنی مچھلی اور شہد کا چھتا دیا اسنے لیکر انکے سامھنے کھایا
اور اُنہیں کہا یے باتیں ہیں جو میں نے تمہارے ساتھ
ہوتے ہوے تمہیں کہیں کہ یلے سب باتیں جو موسی کی توریت
اور نبیوں کی کتابوں اور زبور میں میرے حق میں لکھی گئی ہیں
ضرور ہی کہ پوری ہوں پھر اُسنے اُنکے ذہنوں کو کھولا تاکہ
وے کتابوں کو بوجھیں اور اُنہیں کہا کہ یوں لکھاہی اور ایسا
ایسا ضرور تھا کہ مسیح رنج کھینچے اور تیسرے دن
مُردوں میں سے جی اٹھے اور اور شلیم سے لیکے سب
اُمتوں میں توبہ اور گناہوں کی بخشش کی منادی اُسکے نام سے
کی جاے اور تم اُن چیزوں کے گواہ ہو

پہلی اتوار کی دعا بعد عید فصح کی

ای باپ قادر مطلق کہ تو نے اپنے اکلوتے بیٹے کو دیا
کہ ہمارے گناہوں کے لیئے مرے اور ہمارے راستباز ہونے کے لیئے پھر کر جی اٹھے
بازہونے کے لیئے پھر کر محشور ہوئے بخشش کہ ہم اسطور

پر بغض و شرارت کے خمیر کو ترک کریں کہ ہم مدام پاک
رو یہ اور صداقت سے تیری خدمت کریں — یہہ التماس
ہمارا اُسی اپنے بیٹے ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے استحقاق
کے سبب بخش — آمین

۱ مکتوب یوحنا ۵ — ۴

جو کہ خدا سے متولد ہوا ہی دنیا پر غالب ہوتا ہی اور وہ ظفر
کہ جسکی دنیا مغلوب ہی ہمارا ایمان ہی کون ہی جو دنیا پر غالب
ہی مگر وہی جس کا اعتقاد ہی کہ عیسیٰ خدا کا بیٹا ہی یہہ
وہی ہی جو پانی اور لہو کے ساتھہ آیا یعنے عیسیٰ مسیح جو
نہ فقط پانی سے بلکہ پانی اور لہو کے ساتھہ آیا اور روح ہی جو
گواہی دیتی ہی اور روح راستی ہی کیونکہ تین ہیں جو
آسمان پر گواہی دیتے ہیں باپ اور کلمہ اور روح قدس
اور یے تینوں ایک ہیں اور تین ہیں جو زمین پر گواہی دیتے
ہیں روح اور پانی اور لہو اور یے تینوں ایک میں متحد ہیں
اگر ہم آدمیوں کی گواہی قبول کریں تو خدا کی گواہی اعظم ہی
کیونکہ خدا کی گواہی جو اُسنے اپنے بیٹے کے واسطے دی ہی

یہہ ہی جو کہ خدا کے بیٹے پر ایمان لاتا ہی گواہی اپنے ہی میں رکھتا
ہی وہ جو خدا کی گواہی پر ایمان نہیں لاتا اُسنے اُسکو جھوٹھا کیا
کیونکہ اُسنے اِس گواہی کو جو خدا نے اپنے بیٹے کے واسطے
دی ہی یقین نہیں کیا اور وہ گواہی یہہ ہی کہ خدا نے ہمیں
حیات ابدی بخشی اور یہہ حیات اُسکے بیٹے میں ہی جسکے
ساتھہ بیٹا ہی اُسکے ساتھہ حیات ہی جسکے ساتھہ بیٹا نہیں
اُسکے ساتھہ حیات بھی نہیں

انجیل یوحنا ۲۰ — ۱۹

پھر اُسی دن جو ہفتہ کا پہلا تھا شام کے وقت جب اُس
جگہہ کے دروازے جہاں سب شاگرد جمع ہوئے تھے یہودیوں
کے ڈر سے بند تھے عیسیٰ آیا اور بیچ میں کھڑا ہوا اور اُنہیں
کہا تم پر سلام اور یوں کہکے اپنے ہاتھوں اور پہلو کو اُنہیں
دکھایا تب شاگرد خداوند کو دیکھہ کے خوش ہوئے اور
عیسیٰ نے پھر اُنہیں کہا تم پر سلام جس طرح باپ نے
مجھے بھیجا ہی میں اُسی طرح تمہیں بھیجتا ہوں اُسنے یہہ
کہکے اُن پر پھونکا اور کہا کہ تم روح قدس لو جنکے گناہوں کو

کہ تم بخشو اُنکے بخشے جاتے ہیں اور جنکا گناہ تم قائم رکھو
گے اُنکے رکھے جاتے ہیں

دوسری اتوارکی دعا بعد عید فصح کی

ای خدا ے قادر مطلق کہ تو نے اپنے اکلوتے بیٹے کو دیا
بھی اِسلیئے کہ ہمارے گناہوں کی خاطر قربان ہو اور بھی
اِسلیئے کہ زاہدانہ طریق کا ہمارے لیئے ایک نمونہ بنے
ہمیں فضل عطا کر کہ ہم مدام ساتھ شکر کے اِس نعمت
بے بہا کو لیں اور ہر روز اپنے تئیں آپ بنائیں کہ اُسکے متبرک
اور بہت ہی مقدس [illegible] چلن کی پیروی کریں — یہہ
عرض ہماری اُسی [illegible] روح [illegible] خداوند عیسی مسیح کے واسطے
بخشش — آمین [illegible] تے ہیں

مکتوب ۱ پطرس ۲ — ۱۹

اگر کوئی خدا پر نظر کر کے مظلوم ہو کے دُکھ میں صبر کرے یہہ
فضیلت ہی کہ اگر تم گناہ کر کے مارے گئے اور تمنے صبر کیا تو
کون سا فخر ہی پر اگر نیکی کر کے دُکھ پاتے ہو اور صبر کرتے ہو

اُنہیں خدا کے نزدیک تمہاری فضیلت ہی کہ تم اِسی کے لیئے بُلائے گئے ہو کیونکہ مسیح بھی ہمارے واسطے دُکھ پا کے ایک نمونہ ہمارے لیئے چھوڑ گیا ہی تاکہ تم اُسکے نقش قدم پر چلے جاؤ کہ اُسنے خطا نہ کی اور اُسکی زبان میں چھل بل نہ تھا وہ گالیاں کھا کے گالی نہ دیتا تھا اور دُکھ پا کے دھمکاتا نہ تھا بلکہ اپنے تئیں اُسکے جو عدالت شعار ہی سپرد کرتا تھا اور اُسنے سولی پر ہمارے گناہ کو اپنے بدن پر اُٹھایا تاکہ ہم گناہوں کی بند سے مر کے چھوٹ جایئں اور راستبازی کے عالم میں جایئں اور اُن کوڑوں کے سبب سے جو اسپر پڑے تم چنگے ہو گئے کیونکہ تم بھٹکی ہوئی بھیڑوں کی مانند تھے پر اب جانوں کے شبان و نگاہبان کے پاس پھر آئے ہو

انجیل یوحنا ۱۰ — ۱۱

تب عیسیٰ نے اُنہیں کہا اچھا چوپان میں ہوں اچھا چوپان بھیڑوں کے لیئے اپنی جان دیتا ہی پر مزدور اور وہ جو چوپان اور بھیڑوں کا مالک نہیں بھیڑیا آتے دیکھکر بھیڑوں کو چھوڑ دیتا ہی اور بھاگ نکلتا ہی اور بھیڑیا اُنہیں پکڑتا ہی اور

بھیڑوں کو پراگندہ کرتا ہی مزدور بھاگتا ہی کیونکہ وہ مزدور ہی
اور بھیڑوں کے لیئے اندیشہ نہیں کرتا اچھا چوپان میں ہوں اور
اپنی پہچانتا ہوں اور میری مجھے جانتی ہیں جسطرح سے باپ
مجھے جانتا ہی اسی طرح میں باپ کو جانتا ہوں اور میں بھیڑوں
کے لیئے اپنی جان دیتا ہوں اور میری اور بھی بھیڑیں ہیں جو
اس گلہ کی نہیں ہیں ضرور ہی کہ میں اُنہیں بھی لاؤں اور
وے میری آواز سنینگیں اور گلہ ایک اور چوپان ایک ہوگا

تیسری اتوارکی دعا بعد عید فصح کی

ای خدا اے قادر مطلق کہ تو اپنے صدق کے نور کو اُنہیں جو
بھٹکے ہوئے ہیں دکھلاتا ہی تا کہ وے راہ راست پر پھر
آویں اُن سبھوں کو جو مسیحی مذہب کے اتفاق میں داخل
ہوئے ہیں بخشش کہ وے اُن چیزوں سے جو برخلاف اُنکے
مذہب کے ہیں کنارہ کش ہوں اور اُن چیزوں کی پیروی
کریں جو اُسکے موافق ہیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند
عیسی مسیح کے واسطے بخشش — آمین

۱ مکتوب پطرس ۲ — ۱۱

عزیزو میں تمسے یوں جیسے پردیسیوں اور مسافروں سے التماس کرتا ہوں کہ تم جسمانی شہوتوں سے جو مخالف جان کے لرتے ہیں پرہیز کرو اور اپنی چال چلن کو غیر قوموں کے بیچ باآبرو رکھو تاکہ وے جو تمہیں بدکار جان کے بد کہتے ہیں تمہارے بھلے کاموں پر نظر کرکے توجہ کے دن خدا کی ستایش کریں پس تم ہر ایک تعین کے جو انسان کی طرف سے ہی خداوند کی خاطر سے مطیع ہو — بادشاہ کے اسلیئے کروہ سب سے اعلی ہی اور حاکموں کے اسلیئے کہ وے اُسکے بھیجے ہوئے ہیں تاکہ بدکاروں کو سزا دیں اور اُنکی جو نیکوکار ہیں تعریف کریں کیونکہ خدا کی مرضی یوں ہی کہ تم اچھے عمل کرکے احمقوں کی نادانی کا منہہ بند کر رکھو اور اپنے تئیں آزاد جانو پر آزادی کے پردہ میں بدی نہ ہووے بلکہ آپ کو خدا کے بندے جانو سبکی حرمت کرو بھائیوں سے الفت کرو خدا سے ڈرو بادشاہ کی عزت کرو

انجیل یوحنا ۱۶ — ۱۶

عیسی نے اپنے شاگردوں سے کہا تھوڑی دیر مجھے نہ دیکھوگے

اور تھوڑی دیر تم مجھے دیکھوگے کیونکہ میں باپ کے پاس
جاتا ہوں تب اُسکے بعضے شاگردوں نے آپس میں کہا کہ یہہ
کیا ہی جو وہ ہمیں کہتا ہی کہ تھوڑی مدت اور تم مجھے نہ دیکھو
گے اور پھر تھوڑی مدت اور تم مجھے دیکھوگے اور یہہ اِسلئے کہ
میں باپ کے پاس جاتا ہوں پھر اُنہوں نے کہا یہہ کیا ہی
جو وہ کہتا ہی کہ تھوڑی دیر ہم نہیں جانتے وہ کیا کہتا ہی اب
عیسی نے جانا کہ وے چاہتے ہیں کہ اُسسے سوال کریں اور اُنہیں
کہا کیا تم آپس میں اُسکی تفتیش کرتے ہو جو میں نے کہا
کہ تھوڑی دیر اور تم مجھے نہ دیکھوگے اور پھر تھوڑی دیر اور تم
مجھے دیکھوگے میں تمسے سچ سچ کہتا ہوں کہ تم روؤگے اور نالہ کرو
گے اور دنیا خوش ہوگی اور تم غمگین ہوگے لیکن تمہارے غم
کا انجام خوشی ہوگی جب کہ عورت جننے لگتی ہی تو غمگین
ہوتی ہی اِسلئیے کہ اُسکی ساعت پہنچی لیکن یہی کہ لڑکا جنی
پھر اِس خوشی سے کہ دنیا میں ایک آدمی پیدا ہوا اُس
درد کو یاد نہیں کرتی اور تم اب غمگین ہو پر میں تمہیں پھر
دیکھونگا اور تمہارا دل شاد ہوگا اور تمہاری خوشی تمسے

کو مٹی چھین نہ لیگا

چوتھی اتوار کی دعا بعد عید فصح کی

ای خدا اے قادر مطلق کہ تو ہی فقط گنہگار آدمیوں کے بے لگام شہوتوں اور خواہشوں کو قید میں رکھ سکتا ہی اپنے لوگوں کو بخشش کر دے اُس چیز سے کہ جسکا تو نے حکم کیا ہی محبت رکھیں اور اُسکی کہ جسکا تو نے وعدہ کیا ہی امیدوار رہیں تاکہ اِسطور سے جہان کے متفرق اور گوناگوں عزل و نصب میں ہمارے دل صریحاً جہاں کہ شادمانی حقیقی پانے ہاری ہی لگ جائیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخشش — آمین

مکتوب یعقوب ۱ — ۱۷

ہر ایک اچھی بخشش اور ہر انعام کامل اوپر ہی سے ہی اور وہ اصل انوار سے نازل ہوتا ہی جسمیں تبدیل اور سایہ جوزوال ہوتا ہی نہیں ہی اُسنے خود اپنی ہی مرضی سے سچائی کی بات سے پیدا کیا تاکہ ہم اُسکے مخلوقوں میں پہلے پھلوں کی

مانند ہو ویں پس ای میرے پیارے بھائیو ہر آدمی سنن لینے میں تیز اور بول اٹھنے میں دھیما اور غصہ میں متامل ہو وے کیونکہ آدمی کا غصہ راستبازی الہی کے کام میں نہیں آتا اِس واسطے ای بھائیو تم سب طرح کی گندگی اور اپھری ہوئی بدی کو پھینک کے اُس کلام کے درخت کو لگایا گیا ہی فروتنی سے لو کہ وہ تمہاری جانوں کو بچا سکتا ہی

انجیل یوحنا ۱۶ — ۵

عیسی نے اپنے شاگردوں سے کہا اب میں اُس کے پاس جسنے مجھے بھیجا ہی جاتا ہوں اور تم میں سے کوئی مجھسے نہیں پوچھتا کہ تو کہاں جاتا ہی اور اِس لئے کہ میں نے یہ باتیں تم سے کہیں تمہارا دل غم سے بھر گیا لیکن میں تمہیں حق کہتا ہوں کہ تمہارے لئے میرا جانا ہی سودمند ہی کیونکہ اگر میں نہ جاؤں وکیل تمہارے پاس نہ آئیگا پر اگر میں جاؤں میں اُسے تمہارے پاس بھیج دونگا اور وہ جب آوے تو جہان کو گناہ سے اور راستی سے اور حکم سے ملزم کریگا گناہ سے اِس لئے کہ وے مجھہ پر ایمان نہ لاے راستی سے

اِسلیئے کہ میں اپنے باپ کے پاس جاتا ہوں اور تم مجھے
پھر نہ دیکھوگے حکم سے اِسلیئے کہ اُس جہان کے سردار
پر حکم کیا گیا ہی — ہنوز بہت سی باتیں ہیں کہ میں تمہیں کہوں
پر اب تم انکی برداشت کر نہیں سکتے لیکن جب وہ یعنے
روح صدق آوے وہ تمہیں ساری سچائی کی راہ بتاویگا
اِسلیئے کہ وہ اپنی نہ کہیگا لیکن جو کچھ وہ سُنیگا سو کہیگا اور وہ
تمہیں آیندہ کی خبریں دیگا وہ میری ستایش کریگا اِسلیئے
کہ وہ میری چیزوں سے پائیگا اور تمہیں دکھائیگا سب چیزیں
جو باپ کی ہیں میری ہیں اِسلیئے میں نے کہا کہ وہ میری
چیزوں سے لیگا اور تم کو دکھائیگا

پانچویں اتوار کی دعا بعد عید فصح کی

ای خداوند کہ تجھسے سب اچھی چیزیں نکلتی ہیں ہم عاجز
بندوں کو بخش کہ تیرے مقدس الہام سے ہم اچھی
چیزوں کی طرف فکر دوڑاویں اور تیری رحمت کی ہدایت
سے اُسپر عمل کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ

مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب یعقوب ۱ — ۲۲

کلام پر عمل کرتے رہو نہ اپ کو فریب دیکے فقط سنا کرو
اسلیئے کہ اگر کوئی کلام کو سنا کرے اور عمل نہ کرے تو وہ اُس
آدمی کی مانند ہی جو اپنے اصلی چہرہ کو آینہ میں دیکھتا ہی
اُسنے آینہ میں دیکھا اور چلا گیا اور جلد بھول گیا کہ کیسا تھا پر جو
کوئی آزادگی کی کامل شریعت کو سوچتا ہی اور اُسمیں
مستقل ہی وہ چونکہ فراموشی سے نہیں سنتا ہی بلکہ
کاموں کا کرنیوالا ہی اپنے کاموں میں نیک بخت ہوگا اگر کوئی
تمہارے بیچ عابد صورت آوے اور اپنے منہہ کو لگام نہ دے
بلکہ اپنے دل میں فریب کھاوے تو اُسکی عبادت باطل ہی
جو عبادت خدا اور باپ کے آگے پاک ہی اور ملوث نہیں
ہی یہہ ہی کہ یتیموں اور بیوں کی جب وے دکھہ میں
ہوں خبر لیجئے اور آپ کو دنیا کی کثافت سے بیداغ رکھے

انجیل یوحنا ۱۶ — ۲۳

میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں تم میرا نام لیکے جو کچھہ باپ سے

مانگو گے وہ تمکو دیگا اب تک تمنے میرے نام سے کچھ نہیں
مانگا مانگو کہ تم پاؤگے تاکہ تمہاری خوشی کامل ہو میں نے
یہ باتیں تمثیلوں میں تمہیں کہیں پر وہ وقت آتا ہی جب کہ
میں تمہیں تمثیلوں میں پھر نہ کہونگا بلکہ علانیہ باپ کا حال تمپر
ظاہر کرونگا اُس دن تم میرے نام سے مانگو گے اور میں
تمہیں نہیں کہتا کہ میں باپ سے تمہارے لیئے درخواست
کرونگا اِسلیئے کہ باپ تو آپہی تمہیں پیار کرتا ہی کیونکہ تمنے
مجھے پیار کیا اور ایمان لائے ہو کہ میں خدا سے نکلا ہوں میں باپ
سے نکلا ہوں اور دنیا میں آیا ہوں پھر دنیا سے وداع ہوتا ہوں
اور باپ کے پاس جاتا ہوں — اُسکے شاگردوں نے اُسے
کہا دیکھ اب تو صاف کہتا ہی اور تمثیل نہیں کہتا اب ہم
یقین کرتے ہیں کہ تو سب چیزیں جانتا ہی اور محتاج نہیں کہ
تجھسے کوئی سوال کرے اِسسے ہم کو یقین ہوا کہ تو خدا سے
نکلا ہی عیسیٰ نے اُنہیں جواب دیا کیا تمکو اب یقین ہوا
دیکھو ساعت آتی ہی بلکہ آچکی کہ تم میں ہر ایک پراگندہ ہو کے
اپنی راہ لیگا اور مجھے تنہا چھوڑ دوگے اور تو بھی میں تنہا نہیں

کیونکہ باپ میرے ساتھ ہی میں نے تمسے یے باتیں کہیں تا کہ مجھہ میں تم آرام پاؤ تم دنیا میں تنگی دیکھو گے لیکن خاطر جمع رکھو کہ میں نے دنیا کو مغلوب کیا ہی

دعا روز صعود گی

ای خدا ے قادر مطلق ہم تیری منتی کرتے ہمیں بخش کہ جیسا ہم اعتقاد لاتے ہیں کہ تیرے اکلوتے بیٹے ہمارے خداوند عیسی مسیح نے عرش پر صعود کیا ایسے ہی ہم بھی بقصد دلی وہاں صعود کریں اور اُسکے ساتھ ہردم رہیں کہ وہ موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی ساتھ تیرے اور روح القدس کے مدام ایک خدا جہان سے بے پایان تک — آمین

بجای مکتوب اعمال ا — ا

ای ثاوفاوس جو کچھہ کہ عیسی کہتا اور سکہلاتا رہا اُس دم تک کہ وہ روح قدس کے رسولوں کو جو اُسکے برگزیدہ تھے فرمان دے کے اوپر اُٹھایا گیا ہیں وہ سب پہلے کتاب میں بیان کر چکا اُنہیں کے نزدیک اُسنے بعد اپنے مرنے

نے آپ کو بہت سی دلیل قاطع سے زندہ ثابت کیا کہ وہ
چالیس دن تک اُنہیں نظر آیا کیا اور خدا کی سلطنت کی باتیں
کہتا رہا اور اُنکی جماعت میں داخل ہو کے اُنہیں حکم کیا کہ
اورشلیم سے باہر نہ جاؤ بلکہ جو وعدہ کہ باپ نے کیا جسکا ذکر تم
مجھ سے سن چکے ہو اُسکا انتظار کرو اسلیئے کہ یحییٰ نے تو
پانی سے اصطباغ دیا پر تم تھوڑے دنوں کے بعد روح
قدس کا اصطباغ پاؤگے اور اُنھوں نے ایکٹھے ہو کے اُسسے
سوال کیا کہ ای خداوند کیا تو اسی وقت سلطنت
بنی اسرائیل پر مقرر کرتا ہی اُسنے اُنہیں کہا تمہارا کام نہیں
کہ تم اُن وقتوں اور موسموں کو جنہیں باپ نے اپنے ہی
اختیار میں رکھا ہی جانو لیکن جب روح قدس تم پر آیگا
تم قوت پاؤگے اور اورشلیم اور ساری یہودیہ اور سامرہ میں
انتہائے زمین تک میرے گواہ ہوگے اور وہ یہ باتیں کہکے
ان کے دیکھتے ہوئے اوپر اٹھایا گیا اور بدلی نے اُسے
اُنکی نظر سے آپ میں چھپا لیا اور وہ جب چلا جاتا تھا اور وے
آسمان کی سمت تک رہے تھے دیکھو کہ دو مرد سفید پوشاک

میں اُنکے پاس حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ ای جلیل
کے لوگو تم کھڑے آسمان کو کیا تکتے ہو یہی عیسیٰ جو تمہارے
پاس سے آسمان پر اٹھایا گیا ہی جس طرح تمنے اُسے
آسمان کو جاتے دیکھا اُسی طرح آئیگا

انجیل مرقس ۱۶ — ۱۴

عیسیٰ اُن گیارہوں کو جب وے بیٹھے تھے دکھائی دیا اور
اُنکی بے اعتقادی اور سخت دلی پر ملامت کی کیونکہ اُنہوں نے
اُنکی باتوں کو جنہوں نے اُسے اُسکے جی اُٹھنے کے بعد دیکھا
تھا باور نہ کیا اور اُنہیں ارشاد فرمایا کہ تم تمام دنیا میں ہر مخلوق
کے آگے انجیل کی منادی کرو جو کہ ایمان رکھتا ہی اور اصطباغ
دیا گیا ہی نجات پائیگا اور وہ جو ایمان نہیں رکھتا اُس پر
عذاب کا حکم کیا جائیگا اور وے جو ایمان لاوینگے اُن کے ساتھ یہ
علامتیں ہونگیں کہ وے میرے نام سے دیووں کو نکالینگے
اور نئی زبانیں بولینگے سانپوں کو اُٹھالینگے اور اگر وے کوئی
کشندہ چیز پینگے اُنہیں ضرر نہ کریگی وے بیماروں پر ہاتھ رکھینگے
وے چنگے ہو جاینگے خداوند اُنہیں یہہ فرماکے آسمان پر جاتا

رہا اور خدا کے دہنے ہاتھ بیٹھا پھر اُنہوں نے ہر جگہہ جا کر منادی
کی اور خداوند انکی مدد کرتا تھا اور سخن کو معجزوں سے
جو اُسکے ساتھ تھے ثابت کرتا تھا

اتوار کی دعا بعد روز صعود کی

ای خدا بادشاہ جلال کے کہ تو نے اپنے اکلوتے بیٹے عیسیٰ
مسیح کو بعد اسکے مظفر ہونے کے بڑی ہی شان و شوکت کے
ساتھ اپنی سلطنت آسمانی پر اُٹھایا ہم تیری منت کرتے
ہیں ہمیں بے تسلی کے نہ چھوڑ بلکہ ہماری تسکین کے لئے
روح القدس ہمپر نازل کر اور ہمیں بھی اُسی مقام پر اٹھا
جہاں کہ ہمارا منجی مسیح آگے گیا ہی جو موجود ہی اور سلطنت
کرتا ہی ساتھ تیرے اور روح القدس کے مدام ایک خدا
جہان بے پایان تک — آمین

ا مکتوب پطرس ۴ — ۷

ساری چیزوں کا انتہا نزدیک ہی اِسلیئے ہوشیار اور
دعا کرتے ہوئے بیدار رہو علی الخصوص ایک دوسرے کو دل

سے پیار کرو کیونکہ محبت گناہوں کے وفور کو ڈھانپ دیتی ہی اور باہم بے منافشہ مسافر دوست رہو اور جسکو جس قدر انعام ملے وہ اُسے اُنکی مانند جو خدا کی گوناگوں نعمتوں کے خاصے خانساماں ہیں آپس میں بانٹے اگر کوئی بولے تو وہ خدا کے کلام کے مطابق بولے اگر کوئی خدمت کرے تو اتنی کرے جتنا کہ اُسے خدا نے مقدور دیا ہی تاکہ عیسیٰ مسیح کے واسطہ سب میں خدا کا جلال جلوہ گر ہو کہ شوکت و قدرت ابد تک اُسکی ہی ـــ آمین

انجیل یوحنا ۱۵ ـــ ۲۶ ـــ ۱۶ ـــ ۴

جب کہ وہ وکیل جسے میں تمہارے لئے باپ کی طرف سے بھیجونگا یعنے روح صدق جو باپ سے نکلتا ہی آوے تو وہ میرے لیئے گواہی دیگا اور تم بھی گواہی دوگے کیونکہ تم ابتدا سے میرے ساتھ ہو میں نے یے باتیں تمہیں کہیں تاکہ تم ٹھوکر نہ کھاؤ وے تمکو مجھ سے نکال دینگے بلکہ وہ ساعت آتی ہی کہ جو کوئی تمہیں قتل کرتا ہی گماں کریگا کہ خدا کی بندگی بجالاتا ہی اور تمسے ایسے سلوک کرینگے اسلیئے کہ انہوں

نے نہ باپ کو جانا او رنہ مجھے اور میں نے یے باتیں تمکو کہیں
تاکہ جب وہ وقت آوے تم یاد کرو کہ میں نے اُنکی تمھیں کہیں

وھٹ سنڈی یعنی روح القدس کی نزول کی دن کی دعا

ای خدا کہ جیسے تو نے اِسوقت اپنے معتقدوں کے دلوں
کو اپنے روح القدس کے ارسال نور سے تعلیم کی بخش
کہ اُسی روح سے ہم سب چیزوں میں عقل سلیم پائیں
اور مدام اُسکی مقدس تسکین سے خوشنود رہیں — یہہ
عرض ہماری ہمارے منجی عیسی مسیح کے استحقاق کے لیئے بخش جو
موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی ساتھہ تیرے اور اُسی روح
کے اتحاد میں مدام ایک خدا جہان بے پایاں تک — آمین

بجای مکتوب اعمال ۲ — ۱

جب عید اسبوع برابر آپہنچی وے سب بالاتفاق ایکٹھے
تھے تب ناگاہ آسمان سے ایک آواز آئی جیسی بڑی کی
آندھی کی ہوتی ہی کہ اُسنے سارا گھر جس میں وے بیٹھے
تھے گونج گیا اور اُنہیں آتش کے زبانی سے متفرق دکھلائیے

دئے اوران میں سے ہر ایک پر جا ٹہرے تب وے سب
روح قدس سے بھر گئے اور اجنبی زبانیں جیسا روح
نے اُنہیں تلفظ بخشا بولنے لگے اور کتنے متقی یہودی ہر ایک
صنف میں سے جو آسمان کے تلے ہے اُسوقت اورشلیم
میں آ رہے تھے اب جب کہ یہ مشہور ہوا لوگ جمع ہو کے
آئے اور دنگ ہوئے کیونکہ ہر ایک نے اُنہیں اپنی بولی بولتے
سنا اور وے سب متعجب اور متحیر ہو کر آپس میں
کہنے لگے کہ دیکھو کیا یہ سب جو بولتے ہیں جلیلی نہیں ہیں پس
کیونکہ ہر ایک ہم میں سے اپنے وطن کی بولی سنتا ہی ہم
فارسی اور مادی اور عیلامی اور عراق عجم اور یہودیہ
اور کپادوکیہ اور پنطس اور اسیا کے اور فرجیہ اور
پمفولیہ اور مصر اور لیوہ کی اس نواحی کے باشندے
جو قرنیا کے قریب ہی اور رومی مسافر اور اصلی اور داخلی یہودی
قریطی اور عرب دیکھتے ہیں کہ وے ہماری بولیوں میں خدا کی
عمدہ باتیں بیان کرتے ہیں

انجیل یوحنا ۱۴ — ۱۵

عیسیٰ نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ اگر تم مجھے عزیز جانتے ہو میرے حکموں کو حفظ کرو اور میں اپنے باپ سے درخواست کرونگا اور وہ تمہیں دوسرا وکیل دیگا جو ابد تک تمہارے ساتھ رہے یعنے روح صدق۔ جسے دنیا قبول نہیں کر سکتی کیونکہ اُسے دیکھتی نہیں اور نہ اُسے جانتی ہی لیکن تم اُسے جانتے ہو کیونکہ وہ تمہارے ساتھ رہتا ہی اور تم میں ہوویگا میں تمہیں یتیم نہ چھوڑونگا میں تمہارے پاس آونگا اب تھوڑی دیر ہی کہ دنیا مجھے پھر نہ دیکھیگی پر تم مجھے دیکھتے ہو اور اِسلئے کہ میں جیتا ہوں تم بھی جیوگے اُس روز تم جانوگے کہ میں باپ میں اور تم مجھ میں اور میں تم میں ہوں — جسکے پاس میرے احکام ہیں اور وہ اُنہیں حفظ کرتا ہی وہی مجھے پیار کرتا ہی اور وہ جو مجھے پیار کرتا ہی میرے باپ کا پیارا ہوگا اور میں اُسے پیار کرونگا اور اپنے تئیں اُسپر آشکارا کرونگا — یہودا اُسنے (نہ وہ کہ جو اسکریوطی تھا) اُسے کہا کہ اے خداوند کیونکر تو آپ کو ہم پر آشکارا کریگا اور دنیا پر نہیں عیسیٰ

نے جواب میں اُسسے کہا اگر کوئی مجھے پیار کرتا ہی وہ میری
باتیں حفظ کریگا اور میرا باپ اُسسے پیار کریگا اور ہم اسکے پاس
آوینگے اور اُسکے ساتھہ مقیم ہونگے جو مجھے پیار نہیں کرتا میری
باتوں کو حفظ نہیں کرتا اور یہہ کلام جو تم سنتے ہو میرا نہیں بلکہ
باپ کا ہی جسنے مجھے بھیجا ہی ــ میں نے یے باتیں تمہارے
ساتھہ ہوتے ہوئے تم سے کہیں لیکن وہ وکیل روح قدس
جسے باپ میرے نام سے بھیجیگا وہ تمہیں سب چیزیں
سکھلائیگا اور سب چیزیں جو کچھہ کہ میں نے تمہیں کہا ہی
تمہیں یاد دلائیگا امن تمہیں دیے جاتا ہوں اپنا امن میں تمہیں
دیتا ہوں نہ جسطرح سے کہ دنیا دیتی ہی میں تمہیں دیتا ہوں
اپنے دل کو پریشان نہ ہونے دو اور ہراساں نہ ہو تم سُن
چکے ہو کہ میں نے تمکو کہا گو میں جاتا ہوں اور تمہارے پاس
پھر آتا ہوں اگر تم مجھے پیار کرتے تو تم میرے اِسس کہنے
سے کہ میں باپ کے پاس جاتا ہوں خوش ہوتے کیونکہ
میرا باپ مجھسے بڑا ہی اور اب میں نے تمہیں پیش
از وقوع کہا کہ جب واقع ہو تم اعتقاد کرو بعد اُسکے میں تمسے

بہت کلام نہ کرونگا اِسلیئے کہ اِس جہان کا سردار آتا ہی
اور اُسکی مجہہ میں کوئی چیز نہیں لیکن تاکہ دنیا جانے کہ میں باپ
کو پیار کرتا ہوں جسطرح باپ نے مجہے فرمادیا میں ویسا ہی کرتا ہوں

وھٹ سن کی ھفتی کی پیرکی دعا

ای خدا کہ جیسے تو نے اِسوقت اپنے معتقدوں کے دلوں کو
اپنے روح القدس کے ارسال نور سے تعلیم کی بخشش کہ
اُسی روح سے ہم سب چیزوں میں عقل سلیم پائیں اور
مدام اُسکی مقدس تسکین سے خوشنود رہیں —
پہر عرض ہماری ہمارے منجی عیسی مسیح کے استحقاق کے
لیئے بخش جو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی ساتہہ تیرے
اُسی روح کے اتحاد میں مدام ایک خدا جہان بے پایان تک — آمین

بعوض مکتوب اعمال ۱۰ — ۳۴

تب پطرس نے زبان کھول کے کہا کہ فی الحقیقت میں جانتا ہوں
کہ خدا اشخاص کی رعائت نہیں کرتا بلکہ ہر قوم میں جو کہ اُس سے
ڈرتا ہی اور عدل کے کام کرتا ہی اُسکا مقبول ہی پہر وہی

بات ہی جو خدا نے بنی اسرائیل کو کہلا بھیجی کیونکہ اُسنے
بشارت دی کہ عیسیٰ مسیح سے جو خداوند کل ہی سلامتی
ملیگی وہ ماجرا جو بعد اُس اصطباغ کے جسکی منادی
یحییٰ نے کی جلیل سے شروع ہو کے سارے یہود یہ میں ہوتا
رہے تم جانتے ہو یعنے عیسیٰ ناصری کی بات کہ خدا نے اُسے روح
قدس اور قوت سے کس طرح مسیح کیا اور وہ نیکی کرتا رہا
اور سب کو جو ابلیس سے مغلوب ہوئے تھے شفا بخشتا پھرا
اسلیئے کہ خدا اُسکے ساتھ تھا اور ہم اُن سب کاموں پر جو اُسنے
یہودیوں کی سرزمین اور اورشلیم میں کئے گواہ ہیں اُسکو
اُنہوں نے لکڑے پر جھڑکے قتل کیا خدا نے اُسے تیسرے
دن اُٹھایا اور عنایت سے علانیہ ظاہر کیا اور ساری گروہ
پر نہیں بلکہ بعضے گواہوں پر جو پہلے سے خدا کے برگزیدہ
ہوئے یعنے ہم پر ظاہر کیا کہ ہمنے اُس کے جی اُٹھنے کے
بعد اُسکے ساتھ کھایا اور پیا اُسنے ہمیں حکم کیا کہ خلق میں
منادی کرو اور گواہی دو کہ یہیں وہ ہوں جسے خدا نے مقرر
کیا کہ زندوں اور مردوں کا حاکم ہو — اُس کے لیئے سب

انبیا گواہی دیتے ہیں کہ جو کوئی اس پر ایمان لاویگا اُسکے نام سے اُسکے گناہوں کی مغفرت ہوگی— پطرس یہہ باتیں کہہ رہا تھا کہ روح قدس اُن سب پر جو سنتے تھے پر ا اور مختون ایمان دار جو پطرس کے ساتھ آئے تھے حیران ہوئے کہ عوام پر بھی روح قدس کی بخشش جاری ہوئی کیونکہ اُنہوں نے دیکھا کہ وے مختلف زبانیں بولتے اور خدا کی ثنا کرتے تھے تب پطرس کہنے لگا کہ کیا کوئی پانی روک سکتا ہی کہ وے جنہوں نے ہماری طرح روح قدس کو پایا اصطباغ نہ پاویں تب اُسنے حکم کیا کہ اُنہیں خداوند کے نام سے غسل اصطباغ دیا جاوے پھر اُنہوں نے اُس سے تمنا کی کہ چندے یہاں رہے

انجیل یوحنا ۳— ۱۶

خدا نے جہان کو ایسا پیار کیا ہی کہ اُسنے اپنا اکلوتا بیٹا بخشا تا کہ جو کوئی اُسپر ایمان لاوے ہلاک نہ ہو بلکہ حیات ابدی پاوے کیونکہ خدا نے اپنے بیٹے کو جہان میں اس لیئے نہیں بھیجا کہ جہان کے قتل پر فتوی دیوے بلکہ اس لیئے کہ جہان

اُسکے سبب نجات پائے وہ جو اُسکا معتقد ہی ملزم نہیں
پر وہ جو معتقد نہیں ابھی ملزم ہوا اس لیئے کہ وہ خدا کے اکلوتے
بیتے کے نام پر ایمان نہ لایا اور الزام یہہ ہی کہ نور جہان میں
آیا اور خلق نے تاریکی کو نور سے بیشتر دوست رکھا کیونکہ
ان کے فعل بُرے تھے اس لیئے کہ جو کوئی بُرا کرتا ہی نور
سے عداوت رکھتا ہی اور نور تک نہیں آتا تا نہ ہووے
کہ اُسکے فعل ظاہر ہوویں پر وہ جو حق کرتا ہی نور کے پاس
آتا ہی تا کہ اُسکے کام ظاہر ہوویں کہ وے خدا کے راہ پر کیئے گئے ہیں

وهٹ سن کی هفتی کی منگل کی دعا

ای خدا کہ جیسے تو نے اِسوقت اپنے معتقدوں کے دلوں
کو اپنے روح القدس کے ارسال نور سے تعلیم کی بخش کہ
اُسی روح سے ہم سب چیزوں میں عقل سلیم پائیں اور مدام
اُسکے مقدس تسکین سے خوشنود رہیں — یہہ عرض
ہماری ہمارے منجی عیسیٰ مسیح کے استحقاق کے لیئے بخش
جو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی ساتھہ تیرے اُسی روح کے

اتحاد میں مدام ایک خدا جہان بے پایان تک — آمین

بعوض مکتوب اعمال ۸ — ۱۴

اب حواریوں نے جو اورشلیم میں تھے سنکر کہ سامریوں نے خدا کی بات مان لی پطرس اور یحیٰی کو اُنکے پاس بھیجا اُنہوں نے وہاں جاکے اُنکے حق میں دعا مانگی کہ وے روح قدس پاویں اِسلیئے کہ اُسوقت تک اُسنے اُنمیں سے کسی پر نزول نہ کیا تھا انہیں صرف خداوند عیسی کے نام سے اصطباغ دیا گیا تھا تب اُنہوں نے اُنپر ہاتھ رکھے اور اُنہوں نے روح قدس کو پایا

انجیل یوحنا ۱۰ — ۱

میں تمسے سچ سچ کہتا ہوں جو کہ دروازہ سے گوسپند خانہ میں داخل نہیں ہوتا بلکہ اور طرف سے اُوپر چڑھتا ہی چور اور رہزن ہی لیکن وہ جو دروازہ سے داخل ہوتا ہی گوسپندوں کا چوپان ہی دربان اُسکے لئے کھولتا ہی اور بھیڑیں اُسکی آواز سنتی ہیں اور وہ اپنی بھیڑوں کو نام لیکے بلاتا ہی اور اُنہیں باہر لیجاتا ہی اور جب وہ اپنی بھیڑوں کو باہر نکالتا

ہی تو اُنکے آگے آگے چلتا ہی اور بھیڑیں اُسکے پیچھے ہو لیتی ہیں کیونکہ وے اُسکی آواز پہچانتی ہیں اور وے بیگانہ کے پیچھے نہیں جائیں بلکہ اُسسے بھاگتی ہیں اِسلئیے کہ بیگانوں کی آواز نہیں پہچانتیں عیسی نے یہہ تمثیل اُنہیں کہی لیکن وے نہ سمجھے کہ یہہ کیا باتیں تھیں جو وہ اُن سے کہتا تھا تب عیسی نے اُنہیں پھر کہا میں تمسے سچ سچ کہتا ہوں کہ گوسپندوں کا دروازہ میں ہوں سب جتنے مجھسے آگے آئے چور اور رہزن ہیں اور بھیڑوں نے اُنکی نہ سنی دروازہ میں ہوں اگر کوئی شخص مجھسے داخل ہو نجات پائیگا اور اندر باہر آوے جائیگا اور چراگاہ پائیگا چور نہیں آتا مگر چُرانے اور قتل کرنے اور ہلاک کرنے کو میں آیا ہوں تاکہ وے زندگی پائیں اور وہ کثرت سے

متبرک تثلیث کی اتوار کی دعا

ای خداے قادر قیوم کہ تو نے اپنے بندوں پر فضل کیا کہ ایمان صادق کے اعتراف سے تثلیث قدیم کے جلال کے مقر ہوں اور

اقتدار سبحانی تو حید کو مانیں ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ تو اسی ایمان میں ہمیں برقرار رکھ اور مدام ہمیں سب تکلیفات سے بچا رکھ کہ تو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی مدام ایک خدا جہان سے بے پایان تک ― آمین

بعوض مکتوب مشاہدات ۴ ― ۱

بعد اسکے جو میں نے نگاہ کی دیکھو کہ آسمان پر ایک دروازہ کھلا ہوا تھا اور پہلی صدا جو میں نے سنی نرسنگے کی سی تھی جو مجھہ سے بولا اور کہا کہ ایدھر اوپر آ اور میں تجھے بتلاؤنگا کہ اسکے بعد کیا ہوتا ہی تب وونہیں میں روح میں آگیا اور دیکھو کہ آسمان پر ایک تخت دھرا تھا اس تخت پر ایک شخص بیٹھا تھا اور اس بیٹھنے والے کا رنگ یشم اور عقیق کا سا تھا اور ایک قوس قزح جسکا رنگ زمرد کا سا تھا اس تخت کے گرد تھا اور اس تخت کے آس پاس چوبیس تخت تھے ان تختوں پر میں نے چوبیس بزرگ سفید پوش دیکھے انکے سروں پر سونیکے تاج تھے اور برق اور رعد اور آوازیں اس تخت سے نکلتی

تھیں اور آتش کے سات چراغ اُس تخت کے آگے
روشن تھے یہہ خدا کی سات روحیں ہیں اور اُس تخت کے
آگے ایک زجاجی دریا بلور کی مانند تھا اور تخت کے وسط پر اور
تخت کی گرد چار جاندار تھے جو پس و پیش پر از چشم تھے
پہلا جاندار ببر آسا تھا اور دوسرا بچھڑے کی مانند اور تیسرے
کا چہرہ انسان کا سا تھا اور چوتھا اُڑتے عقاب کے مثل تھا
اُن چاروں جانداروں کے چھ چھ پر تھے اور اُنکی چو
طرف اور اندر آنکھیں ہی آنکھیں تھیں اور وے رات دن
اِس ذکر سے باز نہ رہتے تھے کہ قدوس قدوس قدوس خداوند
خدا قادر متعال جو تھا اور جو ہی اور جو آنیوالا ہی — جب وہ جاندار
اُسکی جو تخت پر بیٹھا ہی اور ابد تک زندہ ہی تقدیس اور
تکریم اور شکرگذاری کرتے ہیں تب وے چوبیسوں
بزرگ اُسکے سامنے جو تخت پر بیٹھا ہی گر پڑتے ہیں اور
اُسکی جو ابد تک زندہ ہی پرستش کرتے ہیں اور اپنے ہار یہہ
کہتے ہوے اُسکے تخت کے آگے ڈال دیتے ہیں کہ ای
خداوند تو ہی جلال و عزت و قدرت کا مستحق ہی کیونکہ تو

ہی سے نے ساری چیزیں پیدا کیں اور وے تیری ہی مرضی سے ہیں اور پیدا ہوئی ہیں

انجیل یوحنا ۳ — ۱

نیقودیموس نام ایک فریسی شخص نے جو یہودیوں کا سردار تھا رات کو عیسی کے پاس آکر کہا کہ ربی ہم جانتے ہیں کہ خدا کی طرف سے تو معلم ہو کے آیا ہی کیونکہ کوئی شخص یے معجزے جو تو دکھاتا ہی جب تک خدا اُسکے ساتھ نہ ہو نہیں دکھا سکتا عیسی نے جواب دیکر اُسسے کہا کہ میں تمسے سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر کوئی سرنو پیدا نہ ہو وہ خدا کی مملکت کو دیکھہ نہیں سکتا نیقودیموس نے اُسسے کہا کہ آدمی جب بوڑھا ہو گیا تو کیونکر پیدا ہو سکتا ہی کیا اُسے یہہ قدرت ہی کہ دوبارہ اپنی ماں کے پیٹ میں در آئے اور پیدا ہوئے عیسی نے جواب دیا کہ میں تجھے سچ سچ کہتا ہوں اگر آدمی پانی اور روح سے پیدا نہ ہووے تو وہ خدا کی مملکت میں داخل ہو نہیں سکتا جو جسم سے پیدا ہوا ہی جسم ہی اور جو روح سے پیدا ہوا ہی روح ہی

تعجب نہ کر کہ میں نے تجھے کہا کہ تمہیں سر نو پیدا ہونا
ضرور ہی ہوا جدھر چاہتی ہی چلتی ہی اور تو اُسکی صدا
سنتا ہی پر نہیں جانتا کہ وہ کہاں سے آتی ہی اور کہاں کو
جاتی ہی ہر ایک جو روح سے پیدا ہوا ایسا ہی ہی نیقودیموس
نے جواب میں اُسے کہا کہ یہ چیزیں کیونکر ہو سکتی ہیں عیسی
نے جواب دیا کیا تو بنی اسرائیل کا استاد ہی اور یہ باتیں
نہیں جانتا میں تجھے سچ سچ کہتا ہوں کہ جسے ہم جانتے ہیں ہم کہتے
ہیں اور جسے ہمنے دیکھا ہی اُسپر گواہی دیتے ہیں اور تم
ہماری گواہی قبول نہیں کرتے جب میں نے تمہیں زمین کی
باتیں کہیں اور تم باور نہیں کرتے تو اگر میں تمہیں آسمان
کی باتیں کہوں تم کیونکر باور کرو گے اور سوا اُس شخص کے
جو آسمان پر سے اُترا یعنے ابن آدم جو آسمان پر ہی کوئی
آسمان پر نہیں گیا اور جسطرح موسیٰ نے سانپ کو بیابان
میں بلندی پر رکھا اسیطرح سے ضرور ہی کہ ابن آدم بھی
اُٹھایا جاے تاکہ جو کوئی اُسپر ایمان لاوے ہلاک نہ ہووے
بلکہ حیات ابدی پاوے

پہلی اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای خدا تو اُن سب کی جو تجھپر بھروسا رکھتے ہیں قوت ہی رحمت سے ہماری دعاؤں کو قبول کر اور چونکہ ہم اپنی سرشت فانی کی ناتوانی کی علت بغیر تیرے کچھ اچھا کام کر نہیں سکتے ہیں اِس لیئے اپنے فضل کا مدد ہمیں بخش کہ تیرے حکم کو بجا لانے سے ہم تجھے خوشنود دونوں نیت و فعل سے رکھیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

۱ مکتوب یوحنا ۴ — ۷

ای حبیبو آؤ ہم ایک ایک کو پیار کریں کیونکہ محبت جو ہی خدا سے ہی اور جسمیں محبت ہی وہ خدا سے متولد ہوا ہی اور خدا کو پہچانتا ہی جسمیں محبت نہیں سو خدا کو نہیں جانتا کیونکہ خدا محبت ہی اور خدا کی محبت جو ہمسے ہی اُسسے ظاہر ہوئی کہ خدا نے اپنے اکلوتے بیٹے کو دنیا میں بھیجا تاکہ ہم اُسکے سبب حیات پاویں سو محبت اِسمیں نہیں کہ ہم نے خدا سے محبت رکھی بلکہ اِس میں ہی کہ اُسنے ہم

سے محبت رکھی اور اپنے بیٹے کو بھیجا کہ ہمارے گناہوں کا
کفارہ ہووے ای حبیبو ہرگاہ خدا نے ہم سے ایسی محبت
کی تو لازم ہی کہ ہم بھی ایک ایک سے محبت رکھیں کسی
نے خدا کو کبھی نہ دیکھا اگر ہم ایک دوسرے کو پیار کریں
تو خدا ہم میں رہتا ہی اور اُسکی محبت ہم میں کامل ہوئی ہم
اسی سے جانتے ہیں کہ ہم اس میں رہتے ہیں اور وہ
ہم میں کہ اُسنے اپنی روح میں سے ہمیں دیا اور ہمنے دیکھا
ہی اور گواہی دیتے ہیں کہ باپ نے بیٹے کو بھیجا کہ عالم کا بچانے
والا ہو جو کوئی کہ اقرار کرے کہ عیسی خدا کا بیٹا ہی خدا اُس
میں اور وہ خدا میں رہتا ہی ہمنے خدا کی محبت کو جو ہم
سے ہی جانا اور اُس پر معتقد ہوے خدا محبت ہی وہ جو
محبت میں رہتا ہی خدا میں رہتا ہی اور خدا اُس میں محبت
کے کامل ہونے کی دلیل یہہ ہی کہ ہم عدل کے دن بے پروا
رہیں کیونکہ جیسا وہ ہی ایسی ہی ہم دنیا میں ہیں محبت
میں دہشت نہیں بلکہ محبت کاملہ دہشت کو نکال دیتی ہی
کیونکہ دہشت میں عذاب ہی وہ جو ڈرتا ہی محبت میں

کامل نہیں ہوا ہم اُسسے پیار کرتے ہیں کیونکہ پہلے اُسنے
ہمیں پیار کیا اگر کوئی کہے میں خدا سے محبت رکھتا ہوں اور
اپنے بھائی سے دشمنی رکھے جھوٹھا ہی کیونکہ اگر وہ اپنے بھائی
کی جسے اُسنے دیکھا ہی محبت نہیں رکھتا تو خدا کی جسکو
اُسنے نہیں دیکھا کیونکر محبت رکھہ سکتا ہی ہمنے اُسسے
یہہ حکم پایا ہی کہ جو کوئی خدا سے محبت رکھتا ہی سو
اپنے بھائی سے بھی محبت رکھے

انجیل لوقا ۱۶ — ۱۹

ایک دولتمند تھا جو ارغوانی اور مہین کتان پہنتا تھا اور ہر روز
از بسکہ عیش و عشرت میں مشغول رہتا تھا اور لعازر نام
ایک کنگال تھا جسے اُسکے در پر پھینک گئے تھے اور
اُسکا سارا بدن گھاؤ سے بھرا ہوا تھا اُسکو آرزو تھی کہ ٹکڑے
جو اُس مرد تونگر کے دسترخوان سے گرتے تھے کھا
وے اور کُتّے آتے تھے اور اُسکے گھاؤوں کو چاٹتے تھے
ایسا ہوا کہ وہ کنگال مرگیا اور فرشتوں نے اُسے اُٹھا
کے ابراہیم کی گود میں ہاتھوں ہاتھہ پہنچایا وہ شخص تونگر

بھی مر گیا اور گاڑا گیا اور اُس عالم میں آنکھیں اُٹھا کر اُسنے آپ کو
عذاب جہنم میں پایا اور دور سے ابراہیم کے تئیں لعازر
کو گود میں لئے ہوئے دیکھا تب وہ چلا کے بولا کہ ای باپ
ابراہیم مجھپر رحم کر اور لعازر کو بھیج تا اپنی سر انگشت کو پانی
میں ڈبو کے میری زبان کو ٹھنڈا کرے کہ میں اِس شعلہ میں
کلپاتا ہوں ابراہیم نے کہا کہ بیٹا یاد کر کہ تو نے اپنی زندگی
میں اپنے عیش کا سامان پایا اور لعازر نے مصیبتیں اُٹھائیں
سو وہ اب تسلی پاتا ہی اور تو عذاب میں ہی اور سوا اُن
سب کے ہم میں اور تم میں ایک بڑا اُستوار غار درمیان
ہی کہ وے جو ایدھر سے تم تک جایا چاہتے ہیں گذر نہیں
سکتے اور نہ وے جو اُدھر ہیں ہم تک اِس پار آسکتے
ہیں تب اُسنے کہا پس ای باپ میں تیری سماجت کرتا
ہوں تو اُسے میرے باپ کے گھر بھیج کہ میرے پانچ بھائی
ہیں تا کہ وہ اُنہیں جتادے مبادا وے بھی اُس عذاب کے
مقام میں آویں ابراہیم نے اُسے کہا اُنکے پاس موسیٰ اور
انبیا ہیں چاہئے کہ وے اُنکی سنیں وہ بولا کہ نہیں ای باپ

ابرا ہیم کہ اگر کوئی مُردوں میں سے اُنکے پاس جاے تو وے
توبہ کرینگے تب اُسنے اُسے کہا کہ اگر وے موسیٰ اور انبیا
کی نہ سنیں تو ہرگز اگرچہ ایک مُردوں میں سے اُٹھے کبھی
پذیر نہ ہونگی

دوسری اتوارکي دعا بعد تثلیث کی

ای خداوند تو کبھی اُنکی مدد اور انتظام سے کہ جنکو اپنی
پرداخت سے تو اپنی وحشت اور پیار میں مستحکم رکھتا ہی
باز نہیں رہتا ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ ہمیں اپنے حسن
انتظام کی حفاظت میں رکھ اور ایسا کر کہ ہم مدام تیرے اسم
مقدس کا خوف و محبت رکھیں — یہہ عرض ہماری ہمارے
خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

۱ مکتوب یوحنا ۳ — ۱۳

ای میرے بھائیو اگر دنیا تمسے دشمنی کرے تعجب نہ کرو
ہم تو جانتے ہیں کہ ہم موت سے گذر کے زندگی میں آئے کیونکہ
ہم بھائیوں سے الفت رکھتے ہیں جو اپنے بھائی سے الفت

نہیں رکھتا سو موت میں رہتا ہی اور جو کوئی کہ اپنے بھائی
سے بغض رکھتا ہی خونی ہی اور تم جانتے ہو کہ کسی خونی میں
حیات ابدی نہیں بسی ہمنے یہاں سے خدا کی محبت کو پہچانا
کہ اُسنے ہمارے واسطے اپنی جان فدا کی لازم ہی کہ ہم
بھی بھائیوں کے واسطے اپنی جان دیویں اور جس کسی کے
پاس مال دنیا ہو اور وہ بھائی کو محتاج دیکھے اور اپنے تئیں
رحم سے باز رکھے تو خدا کی محبت اُسمیں کیونکر بستی ہی
ای میرے بچو چاہیئے کہ ہم نہ لفظی اور زبانی الفت بلکہ حقیقی
اور یقینی کریں ہم تو اسی سے جانتے ہیں کہ ہم سچ
کے ہیں اور اپنے دلوں کو اُسکے آگے اطمینان بخشینگے کیونکہ
اگر ہمارا دل ہمیں الزام دے تو خدا ہمارے دل سے کہیں
بڑا ہی اور سب کچھ جانتا ہی ای حبیبو اگر ہمارا دل ہمیں
الزام نہ دے تو ہم خدا کے پاس بے پروا ہیں ہم جو کچھ
اُسسے مانگتے ہیں پاتے ہیں کیونکہ ہم اُسکے حکموں کو یاد
رکھتے ہیں اور جو کہ کچھ اُسے خوش آتا ہی سو کرتے ہیں
اور اُسکا حکم یہہ ہی کہ ہم اُسکے بیٹے عیسی مسیح کے نام پر ایمان

لاویں اور ایک ایک کو جیسا کہ اُسنے حکم کیا ہی پیار کریں اور جو اُسکے حکموں کو یاد رکھتا ہی یہہ اُس میں اور وہ اِس میں رہتا ہی اور اُس سے یعنے روح سے جو اُسنے ہمیں دی ہی جانتے ہیں کہ وہ ہم میں رہتا ہی

انجیل لوقا ۱۴ — ۱۶

ایک شخص نے بڑا کھانا کیا اور بہتوں کی دعوت کی اور کھانیکے وقت اپنے خادم کو بھیجا کہ اُنسے جنکی دعوت تھی کہے کہ آو اب سب چیزیں تیار ہیں اُن سبھوں نے ایک ہی طور پر عذرخواہی شروع کی پہلے نے اُسے کہا کہ میں نے ایک قطعہ زمین خریدی ہی اور ضرور ہی کہ میں جاؤں اور اُسے دیکھوں میں عرض کرتا ہوں کہ تو مجھے معاف رکھہ دوسرے نے کہا کہ میں نے پانچ جوڑی بیل مول لئے ہیں اور اُنہیں جانچنے جاتا ہوں میں عرض کرتا ہوں کہ تو مجھے معاف رکھہ تیسرے نے کہا کہ میں نے جورو کی ہی اسلئے میں آ نہیں سکتا چنانچہ اُس خادم نے حاضر ہوکے اپنے آقا کو یہہ خبر دی تب صاحب خانہ نے غصے ہوکے اپنے خادم

سے کہا کہ شہر کے بازاروں اور کوچوں میں جلد جا اور عاجزوں
اور تندوں اور لنگڑوں اور اندھوں کو یہاں لا پھر خادم نے
کہا کہ ای خداوند تو نے جو حکم کیا تھا اُسکے موافق کیا گیا پر
ابھی جاہہ باقی ہی تب آقا نے خادم کو کہا کہ رستوں اور
میندوں کی طرف جا اور اُنہیں تاکید کر کر آویں تا کہ میرا گھر بھر
جاے کیونکہ میں تجھے کہتا ہوں کہ کوئی اُن لوگوں میں سے جنکی
دعوت کی گئی تھی میرا کھانا چکھنے نہ پائیگا

تیسری اتوارکی دعا بعد تثلیث کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ تو رحمت سے ہماری
سن اور بخش کہ ہم جنہیں کہ تو نے خواہش دی ہی کہ
تجھسے دعا مانگیں تیری اعانت قوی سے حفاظت اور تسکین
سب دشتوں اور تکلیفوں میں پائیں — یہہ عرض ہماری
ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

۱ مکتوب پطرس ۵ — ۵

ای جوانو تم سب کے سب دوسرے سے فروتر ہو کر

خاکساری کو پہن لو کیونکہ خدا متکبروں کا سامھنا کرتا ہی پر
خاکساروں کو نعمت دیتا ہی سو تم خدا کے دست قوی
کے تلے دبے رہو تا کہ وہ تمہیں وقت پر سرفراز کرے اور
اپنی ساری فکر اس پر ڈال دو کیونکہ وہ تمہارے واسطے
اندیشہ مند ہی ہوشیار اور بیدار ہو کیونکہ تمہارا مدعی
یعنے ابلیس ببر غرّاں کی مانند ڈھونڈھتا پھرتا ہی کہ کسکو کھا
جاوے پر تم ایمان میں مستقل ہو کے اُسکا مقابلہ کرو
اور جان رکھیو کہ بعینہ ایکہی نوع کی اذیتیں تمہارے بھائیوں
پر جو دنیا میں ہیں وارد ہوتی ہیں اب خدا جو سب نعمتوں
کا بخشندہ ہی جسنے ہمکو اپنے جلال ابدی کے لیئے مسیح
عیسیٰ میں بلایا ہی آپ ہی تم کو بعد اُسکے کہ تھوڑا سا دُکھ
پاچکو مضبوط اور استوار اور مستقل اور پایدار کرے جلال
اور اقتدار ابد تک اسی کا ہی — آمین

انجیل لوقا ۱۵ — ۱

پھر سب خراج گیر اور گنہگار اُسکے نزدیک آئے کہ اُسکی
سنیں اور فریسی اور کاتب آپس میں بڑبڑانے لگے

کہ یہہ مرد گنہگاروں کو آنے دیتا ہی اور اُنکے ساتھہ کہاتا ہی
تب اُسنے اُنسے یہہ تمثیل کہی کہ تم میں سے کون
ہی جو سو گوسپند کا مالک ہو اگر اُنمیں سے ایک کھو جاوے کیا وہ
ننانوے کو میدان میں نہیں چھوڑتا ہی اور جب تک اُس
گمشدہ کو نہیں پاتا اُسکی تلاش میں پڑا پھرتا ہی اور پاکے
شاد شاد ان اپنے کندھی پر اُٹھالاتا ہی اور گھر میں آکر
دوستوں اور ہمسایوں کو اکٹھے بلاتا ہی اور اُنہیں کہتا
ہی کہ میرے ساتھہ خوشی کرو اسلیئے کہ میں نے اپنا
گوسپند جو گم ہوا تھا پایا ہی میں تمہیں کہتا ہوں کہ اسیطرح
سے آسمان پر ایک گنہگار کے لیئے جو توبہ کرے ننانوے
راستبازوں کی نسبت سے جو توبہ کے محتاج نہیں زیادہ
خوشی ہوگی اور کون عورت ہی جس کے پاس دس
درہم ہوں اگر ایک درہم کھووے کیا وہ چراغ نہیں جلاتی
ہی اور گھر میں جھاڑو دیتی ہی اور جب تک نہ پاوے
پڑی ڈھونڈھا کرتی ہی اور جب پاتی ہی تو دوستوں
اور پڑوسیوں کو باہم بلاکے کہتی ہی کہ میرے ساتھہ خوشی

کرو اِسلئے کہ میں نے وہ درہم جو گم ہوا تھا پایا ہی اِسیطرح سے میں تمہیں کہتاہوں کہ خدا کے فرشتوں کی حضوری میں ایک گنہگار کے لئے جو توبہ کرتاہی خوشی ہوتی ہی

چوتھی اتوار کیِد عابعد تثلیث کی

ای خدا کہ تو اُن سبھوں کا جو تجھپر بھروسا رکھتے ہیں حافظ ہی اور تجھے چھوڑ نہ کچھہ چیز مضبوط ہی اور نہ مقدس اپنی رحمت کو ہماری طرف پھیلا اور بڑھا کہ تو ہمارا حاکم اور رہبر ہوکر ہم اِس جہان کی ناپایدار چیزوں سے ایسے گذر جائیں کہ آخرش کو ابدی چیزوں کا نقصان نہ اُٹھائیں — یہہ التماس ہمارا ای آسمانی باپ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب رومیوں کا ۸ — ۱۸

میرے اٹکل میں زمان حال کے دُکھہ درد وں کو یہہ لیاقت نہیں ہی کہ اُس جلال سے جو ہم پر جاوہ گر ہوگا مناسبت رکھیں کہ افرینش کا انتظار خدا کے فرزندوں کے ظہور کی توقع

سے ہی کیونکہ آفرینش بطالت کی محکوم ہی نہ رغبت
سے بلکہ اُسکے جبر سے جسنے اُسے محکوم کردیا اور امید سے
ہی کہ زندان فساد سے نکل کے اپنا سے الٰہی کے جلال کی
آزادگی میں داخل ہووے کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ ساری
خلقت ملکے اب تلک چیخیں مارتی ہی اور اُسے درد لگے
ہی اور فقط وہی نہیں بلکہ ہم بھی کہ جنہوں نے روح کے پہلے پھل
پاے آپ سے کراہتے ہیں اور اپنے جسموں کی رہائی
کی جو کہ ہمارا سے پالک ہونا ہی راہ تکتے ہیں

انجیل لوقا ۶ — ۳۶

اسواسطے تم جیسا تمہارا باپ رحیم ہی رحیم ہو نکتہ چینی
نہ کرو تب تمہاری بھی نکتہ چینی نہ کی جائیگی اور کسیکو مجرم نہ
ٹھہراؤ تو تم بھی مجرم نہ ٹھہراے جاؤگے بخشو کہ تم بخشے جاؤگے
دو اور تمہیں بھی دیا جائیگا اچھا پیمانہ داب داب کے اور ہلا
ہلا کے منہا منہہ بھرا ہوا تمہاری گود میں رکھ دینگے اسلیئے
کہ جس پیمانہ سے تم پیمایش کرتے ہو اُسی سے پھر
تمہارے لیئے بھی پیمایش کی جایگی پھر اُسنے انسے ایک

تمثیل کہی کہ اندھا اندھے کو کیا کہیں راہ بتا سکتا ہی کیا وے
دونوں گڑھے میں نہ گرینگے – شاگرد اپنے اُستاد سے بالا نہیں
پر جو کوئی کہ کامل ہوا ہی اپنے اُستاد سا ہوگا – اور تو اُس
کنک کو جو تیرے بھائی کی آنکھہ میں ہی کیوں دیکھتا ہی اور
اُس شہتیر کو جو تیری آنکھہ میں ہی نہیں دیکھتا اور کیونکر
تو اپنے بھائی کو کہہ سکتا ہی کہ اہی بھائی یہہ کنک جو تیری
آنکھہ میں ہی لا میں نکال دوں پر تو اُس شہتیر کو جو خود تیری
آنکھہ میں ہی نہیں دیکھتا – اہی مکار تو پہلے اُس شہتیر
کو اپنی آنکھہ سے نکال اور تب تو اُس کنک کو جو تیرے
بھائی کی آنکھہ میں ہی اچھی طرح دیکھکے نکال سکیگا

پانچویں اتوارکی دعا بعد تثلیث کی

اہی خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں بخش کہ اِس
جہان کا دور تیرے انتظام سے ایسی حالت سلم پر رہے
کہ تیری کلیسیا خوشنودی اور زاہدانہ چین کے ساتھہ تیری
خدمت کرے – یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح

کے واسطے بخش — آمین

۱ مکتوب پطرس ۳ — ۸

غرض سب کے سب یکدل ہو اور ہمدرد ہو برادرانہ محبت کرو رحیم اور متواضع ہو بدی کے عوض بدی نہ کرو گالی کے عوض گالی نہ دو بلکہ بالعکس برکت کی بات کہو کہ تم جانتے ہو کہ تم برکت کے وارث ہونیکو بلائے گئے ہو — جو کوئی چاہے کہ زندگی سے خوش ہو اور اچھے دنون کو دیکھے سو اپنی زبان کو بدی سے اور اپنے لبوں کو دغا کی بات بولنے سے باز رکھے بدی سے کنارہ کھینچے اور نیکی پر عمل کرے صلح کی جستجو اور پیروی کرے کیونکہ خداوند کی نگاہ راستبازوں پر اور اُسکے کان اُنکی مناجات پر ہیں پر خداوند کا چہرہ بدکاروں سے پھرا ہوا ہی اگر تم نیکی کی پیروی کیا کرو کون ہی جو تمسے بد سلوکی کرے پر اگر تم راستبازی کے سبب دکھ پاؤ تو نیک بخت ہو اور اُنکے ڈرانے سے نہ ڈرو اور نہ گھبرا جاؤ بلکہ خداوند خدا کو اپنے دلوں میں مقدس جانو

انجیل لوقا ۵ — ۱

ایسا ہوا کہ جب لوگوں نے اُسپر ہجوم کیا تا کہ خدا کا کلام سنیں وہ جینسرہ کی جھیل پر کھڑا تھا اور اُسنے اُس جھیل پر دو کشتیاں کھڑی دیکھیں پر مچھوے ان پر سے اُتر کے اپنے جالوں کو دھو رہے تھے اُسنے ایک پر اُن کشتیوں میں سے جو شمعون کی تھی چڑھ کے اُسسے درخواست کی کہ کنارے سے ذرا دور لیجاوے اور وہ بیٹھکر گروہوں کو کشتی پر سے تعلیم دینے لگا اب جب اُسنے کلام سے فراغت پائی تو شمعون سے کہا کہ گہرے پانی میں لیجا اور شکار کے لیئے اپنے جال ڈال شمعون نے جواب میں اُسسے کہا کہ ای آقا ہمنے ساری رات محنت کی اور کچھ نہ پکڑا لیکن تیرے کہنے پر میں جال ڈالتا ہوں اور جب کہ ڈالا تو مچھلیوں کا بڑا ہی غٹ گھیرا کہ اُنکا جال پھٹنے لگا تب اُنہوں نے اپنے شریکوں کو جو دوسری کشتی پر تھے اشارہ کیا کہ تم آکر ہماری کمک کرو وے آئے اور دونوں کشتیاں ایسی بھریں کہ ڈوبنے لگیں تب شمعون پطرس یہہ دیکھکر عیسیٰ کے گھٹنوں

پر گرا اور بولا کہ خداوند مجھ سے دور رہ کہ میں گنہگار ہوں کیونکہ اُسے
اور اُسکے سب رفیقوں کو اُن مچھلیوں کی برد سے جو انہوں
نے پائی حیرت نے لیا تھا اور اسیطرح سے زبدی کے
بیٹے یعقوب اور یوحنا جو شمعون کے شریک تھے حیران
تھے تب عیسی نے شمعون کو کہا کہ نہ ڈر کہ اس
دم سے تو آدمیوں کا صیاد ہوگا اُنہوں نے اپنے کشتیوں
کو کنارہ پر لا کے سب چھوڑا اور اُسکی پیروی کی

چھٹھی اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

اے خدا تو نے اُنکے لیئے جو تجھسے محبت رکھتے ہیں ایسی
اچھی چیزیں مہیا کیں جو کہ آدمی کے فہم سے باہر ہیں ہمارے
دلوں میں اپنا عشق اسطور سے ڈال کہ ہم تجھکو سب چیزوں
سے زیادہ چاہ کر تیرے وعدوں کو حاصل کریں کہ وے سب
سے کہ جنکی ہم خواہش کرسکتے ہیں زیادے ہیں — یہہ عرض
ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب رومیوں کا ۶ — ۳

کیا تم اس سے ناواقف ہو کہ جس کسی نے ہم میں سے عیسیٰ مسیح کا اصطباغ پایا اُسنے اسکی موت کا اصطباغ پایا اِس واسطے ہم موت والے اصطباغ کے سبب اُس کے ساتھ گاڑے گئے تاکہ جس طرح مسیح باپ کے جلال کے ساتھ مر کے جی اُٹھا ہم بھی نئی حیات میں قدم ماریں کیونکہ جب ہم اُسکی موت سے مشابہت پیدا کر کے اُسکے ساتھ بوئے گئے تو ہم اُسکے حشر میں بھی اُسکے برابر ہونگے کہ ہم یہہ جانتے ہیں کہ ہماری پرانی انسانیت اُسکے ساتھ صلیب پر کھینچی گئی تاکہ گناہ کا جسم فنا ہووے تاکہ ہم آگے کو گناہ کے بندے نہ ہو رہیں کہ جو مرا سو گناہ سے چھوٹا پس ہم اگر مسیح کے ساتھ مرے ہیں تو یقین جانتے ہیں کہ اُسکے ساتھ جئینگے ہم جانتے ہیں کہ مسیح جب مر کے جیا پھر نہ مریگا اور موت پھر اُسپر مسلط نہ ہو گی کیونکہ وہ جو موا تو گناہ کی نسبت دفعۃً موا مگر وہ جو جیتا ہی تو خدا کی نسبت جیتا ہی اِسی طرح تم آپ کو گناہ کی نسبت مردہ جانو پر خدا کی نسبت ہمارے

خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے زندہ سمجھو

انجیل متی ۵ — ۲۰

عیسیٰ نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ اگر تمہاری نیکی فریسیوں اور کاتبوں کی نیکی سے زیادہ نہ ہو تو تم آسمان کی سلطنت میں کسی طرح سے داخل نہ ہو گے تم سن چکے ہو کہ اگلوں سے کیا کہا گیا ہی کہ تو خون نہ کر اور جو کوئی کہ خون کریگا عدالت سے ملزم ہوگا پر میں تمہیں کہتا ہوں کہ جو کوئی اپنے بھائی پر بے سبب غصے ہووے عدالت سے ملزم ہوگا اور جو کوئی کہ اپنے بھائی کو راکا کہے مجلس میں ملزم ہوگا پر جو کوئی کہے کہ تو احمق ہی آتش جہنم کا سزاوار ہوگا پس اگر تو قربانگاہ میں اپنا ہدیہ لیجاوے اور وہاں تجھے یاد آوے کہ تیرا بھائی تجھسے کچھ قضیہ رکھتا ہی وہاں اپنے ہدیہ کو قربانگاہ کے سامھنے چھوڑ کر چلا جا پہلے اپنے بھائی سے ملاپ کر تب آکے اپنا ہدیہ گذران جس وقت تک کہ تو اپنے مدعی کے ساتھ راہ میں ہی جلد اسّے موافقت کرتا ایسا نہ ہوئے کہ مدعی تجھے قاضی کے حوالہ کرے اور قاضی تجھکو سرہنگ کے سپرد

کر دے اور تو قید میں ڈالا جاوے - میں تجھسے سچ کہتا ہون
کہ تو وہانسے جب تک کہ باقی کی ایک کوڑی تک ادا نہ کرلے
کسیطرح نہ چھوٹیگا

ساتویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

اے سب قدرت وقوت کے مالک تو ہی بانی اور بخشنیہارا
سب اچھی چیزوں کا ہی اپنے اسم کی محبت ہمارے
دلوں میں پیوند کر اور دین راست کی ترقی دے اور سب
نعمتوں سے ہماری پرورش کر اور اپنی رحمت غیر متنہاہی سے
اِن باتوں میں ہمیں مستقل رکھہ - یہہ غرض ہماری ہمارے
خداوند عیسی مسیح کے وسیلے بخش - آمین

مکتوب رومیوں کا ۶ — ۱۹

میں تمہارے جسم کی ناتوانی کی رعایت کرکے آدمی کی طرح
بیان کرتا ہوں سو جیسا تمنے اپنے عضووں کو ناپاکی کے اور
درجات شرارت کے سپرد کیا تھا کہ اُنکے بندے ہووےیں
ویسے ہی اب اپنے عضووں کو راستبازی کے سپرد کرو

کہ اُسکے بندے ہوکر پاک ہوں کیونکہ جب تم گناہ کے بندے
تھے تب راستبازی سے بیگانہ تھے اور تمنے اُن کاموں
سے جنسے تم پشیمان ہو کیا پھل پائے کہ اُن چیزوں کی غایت
موت ہی پر اب تم گناہ سے آزاد ہو کر خدا کے بندے بنکے
تقدس کے لیئے پھل لاتے ہو اور انجام حیات ابدی ہی
کیونکہ گناہ کا عوض موت ہی پر خدا کی بخشش حیات ابدی ہی
جو ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے سبب سے ہی —

انجیل مرقس ۸ — ۱

اُن دنوں میں جب بڑا دنگل جمع تھا اور اُنکے پاس کچھ کھانے
کو نہ تھا عیسیٰ نے اپنے شاگردوں کو بُلا کر کہا مجھے اُن لوگوں
پر ترس آتا ہی کہ اُنہوں نے تین دن سے میرا ساتھ
نہ چھوڑا اور اُنکے پاس کچھ کھانے کو نہیں ہی اگر میں اُنہیں
فاقہ سے گھر جانے کو وداع کروں وے راہ میں ناتوت ہو
جاینگے کہ کئی ایک اُن میں سے دور سے آئے ہیں اُسکے
شاگردوں نے اُسے جواب دیا کہ کوئی شخص اُن لوگوں کو اِس
وشت میں روٹی سے کیونکر سیر کر سکے تب اُسنے

اُنسے پوچھا کہ تمھارے پاس کتنی روٹیاں ہیں وے
بولے کہ سات پھر اُسنے دنگل کو حکم کیا کہ زمین پر بیٹھہ
جائیں اور اُسنے سات روٹیاں لیں اور شکر کرکے توڑیں اور
اپنے شاگردوں کو دین کہ انکے آگے رکھیں انھوں نے دنگل
کے آگے رکھہ دیں اور اُنکے پاس کئی ایک چھوٹی مچھلیاں
تھیں سو اُسنے برکت کا کلمہ کہکے حکم کیا کہ اُنہیں بھی اگے
دھریں چنانچہ اُنہوں نے کھایا اور سیر ہوئے اور اُنہوں نے
ان ریزوں کی جو بچ رہے تھے سات ٹوکریاں اٹھائیں اور وہ
خورندے چار ہزار کے قریب تھے — پھر اُسنے اُنہیں رخصت کیا

آٹھوین اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

اي خدا تیری بر جستہ تدبیر ر زاقیت سے سب چیزوں
کا انتظام آسمان اور زمین پر ہوتا ہی ہم تیری منتی کرتے
ہیں کہ سب مضر چیزیں ہمسے دور رکھہ اور وے چیزیں
ہمیں عطا کر جو کہ ہمارے حق میں مفید ہوں — یہہ عرض ہماری
ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب رومیوں کا ۸ — ۱۲

پس ای بھائیو جسم کا ہم پر کچھ ایسا دباو نہیں ہی کہ ہم جسم ہی کے طور پر زندگی بسر کریں اسلیئے کہ اگر تم جسمانی وضع پر زندگی کرو تو مروگے اور اگر تم روح کی کمک سے بدن کی عادتوں کو مارو تو حیات پاؤگے کیونکہ جو خدا کی روح سے ہدایت پاتے ہیں وے خدا کے بیٹے ہیں کہ تمہیں دوبارہ غلاموں کی سی طبیعت نہیں ملی جو تم ترساں ہو بلکہ تمنے لے پالک کی سی روح پائی ہی جسے ہم آبا ای باپ پکارتے ہیں وہ روح ہماری روح کے ساتھ ہوکے گواہی دیتی ہی کہ ہم خدا کے فرزند ہیں اور جب فرزند ہوئے تو وارث ٹھہرے یعنے خدا کے وارث اور میراث میں مسیح کے شریک ہیں اور یہہ جب ہو کہ ہم اُسکے ساتھ دکھ اُٹھائیں تو ہم اُسکے ساتھ جلال کا درجہ پائیں

انجیل متی ۷ — ۱۵

جھوٹھے پیغمبروں سے پرہیز کرو کہ تمہارے پاس بھیڑوں کی پوشاک میں آتے ہیں اور باطن میں درندے بھیڑئے ہیں تم اُنہیں اُنکے پھلوں سے پہچانوگے کیا لوگ

کانٹوں سے انگور یا اونٹکٹاروں سے انجیر حاصل کرتے ہیں اسی طرح سے ہر ایک اچھا درخت اچھا پھل لاتا ہی اور ناکارا درخت برا پھل لاتا ہی اچھا درخت برا پھل لا نہیں سکتا اور نہ برا درخت اچھا پھل لا سکتا ہی جو درخت کہ اچھا پھل نہیں لاتا کاٹا جاتا اور آگ میں ڈالا جاتا ہی سو تم اُنہیں اُنکے پھلوں سے پہچانوگے نہ ہر ایک کہ مجھے خداوند خداوند کہتا ہی آسمان کی سلطنت میں داخل ہوگا مگر وہی جو میرے باپ کے ارادہ کے موافق عمل کرتا ہی جو آسمان پر ہی

نویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ ہمیں ایسی عقل بخش کہ جستے ہم مدام ایسی چیزوں کو سوچیں اور بجا لائیں جو درست ہیں کہ ہم جو کچھ اچھی چیز بغیر تیرے کر نہیں سکتے تیرے سبب سے استعداد رکھیں کہ اپنا روپہ تیری مرضی کے موافق کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے وسیلے بخش — آمین

۱ مکتوب قرنتیوں کا ۱۰ — ۱

پر اے بھائیو میں نہیں چاہتا کہ تم اُس سے ناواقف رہو
کہ ہمارے باپ دادے سب ابر کے تلے تھے اور وے سب
دریا میں سے ہو کر نکل گئے اور سبھوں نے اس ابر
اور دریا سے موسوی اصطباغ پایا اور سبھوں نے ایکہی قسم
کا روحی کھانا کھایا اور سبھوں نے ایکہی نوع کا روحی پانی
پیا کیونکہ اُنہوں نے اُس روحانی پہاڑی سے جو ان کے ساتھ
چلی آتی تھی پانی پیا اور وہ پہاڑی مسیح تھا پر خدا اُن میں
کے بہتوں سے خوش نتھا جو وے میدان میں بچھہ گئے
اور وے حادثے لیجئے تو ہمارے واسطے نمونہ ہوئے تاکہ ہم برائیوں
کے طالب نہ ہویں جیسا کہ وے ہوئے اور تم بت پرست
نہ ہو چنانچہ اُن میں کئی ایک تھے جیسا لکھا ہی کہ یہہ قوم کھانے
پینے بیٹھی پھر ناچنے اُٹھی اور ہم حرامکاری نہ کریں چنانچہ
اُن میں سے کئی ایک نے کی اور دن بھر میں تیس ہزار مر گئے
اور ہم مسیح کو غصہ نہ دلاویں چنانچہ اُن میں سے بعضوں نے
دلایا اور سانپوں نے اُنہیں ہلاک کیا اور تم نہ کڑکڑاؤ

چنانچہ اُن میں سے کئی ایک گر گرائے اور قابض الارواح
سے اُنہیں ہلاک کیا اور یہ سب حادثے جو اُن پر پڑے
باعث عبرت ہوئے اور ہم جو زماں آخیر میں ہیں ہماری نصیحت
کے واسطے لکھے گئے ہیں پس جو کوئی کہ اپنے تئیں قائم بوجھتا
ہی سو خبردار رہے ایسا نہ ہو کہ گر پڑے اور تم کسی نوع
کے امتحان میں سوا اُسکے جو انسان سے کیا جاتا ہی نہیں
پڑے اور خدا صادق ہی کہ وہ تم کو تمہاری وسع طاقت
سے زیادہ امتحان میں پڑنے نہ دیگا بلکہ وہ امتحان کے ساتھ
نکلنے کی سبیل بھی ٹھہرائیگا تا کہ تم متحمل ہو سکو

انجیل لوقا ۱۶ — ۱

اور اُسنے اپنے شاگردوں سے یہہ بھی کہا کہ ایک تونگر
شخص تھا جسکا ایک خانساماں تھا جسپر اُسکے آگے تہمت
کی گئی کہ وہ اُسکا اموال برباد کرتا ہی اُسنے اُسے بلا کر
کہا یہہ جو میں تیرے حق میں سنتا ہوں کیا ہی اپنی خانسامانیکا
حساب دے کہ تو خانساماں رہ نہ سکیگا تب خانساماں
نے اپنے دل میں کہا کہ میں کیا کروں کہ میرا خداوند خانسامانی

مجھ سے لے لیتا ہی مین زمین کھود نہیں سکتا اور بھیک مانگوں
تو شرم آتی ہی ہین سنے ارادہ کر لیا کہ کیا کروں تا کہ جب
مین خانسامانی سے معزول ہوں مجھے اپنے گھروں میں لیجائیں
تب اُسنے اپنے آقا کے ہر ایک قرضدار کو بلا کر پہلے کو کہا
کہ میرے آقا کا تجھہ پر کتنا قرض ہی اُسنے کہا کہ تیل کے
سو پیمانے تب اُسنے اُسے کہا کہ اپنی بہی لے اور جلد بیٹھہ
کر پچاس لکھہ پھر اُسنے دوسرے سے کہا اور تجھہ پر کتنا
قرض ہی اُسنے کہا کہ گیہوں کے سو پیمانے اُسنے اُسے کہا
اپنی بہی لے اور اسے لکھہ پھر خداوند نے اس بدذات
خانساماں کی اتنے لئے کہ اُسنے ہشیاری کی تعریف کر کے
کہا کہ اس زمانے کے لڑکے اپنے حال میں نور کے
فرزندوں سے دانا تر ہیں اور میں تمہیں کہتا ہوں کہ دولت سے
جو گندی ہی اپنے لئے دوست پیدا کرو تا کہ جب تم بیمقدور
ہو تب وے تمہیں ابد کی آبادیوں میں لیں

دسویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای خداوندا اپنے گوش رحمت کو اپنے عاجز بندوں کی دعاؤن کے لئے کھولنے دے اور جسمیں کہ وے اپنی عرضداشت کو حاصل کریں ایسا کر کہ وے ایسی چیزیں مانگیں جو تیرے آگے خوشگوار ہوں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

۱ مکتوب قرنتیوں کا ۱۲ — ۱

ای بھائیو میں نہیں چاہتا کہ تم روحانی نعمتوں سے ناواقف رہو تم جانتے ہو کہ تم اجنب قوم تھے اور گونگے بتوں کے پیچھے جسطرح چلائے گئے چلتے تھے پس میں یہہ اطلاع دیتا ہوں کہ وہ جو عیسی کو برا کہتا ہی روح الہی سے نہیں بولتا اور کوئی روح قدس کے الہام بغیر عیسا کو خداوند کہہ نہیں سکتا ہی — اور بخششوں کی اقسام ہیں روح ایکہی ہی اور خدمتوں کے بھی انواع ہیں پر مخدوم ایکہی ہی اور اعمال کئی طرح کے ہیں پر خدا ایک ہی ہی جو سب میں سب کچھ کرتا

ہی اور روح جو ہر ایک میں ظہور کرتی ہی فائدۂ عام کے لیئے
ہی ایک کو روح سے دانش کی بات ملتی ہی اور دوسرے
کو اُسی روح سے علم کی بات اور بعضے کو اُسی روح سے ایمان
اور بعضے کو اسی روح سے شفا بخشنیکی قدرت اور بعضوں کو وے
اعمال جو معجز ہیں اور بعضے کو نبوت اور بعضے کو روحوں کی
شناخت اور بعضے کو انواع زبانیں اور بعضے کو زبانوں کا
ترجمہ کرنا لیکن وہی ایک روح اُن سب عملوں کا باعث ہی
اور وہی جیسا چاہتا ہی ہر ایک کو بانٹا کرتا ہی

انجیل لوقا ۱۹ — ۴۱

اور جب وہ نزدیک آیا اور اُسکی نگاہ اُس شہر پر پڑی
اُسپر رویا اور کہا کاش کہ تو اُن ایام میں جو تیرے تھے اُن
باتوں کو جو تیری سلامتی کی ہیں جانتا پر اب وے تیری
آنکھوں سے پنہاں ہیں کیونکہ تجھپر وے دن آینگے کہ تیرے
دشمن تیرے گرد خندق کھودیں اور تیرے آس پاس
محاصرہ کرینگے اور ہر سو سے تجھے گھیر لینگے اور تجھے تیرے لڑکوں
کے ساتھہ جو تجھہ میں ہیں زمین سے برابر کرینگے اور وے تجھہ

میں ایک پتھر پتھر پر نہ چھوڑینگے اتنے لیئے کہ تو نے
اُس وقت کو جب تجھپر توجہ ہوتا تھا پہچان نہ لیا تب ہیکل میں
داخل ہو کر اُنہیں جو اُسمیں خرید و فروخت کرتے تھے کہدے کے
نکالنے لگا کہ لکھا یہہ ہی کہ میرا گھر عبادت کا گھر ہی پر تمنے اُسے
چوروں کا غار بنایا اور ہیکل میں روز مرہ تعلیم دیتا تھا

گیارھویں اتور کی دعا بعد تثلیث کی

اے خدا تو اپنی قدرت مطلقہ کو خصوصاً رحم و کرم کے اظہار
سے نمایاں کرتا ہی رحمت سے اپنا فضل ہمپر اتنا کر کہ ہم تیرے
حکموں کی روش پر دواں ہو کر تیرے فضل سے بھرے ہوئے
وعدوں کو حاصل کریں اور تیری آسمانی نعمتوں کے شریک
ہوں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے
وسیلے بخش — آمین

۱ مکتوب قرنتیوں کا ۱۵ — ۱

اے بھائیو میں تمہیں اُسکی خبر دیتا ہوں وہی مژدہ جو میں نے
تمہیں دیا اور تمنے پایا اور اُسپر قائم ہو اُسی کے سبب تم

بچ جاتے ہو اگر پھر ایک بات جو میں نے تمہیں کہی حفظ کرو نہیں
تو تمہارا ایمان لانا عبث ہی کیونکہ وہ بات جو میں نے پائی
پہلی باتوں کے ضمن میں سو نپی کہ مسیح جیسا نبیوں کی
کتابوں میں لکھا گیا ہی ہمارے گناہوں کے واسطے موا اور
گاڑا گیا اور تیسرے دن نوشتوں کے مطابق جی اُٹھا اور کافا
کو اور اُسکے بعد بارہوں کو دکھائی دیا بعد اُسکے پانچ سو بھائی
سے زیادہ تھے جنہیں وہ ایکبارہ دکھائی دیا اور اکثر اُن میں
سے ہنوز موجود ہیں پر کئی ایک سو گئے پھر یعقوب کو دکھائی
دیا پھر سارے حواریوں کو اور سب کے پیچھے مجھکو جو ساقط
شدہ حمل ہوں دکھائی دیا کہ میں سارے حواریوں سے کمتر
ہوں اور لائق نہیں ہوں کہ حواری کہلاؤں اِس واسطے کہ
میں نے خدا کی کلیسیا کو ستایا پر میں خدا کے فضل سے ہوں
جو ہوں اور اُسکا فضل جو مجھپر ہوا سو لاحاصل نہ ہوا پر میں نے اُن سب
سے زیادہ محنت کی نہ میں نے مگر خدا کے فضل نے جو کہ میرے
ساتھ تھا پس کیا میں کیا وے ایسی منادی کرتے ہیں اور تم
ویسا ہی ایمان لائے ہو

انجیل لوقا ۱۸ ۱ — ۹

عیسی نے بعضوں کے لیئے جو اپنے پر بھروسا رکھتے تھے کہ وے راستباز تھے اور اوروں کی تحقیر کرتے تھے یہہ تمثیل کہی — کہ دو شخص ہیکل میں دعا کرنے گئے ایک فریسی اور دوسرا خراج گیر فریسی نے اکیلے کھڑے ہوکر یہہ دعا کی کہ ای خدا میں تیرا شکر کرتا ہوں کہ میں جیسے اور لوگ ستم کرنے والے ظالم زانی یا جیسا یہہ خراج گیر ہی ایسا نہیں ہوں میں ہفتہ میں دو بار روزہ رکھتا ہوں میں ہر چیز کی جو میری ہی دہیکی دیتا ہوں اور اُس خراج گیر نے دور کھڑے ہوکے اتنا بھی نہ چاہا کہ آنکھہ اُٹھاکے آسمان کی طرف دیکھے بلکہ یہی کہہ کہہ اپنی چھاتی پیٹتا تھا کہ ای خدا مجھہ گنہگار پر ترحم کر — میں تمہیں کہتا ہوں کہ یہہ شخص اُس دوسرے کی نسبت راستباز ٹھہر کے اپنے گھر گیا اسلیئے کہ جو کوئی اپنے تئیں بلند کرتا ہی پست کیا جائیگا اور جو آپ کو فروتن کرتا ہی بلند کیا جائیگا

بارھویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

اے قادر مطلق و قدیم خدا کہ تو بہ نسبت اسکے کہ ہم دعا مانگیں زیادہ تر سننے کے لئے مستعد ہے اور زیادہ تر دینے والا ہے بہ نسبت اسکے کہ ہم خواہش کریں یا لیاقت رکھیں اپنے ابر رحمت کی فراوانی ہمپر برسا اور ہمیں وے باتیں معاف کر کہ جنسے ہمارے دل دہشت زدہ ہیں اور وے اچھی چیزیں ہمیں بخش کہ جنکی مانگنے کی ہم لیاقت نہیں رکھتے مگر تیرے بیٹے ہمارے خداوند عیسی مسیح کے استحقاق اور شفاعت کے باعث — آمین

۲ مکتوب قرنتیوں کا ۳ — ۴

ہم مسیح کے طفیل سے خدا پر ایسے متوکل ہیں نہ کہ آپ سے اس قابل ہیں کہ اپنے پاس سے ایجاد کرکے کوئی مضمون باندھیں بلکہ ہماری قابلیت خدا سے ہی اور اسنے ہم کو یہہ لیاقت دی کہ ہم نئے وثیقہ کے نہ کہ لفظ کے بلکہ روح کے خادم ہوویں — لفظ ہلاک کرتا ہی روح جلاتی ہی

اور اگر موت کی وہ خدمت جو لفظی تھی اور پتھروں پر کھودی گئی اتنی حشمت کے ساتھ ہوئی کہ بنی اسرائیل موسیٰ کے چہرہ پر بہ سبب اُس حشمت کے جو اُسکے چہرہ پر تھی اور پایدار نہ تھی نظر نہ کرسکے تو روح کی خدمت بطریق اولیٰ کیونکر حشمت کے ساتھ نہ ہوگی اور اگر الزام دینے والی خدمت جلال ہی تو راستبازی کی خدمت کا جلال بطریق اولیٰ کتنا فراوان ہوگا—

انجیل مرقس ۷ — ۳۱

عیسیٰ صور اور صیدا کی نواحی سے نکل کر جلیل کے دریا کی سمت کو دیکاپولس (عشر مدن) کی سرحدوں میں آیا وہاں ایک بہرے کو جسکی زبان میں لکنت تھی اُسکے پاس لائے اور اُسکی سماجت کی کہ اپنا ہاتھ اُسپر رکھے وہ اُسے اُس گروہ سے کنارے لے گیا اور اپنی انگلیاں اُسکے کانوں میں کیں اور اپنا تھوک لیکے اُسکی زبان میں لگایا اور آسمان پر نظر کرکے ایک آہ کی اور اُسے کہا کہ افتح یعنے کھلجا وہیں اُسکے کان کھل گئے اور اُسکی زبان کی گرہ وا ہوئی اور وہ

درست بولنے لگا اور اُسنے اُنہیں منع کیا کہ کسی سے نہ کہیں
لیکن جتنا کہ اُسنے منع کیا تھا وے اتنا ہی زیادہ مشہور کرتے
تھے اور بہت بشدت حیران ہوئے اور کہا کہ اُسنے سب
چیزیں اچھی کیں بہروں کو شنوا اور گونگوں کو گویا کرتا ہی

تیرھویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای قادر مطلق اور رحیم خدا تیری ہی عنایت ہی کہ
تیرے معتقدین اِس بات کی قابلیت رکھیں کہ تیری
خدمت صداقت و لیاقت کے ساتھ کریں بخش ہم تیری
منتی کرتے ہیں کہ ہم ایسی دیانت داری سے اِس
زندگی میں تیری خدمت کریں کہ آخرش کو تیرے آسمانی
وعدوں سے محروم نہ رہیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند
عیسی مسیح کے استحقاق کے لئے بخش — آمین

مکتوب غلطیوں کا ۳ — ۱۶

ابراہیم اور اُسکی نسل سے وعدے کیئے گئے سو
وہ اُسے نہیں کہتا کہ اور تیری نسلوں کو جیسا بہتوں کے

واسطے کہا جاتا ہی پر جیسا ایک کے واسطے کہا جاتا ہی کہتا ہی
کہ اور تیری نسل کو سو وہ مسیح ہی اب میں یہہ کہتا ہوں
کہ اُس وصیت کو جو خدا نے مسیح کے حق میں آگے
مقرر کی شرع جو وصیت کے چار سو تیس برس
بعد آئی منسوخ نہیں کرتی کہ وہ وعدہ خلاف ہو جاوے کیونکہ
اگر میراث شرع کے وسیلے سے ہی تو پھر وعدہ کے سبب
سے نہیں پر خدا نے اُس میراث کو ابراہیم کیتئیں وعدہ ہی
سے بخشی پس شرع کس کام کی ہی وہ گناہوں کے لیئے
از دیاد کی گئی جب تک کہ وہ نسل جسکے لیئے وعدہ کیا گیا آوے
اور وہ شرع فرشتوں کی وساطت سے اور ایک واسطہ کے
وسیلے سپرد کی گئی اب واسطہ ایک کا نہیں ہوتا پر خدا
ایکہی ہی پس شرع کیا خدا کے وعدوں کی مخالف ہی ایسا
نہ ہووے کیونکہ اگر کوئی زندگی دینے والی شرع دی گئی
ہوتی تو سچ مچ راستبازی شرع سے ملتی پر کتاب نے
سب کو باہم گناہ کے تحت میں شامل کیا تاکہ وہ وعدہ جو عیسی
مسیح پر ایمان لانے کے وسیلہ ہی ایمان داروں کو

دیا جاوے

انجیل لوقا ۱۰ ـــ ۲۳

مبارک وے آنکھیں جو اُن چیزوں کو جو تم دیکھتے ہو دیکھتی ہیں اسلیئے کہ میں تم سے کہتا ہوں کہ بہت سے نبیوں اور شاہوں نے تمنا کی کہ یے جو تم دیکھتے ہو دیکھیں اور نہ دیکھا اور یے جو تم سنتے ہو سنیں اور نہ سنا تب دیکھو ایک فقیہ نے اُٹھکے اُسے امتحان کرنے کو پوچھا کہ اے اُستاد میں کیا کروں تا کہ حیات ابدی کا وارث ہوں اُسنے اُسے کہا کہ توریت میں کیا لکھا ہی تو کیونکر پڑھتا ہی اُسنے جواب دیا کہ تو خداوند جو تیرا خدا ہی اپنے سارے دل سے اور اپنے سارے جی سے اور اپنے سارے زور سے اور اپنے سارے ادراک سے عاشق رہ اور اپنے پڑوسی کو ایسا پیار کر جیسا آپ کو کرتا ہی تب اُسنے اُسے کہا کہ تو نے منصفانہ جواب دیا ہی تو کیا کر کہ جیتا رہیگا پر اُسنے اپنی راستی جتانے کو عیسی سے کہا کہ بھلا میرا پڑوسی کون ہی تب عیسی نے جواب میں کہا کہ ایک شخص

اورشلیم سے اریحا کو چلا اور چوروں میں جا پڑا اور اُنہوں نے
اُسے ننگا کرکے زخمی کیا اور ادموا چھوڑ کے جاتے رہے
اتفاقاً ایک کاہن اُس راہ سے آنکلا اور اُسے دیکھہ ایک
طرف ہو چلا گیا اِسیطرح سے ایک لوئی اُس جگہہ
آکے اُسے فقط دیکھتا ہوا چلا گیا لیکن ایک سامری سفر کرتا
اُس تلک پہنچا اُسنے اُسے دیکھہ کے رحم کھایا اور اُسکے
پاس آکر تیل اور شراب ملکے اُسکے زخموں کو باندھا اور اپنے
مرکب پر سوار کرکے اُسے سرا میں لایا اور اُسکی خبرداری
کرنے لگا پھر صبح کو روانہ ہوتے ہوئے اُسنے دو دینار
نکال کے سرابان کو دئے اور اسے کہا کہ اسکی خبر لے اور جو
کچھہ تیرا زیادہ خرچ ہوگا جب میں لوٹ آونگا میں ادا کرونگا — اب
تو کیا تصور کرتا ہی کہ ان تینوں سے کون اسکا جو چوروں میں جا پڑا
تھا پڑوسی تھا وہ بولا کہ وہ جسنے اُسپر رحم کیا تب عیسیٰ
نے اسے کہا کہ جا تو بھی ایسا ہی کر

چودھویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

اى قادر مطلق و قديم خدا ہمیں ایمان اور امید اور دیا کی ترقی بخش اور تاکہ ہم وہ چیز کہ جسکا تو نے وعدہ کیا ہی حاصل کریں ہمارے دل میں اُس چیز کی محبت ڈال کہ جسکا حکم تیری جناب سے ہی — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب غلطیوں کا ۵ — ۱۶

پر میں کہتا ہوں کہ تم روحی چال چلو تو تم جسمی حرص کو پورا نہ کروگے کیونکہ جسم کا اشتیاق روح کا مخالف اور روح کی آرزو جسم کے برخلاف ہی یے باہم برعکس ہیں کہ اسلیئے تم جو کچھ کیا چاہتے ہو اُسے کر نہیں سکتے اور اگر تم روح سے ہدایت پاتے ہو تو تم شرع کی بند میں نہیں ہو اور جسم کے کام تو ظاہر ہیں کہ یہی ہیں زنا حرام کاری ناپاکی شہوت بت پرستی جادو گری دشمنی جھگڑے تندیاں غضب تکراریں جدائیاں بدعتیں حسد قتل مستیاں اور شور و شر

اور جو کام کہ انکی مانند ہیں اور اُنکی بابت میں تمہیں آگے ہی کہتا ہوں جیسا کہ میں نے آگے کہا یہی ہی کہ ایسے کام کرنے والے خدا کی سلطنت کے وارث نہ ہونگے پر روح کا پھل جو ہی سو محبت اور شادمانی اور آرام اور صبر اور ملایمت اور خوش خوئی اور ایمان اور فروتنی اور پرہیزہی اور کوئی شریعت اُن کاموں کے مخالف نہیں اب اُنہوں نے جو مسیح کے ہیں جسم کو جسمی ہوا و ہوس سمیت صلیب پر مارا ہی

انجیل لوقا ۱۷ ا — ۱۱

یوں ہوا کہ وہ اورشلیم کو جاتے ہوئے سامریہ اور جلیل کے بیچ سے گذرا اور ایک گانوں میں داخل ہوتے اُسے دس کوڑھی جو دور کھڑے ہوئے تھے ملے اور وے چلّائے کہ ای عیسی ای آقا ہمپر رحم کر اُسنے دیکھکے اُنہیں کہا جا کر اپنے تئیں کاہنوں کو دکھلاؤ اور یوں واقع ہوا کہ وے چلتے ہوئے صاف پاک ہوگئے اُن میں سے ایک نے جب دیکھا کہ شفا پائی بلند آواز سے خدا کی ستایش کرتا ہوا الٹا پھرا اور اُسکے قدموں پاس اُسکی شکرگذاری کرتا ہوا اوندھا گرا

اور وہ سامری تھا تب عیسیٰ نے جواب میں کہا کہ کیا دسوں
چنگے نہیں ہوئے پھر وے نو کہاں ہیں سوا اُس پردیسی کے
کوئی نہ پایا گیا جو خدا کی ستایش کے لیئے پھرے پھر اُسنے
اُسے کہا کہ اُٹھہ جا تیرے اعتقاد نے تجھے صحت بخشی —

پندرھویں اتوارکی دعا بعد تثلیث کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنی کلیسیا کو
اپنی رحمت دائمی کے ساتھہ محفوظ رکھہ اور چونکہ بشر کی ناتوانی
بغیر تیرے ممکن نہیں کہ سنبھل سکے بامداد اپنے ہمیں
سب مضر چیزوں سے مدام بچا رکھہ اور اُن باتوں کی طرف
ہماری ہدایت کر جو کہ ہماری نجات کے لیئے مفید ہوں —
یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے
بخش — آمین

مکتوب غلطیوں کا ۶ — ۱۱

تم دیکھتے ہو کہ میں نے کیسا اپنے ہاتھہ سے لنبا خط تمہیں
لکھا ہی وے سب جو جسم کی زیبایش چاہتے ہیں وے ہی

تمہیں ختنہ کی تکلیف کرتے ہیں سو صرف اتنے واسطے کہ
وے مسیح کی صلیب کی بابت ستائے نہ جائیں کیونکہ جو
ختنہ کرواتے ہیں سو بھی شرع کو نہیں مانتے پر چاہتے ہیں
کہ تم ختنہ کرواو کہ وے تمہارے جسم کی بابت فخر کریں پر
خدا نہ کرے کہ میں فخر کروں سوا اُسکے کہ اپنے خداوند عیسی
مسیح کی صلیب کی بابت نازش کروں جسّے کہ دنیا میری
نظروں میں صلیب پر کھینچی گئی اور میں دنیا کے آگے کیونکہ مسیح
عیسی کے طریق میں مختونی و نامختونی کچھہ دخل نہیں رکھتی ہی لیکن
سر نو خلق ہونا شرط ہی اور جتنے اُس قانون پر چلتے ہیں
آرام اور رحم اُنکے لیئے اور خدا کے اسرائیل کے لیئے ہی
آیندے کو کوئی مجھے تصدیع نہ دے کیونکہ میں اپنے بدن پر خداوند
عیسی کا داغ لیئے پھرتا ہوں بھائیو ہمارے خداوند عیسی
مسیح کا فضل تمہاری روح کے ساتھہ ہووے — آمین

انجیل متی ۶ — ۲۴

کوئی شخص دو آقاؤں کی خدمت نہیں کرسکتا اِس لیئے کہ وہ
یا ایک سے دشمنی رکھیگا اور دوسرے سے دوستی یا وہ پہلے

سے مال رہیگا اور دوسرے کو حقیر سمجھیگا تم خدا اور ماموںا
(دولت) دونوں کی بندگی نہیں کرسکتے اِسلیئے میں
تم سے کہتا ہوں کہ تم اپنی زیست کے لیئے فکر نہ کرو کہ ہم
کیا کھائینگے اور ہم کیا پیئینگے اور نہ اپنے بدن کے لیئے کہ
کیا پہنینگے کیا جان خوراک سے بہتر نہیں اور بدن پوشاک
سے — ہوا کے پرندوں پر نظر کرو کہ وے نہ بوتے اور نہ
کاٹتے ہیں اور نہ کھلیان میں جمع کرتے ہیں اور تمہارا باپ
جو آسمان پر ہی اُن کی پرورش کرتا ہی کیا تم اُن سے
بہتر نہیں ہو تم میں سے وہ کون ہی جو فکر کر کے اپنے قد کو
ایک ہاتھہ بڑھا سکے — اور پوشاک کا کیوں اندیشہ کرتے
ہو جنگلی سوسن کے پھولوں کو دیکھو کہ وے کیونکر بڑھتے
ہیں نہ وے محنت کرتے ہیں اور نہ وے کاتتے ہیں اور
میں تم سے کہتا ہوں کہ سلیمان اپنی ساری شوکت میں
اُن میں سے ایک کی مانند ملبس نہ تھا پس جب خدا میدان
کی گھاس کو جو آج ہی اور کل تنور میں جھونکی جایگی یوں
پہناتا ہی کیا ای کم اعتقادو — اسمیں کہ وہ تمکو پہنایگا

کچھ شک ہی — اِسلیئے اندیشہ سے نہ کہو کہ ہم کیا کھاویں اور ہم کیا پییں اور کیا پہنیں اِسواسطے کہ عوام ان چیزوں کی تلاش کرتے ہیں اور تمہارا باپ جو آسمان پر ہی جانتا ہی کہ تم ان سب چیزوں کے محتاج ہو بلکہ تم خدا کی سلطنت اور اُسکی راستی کی تلاش پہلے کرو اور اُن پر یہ سب چیزیں تمہارے لیئے افزود کی جاینگیں پس تم کل کی فکر نہ کرو کیونکہ کل خود اپنی چیزوں کی آپہی فکر کریگا روز کے لیئے اُسی روزکا دُکھ بس ہی

سولهویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنی رحمت دائمی کے ساتھہ اپنی کلیسیا کو منزہ اور محفوظ رکھہ اور چونکہ یہہ سلامت بغیر تیری مدد کے رہ نہیں سکتی مدام اپنی مدد اور خوبی کی پناہ میں اُسے رکھہ — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخشش — آمین

مکتوب افسیوں کا ۳ — ۱۳

میں چاہتا ہوں کہ تم اس لیئے کہ میں نے تمہارے واسطے
اذیتیں اُٹھائیں سست مت ہو کیونکہ وے تمہارے لیئے
عزت ہیں! سو اسطے میں عیسی مسیح کے باپ کے آگے
جو ہمارا خداوند ہی جسکے نام سے تمام خاندان آسمان و زمین
پر منسوب ہیں اپنے گھٹنے ٹیکتا ہوں کہ وہ اپنے فضل فراواں
کی دولت تمہیں یہہ دے کہ تم اُسکی روح کے سبب
معنوی انسانیت میں خوب زور آور ہو جاؤ اور مسیح تمہارے
دلوں میں ایمان کے وسیلہ سے بسے اور تم محبت
میں جڑ پیدا کرکے اور نیو ڈال کے سارے مقدس لوگوں سمیت
سمجھنے کی قدرت پیدا کرو کہ اُسکا چوڑان لنبان گہرایا اور اونچان
کتنا ہی اور مسیح کی الفت جو کہ ہماری دریافت سے خارج ہی
پہچانو تا کہ تم خدا کی ساری معموری سے معمور ہو — اب وہ
جو ایسا قادر ہی کہ جو کچھ ہم مانگتے یا تصور کرتے ہیں اُسے
نہایت زیادہ اُس قدرت کے موافق جو ہم میں موثر ہی
کر سکتا ہی اُسکے لیئے کلیسیا کے درمیان مسیح عیسی

میں ابدالآباد حمد ہووے ــ آمین

انجیل لوقا ۷ ــ ۱۱

اور دوسرے روز یوں ہوا کہ وہ ایک شہر کو جسکا نام نائیں تھا روانہ ہوا اور بہتیرے اُسکے شاگردوں میں سے اور ایک بڑا دنگل اُسکے ہمراہ تھا وہ شہر کے دروازہ کے نزدیک آیا دیکھو کہ ایک مردے کو باہر لئے جاتے تھے جو اپنی ماں کا اکلوتا بیٹا تھا اور وہ بیوہ تھی اور شہر کے بہت سے لوگ اُسکے ساتھ تھے اور خداوند نے اُسے دیکھکر اُسپر رحم کیا اور اُسے کہا کہ نہ رو اور اُسنے پاس آکے تابوت کو چھوا تب اُن اُٹھانے والوں نے توقف کیا اور اُسنے کہا کہ ای جوان میں تجھے کہتا ہوں کہ اُٹھ بیٹھ اور وہ مردہ اُٹھ بیٹھا اور بولنے لگا اور اُسنے اُسے اُسکی ماں کو سونپا اور سبکو تحیر نے لیا اور انہوں نے خدا کی ستایش کرکے یہہ کہا کہ بڑا نبی ہم میں مبعوث ہوا اور یہہ کہ خدا نے اپنے لوگوں پر نگاہ کی اور اسکی یہہ خبر ساری یہود یہ اور اسکے گرد نواح کے ملکوں میں آری

سترھویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای خداوند ہم تیری جناب میں التماس رکھتے ہیں کہ تیرا فضل مدام ہمارا پیشوا اور ساتھی رہے تاکہ ہم ہمیشہ اچھے کاموں کے لئے مستعد بنے رہیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب افسیوں کا ۴ — ۱

پس میں جو خداوند کے لئے اسیر ہوں تمسے التماس کرتا ہوں کہ تم جس طور سے طلب کئے گئے ہو اسکے مناسب عمل کرو یعنے کمال خاکساری اور فروتنی سے صبر کرکے محبت سے ایک ایک کی برداشت کرو اور کوشش کرو کہ صلح کے علاقہ سے اتحاد روحی کو حفظ کر رکھو ایک بدن اور ایک روح ہی چنانچہ ہم جو طلب کئے گئے ہیں ہماری امید ایک ہی ایک خداوند ایک ایمان ایک اصطباغ سب کا ایک خدا اور باپ جو سب سے بالا اور ہم سبکے درمیان اور سب میں ہی

انجیل لوقا ۱۴ باب ۱–

یوں ہوا کہ جب وہ سبت کے دن سرداروں فریسیوں میں سے
کھانے کو ایک کے گھر گیا وے اُسکی نگہبانی کرنے لگے اور
دیکھو کہ وہاں اُسکے سامنے ایک شخص تھا جسے مرض استسقا تھا
تب عیسیٰ نے متوجہ ہو کر فقیہوں اور فریسیوں سے کہا
کہ آیا سبت کے دن چنگا کرنا روا ہی وے چپ رہے اُسنے
اُسے لیا اور شفا دیکر روانہ کیا اور اُن کی طرف منہہ پھیر کے
کہا کون ہی تم میں جسکا ایک گدھا یا بیل سبت کے دن
کوئیں میں گر پڑا ہو اور وہ فی الفور اُسے نہ نکالے تب وے
اُن باتوں کا جواب اُسے نہ دے سکے اور اُسنے مہمانوں کو
جب دیکھا کہ وے کیونکر صدر جگہوں کو پسند کرتے ہیں
فرمایا اور یہہ تمثیل کہی کہ جب تو کسی کے یہاں مہمانی میں
بلایا جاوے بہ صدر مکان میں نہ بیٹھ تا نہ ہووے کہ اُسنے کسی
شخص کی جو تجھسے بزرگ تر ہی دعوت کی ہو اور وہ جسنے
تیری اور اُسکی دعوت کی ہی آوے اور تجھے کہے کہ یہہ جگہہ
اِس شخص کو دے اور تو شرمندگی سے فروتر جگہہ پانے لگے

بلکہ جب تیری دعوت کی جاے جاکر فروتر جگہہ بیٹھہ تاکہ جب
وہ جسنے تیری دعوت کی ہی آوے تو تجھے کہے کہ ای دوست
بالاتر آ تب تو اُنکے آگے جو تیرے ساتھہ کھانیکو بیٹھے ہیں عزت
پائیگا کہ جو کوئی آپ کو بلند کرتا ہی پست کیا جائیگا اور جو اپنے
تئیں پست کرتا ہی بلند کیا جائیگا

اتھارھویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنے لوگوں پر فضل
کر تاکہ وے جہان اور جسم اور شیطان کے امتحانوں سے
باز رہیں اور حسن نیت اور صفائی قلب سے تیری پیروی
کریں کہ تو ہی خدا ہے یکتا ہی — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند
عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

۱ مکتوب قرنتیوں کا ۱ — ۴

میں تمہارے لیئے اپنے خدا کا ہمیشہ شکر کرتا ہوں کہ خدا کی
نعمت تمکو اس سبب سے کہ عیسی مسیح میں ہو دی گئی
اور ہر چیز کی اور تمام بیان و تمام فہمید کی استعداد اسکے سبب

سے تم میں بہت ہی چنانچہ وہ گواہی جو مسیح پر دیگئی تم میں ثابت ہوئی تاںجد سے کہ تم کسی کرامت میں کمتر نہیں اور ہمارے خداوند عیسی مسیح کے ظہور کی راہ تکتے ہو وہی تمہیں انتہا تک ثابت قدم رکھیگا کہ تم ہمارے خداوند عیسی مسیح کی عدالت کے دن الزام کے سزاوار نہ ہو

انجیل متی ۲۲ —۳۴

جب فریسیوں نے سنا کہ اُس نے زادوقیوں کا منہہ بند کیا وے ایک جگہہ جمع ہوئے اور ایک نے اُن میں سے جو فقیہ تھا اُسکی آزمایش کے لیئے سوال کیا اور یہہ کہا کہ ای اُستاد شرع میں بڑا حکم کون ہی عیسی نے اُس سے کہا کہ خداوند کو جو تیرا خدا ہی اپنے سارے دل سے اور اپنے سارے جی سے اور اپنی ساری جان سے پیار کر پہلا اور بڑا حکم یہہ ہی اور دوسرا جو اُسکی مانند ہی یہہ ہی کہ تو اپنے جوار کو ایسا پیار کر جیسا آپ کو کرتا ہی ساری شرع اور سب نبی انہیں دو حکموں سے تعلق رکھتے ہیں اور جس وقت فریسی جمع تھے عیسی نے اُن سے پوچھا

کہ مسیح کے حق میں تمہارا کیا گمان ہی وہ کسکا بیٹا ہی وے بولے کہ داؤد کا اُس نے اُنہیں کہا پس داؤد الہام سے کیونکر اُسے خداوند کہتا ہی کہ خداوند نے میرے خداوند کو کہا کہ جبتک میں تیرے دشمنوں کو تیرے پانوں تلے کی کرسی کروں تو میری دہنی طرف بیٹھہ پس داؤد اگر اُسکو خداوند کہتا ہی تو وہ اُسکا بیٹا کیونکر ہی اور کوئی شخص اُسکو جواب میں ایک بات نہ کہہ سکا اور اُسدن سے کسیکو جرأت نہ پڑی کہ اُس سے کبھی سوال کرے

اُنیسویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

اے خدا چونکہ بغیر تیرے ہم طاقت نہیں رکھتے کہ ہم تجھے راضی رکھیں مہربانی سے بخش کہ تیرا روح القدس سب چیزوں میں ہماری ہدایت اور ہمارے دلوں کا انتظام کرے — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے وسیلے بخش — آمین

مکتوب افسیوں کا ۴ — ۱۷

اس لیئے میں یہہ کہتا ہوں اور خداوند کے آگے حکم کرتا ہوں
کہ تم آگے کو ایسی چال نہ چلو جیسے اور راجنب لوگ
اپنے وہم کی بطالت سے چلتے ہیں کہ اُنکے فہم تاریک
ہو گئے ہیں اسلیئے کہ وے بسبب اُس نادانی کے
جو اُن میں اُنکی کوردلی سے پیدا ہوئی حیات الٰہی سے
جدا ہیں اُنہوں نے سن ہو کے آپ کو بدپرہیزی کے سپرد
کیا تا کہ ہر نوع کی ناپاکی کے کام حرص سے کریں تم نے مسیح
سے اُسطرح تعلیم نہیں پائی تم نے تو اُس سے سنا
ہی اور اُس سے آموختہ ہوئے ہو چنانچہ عیسےٰ میں سچائی ہی
کہ تم اگلے چلن کی بابت اُس پرانی انسانیت کو جو خائن
شہوتوں کے سبب سے فاسد ہی اُتارو اور اپنے جی
جان میں نئے بنو اور تم نئی انسانیت کو جو خدا کے موافق
راستبازی میں اور تقدس حق میں مخلوق ہو متلبس
ہو سو دروغگوئی چھوڑ کے ہر ایک شخص اپنے جوار سے
سچ بولے اس لیئے کہ ہم تو باہم ایک دوسرے کے عضو ہیں

غصہ ہو پر گناہ نہ کرو ایسا نہ ہو کہ آفتاب غروب ہو اور تم غصہ ہی میں رہ جاو اور نہ ابلیس کو جگہہ دو ۔ جسنے چوری کی ہو پھر چوری نہ کرے بلکہ اچھا پیشہ اختیار کرے ہاتھوں سے محنت کرے تاکہ محتاج کو کچھ دے سکے کوئی گندی بات تمہارے منہہ سے نہ نکلے بلکہ وہ بات نکلے جو تعمیر کے لیئے مناسب ہو اور اُس کام کی ہو کہ اُس سے سننے والے فیض پاویں اور خدا کی روح مقدس کو جس سے تم پر خلاصی کے دن تک مہر کی گئی ہی غمگیں نہ کرو ساری تلخی اور غضب اور غصہ اور بدگوئی تمام بغض وکینہ سمیت تم سے دفع ہو جاویں تم ایک دوسرے پر مہربان ہو اور رحیم اور ایک دوسرے کو بخشا کرو چنانچہ خدا نے بھی مسیح کے لیئے تمہیں بخشا ہی

انجیل متی ۹ — ۱

عیسیٰ پھر کشتی پر چڑھ کے پار اُترا اور اپنے شہر میں آیا اور دیکھو کہ ایک مفلوج کو بستر پر ڈال کے اُسکے پاس لائے اور عیسیٰ نے اُنکا اعتقاد دیکھہ کر اُس مفلوج کو کہا

کہ ای فرزند خاطر جمع رکھہ کہ تیرے گناہ بخشے گئے تب بعضے
کاتبوں نے اپنے دل میں کہا کہ یہہ کفر بکتا ہی اور عیسی نے
اُنکے گمانوں کو دریافت کرکے کہا کہ کیوں تم اپنے دل میں
بدگمانی کرتے ہو اِسلیئے کہ کیا بہت آسان ہی یہہ کہنا کہ تیرے
گناہ بخشے گئے یا یہہ کہنا کہ اُتھہ اور چل لیکن تا کہ تم جانو کہ ابن
آدم کو زمین پر گناہوں کے بخشنے کا اختیار ہی اُسنے اُس
مفلوج کو کہا کہ اُتھہ اپنا بستر اُتھا اور اپنے گھر چلا جا اور وہ اُتھہ
کر اپنے گھر چلا گیا اور جماعتیں یہہ دیکھکر حیران ہوئیں اور خدا کی
تعریف کی کہ اُسنے ایسی قدرت انسان کو بخشی

بیسویں اتوارکی دعابعد تثلیث کی

ای قادر مطلق اور بڑے رحیم خدا ہم تیری منتی کرتے ہیں
کہ اپنی خوبی و افر سے ہمیں سب مضر چیزوں سے بچا رکھہ تا کہ
ہم تن اور روح سے مہیا ہو کر خوشی کے ساتھہ اُن چیزوں کو
بجالائیں کہ جسکی تعمیل تو چاہتا ہی — یہہ عرض ہماری ہمارے
خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب افسیوں کا ۵ — ۱۵

پس خبردار تم دیکھ بھال کے چلو نہ نادانوں کی بلکہ داناؤں کی مانند وقت کو غنیمت جانو کیونکہ یہہ دکھ کے دن ہیں اِسواسطے تم بے تمیز نہ رہو بلکہ سمجھو کہ خداوند کا کیا مطلب ہی اور شراب پی کے متوالے نہ ہو کہ اُسمیں بے اعتدالی ہوتی ہی پر روح سے بھر جاؤ اور باہم آپس میں مزامیر اور مناجاتیں اور روحانی غزلیں گایا کرو اور اپنے دل دیکے خداوند کے لئے گاتے بجاتے رہو اور سب باتوں میں ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے نام سے ہمیشہ اُسکے جو خدا اور باپ ہی شکر گذار رہو اور خدا سے ڈر کے ایک دوسرے کی فرمان برداری کرو

انجیل متی ۲۲ — ۱

عیسیٰ پھر اُنہیں تمثیلوں میں کہنے لگا اور بولا کہ آسمان کی سلطنت اُس بادشاہ سے مشابہ ہی جسنے اپنے بیٹے کا بیاہ کیا اور اپنے چاکروں کو بھیجا کہ مہمانوں کو بیاہ میں بلاویں پر اُنہوں نے نہ چاہا کہ آویں اُسنے پھر اپنے خادموں کو بھیجا اور کہا لوگوں کو جو بلائے گئے ہیں کہو کہ دیکھو میں نے اپنا

کھانا تیار کیا ہی اور میرے بیل اور فربہ جانور ذبح ہوئے ہیں
اور سب چیزیں تیار ہیں بیاہ میں آؤ لیکن وے تغافل کر
گئے ایک اپنے کھیت کو اور دوسرا اپنی سوداگری کو گیا
اور باقیوں نے اُسکے خادموں کو پکڑ کے بدسلوکی کی اور قتل
کیا تب بادشاہ سنکر غصے ہوا اور اپنے لشکروں کو بھیجکر
اُن قاتلوں کو قتل کیا اور اُنکا شہر پھونک دیا پھر اُسنے
اپنے خادموں کو کہا کہ بیاہ کا کھانا تیار رہی پر وے جو بُلائے گئے
نالائق تھے اب تم شہراہوں پر جاؤ اور جتنے تمکو ملیں بیاہ
میں بلاؤ چنانچہ خادموں نے راہوں میں جاکے جو انہیں ملے کیا برے
کیا بھلے سب کو راہوں میں جمع کیا اور بیاہ کا گھر مہمانوں سے
بھر گیا جب بادشاہ مہمانوں کے دیکھنے کو اندر آیا تب اُسنے
وہاں ایک شخص کو دیکھا جو بیاہ کا لباس پہنے نہ تھا اُسنے
اُسے کہا کہ ای دوست تو کیونکر بغیر بیاہ کے لباس کے
یہاں اندر آیا اُسکی زبان بند رہی تب اُس بادشاہ نے
خادموں کو کہا کہ اُسکے ہاتھ اور پانوں باندھ کر لیجاؤ اور باہر
اندھیرے میں ڈال دو وہاں رونا اور کچکچانا ہوگا اسلیئے کہ

بہت ہیں جو بلائے گئے ہیں پر برگزیدہ تھوڑے ہیں

اکیسویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای رحیم خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں اپنے ایماندار لوگوں کو آمرزش اور سلامتی بخش تاکہ وے سب اپنے گناہوں سے منزہ ہو کر تیری خدمت جمع خاطر کے ساتھ کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب افسیوں کا ٦ — ١٠

ای میرے بھائیو خداوند کی کمک اور اُسکی قدرت کی قوت سے مضبوط بنو خدا کے سارے ہتھیار باندھو تاکہ تم ابلیس کی بندشوں کے مقابل قائم رہ سکو کیونکہ ہمیں جسم اور خون سے کشتی نہیں بلکہ ریاستوں سے اور قدرتوں سے اور دنیا کی تاریکی کے شاہنشاہوں سے اور شریر روحانیوں سے ہی جو بلند مکان میں ہیں اسواسطے تم خدا کے سارے ہتھیار اُٹھالو تاکہ تم دکھ کے دن مقابلہ کر سکو اور سب کام کر کے کھڑے

رہ سکو اس لیئے تم اپنی کمر کو سچائی سے کس کے صداقت
کا جوشن پہن کے پانوں میں مژدہ صلح کی چالاکی باندھ کے
اور ان سب کے اوپر ایمان کے سپر لگا کے جس سے
تم اُس خبیث کے سارے آتشیں بھالوں کو بجھا سکو
قائم رہو اور نجات کا خود اور روح کی تلوار جو خدا کا کلام ہی
لے لو اور جس چیز کے لیئے تم دعا اور سماجت کرو اُسے
ہمیشہ روح کی مدد سے مانگا کرو اور اُسپر کمال استقلال
و تضرع سے سارے مقدس لوگوں کے واسطے بیدار
رہو اور میرے واسطے بھی دعا کرو تاکہ گویائی دی جاوے
کہ میرا منہہ بے پروائی سے کھل جاوے تو میں انجیل کے
راز کو جسکے لیئے میں سفیر ہوں اور قید میں ہوں روشن کروں
تاکہ میں اُس کو بے پروائی سے ایسا کہوں جیسا مجھے کہنا چاہیئے

انجیل یوحنا ۴ — ۴۶

بادشاہ کا ایک ملازم جسکا بیٹا کفرناحم میں بیمار تھا سنکر
کہ عیسیٰ اورشلیم سے جلیل میں آیا اُس کے پاس گیا
اور اُسکی سماجت کی کہ آوے اور اُسکے بیٹے کو چنگا کرے

کہ وہ مرنے پر تھا تب عیسیٰ نے اُسے کہا کہ اگر تم کرامتیں اور عجائب نہ دیکھو گے ایمان نہ لاؤ گے بادشاہ کے ملازم نے اُسے کہا کہ آغا پیشتر اُسکے کہ میرا بیٹا مرجاے چلئے عیسیٰ نے اُسے کہا کہ جا تیرا بیٹا جیتا ہی اور اُس مرد نے اُس بات کا جو عیسیٰ نے اُسے کہی اعتقاد کیا اور چلا گیا وہ راہ ہی میں تھا کہ اُسکے نوکر اُسے ملے اور خبر پہنچائی کہ تیرا بیٹا جیتا ہی تب اُسنے استفسار کیا کہ اُسے کونسی ساعت سے آرام ہونے لگا اُنہوں نے کہا کہ کل ساتویں ساعت اُسکی تپ جاتی رہی تب باپ نے یاد کیا کہ اسی ساعت عیسیٰ نے اُسے کہا تھا کہ تیرا بیٹا جیتا ہی اور وہ خود اور اُسکا سارا گھر ایمان لایا یہہ دوسرا معجزہ ہی جو عیسیٰ نے یہود یہ سے جلیل میں آکے دکھلایا

بائیسویں اتوارکی دعا بعد تثلیث کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنے منظور ہوں یعنی کلیسیا کو مدام زہد کے کار و بار میں رکھہ کہ تیری حفاظت میں

وہ سب تکلیفات سے آزاد رہے اور ادب کے ساتھ
تیری خدمت تیرے اسم کے جلال کے لئے اعمال حسنہ
سے کرے — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح
کے واسطے بخش - آمین

مکتوب فلپیوں کا ۱ — ۳

میں جب کہ تمہیں یاد کرتا ہوں اپنے خدا کا شکر کرتا ہوں اور میں
اپنی ہر ایک دعا میں خوشی سے ہمیشہ تم سب کے لئے
دعا مانگتا ہوں کیونکہ تم روز اول سے آج تک انجیل میں
شریک رہے مجھے یہہ یقین ہی کہ وہ جس نے تم میں نیک
کام شروع کیا ہی سو عیسی مسیح کے دن تک کرتا چلا
جایگا چنانچہ لائق ہی کہ میں تم سب کے حق میں ایسا ہی گمان
کروں کیونکہ میرے دل میں تمہارا تصور ایسا ہی کہ تم سب
میری زنجیروں میں اور انجیل کی توجیہہ و اثبات میں بھی
میرے شریک فضل ہو خدا میرا گواہ ہی کہ میں عیسی مسیح
کی سی شفقت کرکے تم سب کا مشتاق ہوں اور میں دعا
کرتا ہوں کہ تمہارا عشق عرفان اور ادراک کامل کے ساتھ

بڑھتا چلا جاے تاکہ تم متفاوت چیزوں میں امتیاز کرو اور
مسیح کے دن تک خالص رہو اور ٹھوکر نہ کھاؤ اور راستبازی
کے پھلوں سے جو عیسی مسیح کے سبب سے ہیں لدے
رہو تاکہ خدا کی مدح اور حمد کی جاے

انجیل متی ۱۸ ـــ ۲۱

پطرس نے پاس آکر عیسی سے کہا کہ اے خداوند
کتنے مرتبے میرا بھائی گناہ کرے اور میں اُسے بخشوں کیا سات
مرتبے تک عیسی نے اُسے کہا کہ میں تجھسے سات مرتبے تک
نہیں کہتا بلکہ ستر دفعہ سات مرتبے تک اسلئے کہ آسمان کی
سلطنت ایک بادشاہ کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہی جسنے
اپنے خادموں سے محاسبہ چاہا تھا اور جب کہ وہ محاسبہ لینے لگا
وے ایک کو جسپر اُسکے دس ہزار توڑے قرض تھے
اُسکے سامھنے لائے پر اسلئے کہ اُسکو ادا کرنیکا مقدور
نہ تھا اُسکے آقا نے حکم کیا کہ وہ اور اُسکی جورو اور بال بچے
اور جو کچھ کہ اُسکا ہو بیچا جاوے اور قرض ادا کیا جاوے تب
اُس خادم نے گرکے اور اُسے سجدہ کرکے کہا کہ اے

خداوند مجھے مہلت دے کہ میں تیرا سارا قرض ادا کرونگا
اُس خادم کے آقا کو رحم آیا اور اُسنے اُسے چھوڑ دیا
اور دین اُسے بخش دیا اُس خادم نے نکلکر اپنے
ہمخدمتوں سے ایک کو جسپر اُسکے سو دینار آتے تھے پایا اور
اُسنے اُسے پکڑ کر اسکا گلا گھونٹا اور کہا جو میرا آتا ہی مجھے
دے اور اُسکا ہمخدمت اسکے پانوں پر گر پڑا اور منتی کرکے
بولا کہ مجھے مہلت دے کہ میں سب ادا کرونگا پر اُسنے نہ مانا
بلکہ اُسے جا کر قید خانہ میں ڈالا کہ مقید رہے جب تک کہ قرض
کو ادا کرے تب اُسکے ہمخدمت یہہ واقعہ دیکھکر بہت
غمگین ہوئے اور آکر اپنے آقا کو سارے ماجرا سے مطلع کیا تب
اُسکے آقا نے اُسے بلا کر کہا کہ ای شریر چاکر میں نے جو نہیں
تو نے میری منتی کی وہ سب قرض بخش دیا آیا نہ چاہتا تھا
کہ جب میں نے تجھپر رحم کیا تھا تو بھی اپنے ہمخدمت پر رحم
کرتا اور اسکے آقا نے غصے ہو کر اسے جلادوں کے حوالہ کیا کہ
اذیت کھینچے جب تک اُسکا سب قرض ادا کرے — سو میرا
باپ جو آسمان پر ہی تمسے بھی یہی کریگا اگر ہر ایک تم میں

سے اپنے بھائیوں کے گناہوں کو اپنے دل سے نہ بخشیگا

تئیسویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای خدا کہ تو ہماری پناہ اور قوت ہی اور تو ہی سب کارِ زہد کا بانی ہی ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنی کلیسیا کے دعاؤں کے سننے کے لیئے مستعد ہو اور بخش کہ وے چیزیں جو ہم ایمان کے ساتھ مانگیں ہم حقیقت میں حاصل کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب فلپیوں کا ۳ — ۱۷

ای بھائیو تم سب کے سب میرے مقلد ہو اور تم اُن لوگوں پر جو اُس سکہ کے موافق جو ہم میں تم نمایاں دیکھتے ہو چلتے ہیں غور کرو کیونکہ بہتیرے راہ رو ہیں جنکا ذکر تم سے بار ہا کیا اور اب رو رو کہتا ہوں کہ وے مسیح کی صلیب کے دشمن ہیں اُنکا انجام ہلاک ہونا ہی اُنکا خدا پیٹ ہی اُنکا ننگ اُنکا فخر ہی اُنکی طینت خاکی ہی ہماری معاش آسمان کے

باشندوں کی سی ہی اور ہم رہائی بخشنے والے خداوند عیسیٰ مسیح کی راہ تکتے ہیں کہ وہاں سے آوے کہ وہ اپنی قوت کے فعل کے مطابق جسسے وہ سب کو اپنا محکوم کرتا ہی ہمارے کثیف بدن کی شکل کو تبدیل کرکے اپنے جسم لطیف کی مانند بنائیگا

انجیل متی ۲۲ — ۱۵

تب فریسیوں نے جاکے شورہ کیا کہ اُسے کیونکر اُسکی باتوں کے سبب پھندے میں ڈالیں اور اُنہوں نے اپنے شاگردوں کو ہیرودیسیوں کے ساتھ اُسکے پاس بھیجکر اسے کہیں کہ ای استاد ہم جانتے ہیں کہ تو سچا ہی اور راستی سے خدا کی راہ بتاتا ہی کیونکہ تو آدمیوں کی وجاہت کی رعایت نہیں کرتا پس ہمکو کہہ تو کیا تصور کرتا ہی قیصر کو جزیہ دینا روا ہی یا نہیں تب عیسیٰ نے انکی شرارت دریافت کرکے کہا کہ ای ریاکارو کیوں مجھے آزماتے ہو جزیہ کا سکہ مجھے دکھلاؤ اور وے ایک دینار اُسکے پاس لائے تب اُسنے انہیں کہا کہ یہہ صورت کسکی

اور یہہ سکہ کس کا ہی وے بولے کہ قیصر کی ہی تب اُسنے
اُنہیں کہا کہ جو چیزیں قیصر کی ہوں قیصر کو اور جو خدا کی ہوں
خدا کو دو اُنہوں نے یہہ سنکے تعجب کیا اور اُسے چھوڑ کر
چلے گئے —

چوبیسویں اتوار کی دعا بعد تثلیث کی

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنے بندوں کو اُنکے
گناہوں سے نجات دے تاکہ تیری رحمت غیر متناہی کے سبب
ہم اُن گناہوں کے بند سے بچا لئے جائیں جو کہ ہماری ناتوانی کے
باعث ہمسے صادر ہوتے ہیں — یہہ التماس ہمارا
ای آسمانی باپ ہمارے متبرک خداوند اور بچانے والے
عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب قلسیوں کا ۱ — ۳

جب سے ہم نے سنا کہ تم مسیح پر ایمان لائے اور سب
مقدس لوگوں کو پیار کرتے ہو تمہارے حق میں سدا دعا
کرکے اُس ثواب کے واسطے جو تمہارے لئے آسمان پر

ذخیرہ کیا گیا ہی جسکا ذکر تمنے انجیل کے کلام حق میں سنا
اپنے خداوند عیسی مسیح کے خدا اور باپ کا شکر کرتے ہیں
کہ وہ انجیل اب تمہارے پاس آئی اور آگے ساری دنیا میں
پھل دیتی ہی چنانچہ تمہارے درمیان بھی جس دن سے
تمنے خدا کے فضل کو سنا اور جیسا جاننے کا حق تھا جانا
دیتی ہی تمنے ہمارے عزیز ہمخدمت اپفراس سے جو
تمہارے واسطے مسیح کا دیانتدار خادم ہی ایسا ہی
سیکھا تھا اُسنے تمہاری محبت روحی کو ہمپر ظاہر کیا سو ہمنے
بھی جس دن سے یہہ سنا تمہارے واسطے دعا مانگنے میں
غفلت نہ کی اور یہہ عرض کرتے رہتے ہیں کہ تم معرفت
کامل پیدا کرو کہ اُسکی مرضی کیا ہی اور حکمت وافر اور دانش
روحانی سے بھر جاو اور تمہاری روش ایسی ہو جیسا خداوند
کے لوگوں کے لائق ہی یہاں تک کہ رضا کلّی حاصل کرو
اور ہر ایک کار خیر سے برومند ہو اور خدا کے عرفان میں ترقی کرو
اور اُسکی قدرت جلیل سے ساری استعدادوں میں قوی

ہو جاو تا کہ تم کمال تحمّل اور خوشی سے صبر کرو اور باپ کا شکر کرتے رہو جسنے ہمکو اِس لائق کیا کہ روشنی میں مقدسوں لوگوں کے ساتھہ میراث کا حصہ لیں

انجیل متی ۹ — ۱۸

جسدم عیسیٰ یحیٰ کے شاگردوں سے یہہ کلام کرتا تھا دیکھو ایک سردار نے آکر اُسے سجدہ کیا اور کہا کہ میری بیٹی ابھی مر گئی پر تو آکر اپنا ہاتھہ اُسپر دھر کہ وہ جی اُٹھیگی اور عیسیٰ اُٹھہ کر اُسکے پیچھے چلا اور اُسکے شاگرد بھی اُسکے ساتھہ گئے اور دیکھو کہ ایک عورت نے جسکا بارہ برس سے لہو جاری تھا اُسکے پیچھے سے آکر اُسکے پیراہن کے دامن کو چھوا کہ اپنے جی میں کہتی تھی کہ اگر میں خالی اُسکے پیراہن کو چھووں میں تندرست ہو جاؤنگی تب عیسیٰ نے پیچھے پھر کر اُسے دیکھکر کہا کہ ای بیٹی خاطر جمع رکھہ کہ تیرے اعتقاد نے تجھے چنگا کیا اور وہ عورت بس اُسی گھڑی چنگی ہوئی اور جب عیسیٰ اُس سردار کے گھر پہنچا اور نوحہ گروں اور ہنگامہ سازوں

کو دیکھا انکو کہا کہ کنارے ہو یہہ لڑکی مر نہیں گئی سوتی ہی اور
وے اسپر ہنسے اور جب وے لوگ باہر نکالے گئے
اسنے اندر جاکر اسکا ہاتھہ پکڑا اور وہ لڑکی اٹھی تب اسکی
شہرت اس سب سرزمین میں مچی

پچیسویں اتوار کی دعا بعد تثلیث

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنے ایماندار لوگوں
کے دلوں کے مقاصد کو تحریض کر کہ وے کثرت سے نیک
کاموں کا پھل برلائیں اور تیرے حضور فراوانی سے اجر پاویں —
یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے
بخش — آمین

بعوض مکتوب ارمیا ۲۳ — ۵

دیکھو کہ وے دن آتے ہیں خداوند فرماتا ہی جب کہ میں داؤد
کے لیئے ایک صدق کی شاخ بر لاؤنگا اور ایک بادشاہ
سلطنت کریگا اور اقبالمند ہوگا اور روی زمین پر منصفی

اور عدل کریگا اُسکے عصر میں یہود انجات پائیگا اور اسرائیل ساتھ سلامتی کے بسیگا اور اِس لقب کروہ ملقب ہوگا خداوند ہماری راستبازی — پس دیکھو کہ وے دن آتے ہیں خداوند فرماتا ہی کہ وے پھر یہہ نہ کہینگے کہ خداوند زندہ ہی جسنے بنی اسرائیل کو سرزمین مصر سے نکال لایا بلکہ یہہ کہ خداوند زندہ ہی کہ جسنے اسرائیل کے گھرانے کی پرداخت کی اور اُسکے تخم کو شمالی ملکوں میں سے اور جہاں جہاں کہیں سے نے اُنکو پراگندہ کیا تھا بتور لایا اور وے اپنے ہی وطن میں بود و باش کرینگے

انجیل یوحنا ۶ — ۵

جب عیسیٰ نے آنکھیں اوپر کیں اور دیکھا کہ بڑی جماعت اُسکے پاس آتی ہی تو فیلبوس سے کہا کہ ہم کہاں سے اُن کے کھانے کے لیئے روٹیاں خریدیں پر اُسنے امتحان کی راہ سے یہہ کہا تھا کیونکہ وہ آپ جانتا تھا جو کیا چاہتا تھا فیلبوس نے اُسے جواب دیا کہ اگر اُن میں سے ہر ایک

کو ایک ہی ایک تکرا دیتے چلے جائے تو دو سو درہم کی روٹیاں
اُنکے لیئے بس نہ ہوں گیں ایک نے اُسکے شاگردوں میں سے
جو شمعون پطرس کا بھائی اندریاس تھا اُسنے کہا یہاں ایک
چھوکرے پاس جو کی پانچ روٹیاں اور دو چھوٹی مچھلیاں
ہیں پر یے اتنے لوگوں میں کیا ہونگی عیسیٰ نے کہا کہ لوگوں
کو بیٹھاؤ کہ اُس جگہہ بہت گھاس تھی چنانچہ وے لوگ گنتی
میں قریب پانچ ہزار کے بیٹھے اور عیسیٰ نے روٹیاں اُٹھالیں
اور شکر کر کے شاگردوں کو دیں اور شاگردوں نے اُنہیں جو
بیٹھے تھے بانٹیں اور اسی طرح مچھلیوں کے کھنڈے جس
قدر وے چاہتے تھے جب وے سیر ہو چکے اُسنے اپنے
شاگردوں سے کہا کہ اُن ریزوں کو جو بچ رہے ہیں جمع کرو
تا کہ کچھ خراب نہ ہووے چنانچہ اُنہوں نے جمع کیا سو جو کی
پانچ روٹیوں کے ریزوں سے جو اُن کھانے والوں سے بچ
رہی تھی بارہ ٹوکریاں بھریں تب اُن لوگوں نے یہہ معجزہ
جو عیسیٰ نے دکھایا دیکھکر کہا تحقیق وہ نبی جو جہان میں آنیوالا

تنہا ہی ہی

اگر قبل ادونٹ سندے کی بعضی اتوار ہوں تو ایپیفنی کی بعد کی چھٹی ہوئی اتواروں کی نماز بقدر حاجت داخل کی جائیں اور اگر قبل ادونٹ کی تثلیث کی اتوار پچیس سی تھوری ہوں تو باقی چھوردئی جائیں مگر یہہ پچھلی (پچیسویں اتوار کی) دعا اور مکتوب اور انجیل ہمیشہ اتوار کوجوکہ قبل ادونٹ کی واقع ہو پڑھی جائی *

مقدس اندریاس کی دن کی دعا

ای باری تعالی تو نے ایسا فضل اپنے مقدس حواری اندریاس پر کیا کہ اسنے تیرے بیٹے عیسی مسیح کی دعوت پر جلد اسکا مطیع ہوا اور سب کچھ تامل کے اسکا پیرو ہوا بخش کہ ہم سب جو تیرے کلام مقدس سے دعوت کئے گئے ہیں فوراً تابعداری سے تیرے مقدس احکام کو بجالائیں — یہہ التماس ہمارا اسی ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

مکتوب رومیوں کا ۱۰—۹

اگر تو اپنی زبان سے خداوند عیسیٰ کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لاوے کہ خدا نے اُسے مُردوں میں سے جلایا تو تو بچایا جائیگا کیونکہ راستبازی کے لیئے دل سے ایمان لایا چاہیئے اور نجات کی خاطر منہہ سے اقرار کیا چاہیئے چنانچہ کتاب یہہ بولتی ہی پھر جو کوئی اسپر ایمان لاتا ہی سو پشیمان نہ ہوگا پس یہودیوں اور یونانیوں میں کچھہ تفاوت نہ رہا کہ وہ جو سب کا خداوند ہی ایسا غنی ہی کہ سب کو جو اُسکے نام لینے والے ہیں عطا کرتا ہی کہ ہر ایک جو خداوند کا نام لیگا سو بچایا جائیگا پس جسپر وے ایمان نہیں لائے اُسکا نام کیونکر لیویں اور جسکا ذکر اُنہوں نے نہیں سنا اُسپر کیونکر اعتقاد کریں اور وے بغیر اُسکے کہ کوئی منادی کرے کیونکر ہو سکتا ہی کہ سنیں اور اگر بھیجے نہ جاویں تو کیونکر منادی کرینگے چنانچہ یہہ لکھا ہی کہ جو صلح کی اور اچھی چیزوں کی بشارت دیتے ہیں کیا خوش قدم ہیں لیکن نہ سب اُس خوش خبری کے معتقد

ہوئے ہیں کہ اشعیا کہتا ہی ای خداوند کون ہماری منادی
پر ایمان لایا پس ایمان سن لینے سے اور سن لینا خدا کی
بات کہنے سے آتا ہی پر میں کہتا ہوں کیا اُنہوں نے نہیں
سنا انکی تو آواز تمام روی زمین پر پھیلی اور اُنکی باتیں
انتہاے دنیا تک پہنچیں سو میں کہتا ہوں کیا اسرائیل آگاہ
نہ ہوا موسی نے تو پہلے کہا کہ میں ایسا کرونگا کہ تم کو غیر قوم
پر رشک آوے اور قوم نادان سے تم غصہ کھاؤ پر اشعیا
بڑا بے پروا ہی اور کہتا ہی کہ جنہوں نے میری جستجو
نہیں کی مجھکو پا گئے جنہوں نے میری طلب نہ کی میں ان پر
عیان ہوا لیکن وہ اسرائیل کو یوں کہتا ہی کہ میں اپنے ہاتھ
تمام دن ایک قوم نافرمان بردار اور منکر کے لئے لنبے کئے
ہوئے ہوں

انجیل متی ۴ — ۱۸

جس وقت عیسی دریاے جلیل کے کنارے پر چلا جاتا تھا
اُسنے دو بھائیوں کو یعنے شمعون جو پطرس کہلاتا ہی اور اُسکے

بھائی اندریاس کو دریا میں جال ڈالتے ہوئے دیکھا کہ وے
مچھوے تھے اور اُسنے اُنہیں کہا کہ میرے پیچھے چلے آو میں
تمہیں آدمیوں کا صیاد بناونگا تب وے فی الفور جالوں کو
چھوڑکر اُسکے پیچھے ہو لئے اور اُسنے وہاں سے آگے بڑھ
کے دو بھائیوں یعنی زبدی کے بیٹے یعقوب اور اُسکے بھائی
یوحنا کو اپنے باپ کے ساتھہ کشتی پر بیٹھے ہوئے اپنے
جال مرمت کرتے دیکھا اور اُنکو بلایا تب وے فی الفور
کشتی اور اپنے باپ کو چھوڑکر اُسکے پیچھے ہو لئے

مقدس توماں حواری کی دن کی دعا

ای قادر مطلق اور دائم الحیات خدا کہ تو نے ایمان کی زیادہ تر
مضبوطی کے لئے اپنے مقدس حواری توماں کے دل میں
اپنے بیٹے کے حشر کی بابت شک آنے دی بخش کہ ہم
ساتھہ ایسی کمالیت کے اور بغیر کسی شک کے تیرے
بیٹے عیسیٰ مسیح پر اعتقاد لائیں کہ ہمارا ایمان تیرے

حضور کبھی قابل دوسشنے کے نہ ہو — یہہ التماس ہمارا ای
خداوند اُسی عیسیٰ مسیح کے وسیلے سے جسکے تئیں
ساتھ تیرے اور روح القدس کے ساری عزت اور جلال
اب اور ہمیشے کو ہو — آمین

مکتوب افسیوں کا ۲ — ۱۹

سو اب تم پردیسی اور مسافر نہ ہو بلکہ اہل تقدس
کے ہم شہری اور خدا کے اہل بیت ہو اور حواریوں اور نبیوں
پر جو نیو ہیں جہاں عیسیٰ مسیح خود کونے کا سرا ہی اُٹھائے
گئے ہو اور اُسمیں ساری عمارت باہم پیوستہ ہو کر مکان
مقدس خداوند کے لیے اُٹھتا جاتا ہی اور تم بھی اسمیں ہو کے
اوروں کے ساتھ بنائے جاتے ہو تاکہ خدا کے لیئے روحانی
مسکن بنے

انجیل یوحنا ۲۰ — ۲۴

توماں اُن بارھوں میں جسکا لقب دودمس تھا عیسیٰ کے آتے
وقت اُنکے ساتھ نہ تھا تب اور شاگردوں نے اُسے کہا

کہ ہمنے خداوند کو دیکھا ہی پر اُسنے اُنہیں کہا بغیر اِسکے کہ میں اُسکے ہاتھوں میں میخوں کے نشان دیکھوں اور میخوں کے نشانوں میں اپنی انگلی کروں اور اپنے ہاتھ کو اُسکی پسلی پر پھیروں کبھو باور نہ کروں — آٹھہ روز کے بعد جب اُسکے شاگرد اندر تھے اور تھوما اُنکے ساتھہ تھا دروازے بند ہوتے ہوے عیسیٰ آیا اور بیچ میں کھڑا ہو کے بولا کہ تمپر سلام پھر اُسنے تھوماں کو کہا کہ اپنی انگلی پاس لا اور میرے ہاتھوں کو دیکھہ اور اپنا ہاتھہ پاس لا اور اُسے میرے پہلو میں گرو اور بے اعتقاد نہ ہو بلکہ معتقد ہو تھوماں نے جواب میں اُسے کہا کہ ای میرے خداوند اور میرے خدا عیسیٰ نے اُسے کہا تھوماں اسلیے کہ تو نے مجھے دیکھا ہی تو ایمان لایا نیک بخت وے ہیں جنہوں نے نہیں دیکھا اور ایمان لائے اور بہت سے اور معجزے عیسیٰ نے جو اُس کتاب میں لکھے نہیں گئے اپنے شاگردوں کے سامہنے دکھاے لیکن یے لکھے گئے تاکہ تم ایمان لاؤ کہ خدا کا بیٹا عیسیٰ مسیح ہی اور تاکہ تم ایمان لاکے اُسکے نام سے حیات پاؤ

(مقدس پولوس کی تبدیل ہونی کی دن کی دعا)

مقدس پولوس کی تبدیل ہونی کی دن کی دعا

ای خدا کہ تو نے مبارک حواری مقدس پولوس کی منادی سے انجیل کے نور کو سارے جہان میں چمکایا بخش ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اسکی اِس عجیب تبدیل کو ہمیشہ یاد رکھکر سبب اِس حکمت کی پیروی کے کہ جسکی وہ تعلیم کرتا تھا اپنا شکرانہ ظاہر کریں — یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

بعوض مکتوب اعمال ۹ — ۱

اور سولوس ہنوز خداوند کے شاگردوں کی تہدید و قتل پر جی چلاکے سردار کاہن کے پاس گیا اور اُسسے دمشق کے مجمعوں کے لیئے اس مضموں کے خط مانگے کہ اگر میں کسی کو اس طریق پر پاوٗں خواہ مرد خواہ زن تو اُنہیں باندھ کے اور شلیم میں لاوٗں اور اثناے سفر میں جب وہ دمشق کے متصل آیا ایسا ہوا کہ ناگاہ ایک نور آسمان سے

اُسکے گرد چمکا تب وہ زمین پر گر پڑا اور ایک آواز سنی کہ
اُسے کہا ساؤل ساؤل تو مجھے کیوں ستاتا ہی اُسنے
پوچھا کہ خداوند تو کون ہی خداوند نے کہا کہ میں عیسیٰ
ہوں جسے تو ستاتا ہی تجھہ پر دشوار ہی کہ کانٹوں پر
لات مارے اُسنے لرزاں و حیراں ہو کے کہا کہ ای
خداوند تو کیا چاہتا ہی کہ میں کروں خداوند نے اُسے کہا اُٹھہ
اور شہر میں جا اور وہ جو تجھہ پر واجب ہی کہ کرے تجھے
کہا جائیگا اور اُسکے ساتھوالے مرد مبہوت کھڑے رہ گئے
کہ آواز سنتے تھے پر کسی کو نہ دیکھتے تھے اور ساؤلس
زمین پر سے اُٹھا اور جب کہ اسکی آنکھیں کھُلیں اُسے کچھہ نہ سوجھا
اور اُسکا ہاتھہ پکڑ کے دمشق میں لائے اور وہ تین دن تک
بے بصارت رہا اور نہ اُسنے کچھہ کھایا نہ پیا — دمشق میں
حنانیا نام ایک شاگرد تھا جسے خدا نے بہ کشف کہا کہ ای
حنانیا وہ بولا کہ خداوند میں حاضر ہوں خداوند نے اُسے کہا کہ
اُٹھکر اُس راہ جو مستقیم ہی جا سولوس نام ایک شخص

ترسی یہودا کے گھر میں ہی اُسے ڈھونڈھ دیکھ کہ وہ دعا کرتا
ہی اور اُسنے خیال میں دیکھا ہی کہ حنانیا نامی
ایک شخص نے داخل ہوکے اُسپر ہاتھ رکھے تاکہ وہ اپنی
بصارت پاوے تب حنانیا نے جواب دیا کہ ای خداوند
میں نے بہتوں سے اُس شخص کے حق میں سنا ہی کہ اُسنے
یروشلیم میں تیرے مقدس بندوں کے ساتھ بہت بدیاں کیں
ہیں اور یہاں وہ رئیس کاہنوں کی طرف سے مختار ہی کہ اُن
سب کو جو تیرا نام لیتے ہیں باندھے پر خداوند نے کہا کہ روانہ
ہو اسلئے کہ وہ میرے لئے برگزیدہ ہی تاکہ عوام اور
بادشاہوں اور بنی اسرائیل کے آگے میرا نام مشہور
کرے کیونکہ میں اُسے دکھاؤنگا کہ اُسے میرے نام کے لئے
کیسا بڑا دکھ اُٹھانا ضرور ہی اور حنانیا گیا اور اُس گھر میں
داخل ہوا اور اپنے ہاتھ اُسپر رکھ کے کہا کہ ای بھائی
ساؤل خداوند نے یعنے عیسی نے جو تجھ پر اُس راہ میں
جس سے تو آیا ظاہر ہوا مجھکو بھیجا ہی تاکہ تو اپنی بصارت

پاوے اور روح قدس سے بھر جاوے اور وو نہیں اُسکی آنکوں سے کچھ چھلکے سے گرے اور اُسنے فی الفور بصارت پائی اور اُٹھکے اصطباغ پایا اور کچھ غذا کھاکے قوت پائی پھر سولوس کئی دن دمشقی شاگردوں کے ساتھہ رہا اور فی الفور مجمعوں میں مسیح کی بشارت دی کہ وہ خدا کا بیٹا ہی اور سب جو سنتے تھے دنگ ہو گئے اور بولے آیا یہہ وہ نہیں جسنے انہیں جو اس نام کو لیتے تھے اورشلیم میں خوار کیا اور یہاں اِس ارادہ پر آیا کہ اُنکو باندھکے سردار کاہنوں کے پاس لاوے لیکن سولوس نے اور بھی دلیری کی اور ثابت کرکے کہ یہہ وہی ہی یہودیوں کو جو دمشق کے باشندے تھے گھبرایا

انجیل متی ۱۹ — ۲۷

پطرس نے عیسی کو جواب دیا اور کہا کہ دیکھ ہمنے سب کچھ چھوڑا اور تیرے پیچھے ہو لیا پس ہمکو کیا ملیگا عیسی نے اُنہیں کہا کہ میں تمسے سچ کہتا ہوں تم جو اِس

جہان میں میری پیروی کرتے آئے ہو سے جب ابن آدم اپنی حشمت کے تخت پر جلوس کریگا تم بھی بارہ تختوں پر بیٹھو گے اور اسرائیل کے بارہ فرقوں کی عدالت کروگے اور جس کسی نے کہ گھر یا بھائی یا بہن یا باپ یا ماں یا جورو یا بال بچوں یا اراضی کو میرے نام کے لیئے چھوڑا ہی سو گنا پائیگا اور حیات ابدی کا وارث ہوگا پر بہت سے جو اگلے ہیں پچھے ہونگے اور پچھلے آگے

مسیح کی ہیکل میں گذرانئی کی دن کی دعا

جو کہ عموماً مقدس کنواری مریم کا طہر نفاس کہلاتا ہی

ای قادر مطلق و دائم الحیات خدا ہم تیری جناب میں عجز و انکسار کے ساتھ منتی کرتے ہیں چونکہ تیرا اکلوتا بیٹا ہمارے جسم کی ماہیت میں ہیکل میں گذرانا گیا ایسےہی ہم بھی تیرے حضور صاف اور پاک دلوں کے ساتھ حاضر کئے جائیں — یہہ التماس ہمارا اُسی اپنے بیٹے ہمارے خداوند عیسی

مسیح کے واسطے بخش — آمین

بعوض مکتوب ملاخی ۳—۱

دیکھو میں اپنے رسول کو بھیجونگا اور وہ میرے آگے راہ کو درست کریگا اور خداوند کہ جسکو تم ڈھونڈھتے ہو دفعۃً اپنے ہیکل میں آویگا ہاں وہی رسول عہد کا کہ جسسے تم خوش ہو— دیکھو وہ آویگا خداوند لشکروں کا کہتا ہی — لیکن کون اُسکے آنے کے دن ٹھہرسکیگا اور کون ٹھہرسکیگا جب وہ دکھائی دیگا کیونکہ وہ مانند صاف کرنے والے کے آگ کے اور مثل دھوبی کے صابون کے ہی اور وہ مثل ایک چاندی کے صاف کرنے والے اور پاک کرنے والے کے بیٹھیگا اور بنی لیوی کو صاف کریگا اور اُنہیں سونے اور چاندی کی طرح کریگا تاکہ وے خداوند کے حضور راستبازی سے قربانی گذرانیں — تب یہودا اور اورشلم کی قربانیاں خداوند کے حضور خوشگوار معلوم پڑینگی جیسے کہ اگلے دنوں میں اور ایام سابق میں معلوم پڑتی تھیں — اور میں عدالت کے لئے تمہارے

نزدیک آؤنگا اور میں اوپر جادو گروں کے اور زانیوں کے اور
اُن پر جوکہ جھوٹھی قسم کھاتے ہیں اور اُنپر جوکہ مزدوروں
کے اجر دینے میں ظلم کرتے ہیں اور جو بیوہ اور یتیموں پر ستم
کرتے ہیں اور اغیار کاحق نہیں ادا کرتے اور مجھسے نہیں ڈرتے
گواہ قوی ہونگا خداوند لشکروں کا فرماتا ہی

انجیل لوقا۲ — ۲۲

اور جب اُنکے طہر نفاس کے دن جیسا کہ موسیٰ کی شریعت
میں ہی کامل ہوئے وے اُس لڑکے کو اور شلیم میں
لائے تاکہ خداوند کے آگے حاضر کریں چنانچہ خداوند کی شرع میں
لکھا ہی کہ جو فرزند نرینہ کہ پھلوٹا ہی خدا کی نذر کیا جائیگا اور تاکہ
شریعت الٰہی کے حکم کے موافق قمری کا ایک جوڑا یا کبوتر
کے دو بچے قربانی کریں اور دیکھو کہ اورشلیم میں شمعون نام
ایک شخص تھا جو راستباز اور پرہیزگار اور اسرائیل کی
تسلی کا منتظر تھا اور روح قدس اسپر تھا اسکو روح
قدس نے خبردی تھی کہ وہ جب تک کہ خداوند کے

مسیح کو نہ دیکھہ لے موت کو نہ دیکھیگا وہ روح کی ہدایت
سے ہیکل میں آیا اور جس وقت کہ ماں باپ اُس لڑکے عیسی
کو اندر لاتے تھے تاکہ اسکے لیئے شرع کے معمول کے
موافق عمل کریں اسنے اسے اپنے ہاتھوں پر اُٹھالیا اور خدا کی
ستایش کرکے کہا کہ ای مخدوم اب اپنے بندہ کو تو رخصت
دیا چاہتا ہی کہ تیرے سخن کے موافق سلامت جاوے کہ
میری آنکھوں نے تیری نجات مشاہدہ کی وہی نجات جو کہ تو نے
ساری خلقت کے آگے مہیا کی ہی جو غیر قوموں کی روشنی
کے لیئے ایک نور اور تیرے بنی اسرائیل کے لیئے جلال ہی
تب یوسف اور اسکی ماں اُن باتوں سے جو اسکے حق میں
کہی جاتی تھیں تعجب میں تھے اور شمعون نے انہیں مبارکباد
دی اور اُسکی ماں مریم کو کہا کہ دیکھہ یہہ بہتوں کے گرنے اور
اُٹھنے کے لیئے اسرائیل میں اور مخالفت کی علامت کے
واسطے پر آ ہوا ہی ہاں تلوار تیری جان سے بھی گذر جایگی
تاکہ بہتیرے دلوں کے اندیشے آشکارا ہو جائیں — اور حنا نام

فانوئیل کی بیٹی ایک نبیہ تھی جو آسیر کی قوم سے اور بہت کہن
سال تھی اور اپنے کنوارپنے سے سات برس تک ایک
شوہر کے ساتھ گذران کیا کی اور برس چوراسی ایک
سے بیوہ تھی وہ ہیکل سے جدا نہ ہوئی بلکہ نماز اور روزوں سے
رات دن خدا کی بندگی کرتی رہی اُسنے اسی وقت آکر
خداوند تعالیٰ کا شکر کیا اور اُن سبکو جو اورشلیم میں خلاصی
کے منتظر تھے اُسکے لیئے کہا اور جب وے خداوند
کی شرع کے موافق سب کام کر چکے تو جلیل میں اپنے شہر
ناصرہ کو گئے اور لڑکا بڑھتا گیا اور روح میں قوت پیدا ہوئی
اور حکمت سے بھر گیا اور خدا کی عنایت اُسپر تھی

مقدس متثیاس کی دن کی دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تو نے غدار یہودا کی جگہہ میں اپنے
معتقد خادم متثیاس کو منتخب کیا کہ بارہوں حواری میں سے
ایک ہو بخش کہ تیری کلیسیا مدام باطل حواری سے محفوظ

رہکر معتقد اور صادق خادموں سے انتظام اور ہدایت پائے — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

بعوض مکتوب اعمال ۱ — ۱۵

اُن ہی روزوں میں پطرس شاگردوں کے درمیان جو تمام وکمال ایک سو بیس کے قریب تھے کھڑا ہو کے بولا کہ ای مردو اور بھائیو وہ کتاب جو روح قدس نے داؤد کی زبانی یہودا کے حق میں جو عیسیٰ کے پکڑنے والوں کا رہنما ہوا پیشتر کہی اسکا پورا ہونا ضرور تھا کیونکہ وہ ہم میں گنا جاتا تھا اور اُسنے اُس خدمت سے حصہ پایا سو اس شخص نے بدی کی اجرت سے ایک زمین مول لی اور وہ اوندھے منہہ گرا اور اُسکا پیٹ پھٹ گیا اور اُسکی ساری انتڑیاں نکل پڑیں اور یہہ اورشلیم کے سارے باشندوں کو معلوم ہوا یہاں تک کہ اُس زمین کا نام اُنکی زبان میں حقلدما ہوا جسکا ترجمہ خون کی زمین ہی اِسلیئے کہ مزامیر کی کتاب میں لکھا ہی

کہ اُسکی آبادی ویران ہو اور اُسمیں کوئی بسنے والا نہ بسے
اور اُسکی ریاست دوسرا لے پس جو لوگ کہ اُس
مدت میں ہر دم ہمارے ساتھ تھے یعنے جب سے کہ خداوند
عیسیٰ اصطباغ یحییٰ کی ابتدا سے لیکے ہمارے درمیان آمد
و شد کرتا رہا یہانتک کہ ہمارے پاس سے اوپر اُٹھایا گیا
اُن میں سے چاہئے کہ ایک شخص جو اُسکے جی اُٹھنے کا گواہ ہی
ہمارے ساتھ مقرر رہو تب اُنہوں نے دو کو مقرر کیا ایک
یوسف جسکا عرف بارساباس اور لقب جستس تھا اور
دوسرا متیاس اور دعا میں کہا ای خداوند جو سب آدمیوں
کے دلوں سے آگاہ ہی دکھا کہ اُن دونوں میں سے تو نے کس
کو اختیار کیا ہی کہ وہ اُس خدمت اور رسالت سے حصہ
لے کہ جسسے یہوداہ محروم ہوا کہ اپنے مکان خاص کو جائے
اور اُنہوں نے قرعہ ڈالا اور قرعہ متیاس کے نام پر پڑا تب
وہ گیارہ شاگردوں میں شامل کیا گیا

انجیل متی ۱۱ — ۲۵

اُسی وقت عیسیٰ پھر کہنے لگا کہ ای باپ آسمان اور زمین کے مالک میں تیرا شکر کرتا ہوں کہ تونے اُن چیزوں کو حکیموں اور داناؤں سے چھپایا اور لڑکوں پر کھولا ہاں ای باپ ایسا ہونے میں تیری رضامندی تھی سب چیزیں میرے باپ نے میرے حوالہ کیں ہیں اور کوئی بیتے کو نہیں جانتا مگر وہی باپ اور نہ کوئی باپ کو جانتا ہی مگر بیتا اور وہ جسپر بیتا اُسے ظاہر کیا چاہے ای سب لوگو جو فرو ماندہ اور زیربار ہو اِدھر میرے پاس آؤ کہ میں تمہیں آرام دونگا میرا جُوا اپنے اُوپر لے لو اور مجھسے سیکھو کہ میں فروتن اور دل سے خاکسار رہوں اور تم اپنے جیئوں میں آرام پاؤگے کہ میرا جُوا سہل اور میرا بوجھ ہلکا ہی

مبارک کواری مریم کی نوید پانی کی دن کی دعا

ای خداوند ہم تیری منتی کرتے ہیں کا اپنے فضل کو ہمارے

۳۱۶ (مبارک کواری مریم کی نوید پانی کی دن کی دعا)

دلوں میں نازل کر جیسے کہ ہمنے تیرے بیٹے عیسی مسیح کا مجسم ہونا ایک فرشتے کی بشارت سے جانا ایسے ہی اُسکے صلیب اور رنج کے سبب ہم اُسکے حشر کے جلال میں داخل کئے جائیں — یہہ عرض ہماری اُسی ہمارے خداوند عیسی مسیح کے وسیلے بخش — آمین

بجای مکتوب اشعیا نبی کی کتاب ۷ — ۱۰

اُسکے سوا یہوواہ نے احاز کو فرمایا کہ یہوواہ اپنے خدا سے کوئی علامت طلب کر پستی میں قبر تک یا بلندی میں آسمان تک پر احاز نے کہا کہ میں نہیں طلب کرونگا اور میں یہوواہ کو نہیں آزمائونگا اور اُسنے کہا کہ ای داؤد کے خاندان اب تم سنو آدمیوں کو تکلیف دینا تمہارے آگے کچھ چیز نہیں سو کیا تم میرے خدا کو بھی تکلیف دیا چاہتے ہو اب خداوند تم کو ایک علامت بخشتا ہی دیکھو ایک کنواری پیٹ سے ہوگی اور بیٹا جنیگی اور اُسکا نام عمنوائیل رکھیگی وہ مکھن اور شہد کھائیگا کہ وہ شریروں کو ترک اور نیکوں کو پسند کریگا

انجیل لوقا ۱ — ۲٦

اور چھٹے مہینے جبرئیل فرشتہ خدا کی طرف سے جلیل کے ایک شہر میں کہ جسکا نام ناصرہ تھا ایک کواری کے پاس جو یوسف نامیدہ ایک مرد سے جو داؤد کے گھرانے سے تھا منسوب ہوئی تھی. بھیجا گیا اِس کواری کا نام مریم تھا اِس فرشتہ نے اُسکے پاس آکے کہا کہ ای مقبولہ سلام خداوند تیرے ساتھ تو عورتوں میں مبارک ہی وہ اُسے دیکھ کے اُسکے کلام سے مضطرب ہوئی اور سوچنے لگی کہ یہہ کیسا سلام ہی تب فرشتہ نے اُسے کہا کہ ای مریم مت ڈر کہ تو خدا کے پاس عزیز ہوئی اور دیکھہ تو حاملہ ہوگی اور بیٹا جنیگی اور اُسکا نام عیسیٰ رکھینگے وہ بزرگ ہویگا اور اللہ تعالیٰ کا فرزند کہلایگا اور خداوند خدا اُسکے باپ داؤد کا تخت اُسے دیگا اور وہ ابد تک یعقوب کے گھرانیکی سلطنت کریگا اور اُسکی سلطنت کا انتہا نہ ہوگا تب

مریم سے فرشتہ سے کہا کہ یہہ کیونکر ہوگا حالانکہ میں مرد کو نہیں
جانتی فرشتہ نے جواب دیا اور اُسے کہا کہ روح قدس تجھپر
نازل اور تجھپر اللہ تعالیٰ کی قدرت کا سایہ ہوگا اِسلیئے وہ مولود
مقدس جو تجھسے پیدا ہوگا خدا کا بیٹا کہلائیگا اور دیکھہ تیری رشتہ
دار الیسبا کو بھی بڑھاپے میں بیٹے کا حمل ہی اور یہہ اُسکا جو
بانجھہ کہلاتی تھی چھٹا مہینا ہی کہ خدا کے آگے کوئی چیز
ناممکن نہ نکلیگی مریم سے کہا کہ دیکھہ خدا کی باندی تیرے
کہنے کے موافق میرے لیئے ہووے تب فرشتہ اُسکے
پاس سے جاتا رہا

مقدس مرقس کی دن کی دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تو سے اپنے مقدس کلیسیا کو مقدس
مرقس انجیلی کی حکمت آسمانی سے تعلیم کی ہمیں فضل بخش
کہ ہم مثل لڑکوں کے ہر باطل حکمت کی ہوا کے تھپیڑے سے
چل بچل نہ ہوکر تیرے انجیل مقدس کی صداقت میں مستحکم

رہیں - یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش - آمین

مکتوب افسیوں کا ۴ - ۷

ہم میں سے ہر ایک کو مسیح کے کرم کے اندازے کے موافق نعمت دی گئی ہی اسواسطے وہ کہتا ہی کہ اسنے اونچے پر چڑھ کے اسیری کو اسیر کیا اور لوگوں کو انعام دئے اور اسکے او پر چڑھنے کے کچھ معنے نہیں مگر یہہ کہ وہ پہلے زمین کے نیچے اترا وہ جو اترا سو وہی ہی جو سارے آسمانوں پر چڑھا تا کہ سب کو معمور کرے اور اسنے بعضوں کو عنایت سے حواری کیا اور بعضوں کو نبی اور بعضوں کو انجیل کا مبشر اور بعضوں کو پاسبان اور معلم کیا تا کہ مقدس لوگ لوازم خدمت میں آراستہ ہوتے جایں اور مسیح کا بدن بنتا چلا جاے جب تک کہ ہم سب کے سب رفتہ رفتہ ایمان اور ابن اللہ کی پہچان میں متحد اور انسان کامل ہوویں یعنے مسیح کے کمال کی قامت کے اندازہ تک پہنچیں تا کہ ہم آگے کو

لڑکے نہ رہیں اور تانہ ہووے کہ ہم اُس تعلیم کی ہر ایک مخالف باد سے اُچھلتے بہتے پھریں جو آدمیوں کی پیچبازی اور گمراہ کرنے والی چالاکی سے پیدا ہوتی ہی بلکہ محبت سے سچے ہوکے ہر ایک سمت اُس میں جو سر ہی یعنے مسیح میں ہوکے بڑھتے جاویں اُسسے سارے اعضا ہر ایک مفصل کے جوڑ کے علاقہ سے پیوستہ و استوار ہوکے بسبب اُسس تاثیر کے جو بقدر ہر جز کے ہوتی ہی بدن کو بڑھاتے ہیں ایسا کہ بدن آپ کو محبت میں تعمیر کرتا ہی

انجیل یوحنا ۱۵ ا—۱

میں تاک حقیقی ہوں اور میرا باپ باغبان ہی جو شاخ کہ مجھ میں میوہ نہیں لاتی وہ اُسے توڑ ڈالتا ہی اور ہر ایک جو میوہ لاتی ہی وہ اُسے چھانٹتا ہی تاکہ وہ میوہ زیادہ لاوے اب تم سخن کے سبب جو میں نے تمہیں کہا پاک ہو مجھ میں قائم ہو اور میں تم میں جس طرح کہ ڈالی آپ سے میوہ لا نہیں سکتی مگر جب کہ وہ تاک میں قائم ہو تم بھی لا نہیں سکتے مگر جب

کہ مجھ میں قائم ہو۔ تاکہ میں ہوں اور تم ہو شاخیں وہ جو مجھ میں
لگا رہتا ہی اور میں اُسمیں وہی بہت سا میوہ لاتا ہی اسلئیے کہ
مجھ سے جدا تم کچھ کر نہیں سکتے اگر کوئی مجھ میں نہ لگا رہے وہ
ڈالی کی طرح پھینک دیا جاتا اور سوکھ جاتا ہی لوگ اُنہیں
سمیٹتے ہیں اور آگ میں جھونکتے ہیں اور وہ جلتا ہی
اگر تم مجھ میں لگے رہو اور میری باتیں تم میں جڑ پکڑیں جو
چاہو گے مانگو گے اور تمہارے لئیے وہ ہوگا میرے باپ کا
جلال اُسی سے ہی کہ تم بہت میوہ لاؤ اور تم میرے
شاگرد ہوگے جیسا میرے باپ نے مجھے پیار کیا ویسا ہی میں نے
تمہیں بھی پیار کیا تم میری محبت میں ثابت رہو اگر تم میرے
حکموں کو حفظ کرو تم میری محبت میں قائم ہوگے چنانچہ میں نے
اپنے باپ کے حکموں کو حفظ کیا اور اُسکی محبت میں قائم
ہوں میں نے یہ باتیں تمہیں کہیں تاکہ میری خوشی تم میں
ثابت ہو اور تمہاری خوشی کامل ہو

مقدس فیلبوس اور مقدس جیمس کی دن کی دعا

ای قادر مطلق خدا کہ صدقا تجھے پہچاننا زندگانی جاودانی ہی بخشش کہ ہم کمال سے تیرے بیٹے عیسیٰ مسیح کو جانیں کہ وہ راہ اور حق اور حیات ہی اور یہہ کہ ہم مقدس حواری فیلبوس اور جیمس کی پیروی کر کر ساتھ استقامت کے اُس راہ پر چلیں جو زندگانی جاودانی کی طرف پہنچاتی ہی — یہہ عنایت ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش . آمین

مکتوب یعقوب کا ۱ — ۱

یعقوب (جیمس) کا جو خدا اور خداوند عیسیٰ مسیح کا بندہ بارہ فرقوں کو جو متفرق ہیں سلام — ای میرے بھائیو جب تم گوناگوں امتحانوں میں اپنا پڑنا عیش کامل سمجھو کہ تم جانتے ہو تمہارے ایمان کا امتحان میں پڑنا تم میں صبر پیدا کرتا ہی پر لازم ہی کہ صبر کو پورا عمل کرنے دو تا کہ تم کامل اور پورے ہو اور کسی بات میں ناقص نہ رہو اور اگر کوئی تم میں سے ناقص رای ہو تو وہ خدا سے جو ساری خلق کو بے غرض دیتا ہی

اور ملامت نہیں کرتا ہی مانگے سے کہ اُسے دیا جائیگا لیکن
چاہیئے کہ ایمان سے مانگے اور کچھ شک نہ لاے کیونکہ شک
لانے والا دریا کی موج کی مانند ہی جو ہوا سے ڈانواں ڈول
ہی سو ایسا انسان گمان نہ کرے کہ میں خداوند سے کچھ پاؤنگا
وہ دلا آدمی اپنی ساری روشوں میں بے استقلال ہی بھائی
اگر جسکا مرتبہ پست ہی اپنی بلندی پر فخر کرے پر دولتمند
چاہوگے پستی سے اسلئے کہ وہ نباتات کے پھول کی طرح
جلال جائیگا یہی کہ سورج اپنی قوت سوزندہ کے ساتھ طلوع
ہوا گھاس کو سکھایا اور بس پھول اُسکا جھڑ گیا اور اُسکے
چہرے کا حسن ہو چکا ایسا ہی مالدار بھی اپنی سب روشوں میں
مرجھا جائیگا نیک بخت وہ انسان ہی جو امتحان میں صابر رہے
کیونکہ وہ ثابت ٹھہر کے حیات کا ہار پاویگا جسکا وعدہ خداوند نے
اپنے محبوں سے کیا ہی

انجیل یوحنا ۱۴—۱

اور عیسیٰ نے اپنے شاگردوں سے کہا پریشان خاطر نہ ہو تم خدا پر

ایمان لاتے ہو مجھپر بھی ایمان لاؤ میرے باپ کے گھر مین بہت سے مکان ہیں نہین تو میں تمہیں کہتا پس میں جاتا ہوں تا تمہارے لیئے جگہہ معین کروں اور میں جاکے اور جگہہ معین کرکے پھر آونگا اور تمہیں اپنے ساتھہ لونگا تاکہ جہاں میں ہوں تم بھی رہو اور جہاں میں جاتا ہوں تم جانتے ہو اور راہ جانتے ہو توما نے اُسے کہا کہ ای خداوند ہم نہیں جانتے تو کہاں جاتا ہی اور ہم کیونکر اُس راہ کو جان سکیں عیسی نے اُسے کہا راہ اور حق اور حیات میں ہوں کوئی بغیر میرے وسیلہ باپ کے پاس نہیں آسکتا ہی اگر تم مجھے جانتے تو تم میرے باپ کو بھی جانتے سے اور اب تم اُسے جانتے ہو اور تمنے اُسے دیکھا ہی فیلبوس نے اُسے کہا کہ ای خداوند باپ کو ہمیں دکھلا کہ یہی ہمیں کافی ہی عیسی نے اُسے کہا کہ ای فیلبوس میں اتنی مدت سے تمہارے ساتھہ ہوں اور تو نے ہنوز مجھے نہ جانا جسنے مجھے دیکھا ہی باپ کو دیکھا ہی اور تو کیونکر کہتا ہی کہ باپ کو ہمیں دکھلا کیا تو باور نہیں کرتا کہ میں باپ میں اور باپ مجھہ میں ہی یے باتیں

جو میں تمہیں کہتا ہوں میں آپ سے نہیں کہتا لیکن باپ جو مجھہ میں رہتا ہی وہ یہ کام کرتا ہی میری بات باور کرو کہ میں باپ میں اور باپ مجھہ میں اور نہیں تو اُن کاموں کے لیئے مجھے سچا جانو میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں جو میرا اعتقاد کرتا ہی یہ کام جو میں کرتا ہوں وہ بھی کریگا اور اُن سے بزرگ تر کریگا کیونکہ میں اپنے باپ کے پاس جاتا ہوں اور تم میرے نام سے جو کچھہ مانگو گے میں وہی کرونگا تاکہ باپ بیٹے میں جلال پاوے اگر تم میرے نام سے کچھہ مانگو گے میں کرونگا

مقدس برنا باس حواری کی دن کی دعا

ای قادر مطلق خداوند خدا کہ تونے اپنے مقدس حواری برنا باس کو روح القدس کی عجیب نعمتوں سے معمور کیا ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ ہمیں اپنی گوناگوں نعمتوں سے محروم نہ رکھہ اور نہ اپنے فضل سے کہ اُنکا صرف ہم مدام تیری عزت و جلال کے لیئے کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند

(مقدس برنا باس حواری کی دن کی دعا)

عیسیٰ مسیح کے وسیلے بخش — آمین

بعوض مکتوب اعمال ۱۱ — ۲۲

اُن باتوں کی خبر اورشلیمی کلیسیا کے کانوں تک پہنچی اور اُنہوں نے برنا باس کو بھیجا کہ انطاکیہ تک گذر کرے وہ آکے اور خدا کی نعمت کو دیکھکے شادمان ہوا اور اُن سب کو ترغیب دیا کہ دل میں ٹھان کے خداوند سے ملے رہیں کہ وہ نیک مرد اور روح قدس اور ایمان سے بھرا ہوا تھا اور ایک اور خاصی جماعت خداوند کے لوگوں میں بڑھ گئی تب برنا باس ساؤل کی تجسس میں ترسوس کو روانہ ہوا اور اُسے پا کے انطاکیہ میں لے آیا اور یوں ہوا کہ وے ایک برس کامل کلیسیا میں اکٹھے رہے اور بہت سی خلق کو تعلیم کیا اور شاگرد پہلے انطاکیہ میں مسیحی کہلاے اُنہیں دنوں میں کئی ایک نبی اورشلیم سے انطاکیہ میں آئے ایک نے اُن میں سے جسکا نام اجبس تھا اُسکے روح کے باعث سے بتلایا کہ سارے جہان میں عنقریب بڑا کال پڑیگا جیسا قلادیوس قیصر کے عہد میں

(مقدس برناباس حواریکی دن کیدعا)

پہر آتہا اُسوقت شاگردوں میں سے ہر ایک نے جیسا جسکی توفیق تہی ارادہ کیا کہ اُن بہائیوں کی مدد کے لیئے جو یہودیہ میں رہتے تہے نقدی بہیجیں سو اُنہوں نے کیا اور برناباس اور سولوس کی وساطت سے بزرگوں کے پاس بہیجی

انجیل یوحنا ۱۵ ۱۲ — ۱۲

میرا حکم یہہ ہی کہ تم ایک دوسرے کو جیسا میں نے تمہیں پیار کیا ہی پیار کرو کوئی شخص اِسّے زیادہ دوستی نہیں کرتا کہ اپنی جان اپنے دوستوں کے لیئے دے جو کچھہ کہ میں نے تمہیں فرمایا اگر تم کرو تم میرے دوست ہو بعد اُسکے میں تمہیں بندہ نہ کہونگا کیونکہ بندہ نہیں جانتا کہ اسکا آقا کیا کرتا ہی بلکہ میں نے تمہیں دوست کہا ہی کہ سب چیزیں جو میں نے اپنے باپ سے سنی ہیں میں نے تمہیں بتلائیں تمنے مجھے اختیار نہیں کیا بلکہ میں نے تمہیں اختیار کیا ہی اور تمہیں مقرر کیا تاکہ تم جاؤ اور میوہ لاؤ اور تمہارا میوہ باقی رہے تاکہ تم میرا نام لیکے جو کچھہ باپ سے مانگو گے وہ تمہیں

دیوسے

مقدس یوحنای بپتسٹ کی دن کی دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تیری ہی تدبیر سے تیرے بندے یوحنا سے بپتسٹ نے معجزانہ تولد پایا اور بھیجا گیا کہ تیرے بیٹے ہمارے بچانے والے کی راہ کو توبہ کی نصیحت سے مہیا کرے ہمیں اس طور سے اسکی تعلیم اور اسکے مقدس چال چلن کی طرف لیجا کہ ہم بصدق دل مطابق اسکی نصیحت کے توبہ کریں اور مانند اسکے مدام کلام صادق کریں اور بدی کا دلاورانہ زجر کیا کریں اور صدق کے لیئے صبر سے رنج سہیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخشش — آمین

بعوض مکتوب اشعیا ۴۰ — ۱

تم تسلی دو میرے لوگوں کو تم تسلی دو تمہارا خدا کہتا ہی اور شلیم کو دلاسا دو اور اُسے پکار کے کہو کہ اُسکی مصیبت

کے دن جو جنگ و جدل کے تھے گذر گئے اور اسنے یہواہ کے ہاتھ سے اپنے گناہوں کا بدلہ دو چند پایا — بیابان میں ایک منادی کرنیوالے کی صدا ہی تم یہواہ کی راہ سنوارو اور بیابان میں ہمارے خدا کے لئے ایک سیدھی شاہ راہ تیار کرو — ہر ایک نشیب اونچا کیا جائیگا اور ہر ایک کوہ اور پہاڑ پست کیا جائیگا اور ہر ایک ٹیڑھی چیز سیدھی اور ہر ایک ناہموار جگہہ ہموار کیجائیگی — اور یہواہ کا جلال آشکارا ہوگا اور سارا جہان اکٹھا ہوکے دیکھیگا کیونکہ یہواہ کے منہہ نے یہہ فرمایا — ایک آواز ہوئی کہ پکارو سو میں نے کہا کہ میں کیا پکاروں. بشر سب کے سب گھاس ہیں اور انکی ساری نیکیاں میدان کے سے پھول ہیں — گھاس مرجھاتی ہی اور پھول کمھلا جاتے ہیں کیونکہ یہواہ کی ہوا اس پر بہتی ہی یقیناً لوگ گھاس ہیں ہاں گھاس مرجھاتی ہی اور پھول کمھلا جاتے ہیں پر ہمارے خدا کا سخن ابد تک قائم ہی ای صیہون تو جو خوش خبریاں لاتی ہی اونچے پہاڑ پر چڑھ

بیٹھ رای اور شالیم تو جو مژدہ سناتی ہی زور سے اپنی آواز
بلند کر بلند کر اور مت ڈر یہودا کی بستیوں سے کہہ کہ دیکھو تمہارا
خدا دیکھو یہواہ خدا زبردستی کے ساتھہ آویگا اور اُسکا
بازو اُسکے لیئے سلطنت کریگا دیکھو اُسکا اجر اُسکے ساتھہ
ہی اور اُسکا کام اُسکے آگے — چوپاں کی مانند اپنا گلہ چرائیگا
وہ برّوں کو اپنے ہاتھہ سے فراہم کریگا اور اپنی گود میں اُٹھاکے
لیجائیگا اور اُنکو جو بچے والیاں ہیں ملایمت سے لیجائیگا

انجیل لوقا ا — ۵۷

الیسبا کے جننے کے دن پورے ہوئے اور وہ بیٹا جنی اور
اُسکے ہمسایوں اور خویشوں نے سنا کہ خداوند نے
اُسپے بڑی نعمت بخشی اور اُنہوں نے اُسے مبارکباد
دی اور یوں ہوا کہ وے آٹھویں روز لڑکے کا ختنہ کرنے
آئے اور اُسکا نام زکریا جو اُسکے باپ کا تھا رکھنے لگے تب
اُسکی ماں نے جواب دیا اور کہا کہ نہیں بلکہ اُسکا نام یحییٰ رکھا
جاوے اُنہوں نے اُسے کہا کہ تیری گھرانے میں ایسا

کوئی نہیں جسکا یہہ نام ہو تب اُنہوں نے اُسکے باپ کی
طرف اشارہ کیا کہ وہ اُسکا نام کیا رکھا چاہتا ہی اُسنے تختی
منگا کے لکھا اور کہا کہ یحیی اُسکا نام ہی تب وے سب
متعجب ہوئے اور فی الفور اُسکا منہہ اور زبان بھی کھلی اور
اُسنے گویا ہو کر خدا کی ستایش کی تب اُنہیں جو اُن کے
گردو پیش رہتے تھے خوف آیا اور اُن سب باتوں کا یہودیہ
کے تمام کوہستان میں چرچا ہوا اور جو کوئی سنتا تھا اپنے
دل میں یہہ اندیشہ کرتا تھا کہ یہہ کس طور کالرکا ہوگا —
اور خداوند کا ہاتھہ اُسپر تھا اور اُسکا باپ ذکریا روح قدس
سے معمور ہوا اور نبوت سے بولا کہ وہ خداوند جو اسرائیل
کا خدا ہی حمد کے لایق ہی کہ اُسنے اپنے لوگوں پر نظر کر کے
خلاصی بخشی اور ہمارے لئے نجات کا سینگ اپنے بندہ
داؤد کے گھرانے سے برپا کیا اور جیسا اُسنے اپنے پاک
نبیوں کی زبانی سے جو ابتدا سے عالم سے ہوتے آئے
کہا ہم کو اپنے دشمنوں سے اور اُن سب کے ہاتھہ سے جو ہم

سے باہر رکھتے ہیں خلاصی بخشی تا کہ وہ اپنی رحمت کو جو ہمارے
آباپر ہی کامل کرے اور اپنے مقدس عہد کو یاد رکھی یعنے
قسم کو جو اُسنے ہمارے باپ ابراہیم سے کی کہ وہ یہہ
ہمیں دیگا کہ ہم اپنے دشمنوں کے ہاتھ سے نجات پا کے اسکے
آگے پاکی اور صلاح سے جس دن تک ہم جئیں بے خوف
اسکی بندگی کرینگے اور ای لڑکے تو اللہ تعالی کا نبی کہلائیگا
اسلئے کہ تو خداوند کے آگے اُسکی راہوں کو درست
کرتا جائیگا تا کہ خبر دے کہ اُسکے لوگوں کو گناہوں کی بخشش
کے سبب سے نجات ملی یہہ ہمارے خدا کی دردمندی اور
رحمت سے ہی جس کے سبب طلوع کی روشنی بلندی
سے ہم تک پہنچی تا کہ سب کو جو تاریکی اور مرگ کے سایہ
میں بیٹھے ہیں نور بخشے کے ہمارے قدم کو سلامتی کی راہ
میں پڑنے دے — اور لڑکا بڑھتا گیا اور اُسکی روح میں قوت
پیدا ہوا کی اور وہ جس دن تک کہ بنی اسرائیل کو دکھائی
دیا جنگلوں میں رہا کیا

مقدس پطرس کی دن کي دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تو نے اپنے بیٹے عیسی مسیح کے وسیلے بہت سی تحفہ نعمتیں اپنے حواری مقدس پطرس کو بخشیں اور حکم کیا کہ کوشش سے تیرے گلے کو چراوے ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ سب اسقف اور خادم دین کو ایسا کر کہ وے کوشش سے تیرے کلام مقدس کی تعلیم کریں اور جماعت کو ایسا کر وے اُس کلام کو مانیں تا کہ وے جلال جاودانی کا تاج حاصل کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

بعوض مکتوب اعمل ۱۲ : ۱

اُسی عہد میں ہیرودیس بادشاہ نے ہاتھ ڈالے کہ کلیسیا میں سے بعضوں کو دکھ دئے اور یوحنا کے بھائی یعقوب کو تلوار سے مار ڈالا اور جب اُسنے دیکھا کہ یہہ یہودیوں کو خوش آیا تو اُسپر ترقی کر کے پطرس کو عید فطیر کے ایام میں پکڑ لیا اور اُسنے اُسے پکڑ کے قید میں ڈالا اور اِس ارادہ سے

کہ بعد فسح کے اُسکو گروہ کے پاس لیجاوے سپاہیوں
کے چار پہروں کے حوالہ کیا کہ اُسکی خبرداری کریں سو قید میں
پطرس کی نگہبانی ہوتی تھی پر اہل کلیسیا خدا سے اُسکے لیئے
بدل و جان دعا مانگتے تھے اور جب ہیرودیس نے چاہا
کہ اُسے باہر نکالے اُس رات پطرس دو زنجیروں سے
جکڑا ہوا دو سپاہیوں کے بیچ سوتا تھا اور نگہبان قید خانہ کے
دروازوں پر نگہبانی کرتے تھے کہ ناگاہ خدا کا فرشتہ اُسپر
نازل ہوا اور اُس مکان میں ایک نور چمکا اور اُسنے اسکی
پسلی پر ہاتھہ مارا اور اُسے یہہ کہہ کے اُٹھایا کہ جلد اُٹھہ تب
زنجیریں اُسکے ہاتھوں سے گرپڑیں اور فرشتہ نے اُسے کہا
کہ کمر باندھہ اور اپنی جوتی پہن اُسنے یہہ کیا تب اُسنے
کہا کہ اپنی قبا پہن لے اور میرے پیچھے ہولے اور وہ نکل
کے اُسکے پیچھے ہو لیا اور نہ جانا کہ یہہ جو فرشتہ نے کیا واقع
میں ہی پر گمان کیا کہ کچھہ دھوکھا سا ہی جب وے پہلے اور
دوسرے پہرے میں سے نکل گئے تو لوہے کے دروازہ

پھر جو شہر کی طرف تھا پہنچے وہ خود بخود اُن کے لیئے کھل گیا اور وے نکل کے ایک بازار وار لینے چلے گئے اسدم فرشتہ اُسکے پاس سے غایب ہوا تب پطرس نے آپ میں آکے کہا کہ اب میں نے بالتحقیق جانا کہ خداوند نے اپنے فرشتہ کو بھیجا اور ہیرودیس کے ہاتھ سے اور یہودیوں کے منتظر گروہ سے باوجود اس ساری نگہبانی کے جو وے کرتے تھے مجھے بچالیا

انجیل متی ۱۶ ۱ — ۱۳

جب کہ عیسیٰ نے قیصریہ فیلبوس کی نواحی میں آکر اپنے شاگردوں سے یوں کہہ کے پوچھا کہ لوگ کیا کہتے ہیں کہ میں جو ابن آدم ہوں کون ہوں تب اُنہوں نے کہا کہ بعضے کہتے ہیں کہ تو یحیاے اصطباغی ہی اور بعضے الیاس اور بعضے ارمیا یا ایک پیغام بروں سے اُسنے اُنکو کہا کہ تم کیا کہتے ہو کہ میں کون ہوں شمعون پطرس نے جواب دیا اور کہا کہ تو مسیح حی وقیوم کا بیٹا ہی اور عیسیٰ نے جواب میں اُسے کہا کہ ای شمعون بریونا تو نیک بخت ہی کہ تجھ کو گوشت اور

خون نے نہیں مگر میرے باپ نے جو آسمان پر ہی ظاہر کیا اور میں تجھے کہتا ہوں کہ تو پطرس ہی اور میں اس پتھر پر اپنی کلیسیا بناؤنگا اور عدم کے دروازے اُس پر استوار نہ رہینگے اور میں آسمان کی سلطنت کی کنجیاں تجھے دونگا اور جو کچھ تو زمین پر باندھیگا آسمان پر باندھا جائیگا اور جو کچھ کہ تو زمین پر کھولیگا آسمان پر کھولا جائیگا —

مقدس حواري جيمس ثاني كى دن كي دعا

اي مہربان خدا بخش کہ جیسے تیرے مقدس حواری جیمس نے اپنے باپ کو اور سب چیزوں کو کہ جو اُسکی تھی بے تامل چھوڑکر تیرے بیٹے عیسی مسیح کی دعوت پر اُسکا مطیع اور پیرو ہوا اُسی نمط پر ہم بھی سب دنیوی اور نفسانی شہوتوں کو چھوڑکر مدام تیرے احکام مقدس کے بجالانے پر مستعد رہیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے وسیلے بخش — آمین

(مقدس حواري جيمس ثاني کي دن کي دعا)

بعوض مکتوب اعمال ۱۱ — ۲۷ و ۲۱ — ۱

اُنہیں دنوں میں کئی ایک نبی اور شام سے انطاکیہ میں آئے
ایک نے اُن میں سے جسکا نام اجبس تھا اُنکی روح کے
باعث سے بتلایا کہ سارے جہان میں عنقریب بڑا کال
پڑیگا جیسا قلادیوس قیصر کے عہد میں پڑا تھا اُسوقت
شاگردوں میں سے ہر ایک نے جیسا جسکی توفیق تھی ارادہ
کیا کہ اُن بھائیوں کی مدد کے لیئے جو یہودیہ میں رہتے تھے نقدی
بھیجیں سو اُنہوں نے کیا اور برنباس اور ساؤل کی
وساطت سے بزرگوں کے پاس بھیجی اور اُسی عہد میں
ہیرودیس بادشاہ نے ہاتھ ڈالے کہ کلیسیا میں سے
بعضوں کو دکھ دے اور یوحنا کے بھائی یعقوب کو تلوار سے
مار ڈالا اور جب اُسنے دیکھا کہ یہہ یہودیوں کو خوش آیا
تو اُسپر ترقی کرکے پطرس کو عید فطیر کے ایام میں پکڑ لیا

انجیل متی ۲۰ — ۲۰

تب زبدی کے بیٹوں کی ماں اپنے بیٹوں کو ساتھ لیکر اُسکے

پاس آئی اور اُسکو سجدہ کیا اور چاہا کہ اُسسے کچھ عرض کرے
اور اُسنے اُسسے کہا تو کیا چاہتی ہی اُسنے کہا کہ یہہ فرما کہ میرے سے
دو بیتے ایک تیری دہنی طرف اور دوسرا بائیں طرف بیٹھیں تب
عیسی نے جواب دیا اور کہا تم نہیں جانتے ہو کیا مانگتے ہو کیا تم
قادر ہو کہ وہ پیالہ جو میں پینے پر ہوں پیؤ اور وہ اصطباغ جو میں
پاتا ہوں پاؤ وے بولے کہ ہم قادر ہیں اُسنے اُنہیں کہا کہ
تم بالتحقیق میرا پیالہ پیوگے اور وہ اصطباغ جو میں پاتا ہوں پاؤگے
لیکن میری دہنی اور میری بائیں طرف بیٹھنا میرا کام نہیں کہ
تمکو بخشوں بلکہ یہہ اُنہیں جنکے لیئے میرے باپ نے تیار کیا ہی
دیا جایگا اور جب اُن دسنے سنا وے ان دونوں بھائیوں
پر غصے ہوئے پر عیسی نے اُنہیں بلا کر کہا تم جانتے ہو کہ عوام
کے سردار اُنپر حاکمی کرتے ہیں اور اُنکے سردار اُنپر
سروری کرتے ہیں پر تم میں ایسا نہ ہوگا بلکہ جو کوئی کہ چاہے
کہ تم میں بزرگ ہووے چاہیئے کہ تمہارا خادم ہو اور جو کوئی
چاہے کہ تم میں سردار بنے چاہیئے کہ تمہارا بندہ ہو چنانچہ ابن

آدم اسلیئے نہیں آیا کہ مخدوم بنے بلکہ اسلیئے کہ خادم ہووے
اور اپنی جان کو بہتوں کے لیئے فدیہ میں دے

مقدس برتولما حواري کی دن کي دعا

ای قادر مطلق و دائم الحیات خدا تو نے اپنے حواری برتولما
کو فضل بخشا کہ صدقاً وہ تیرے کلام کو مانے اور اُسکی تعلیم کرے
ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنی کلیسیا کو بخش کہ اُس
کلام سے الفت رکھے جسپر کہ وہ اعتقاد لایا تھا اور بھی اُسکی
تعلیم کرے اور اسکو قبول کرے - یہہ عرض ہماری ہمارے
خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش - آمین

بعوض مکتوب اعمال ٥ - ١٢

گروہ کے درمیان حواریوں کے ہاتھوں سے بہت سے عجائب
و غرائب واقع ہوے اور وے بالاتفاق رواق سلیمان
میں رہتے تھے اور باقی لوگوں سے کسی نے جرات نکی کہ
ان میں شامل ہوا بیٹھے لیکن گروہ نے ان کی تکریم کی اور مرد

۳۱۶ (مقدس برتولما حواری کی دن کی دعا)

وزن گروہ گروہ خداوند پر ایمان لاکے زیادہ ہوتے جاتے
تھے یہاں تک کہ لوگ رنجوروں کو بازاروں میں لاکے
بستروں اور تختوں پر رکھتے تھے تاکہ گذرتے ہوئے
کسی پر اُن میں سے پطرس کی پرچھائیں ہی پڑے اور
بہت سے لوگ چارسو کے شہروں کے بھی رنجوروں کو
اور اُنکو جو پلید روحوں کے مبتلا تھے اُٹھا لاکے اورشلیم میں
جمع ہوتے تھے اور سب شفا پاتے[illegible]

انجیل لوقا ۲۲ — ۲۴

اور انہیں یہہ مناظرہ بھی ہوا کہ انمیں کون سب سے بڑا
ٹھہریگا تب اُسنے انہیں کہا کہ اقوام کے بادشاہ اُنپر خداوندی
کرتے ہیں اور وے جو اُنپر سلطنت کرتے ہیں خداوند
نعمت کہلاتے ہیں لیکن تم ایسا نہ کرو بلکہ تم میں جو سب
سے بڑا ہی چھوٹے کی مانند اور مخدوم خادم کے مثل ہوے
اِسلئے کہ بڑا کون ہی وہ جو کھانے پر بیٹھا ہی یا وہ
جو خدمت کرتا ہی کیا وہ نہیں جو بیٹھا ہی لیکن میں تمہارے

بیچ خادم کی مانند ہوں تم ہو وے جو میرے امتحانوں میں نت
میرے ساتھ رہے جسطرح میرے باپ نے میرے لئے
مملکت مقرر کئی میں تمہارے لئے مقرر کرتا ہوں تاکہ تم
میری مملکت میں میرے دسترخوان پر کھاؤ اور پیئو
اور سندوں پر بیٹھ کے اسرائیل کے بارہ فرقوں کی عدالت کرو

مقدس متی حواری کی دن کی دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تو نے اپنے مبارک بیٹے کے وسیلے
خراج کی تحصیل سے متی کو دعوت کی کہ حواری اور انجیل
نویس بنے پھر فضل کر کہ ہم سب نوع کی طمع اور دولت
کی بیحد عشق کو چھوڑ کر اسی تیرے بیٹے عیسی مسیح
کی پیروی کریں جو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی ساتھ
تیرے اور روح القدس کے مدام ایک خدا جہان بے پایان
تک — آمین

۲ مکتوب قرنتیوں کا ۴ — ۱

سو ہم اُسکے رحم سے یہہ منصب پاکے اُداس نہیں ہوتے اور ہمنے شرم کے پوشیدہ کاموں سے کنارہ کیا اور دغابازی کی چال نہیں چلتے اور نہ خداکی بات میں ملاوٹی کرتے ہیں بلکہ راستی کو ظاہر کرکے ہرایک آدمی کے دل میں خدا کے حضور جگہہ کرتے ہیں اور ہماری انجیل کسی پر پوشیدہ ہووے تو اُنہیں پر جو ہلاک ہوتے ہیں پوشیدہ ہی کہ اِس جہان کے معبود نے اُنکے فہموں کو جو بے ایمان ہیں اندھا کر دیا ہی تا نہ ہووے کہ روشنی انجیل کی جو حشمت مسیح کو جو خدا کی صورت ہی ظاہر کرتی ہی اُن پر پڑے کہ ہم نہ اپنی بلکہ مسیح عیسی خداوند کی منادی کرتے ہیں اور ہم آپ تو عیسی کے لئے تمہارے نوکر ہیں کیونکہ خدا نے جسنے حکم کیا کہ تاریکی سے روشنی چمکے ہمارے دلوں کو روشن کیا تاکہ ہم خدا کی اُس مجد کا جو عیسی مسیح کے چہرہ میں ہی نور معرفت بخشیں

انجیل متی ۹ — ۹

اور جوں عیسی وہاں سے آگے بڑھا اُسنے ایک شخص خراج گاہ پر بیٹھا ہوا دیکھا جسکا نام متی تھا اور اُسسے کہا کہ میرے پیچھے چل وہ اُٹھکر اُسکے پیچھے ہو لیا اور یوں ہوا کہ جب وہ گھر میں کھانے کو بیٹھا بہت سے خراج لینے والے اور گنہگار آکر عیسی کے اور اُسکے شاگردوں کے ساتھ بیٹھ گئے اور فریسیوں نے یہہ دیکھکر اُسکے شاگردوں کو کہا کہ تمہارا معلم خراج لینے والوں اور گنہگاروں کے ساتھ کیوں کھاتا ہی عیسی نے سنکر اُنکو کہا کہ وے جو تندرست ہیں طبیب کے محتاج نہیں مگر وے جو بیمار ہیں پر تم جاکر اُسکے معنے دریافت کرو کہ میں رحم کو نہ قربانی کو چاہتا ہوں کہ میں نیکوں کو نہیں بلکہ گنہگاروں کو توبہ کے لئے بلانے آیا ہوں

مقدس میکائیل اور سب فرشتوں کی دن کی دعا

ای دائم الحیوہ خدا تو نے عجیب و غریب طور

سے فرشتوں اور آدمیوں کی خدمت کے تئیں مرتب و مقرر
کیا مہربانی سے بخش کہ جیسے تیرے مقدس فرشتے مدام
تیری خدمت آسمان پر کرتے ہیں ایسے ہی تیرے تقرر
سے ہماری اعانت اور امداد روی زمین پر کریں — یہہ عرض
ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

بعوض مکتوب مشاهدات ۱۲ — ۷

پھر آسمان پر مجادلہ ہوا - میکائیل اور اُسکے فرشتے اژدہے
سے لڑے اور اژدہا اور اُسکے فرشتے اُن سے پر انپر غالب نہ ہو
سکے اور نہ آسمان پر انکے لئے جگہہ رہی پھر برا اژدہا نکالا گیا
وہی پرانا سانپ جسکا نام ابلیس اور شیطان ہی جو سارے
جہان کو دغا دیتا ہی زمین پر گرایا گیا اور اُسکے فرشتے بھی اُسکے
ساتھہ گرائے گئے پھر میں نے اِس مضموں کی ایک بڑی
آواز آسمان سے سنی کہ اب نجات اور نیرو اور ہمارے
خدا کی سلطنت اور اُسکے مسیح کی قدرت آئی کیونکہ
ہمارے بھائیوں کا مدعی جو رات اور دن ہمارے خدا کے آگے

انپر تہمت کرتا تھا گرایا گیا اور انھوں نے برہ کے لہو سے اور اپنی گواہی کے سخن سے اُسے مغلوب کیا اور انھوں نے اپنی جانوں کو تادم مرگ عزیز نہ جانا اسواسطے تم ای افلاک اور تم جو اُن میں رہتے ہو شادمانی کرو افسوس انپر جو بر و بحر کے باشندے ہیں اسلئے کہ ابلیس بڑے قہر سے تمپر اترا کہ وہ جانتا ہی کہ میرے وقت میں تھوڑا ہی باقی ای

انجیل متی ۱۸ — ۱

اُسوقت شاگردوں نے آکے عیسی سے کہا پس آسمان کی سلطنت میں سب سے بڑا کون ہی عیسی نے ایک چھوٹے لڑکے کو بُلا کر اُنکے بیچ میں بیٹھایا اور کہا کہ میں تمسے سچ کہتا ہوں کہ اگر تم پھرائے نہ جاؤ اور چھوٹے لڑکوں کی مانند نہ بنو تم آسمان کی سلطنت میں ہرگز داخل نہ ہوگے پس جو کوئی کہ اپنے تئیں اس بچہ کی طرح فروتن کرے وہی آسمان کی سلطنت میں سب سے بڑا ہی اور جو کوئی

ایسے بچہ کی میرے نام کے لئے خاطرداری کرے میری
خاطرداری کرتا ہی پر جو کوئی کہ ایک کو ان لڑکوں میں سے
جو میرے معتقد ہیں ٹھوکر کھلا وے یہہ اُسکے لئے بہتر تھا
کہ ایک چکّی کا پاٹ اُسکی گردن میں باندھا جاتا اور دریا میں تہ
تک پہنچایا جاتا ٹھوکر کھلانے والی چیزوں کے سبب جہان
پر واویلا ہی کیونکہ ٹھوکریں کھانا تو ضرور ہای پر اُس شخص پر
جسکی سبب سے ٹھوکر لگے واویلا ہی پس اگر تیرا
ہاتھہ یا تیرا پانو تجھے گنہگار کرے اُنہیں کاٹ ڈال اور اپنے پاس
سے پھینک دے اسواسطے کہ لنگڑا یا ٹنڈا زندگی میں داخل
ہونا تیرے لئے اسسے بہتر ہی کہ تیرے دو ہاتھہ اور دو پانو
ہویں اور تو نار ابدی میں ڈالا جاوے اور اگر تیری آنکھہ
تجھے گنہگار کرے تو نکال ڈال اور اُسے اپنے پاس سے پھینک
دے کہ کانا زندگی میں داخل ہونا تیرے لئے اسسے بہتر ہی
کہ تیری دو آنکھیں ہوں اور تو آتش جہنم میں ڈالا جاوے
احتراز کرو کہ تم اُن چھوٹوں میں سے کسیکی تحقیر نہ کرو کہ میں

تمسے کہتا ہوں کہ آسمان پر اُنکے فرشتے میرے باپ کا منہہ جو آسمان پر ہی ہمیشہ دیکھتے ہیں

مقدس لوقا انجیلی کی دن کی دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تونے لوقا طبیب کو دعوت کی کہ جسکی ثنا انجیل میں ہی کہ انجیل نویس اور طبیب روح کا بنے تیری مرضی ہو کہ اسکی تعلیم کی عافیت بخش ادویہ سے سب ہمارے امراض نفسانی صحت پائیں — یہہ عرض ہماری تیرے بیٹے ہمارے خداوند عیسی مسیح کے استحقاق کے لیئے بخش — آمین

۲ مکتوب طیمتاوس ۴ — ۵

تو ساری باتوں میں بیدار ہو دکھہ اٹھا بشیروں پر جو کچھہ واجب ہی تو کیا کر اپنی خدمت کو پورا کر کیونکہ میں اب بہا چلا جاتا ہوں میری رحلت کا وقت آپہنچا ہی میں نے جنگ حسن کیا میں دورت کرچکا میں نے ایمان کو رکھہ لیا باقی صدق کا

ہار میرے لئے دھرا ہوا ہی سو خداوند جو سچا حاکم ہی اس
دن مجھے دیگا اور فقط مجھے نہیں بلکہ ان سب کو جو اسکے ظہور
کے مشتاق ہیں تو کوشش کر تا کہ میرے پاس جلد آوے
کیونکہ دیماس نے اس جہان کو پسند کر کے مجھے ترک کیا اور تسلونیقے
کو چلا گیا قریسقنس غلاتیہ میں اور طیطس دلمطیہ میں گیا لوقا
اکیلا میرے ساتھ ہی تو مرقس کو اپنے ساتھ لے آ
کیونکہ وہ اس خدمت میں میرے کام کا ہی میں نے طخکس
کو افسس میں بھیجا تو وہ جبہ جسے میں نے طرواس میں
قرفس کے یہاں چھوڑا اور کتابیں خصوصاً وے چرمین اوراق
لیتا آ سکندر ٹھٹھیرے نے مجھ سے بہت بدی کی خداوند
اسکے کاموں کے موافق اسے سلوک کرے اسے تو بھی
پرہیز کر کیونکہ اسنے ہماری باتوں کی بہت مخالفت کی

انجیل لوقا ۱۰ — ۱

ان سب کے بعد خداوند نے اور ستر شخص مقرر کئے اور
اپنے روبرو جس جس شہر اور مقام میں کہ وہ خود جایا چاہتا تھا

اُنہیں دو دو کرکے بھیجا اُسوقت اُسنے اُنہیں کہا کہ تحقیق پکی زراعت بہت ہی پر کارکندے تھوڑے ہیں پس زراعت کے مالک سے درخواست کرو کہ اپنی تیار زراعت کے لئے کارکنندوں کو بھیجے جاؤ دیکھو میں تمہیں بھیڑوں کی مانند بھیڑیوں میں بھیجتا ہوں نہ بتوہ اور نہ توشہدان اور نہ پاپوش لیجاؤ اور راہ میں کسی کو سلام نہ کرو اور جس گھر میں داخل ہو پہلے اُس گھر پر سلام کہیو پھر اگر کوئی سلامت کے لائق وہاں ہوگا تمہارا سلام اُسپر واقع ہوگا نہیں تو تم ہی پر پھر آویگا اور اُسی گھر میں رہو اور جو کچھ وے تمہیں دیں کھاو پیو اسلیئے کہ کارکنندہ اپنی اُجرت کا سزاوار ہی

مقدس شمعون اور مقدس یہودا کی دن کی دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تو نے اپنی کلیسیا کو حواریوں اور نبیوں پر بنا کیا اور جسکے کونے کا پتھر خود عیسیٰ مسیح ہی بخشش

کہ ہم اُن کی تعلیم سے ساتھ ایسے اتحاد روحانی کے رہیں کہ ہم ایک ہیکل مقدس پسندیدہ تیرے لئے بنیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے وسیلے بخش — آمین

مکتوب یہودا ۱

یہودا کی طرف سے جو عیسی مسیح کا بندہ یعقوب کا بھائی ہی اُنکو جو باپ خدا میں مقدس ہوے اور عیسی مسیح کے لئے حفاظت سے رکھے گئے اور بلائے گئے ہیں رحم اور آرام اور محبت تم میں بڑہتی رہیں ای حبیبو جب میں سعی بلیغ کرتا تھا کہ اس نجات کی بات جس میں ہم سب شریک ہیں تمہیں لکھوں مجھے ضرور ہوا کہ تم کو لکھ کے تحریک کروں کہ تم اس ایمان کے لئے جو آگے مقدس لوگوں کے سپرد کیا گیا جد و جہد کرو کیونکہ بعضے شخص آگھسے جنکے لئے مدت سے یہہ سزا ٹھہرائی گئی ہی اور بیدین ہیں اور ہمارے خدا کے فضل کو فسق و فجور سے بدل کرتے

ہیں اور خدا کا جو اکیلا صاحب اقتدار ہی اور عیسیٰ مسیح
کا جو ہمارا خداوند ہی انکار کرتے ہیں میں چاہتا ہوں کہ تمہیں
جو اسے جان چکے یاد دلاؤں کہ خداوند نے قوم کو زمین مصر سے
بچایا پھر انہیں جو ایمان نہیں لائے معدوم کیا اور ان فرشتوں
کو جو اپنی پہلی حالت پر نہ رہے بلکہ اپنے مقام خاص کو چھوڑ
دیا اسنے زنجیر دائمی میں تاریکی کے اندر روز عظیم کی
عدالت تک رکھا اسی طرح سدوم اور عمرہ اور ان
کی اطراف کے بلاد جنہوں نے ان کی مانند زنا کیا اور جسم
حرام کا پیچھا کیا عبرت کے واسطے آتش ابدی کے عذاب
میں ہیں باوجود اسکے اسی طرح سے خواب ناپاک کے
دیکھنے والے بھی جسم کو ناپاک کرتے ہیں اور ارباب
حکومت کو ناچیز جانتے ہیں اور مرتبوں پر طعن کرتے ہیں

انجیل یوحنا ۱۵ — ۱۷

میں تمہیں یہ باتیں فرماتا ہوں کہ تم ایک دوسرے کو
پیار کرو اگر دنیا تم سے عداوت کرتی ہی تم جانتے ہو کہ اُسنے

تم سے آگے مجھسے عداوت کی اگر دنیا کے ہوتے دنیا اپنے
کو پیار کرتی لیکن اس لیئے کہ تم دنیا کے نہیں بلکہ میں نے
تمہیں دنیا سے اختیار کیا اِس واسطے دنیا تم سے عداوت
کرتی ہی اُس بات کو جو میں نے تم سے کہی یاد کرو
کہ بندہ اپنے آقا سے بڑا نہیں جب اُنہوں نے مجھی کو ستایا
تو وے تمہیں بھی ستاوینگے اگر اُنہوں نے میرا کلام
حفظ کیا ہی وے تمہارا بھی حفظ کرینگے لیکن وے سب
سلوک میرے نام کے سبب تم سے کرینگے کیونکہ وے
میرے بھیجنے والے کو نہیں جانتے اگر میں نہ آیا ہوتا اور اُنہیں
نہ کہتا اُنکا کچھ گناہ نہ ہوتا لیکن اب اُنکے پاس ان کے گناہ کی حجت
نہیں وہ جو مجھسے عداوت کرتا ہی میرے باپ سے بھی عداوت
کرتا ہی اگر میں نے اُن کے بیچ میں یہ کام جو کسی شخص نے نہیں
کئے نہ کئے ہوتے تو اُنکا کچھ گناہ نہ ہوتا پر اب تو اُنہوں نے مجھے اور
میرے باپ کو دیکھا اور عداوت کی لیکن یہہ ہوا تا کہ وہ سخن
جو اُنکی شریعت میں لکھا ہی کہ اُنہوں نے مجھسے بے سبب

عداوت کی پورا ہو پر جب کہ وہ وکیل جسے میں تمہارے لئے باپ کی طرف سے بھیجونگا یعنے روح صدق جو باپ سے نکلتا ہی آوے تو وہ میرے لئے گواہی دیگا اور تم بھی گواہی دوگے کیونکہ تم ابتدا سے میرے ساتھ ہو

سب مقدسوں کی دن کی دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تو نے اپنے برگزیدوں کو اپنے بیتے ہمارے خداوند مسیح کے جسم کے سر میں متفق و متحد کیا ہمیں فضل بخش کہ ہم اِسطرح تیرے متبرک مقدسوں کی نیکیوں اور زاہدانہ طریق کی پیروی کریں کہ ہم اُن شادمانیوں میں جو تو نے اُنکے لئے جو بے ریا تجھسے عشق رکھتے ہیں مہیا کیا ہیں اور جو بیان سے باہر ہیں پہنچیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

بعوض مکتوب مشا ھدا ت ۷ — ۲

اور میں نے ایک اور فرشتہ مشرق سے اُٹھتے دیکھا اور اُسکے
پاس خدائے حی کی مہر تھی اسنے ان چاروں فرشتوں
سے جنہیں یہہ دیا گیا تھا کہ زمین اور دریا کو مضرت پہنچائیں
بلند آواز سے پکار کے کہا جب تک ہم اپنے خدا کے بندوں کی
پیشانیوں پر مہر نہ کرلیں تم زمین اور دریا اور درختوں کو ضرر
نہ پہنچانا اور میں نے اُن کا شمار جن پر مہریں کی گئیں تھیں سنا
کہ بنی اسرائیل کے فرقوں میں سے ایک سی چوتالیس
ہزار مہری ہوئے قوم یہودا سے بارہ ہزار قوم راوٗبن سے
بارہ ہزار قوم جد سے بارہ ہزار قوم اشیر سے بارہ ہزار
قوم نفتالی سے بارہ ہزار قوم منسی سے بارہ ہزار قوم شمعون
سے بارہ ہزار قوم لوئی سے بارہ ہزار قوم یشکر سے
بارہ ہزار قوم زبلون سے بارہ ہزار قوم یوسف سے بارہ
ہزار قوم بنیمین سے بارہ ہزار اور بعد اُسکے میں نے نگاہ کی تو
دیکھو ایک بڑی جماعت جسمیں ہر صنف ہر ذات ہر قوم

(سب مقدسوں کی دن کی دعا)

ہرزبان کے لوگ تھے جنکو کوئی شمار نہ کرسکا سفید جامے پہنے
اور خرمے کی ڈالیاں ہاتھوں میں لئیے اس تخت اور برہ کے
آگے کھڑی تھی اور بلند آواز سے چلا کے یوں کہتی تھی
نجات کا شکر ہمارے خدا کو جو تخت نشیں ہی اور برہ کو اور
سارے فرشتے جو اس تخت اور اُن بزرگوں اور اُن چاروں
جانداروں کے گرد کھڑے تھے سو اُس تخت کے آگے
اوندھے گر پڑے اور خدا کو سجدہ کیا اور بولے آمین برکت
اور جلال اور دانش اور شکر گذاری اور عزت اور قدرت اور
نیرو تا ابد ہمارے خدا کے لئیے — آمین

انجیل متی ۵ — ۱

عیسیٰ جماعتوں کو دیکھکر ایک پہاڑ پر چڑھ گیا اور جب بیٹھا
اُسکے شاگرد اُسکے پاس آئے تب اُسنے اپنا مُنہہ کھولا
اور اُنہیں تعلیم کے طور پر کہا نیک بخت وے ہیں جو دل کے
مسکین ہیں اس لیئے کہ آسمان کی سلطنت اُنہیں کی
ہی نیک بخت وے ہیں جو غمگین ہیں اس واسطے کہ

وے تسلی دیئے جاینگے نیکبخت ہیں وے جو حلیم ہیں اسلیئے
کہ وے زمین کے وارث ہونگے نیکبخت ہیں وے جو راستی
کے بھوکے اور پیاسے ہیں اسواسطے کہ وے سیر ہونگے
نیکبخت ہیں وے جو رحیم ہیں اس لیئے کہ اُن پر رحم کیا جایگا
نیکبخت ہیں وے جو صاف دل ہیں کہ وے خدا کو صاف
دیکھینگے نیکبخت ہیں وے جو صلح کرنیوالے ہیں اس
واسطے کہ وے خدا کے فرزند کہلاینگے نیکبخت ہیں جو راستی
کے واسطے ستائے جاتے ہیں اس لیئے کہ آسمان
کی سلطنت اُنہیں کی ہی نیک بخت ہو تم جب کہ لوگ
تمہیں میرے واسطے ملامت کریں اور دکھہ دیویں اور سب
طرح کی بری باتیں تمہارے حق میں کہیں خوش
ہو اور وجد کرو کہ تمہارا اجر آسمان پر بڑا ہی
اسلیئے کہ نبیوں کو جو تم سے آگے تھے
اسی طرح ستایا ہی

عشاي رّباني كا دستور

جتني شخص كہ مقدس عشاى رباني كى شريك هوا چاهتى هيں
اُنهيں لازم هى كہ روزمقرركى كم سى كم ايك دن آگى اپنى نام
سى قسيس كو اطلاع كريں اور اگر انميں سى كوئي فاسق مُعلَن هو
يا اپنى قول يا فعل سى كسيكى اپنى پڑوسيوں كو كچهہ ايذا كبهي اس
ڈهب پر دي هو كہ اُسكا فعل جماعت كى ٹهوكر كهانى كا باعث هو
قسيس بعد علم اس بات كى اُسى طلب اور مطلع كرى كہ هرگز وہ
تخت خداوند كى قريب آنيكا ارادہ نہ كرى جب تك كہ وہ علانيہ ظاهر
نہ كرلى كہ اُسنى بصدق دل توبہ كي اور اپني گذشتہ برى اطوار كي
اصلاح كي كہ جماعت جو قبل اِسكى اُسكى اطوار سى ناراض تهى
راضي هوں اور يہہ كہ اُن لوگوں كو جو اُسكى هاتهہ سى مظلوم هوں اُسنى
تاوان ديا هو يا اپنى تئيں ظاهر كري كہ اُسكا ارادہ ايسي بات كى
كرنيكا جب كہ اُسكا هاتهہ پهنچى مصمم هى

ايسي هي ڈهب پر قسيس اُنسى درپيش آئى جنكى درميان
وہ ديكهى كہ بغض و كينى كا عمل هى اور هرگز اُنهيں خداوند كى
تخت كا شريك نہ هونى دى جب تلك كہ يہہ دريافت كرلى
كہ اُنهون نى آپس ميں ملاپ كيا — اور اگر طرفين ميں سى ايك
جانب قبول كري كہ وہ اپنى دل سى اُن لوگوں كو جنهوں نى اُسپر

زيادتياں كي ہوں معاف كريگا اور خود تاوان اُن زيادتيوں كا جو اُسنے آپ كيں ہوں ديگا اور طرف ثاني جسن اتحاد پر راضي نہ ہو بلكہ اپني بغض اور كينہ پر اڑا رہے ايسي حال ميں خادم دين شخص تائب كو مقدس عشاے ربّاني كي ليئي آنے دے اور اُسكو نہيں جو كہ سركش ہے — مگر ہر خادم دين جو اسطرح سے جيسا مذكور ہوا مانع ہو اُسے لازم ہوگا كہ وہ حاكم شرع كے پاس كم سے كم چودہ دن كي عرصے ميں اُسكي خبر دے — اور حاكم شرع موافق قانون كے شخص مجرم كے باب ميں عمل كرے *

اِس دعا كے ليئے چاہيے كہ ايك تختہ سفيد كپڑے سے ڈھكا كليسيا كے بيچوں بيچ يا پورب كي طرف جہاں كہ صبح يا شام كي نماز پڑھي جاتي ہے دھرا رہے اور قسيس تختہ كي اُتر طرف كھڑا ہوكر خداوند كي نماز ساتھ اِس دعاے جو اُسكے ذيل ميں ہے پڑھے اور جماعت جاثي رہے

اي ہمارے باپ جو آسمان پر ہے تيرا نام مقدس ہو اور تيري سلطنت آوے اور تيري رضا زمين پر ويسي ہي ہو جيسي كہ آسمان پر ہے ہمارے روز ينہ كي روٹي ہميں آج بخش اور ہماري زيادتيوں كو معاف كر جيسا كہ جو ہم پر زيادتي كرتے ہيں ہم اُنہيں معاف كرتے ہيں اور ہميں امتحان ميں نہ ڈال بلكہ شر سے ہميں بچا ركھ آمين

دعا

ای خدا ے تعالیٰ کہ تو عالم القلوب ہی تیرے حضور سب اسرار دل کے کھلے ہیں اور تجھ پر کچھ بھید چھپا نہیں ہی ہمارے دلوں کے تصوروں کو اپنے روح القدس کے الہام سے پاکیزہ کر کہ ہم تجھ سے کاملیت کی محبت رکھیں اور ساتھ لیاقت کے تیرے پاک نام کی بڑائی کریں ــ یہ عرض ہماری ہمارے خداوند یسوع مسیح کے واسطے بخش آمین

تب قسیس جماعت کی طرف اپنی تئیں متوجہ کر دسوں احکام کو صاف صاف پڑھی اور جماعت جاثیاً بعد ہر حکم کی خدا سی اپنی گناہ کی لیئی جوکہ اُنہوں نی گذری ایام میں کیا ہو رحمت طلب کریں اور آیندہ اِن احکام کو بجالانی کی لیئی فضل چاہیں

خادم دین خدا نے یہ باتیں کہیں اور فرمایا کہ میں یہوواہ تیرا خدا ہوں میرے حضور تیرے لیئے کوئی دوسرا خدا نہ ہو

جماعت خداوند ہم پر رحم کر اور ہمارے دلوں کو مائل کر کہ ہم اس حکم کو بجالائیں

خادم دین تو اپنے لئے نہ کوئی گھڑی مورت بناوے نہ

کسی نوع کی شباہت کسی چیز کی جو اوپر آسمان کے یا تلے زمین ہیں یا پانی میں تہ زمیں کے ہو تو اُنکے حضور رکوع نہ کرے اور نہ اُنکی پرستش کرے کیونکہ میں یہواہ تیرا خدا خدائے غیور ہوں اور آبا کے گناہوں کی سزا اُنکے لڑکوں پر تیسری اور چوتھی پیڑھی تک جو مجھسے دشمنی رکھتے ہیں دیتا ہوں پر جو کہ مجھسے محبت رکھتے ہیں اور میرے احکام کو مانتے اُنمیں سے ہزاروں کو رحم دکھلاتا ہوں

جماعت خداوند ہمپر رحم کر اور ہمارے دلوں کو مائل کر کہ ہم اِس حکم کو بجا لائیں

خادم دین تو یہواہ اپنے خدا کا نام عبث نہ لے کیونکہ یہواہ اُسے بیگناہ نہ سمجھیگا جو اُسکے نام کو عبث لیتا ہی

جماعت خداوند ہمپر رحم کر اور ہمارے دلوں کو مائل کر کہ ہم اِس حکم کو بجا لائیں

خادم دین خبردار کہ تو روز سبت کو مقدس رکھے چھ دن تو محنت کرے اور اپنے سب کاروبار میں مشغول رہے لیکن ساتواں دن یہواہ تیرے خدا کا روز سبت ہی ا

اِس دن تو کسی طرح کا کام نہ کرے — تو نہ تیرا بیٹا نہ تیری بیٹی اور نہ تیرا غلام اور نہ تیری لونڈی اور نہ تیرے بہائم اور نہ کوئی دوسرا جو تیرے گھر میں ہو کیونکہ چھ دن میں خداوند نے آسمان اور زمین اور سمندر کو اور سب کچھ جو اُنمیں ہی بنایا اور ساتویں دن آرام کیا اِسلئے یہواہ نے روز سبت کو مبارک اور مقدس کیا

جماعت خداوند ہمپر رحم کر اور ہمارے دلوں کو مائل کر کہ ہم اِس حکم کو بجالائیں

خادم دین اپنے باپ اور ماں کی عزت کرتا کہ زمین پر جو یہواہ تیرے خدا نے تجھے دیا ہی تیری عمر دراز ہو

جماعت خداوند ہمپر رحم کر اور ہمارے دلوں کو مائل کر کہ ہم اِس حکم کو بجالائیں

خادم دین تو خون نہ کر

جماعت خداوند ہمپر رحم کر اور ہمارے دلوں کو مائل کر کہ ہم اِس حکم کو بجالائیں

خادم دین تو زنا نہ کر

جماعت خداوند ہمپر رحم کر اور ہمارے دلوں کو مائل کر
کہ ہم اِس حکم کو بجالائیں

خادم دین تو چوری نہ کر

جماعت خداوند ہمپر رحم کر اور ہمارے دلوں کو مائل کر
کہ ہم اِس حکم کو بجالائیں

خادم دین تو اپنے پڑوسی پر جھوٹھی گواہی نہ دے

جماعت خداوند ہمپر رحم کر اور ہمارے دلوں کو مائل کر
کہ ہم اِس حکم کو بجالائیں

خادم دین تو اپنے پڑوسی کے گھرکا لالچ نہ رکھہ اور تو
اپنے پڑوسی کی جورو کا لالچ نہ رکھہ نہ اُسکے غلام اور نہ اُسکی
لونڈی کا نہ اُسکے بیل نہ اُسکے گدھے کا نہ اور کسی چیز کا
کہ جو تیرے پڑوسیکی ہی

جماعت خداوند ہمپر رحم کر اور ہم منّت کرتے ہیں کہ
ہمارے لوح دلوں پر ان احکام کو نقش کر

تب اِن دونوں میں سے ایک دعا بادشاہ کی حق میں قسیس
بدستور کھڑا رہی اور پڑھی

چاہو دعا مانگیں

ای خداے تعالے کہ تیری سلطنت دائمی اور قدرت غیر متناہی ہی ساری کلیسیا پر رحم کر اور اپنے برگزیدہ خادم جارج کے دل کو کہ جو ہمارا پادشاہ اور حاکم ہی اسطرح سے انتظام دے کہ وہ (جان کر کہ وہ کسکا خادم ہی) سب چیزوں سے زیادہ تیری عزت اور جلال کا ڈھونڈھنے ہارا ہو اور ہم اور سب اُسکی رعیت (اچھی طرح سمجھکر کہ کسکا حکم وہ رکھتا ہی) بصدق دل اُسکی خدمت اور عزت کریں اور فروتنی سے تجھمیں اور تیرے لئے مطابق تیرے قول اور حکم سچائی کے اُسے مانیں — یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے طفیل سے بخش کہ جو ساتھ تیرے اور روح القدس کے موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی مدام ایک خدا جہان بے پایاں تک آمین

یا یہہ

ای رب اکبر وقدیم ہم تیرے کلام پاک سے تعلیم پاتے ہیں کہ بادشاہوں کا دل تیرے انتظام و حکم میں ہی

اور یہہ کہ تو مطابق اپنی مرضی کے اُنکے دلوں کو مائل
اور متوجہ کرتا ہی ہم بعجز و انکسار تیری منت کرتے ہیں
کہ اپنے خادم ہمارے بادشاہ اور حاکم جارج کا دل ایسا
راغب اور متوجہ کر کہ وہ اپنی نیت وقول وفعل میں مدام
تیری عزت وشان کا ڈھونڈھنے والا ہو اور اس بات
کا کہ وہ کوشش کرے کہ تیرے لوگ جو اُسکے سپرد
ہیں آبادانی اور امن اور تقوی میں رہیں — یہہ عرض
ہماری ای اب رحیم اپنے پیارے بیٹے ہمارے خداوند
عیسی مسیح کے طفیل سے بخش آمین

تب دعا جو روزکی مقرر ہی پڑھی جائی اور فوراً بعد پڑھنی
دعا کی قسیس یہہ کہکر مکتوب پڑھی کہ مکتوب (یا ورد
کتاب مقدس کا کہ جو بجای مکتوب کی مقرر ہی) فلانی باب میں
ہی اور شروع ہوتا ہی فلانی آیت سی — اور جب کہ مکتوب
تمام ہو کہی کہ اس مقام پر تمام ہوتا ہی مکتوب - تب انجیل
پڑھی (جماعت اٹھ کھڑی ہو) اور کہی کہ انجیل مقدس فلانی
باب سی ہی اور شروع ہوتی ہی فلانی آیت سی اور بعد
اتمام انجیل کی عقیدہ جو ذیل میں ہی گایا یا پڑھا جائی اور
جماعت بدستور کھڑی رہی

میں اعتقاد رکھتا ہوں ایک خدا پر جو کہ باپ قادر مطلق ہی اور آسمان و زمین کا اور سب چیزیں مرئی اور غیر مرئی کا خالق ہی

اور ایک خداوند عیسی مسیح پر کہ جو ایک ہی متولّد بیٹا خدا کا ہی اور قبل ساری کائنات کے اپنے باپ سے ظاہر ہوا خدا سے خدا ہی نور سے نور ہی رب حقیقی سے رب حقیقی ہی متولّد ہوا اور بنایا نہیں گیا اور باپ ہی کی ماہیت رکھتا ہی اور اُسنے سب چیزیں بنائیں اور وہ ہم آدمیوں اور ہماری نجات کے لئے آسمان سے اُترا اور بوساطت روح القدس کواری مریم سے مجسم ہوا اور آدمی بنا اور بھی ہمارے لئے تحت حکومت پنطوس پیلاطوس کے صلیب پر چڑھایا گیا اور اُسنے رنج اُٹھایا اور مدفون ہوا اور تیسرے دن مطابق کتاب کے پھر اُٹھا اور آسمان پر صعود کیا اور باپ کے دہنے ہاتھ بیٹھا اور وہاں سے ساتھ جلال کے زندے اور مردے کے انصاف کے لئے پھر آویگا اور اُسکی

بادشاہی کی انتہا کبھی نہ ہو گی —

اور میں اعتقاد رکھتا ہوں روح القدس پر جو خداوند اور بخشنے والا حیات کا ہی اور جو باپ اور بیٹے سے نکلا ہی اور جو ساتھ باپ اور بیٹے کے پرستش اور حمد کیا جاتا ہی اور جسنے نبیوں کی زبان سے بات کی — اور میں اعتقاد رکھتا ہوں ایک حواریوں کے کلیسیاے عمیم مسیحی پر اور میں اعتراف کرتا ہوں واسطے گناہوں کی معافی کے ایک بپتسمہ کا اور حشر اجساد کا منتظر ہوں اور آنے والی جہان میں زندگی کا — آمین

تب خادم دین جماعت کو سب آنے والی عید اور روزن سے کہ جو سامنے کی ہفتی میں واقع ہونگی مطلع کری — وہاں اگر ضرورت پڑے اطلاع کی جائے نماز عشا سے — اور نکاح کا خطبہ اور فرمان شرعیات مطابق اور سب احکام خداوند کی یہاں پڑھی جائیں اور کلیسیا میں وقت ادای دستور نماز کی کچھ چیز یہاں نہ کہی جای نہ اشتہار دی جائی اِلا خادم دین کی طرف سے اور نہ وہ کوئی بات عمل میں لائی الاوی کہ جسکا حکم اِس کتاب کی قواعد میں ہو یا بادشاہ یا حاکم شرع کی طرف سے جو اُسمقام کا ہو —

تب اُسکی بعد وعظ پڑھا جای یا ایک ہومیلی یعنی مقرری وعظوں میں سے جو کہ ٹھہرا یا گیا ہی یا حکم سے آیندہ کو ٹھہرایا جای —

تب قسیس خداوند کی تخت کی پاس جائی اور دستور عشا کا

آغاز کری اور اپنی مرضی کی موافق ان آیتوں میں سی ایک یا کئی پڑھی
تمہاری روشنی آدمیوں کے سامنے ویسی ہی چمکے تاکہ وے
تمہارے اچھے کاموں کو دیکھیں اور تمہارے باپ کی جو
آسمان پر ہی ستایش کریں — متی باب ۵ آیت ۱۶
مال اپنے واسطے زمین پر جمع مت کرو کیونکہ یہاں کیڑا اور
زنگ خراب کرتا ہی اور چور سیندھ دیتے ہیں اور
چراتے ہیں بلکہ مال اپنے لئے آسمان پر جمع کرو وہاں
نہ کیڑا اور نہ زنگ خراب کرتا ہی نہ چور وہاں کو سیندھ
دیتے اور نہ چراتے ہیں — متی باب ۶ آیت ۱۹ و ۲۰
جو جو سلوک تم چاہتے ہو کہ لوگ تم سے کریں تم بھی
اُن سے وہی کرو کہ توریت اور انبیا یہی ہیں — متی
باب ۷ آیت ۱۲
نہ ہر ایک کہ مجھے خداوند خداوند کہتا ہی آسمان کی بادشاہی
میں داخل ہوگا مگر وہی جو میرے باپ کے ارادے
کے موافق عمل کرتا ہی — متی باب ۷ آیت ۲۱
زکی نے کھڑے ہو کے خداوند سے کہا کہ اے خداوند

دیکھ میں اپنا آدھا مال مسکینوں کو دیتا ہوں اور اگر میں نے جھوٹھی تہمت کرکے کسی سے کچھ لیا ہی اسکا چوگنا عوض دیتا ہوں — لوقا باب ۱۹ آیت ۸

کون اپنا خرچ کرکے سپاہگری کرتا ہی اور کون تاکستان لگاتا ہی کہ اُسکا پھل نہیں کھاتا یا کون گلّے کی پاسبانی کرتا ہی جو اُس گلّے کا کچھ دودھ نہیں پیتا — پہلا قرنتیوں باب ۹ آیت ۷

اگر ہمنے تمھارے لئے روحانی چیزیں بوئیں ہیں تو کیا کچھ بڑی بات ہی کہ ہم تمھاری جسمانی چیزیں درو کریں — پہلا قرنتیوں باب ۹ آیت ۱۱

کیا تم نہیں جانتے کہ جو ہیکل کی خدمت کرتے ہیں سو ہیکل میں سے کھاتے ہیں اور جو قربانگاہ میں حاضر ہوا کرتے ہیں سو قربانگاہ میں سے حصہ لیتے ہیں اور ایسا ہی خداوند نے بھی ارشاد کیا ہی کہ جو انجیل کی بشارت دینے والے ہیں انجیل سے اسباب زندگی پاویں — پہلا قرنتیوں باب ۹ آیت ۱۳ و ۱۴

جو تھوڑا بوتا ہی تھوڑا کاتیگا اور جو افراط سے بوتا ہی
افراط سے کاتیگا اور ہر ایک جو کچھ کہ کرے اپنے دلکی
خواہش سے کرے نہ کہ غم یا ضرورت سے کیونکہ خدا
اُسی کو جو خوشی سے دیتا ہی پیار کرتا ہی — دوسرا
قرنتیوں باب ۹ آیت ٦ و ۷

جوکوئی کسی سے سخن سیکھے سکھانے والےکو ساری
نعمتون میں مشریک کرے تم دغانہ کھاؤ کیونکہ خدا
ٹھٹھون میں نہیں اُڑایا جاتا کہ آدمی جو کچھ بوتا ہی
اسکو درو کریگا — غلتیوں باب ٦ آیت ٦ و ۷

پس ہم چاہتے ہیں کہ ہر وقت سب سے نیکی کریں
علی الخصوص اُنسے جو اہل بیت ایمان ہیں — غلتیوں
باب ٦ آیت ۱۰

صلاحیت تو قناعت کے ساتھہ بڑا ہی نفع کرتی ہی
کیونکہ ہم دنیا میں کچھہ نہ لائے ظاہر ہی اور ہم اُسمیں کچھہ
لیجا نہیں سکتے ہیں — پہلا طیمتاوس باب ٦ آیت ٦ و ۷

اِس جہان کے دولتمندون کو حکم کر کہ عالی مزاج نہ

بنیں اور دولت بے ثبات پر تکیہ نہ کریں بلکہ جیتے خدا پر
جسنے ہمیں سب کچھ کثرت سے دیا تاکہ ہم کامیاب ہوں
توکّل کریں اور نیکوکار اور بھلے کام کر کے دولت مند
اور سخاوت پر تیار اور بانٹنے پر مستعد ہویں اور
آیندے کے لئے ایک بھلی بنیاد پیدا کر رکھیں تاکہ وے
حیات ابدی پر قابض ہویں — پہلا طیمتھیوس باب ۶
آیت ۱۷ و ۱۸ و ۱۹

خدا بے انصاف نہیں ہی جو وہ تمہارے کاموں کو اور اُس
محبّت کی محنت کو جو تم اُسکے نام پر مقدس لوگوں کی خدمت
کر کے دکھلاتے ہو بھول بیٹھے — عبرانیوں باب ۶ آیت ۱۰
خیرات اور احسان کرنا مت بھول لیو اِسلئے کہ ایسی
قربانیوں سے خدا خوش ہوتا ہی — عبرانیوں باب ۱۳ آیت ۱۶
جس کسی پاس مال دنیا ہو اور وہ بھائی کو محتاج
دیکھے اور اپنے تئیں رحم سے باز رکھے تو خدا کی محبت
اُس میں کیونکر رہتی ہی — پہلا یوحنا باب ۳ آیت ۱۷
اپنے مال کو خیرات میں دے اور کبھی اپنا منہہ کسی

کنگال کی طرف سے نہ پھیر اور تب خداوند کا منہہ
تیری طرف سے نہ پھریگا — ٹوبت باب ۴ ایت ۷

پھر مقدور رحیم ہو — اگر تیرے پاس بہت ہو کثرت سے
دے — اگر تیرے پاس تھوڑا ہو تو برضا و
رغبت اُس تھوڑے میں سے دے کیونکہ
اِس طور پر جزاے خیر تو اپنے لیئے روز ضرورت کو
جمع کریگا — ٹوبت باب ۴ ایت ۸ و ۹

وہ جو مسکینوں پر رحم کرتا ہی یہواہ کو اُدھار دیتا ہی
جو کچھ اُسنے دیا ہوگا وہ اُسے پھیر دیگا — سلیمان کی
امثال باب ۱۹ ایت ۱۷

مبارک ہی وہ جو مسکین پر مہر کرتا ہی یہواہ بپت کے
وقت اُسکو نجات دیگا — زبور باب ۴۱ ایت ۱

جب کہ یہہ آیتین پڑھی جاتی ہیں تب خادم اور کلیسیا کا
فوطہ دار اور دوسری لوگ جو اِسلیئی مقرر ہیں کنگالوں کی
لئیی بھیکھ اور صدقہ ایک پاکیزہ برتن میں جوکہ ہر کلیسیا میں
ایک رکھا رہی جمع کری اور بعد تحصیل کی اس باٴ برتن کو قسیس
کی آگی لائی اور وہ ساتھہ فروتنی کی تخت مقدس پر رکھی —

اور جس روز کہ دستور عشا کی پڑھی جاتی قسیس تب اتنی
روٹی اور شراب تخت پر رکھی جاتی کہ وہ کفایت جانی اور کہی

چلو سارے مسیحی کلیسیا کے حق میں جو اس
روی زمین پر جنگ و جدل میں ہیں دعا کریں

ای قادر مطلق اور حی قیوم خدا کہ تو نے اپنے مقدس
حواری کے وسیلے ہمیں سکھایا کہ تیرے آگے دعائیں
اور منتیان اور شکرانے سب لوگوں کے لئے کریں — ہم
بعجز وانکسار التماس رکھتے ہیں کہ تو اپنے کرم وافر سے (* ہمارے
ہدیہ اور صدقے کو قبول کر)
ہماری ان دعاؤں کو جو ہم
تیری جناب صمدیت سے مانگتے ہیں قبول کر اور عرض
رکھتے ہیں کہ مدام کلیسیاے عام میں صداقت و اتفاق
و اتحاد کی روح ڈال اور بخش کر دے جو تیرے
اسم مقدس کے مقر ہیں تیرے کلام مقدس کی
صداقت پر متفق ہو کر سب بال ساتھ اتحاد و خدا
ترسی محبت کے رہیں — اور بھی ہم منتی کرتے

* اگر ہدیہ یا صدقہ نہ ہو تو الفاظ ہدیہ اور صدقے کی چھوڑ دئی جایں

ہمیں کہ سب مسیحی بادشاہوں کو اور امیروں اور حاکموں کو بچا اور محفوظ رکھ خصوصاً اپنے خادم جارج ہمارے بادشاہ کو کہ اُسکے زیر حکومت ہم ساتھ تقویٰ اور صلاحیت کے منتظم ہوں اور اُسکے سب اہلِ شوریٰ کو اور وے جو اُسکے زیر حکومت حکمرانی کرتے ہیں بخش کہ وے ساتھ صداقت اور بغیر طرف کشی کے شرارت و بدی کی سزا اور مذہب راست اور نیکی کے سنبھالنے کے لئے عدل کریں — اور اے آسمانی باپ سب اسقفوں اور دوسرے خدام دین پر ایسا فضل بخش کہ وے اپنی چال اور تعلیم سے تیرے صادق و روح افزا کلام کو مروّج کریں اور ساتھ درستی کے تیرے پاک سکرمنتیوں کے دستور کو ادا کریں — اور اپنے سارے لوگوں پر آسمانی فضل عطا کر خصوصاً اِس جماعت حاضرین پر کہ وے ساتھ نرمی دل کے ادب و شایستگی سے تیرے کلام مقدس کو سنیں اور قبول کریں اور ساتھ تقویٰ و نیکوکاری کے تمام عمر تیری بندگی بغیر ریا کے کریں —

اور ہم بعجزا نکسار تیرے حضور التماس رکھتے ہیں کہ
ای خداوند اپنی مہربانی سے اُنکی اعانت و امداد کر
جو اس عمر ناپایدار میں مہموم و مغموم و محتاج و بیمار یا اور
کسی دکھ کے دکھ میں ہیں — اور بھی اُن خادموں
کے حق میں کہ جنھوں نے تیرے ایمان و خوف کے ساتھ
انتقال کیا ہی ہم تیرے پاک نام کے شکرگزار رہیں
اور تیری جناب میں التماس ہی کہ ہم پر اپنا فضل کر
کہ ہم اُنکے نیک اطوار کی پیروی کریں تاکہ اُن کے ساتھ
ہم تیری سلطنت سماوی کے شریک ہوں — یہہ
التماس ہمارا ای باپ ہمارے ساعی و شفیع عیسیٰ
مسیح کے لئے قبول کر آمین

جب کہ خادم دین عشای ربانی کی اطلاع دی (اور اُسکو وہ
ہمیشہ اتوار یا اور کوئی تہوار کو متصل اتوار کی دی) بعد
پڑھنی وعظ یا وعظ مقرر کی نصیحت جو ذیل میں ہی پڑھی

ای پیارو فلانے دن انشاءاللہ تعالیٰ میرا ارادہ ہی
کہ اُنہیں جو تقوی و طہارت کی طرف متوجہ ہیں بہت ہی
تسکین کی سیکرمنت مسیح کے جسم اور لہو کی دوں کہ

وے اُسکے صلیب ورنج کے اومعاف کی یادگاری ہیں
لیس کہ جسکے فقط ہم مغفرت گناہ کی حاصل کرتے ہیں اور
آسمان کی سلطنت میں شریک ہوتے ہیں اِس لئے ہپر
فرض ہی کہ ہم بعجز و نیاز دل و جان سے خداے تعالیٰ اپنے
آسمانی باپ کو شکرانہ بھیجیں کیونکہ اُسنے اپنے بیٹے
ہمارے بچانے والے عیسیٰ مسیح کو فقط اِس لئے نہ دیا
کہ ہمارے لئے مرے بلکہ یہہ بھی کہ ہمارے لئے روحانی غذا
اور قوت لایموت اِس مقدس سیکریمنت کے سبب
ہے — کہ یہہ ایک چیز ایسی ربّانی اور تسکین کی اُنکے
لئے ہی جو کہ ساتھہ شایستگی کے اُسے لیتے ہیں اور
ایسی دہشت ناک چیز اُنکے حق میں ہی جو بے ادبی
سے ناشایستہ طور پر اُسے لیتے ہیں — اب مجھے مناسب
ہی کہ اِسوقت تمہیں سمجھاؤں کہ تم اِس اسرار
مقدس کی شان کو اور اِسکے ناشایستگی سے لینے
کے بڑے خطرے کو سوچو — اور اِس وضع سے
اپنے دلوں کو کھوجو اور پرکھو (اور یہہ صرف کی سے نہیں

اور مانند اُنکے جو خدا کے حضور ریاکار نہیں بلکہ ایسا) کہ تم
اِس ربّانی عشا کے لیئے پاک و صاف ہوکر بیاہ کی پوشاک
میں کہ جسکا خدا کی طرف سے کتاب مقدس میں حکم ہی
آؤ تاکہ اِس مقدس تخت کے شرکاے لائق
ٹھہراے جاؤ

اِسکی راہ اور طور یہہ ہی — کہ پہلے تم اپنی چال چلن
اور بات چیت کو خدا کے احکام کے قاعدے سے پرکھو
اور جب کہ تم اپنے میں پاؤ کہ تمنے کسی بات میں نیت
یا قول یا فعل سے خطا کی ہی تو اپنے گناہ سے تضرع و
زاری کرو اور خداے تعالیٰ کے حضور اس خطا کے مقر ہو
ساتھ اِسکے ارادۂ مستحکم کے کہ آیندے کو اپنی
چال چلن کی تہذیب کروگے — اور اگر اپنے جرموں کو
تم ایسا پاؤ کہ نہ فقط برخلاف حکم خدا کے ہوں بلکہ تمہارے
ہمسایوں کے بھی خلاف مرضی کے تب تمہیں مناسب
ہی کہ تم اُنسے صلح کرو اور ہر ضرر اور زیادتی کا کہ تمنے
اُنکے ضد میں کیا ہو اپنے مقدور بھر بدلہ و عوض دینے

کے لیئے مستعد ہو اور بھی اِس بات پر موجود ہو کہ اُنہیں جنہوں نے تمہیں ستایا ہو ویسے ہی معاف کرے جیسا کہ تم چاہتے ہو کہ اپنے جرموں کا خدا کے ہاتھ سے عفو پاؤ ورنہ مقدس سیکریمنٹ کے لینے سے بجز اِسکے اور کچھ نتیجہ نہیں ہی کہ تمہاری عقوبت بڑھے — پس اگر تم میں سے خدا کی جناب میں کوئی کلمۂ کفر کا قائل ہو یا اُسکے کلام کا روکنے والا اور توہین کرنے ہارا ہو یا زانی ہو یا کسی سے کینہ یا حسد رکھتا ہو یا اور کسی نوع کے گناہ شدید میں ملوّث ہو تو اپنے گناہوں سے توبہ کرو ورنہ تخت مقدس کے پاس نہ آؤ مبادا بعد لینے سیکریمنٹ مقدس کے شیطان تمہارے دلوں میں پیٹھے جیسے کہ وہ یہودا کے دل میں پیٹھا تھا اور تم میں سب نوع کی شرارتیں بھر دے اور تمہارے جسم و جان کے تباہ ہو جانیکا موجب ہو

اور چونکہ لازم ہی کہ کوئی بشر سیکریمنٹ مقدس کے لیئے نہ آئے مگر جب کہ خداے تعالیٰ کی رحمت کی امید قوی رکھتا ہو اور ساتھ جمع خاطر کے ہو پس

اگر تم میں سے کوئی ہو جو اس طور پر اپنے دل کی تسکین کر نہیں سکتا بلکہ صلاح اور دلاسے کا محتاج ہو وہ میرے پاس آکر یا اور کسی معقول اور ہوشیار خادم دین کے پاس جاکر اپنے وجوہ غم کو ظاہر کرے کہ وہ خدا کے کلام مقدس کی امداد سے فائدہ مغفرت کا ساتھ روحانی صلاح و نصیحت کے حاصل کرے کہ جسسے اُسکی خاطر جمع ہو اور ہر طرح کے شک و شبہہ رفع ہو جائیں

یا اگر وہ دیکھی کہ لوگ طرف عشاے ربّانی کی کم متوجہ ہیں تو پچھلی نصیحت کی عوض یہہ نصیحت پڑھی

ای پیارے بھائیو فلانے دن خدا کے فضل سے میں عشاے ربّانی کا دستور رحمی میں لاؤنگا اور خدا کی طرف سے ہیں تم سب حاضرین کو کہتا ہوں اور تمہاری منت کرتا ہوں کہ تم خداوند عیسیٰ مسیح کے لئے عذر آنیکا نکرو گے کیونکہ تم ایسے پیارے تو خدا کی طرف سے اس بات کے لئے بلائے گئے ہو — تم جانتے ہو کہ کیسی بدی اور بیمروتی کی بات ہی جب کہ ایک شخص بڑی دھوم

دھام کی عید کرے اور اپنے دسترخوان کو تحفہ جات سے اِس طور پر بھرے کہ کچھ اور چیز درکار نہ ہو مگر یہہ کہ مہمان آن کے تناول کریں اور تس پر بھی وے کہ جنکی دعوت کی گئی ہو (بے کسی سبب کے) بہت ہی ناشکر گزاری سے آنیکا عذر کریں تم میں سے کون ہی کہ ایسے مقدمے میں آزردہ خاطر نہ ہوگا کون نہ خیال کریگا کہ آسے بہت ہی ضرر اور ایذا پہنچی — اِس لئے ای بڑے پیارو مسیح میں اچھی طرح خبردار رہو مبادا کہ تم عشاءِ ربّانی سے باز رہکر غضب الہی کو اپنے حق میں برانگیختہ کرو — آدمی کو یہہ بات کہنا سہل ہی کہ میں سیکریمنٹ نہ لونگا کیونکہ کار دنیوی مجھے باز رکھتا ہی لیکن ایسے عذر خدا کی جناب میں سہلاً مستجاب نہ ہونگے — اگر ایک شخص کہے کہ میں بڑا گنہگار ہوں اور اس لئے آنیکو ڈرتا ہوں پس تم کس لئے توبہ نہیں کرتے اور تربیت پذیر نہیں ہوتے کیا تم اِس بات کے کہنے سے شرمندہ نہیں ہو کہ تم نہ آؤگے جب کہ خدا تمھاری دعوت کرتا ہی — جب

کہ تمہیں مناسب ہی کہ خدا کی طرف رجوع کرو کیا تم اپنا عذر اس
نوع پر کروگے کہ تم تیار نہیں ہو غور سے اپنے دلوں میں
سوچو کہ ایسے اعذار بالطبع تمہارے خدا کے حضور کیسے عبث
ہونگے — وے کہ جنہوں نے انجیل میں ردّ دعوت کی
تھی اس لیئے کہ اُنہوں نے ایک کھیت مول لیا تھا
یا اس لئے کہ وے اپنے بیلوں کو جوت کر پرکھنا چاہتے تھے
یا اس لئے کہ وے بیاہے ہوے تھے ان کے عذر کی
سماعت نہ ہوئی بلکہ آسمانی ضیافت کی نسبت وے
نالائق شمار کیئے گئے — میں آپ حاضر ہونگا اور اپنے
عہدے کے مطابق تمہیں خدا کے نام سے دعوت کرتا ہوں
اور مسیح کی طرف سے بلاتا ہوں اور اپنی طرف سے
نصیحت کرتا ہوں کہ جیسی کہ تم اپنی نجات چاہتے ہو تم اس
مقدس سکرمنت کے شریک ہوگے — اور جیسے کہ
خدا کے بیٹے نے اپنی مہربانی سے از راہ موت صلیبی
کے تمہاری نجات کے لیئے اپنی جان دی ایسے ہی تم پر
فرض ہی کہ تم اسکی موت کی قربانی کی یادگاری میں

جیسے کہ اسنے خود حکم کیا ہی سیکرمنت کو لو ۔ تم میں
سے جو اِس بات کے کرنے میں غفلت کریگا وہ اپنے
دل میں خوب طرح سوچے کہ کیسی بیمروتی وہ خدا سے کرتا ہی
اور اپنے سر پر کیسی عقوبت پہنچاتا جب کہ وہ عمداً خداوند
کے تخت سے باز اور اپنے بھائیوں سے کہ جو اِس
عشاکے غذاے ربانی کے لئے آتے ہیں علاحدہ رہتا ہی ۔
اِن باتوں کو اگر تم بغور سوچو تو خدا کے فضل سے تم
بہتر نیت کی طرف رجوع کروگے اور اِسکے حاصل کرنے
کے لئے ہم کبھی خدا سے تعالیٰ اپنے آسمانی باپ کے
حضور تمہارے حق میں ساتھ عجز و انکسار کے دعا مانگنے
سے باز نہ رہینگے

دستور عشا کی وقت کا
جماعت مقدس عشای ربانی کی لیئی
مرتب کی جای اور قسیس یہہ نصیحت پڑھی

ای پیارے خداوند میں تم جو ہمارے منجی مسیح کے
جسم اور لہو کی سیکرمنت کی آرزو رکھتے ہو تمپر فرض
ہی کہ سوچو کیونکہ مقدس پولوس نے سب لوگوں کو

دل توبہ کرو اور ہمارے منجی مسیح پر مستحکم اور جیتا جاگتا ایمان رکھو۔ چال چلن کو صلاحیت دو اور پوری دیا سب لوگوں کی نسبت رکھو تب تم ان مقدس اسرار میں شریک ہونے کی قابلیت رکھو گے — اور سب چیزوں سے زیادہ تم پر فرض ہی کہ ساتھ عجز کے تم شکرانۂ دلی خدا کا جو کہ باپ اور بیٹا اور روح القدس ہی پہنچاؤ کیونکہ ہمارا منجی مسیح جو ہم خدا اور ہم آدمی ہی اُسکی موت اور رنج سے جہان کی نجات ہوئی — اور اُسنے یہاں تک اپنے تئیں گھٹایا کہ موت صلیب کو ہم خوار گنہگاروں کے لئیے جو کہ تاریکی اور موت کے سائے میں پڑے تھے قبول کیا تاکہ وہ ہمیں لڑکے خدا کے بنائے اور زندگانی جاودانی کے لئیے ہمیں سرفراز کرے — اور تاکہ ہم اپنے مالک اور ایک ہی نجات دینے والے عیسیٰ مسیح کی بڑی محبت کو مدام یاد رکھیں کہ وہ اِس ڈھب سے ہمارے لئیے مُوا اور اِس نعمت بے پایان کو جو کہ اُسنے اپنے خون ثمین کے بہانے کے سبب ہمارے لئے حاصل کی

اُسنے مقرر کیا اور اِن مقدس اسرار کیتئیں اپنے پیار کے شہادت میں ٹھہرایا اور اِس لیئے کہ مدام اُسکی موت ہمارے برتے اور غیر متناہی دلاسے کے لئے یاد رکھی جائے — اِس لیئے اُس کیتئیں ساتھ باپ اور روح القدس کے چاہوہم جیسا کہ ہم پر فرض ہی مدام شکرانہ پہنچا ہیں اور اپنے تئیں تو جانتہ اُسکی رضا و رغبت مقدس پر چھوڑتے ہیں اور اُسی دھیان اور سوچ میں رہیں کہ کس طور سے زندگی بھر ہم ساتھ تقواے صدق اور نیکوکاری کے اُسکی خدمت کریں — آمین

تب قسیس انکو جو کہ عشائے مقدس کی لیئے آئی ہوں کہی

تم جو بصدق دل اپنے گناہوں سے تائب ہو اور میل دنیا اپنے پڑوسیوں کی طرف رکھتے ہو اور یہہ ارادہ کہ تمہارا چلن ایک نئے ڈھب پر ہو کہ خدا کے احکام کی پیروی کرو اور آج سے اُسکی مقدس راہوں پر چلو ایمان سے نزدیک آؤ اور اپنی تسکین خاطر کے لیئے اِس سیکرمنٹ مقدس کو لو اور بعجز و انکسار فروتنی سے

چاہیا خدا ے تعالیٰ کے حضور مقر ہو

تب یہہ اعتراف عام اُن لوگوں کی حق میں کہ جو
عشای ربّانی کی خواهش رکھتی هیں ایک خادم دین
پڑھی اور وہ اور جماعت ساتھہ فروتنی کی جاتی ہوں

ای قادر مطلق خدا کہ تو باپ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا
اور صانع سب چیزوں کا اور منصف سب آدمیوں کا ہی
ہم بتضرع اپنے ہر طرح کے گناہوں اور بدیوں پر اعتراف
کرتے ہیں جو کہ ہمنے روز بروز اِس شدّت سے تصور
و قول و فعل سے تیری جناب سبحانی کے حضور کئے ہیں اور
اِس سببا ہمنے تیرے خشم و عتاب سزاوار کو
اپنے پر برانگیختہ کیا ہم سرگرمی سے توبہ کرتے ہیں اور
اپنی بدفعلی سے نہایت مغموم ہیں اُنکی یاد ہمیں پشیمان
کرتی ہی اور اُنکا بوجھہ ہم اُٹھا نہیں سکتے — رحم کر ہمپر رحم کر
ہمپر اے رحیم باپ اور اپنے بیٹے ہمارے خداوند عیسیٰ
مسیح کے لئے ہمارے سب عصیان گذشتہ کو معاف کر اور
بخش کہ مدام آیندے کو ہم ایک نئے طور کے چلن سے

جا بیا خدا سے تعالی کے حضور منظر ہو

تب یہہ اعتراف عام اُن لوگوں کی حق میں کہ جو
عشای ربّانی کی خواهش رکھتی هیں ایک خادم دین
پڑھی اور وہ اور جماعت ساتھہ فروتنی کی جاتی هوں

ای قادر مطلق خدا کہ تو باپ ہمارے خداوند عیسی مسیح کا
اور صانع سب چیزوں کا اور منصف سب آدمیوں کا ہی
ہم بتضرع اپنے ہر طرح کے گناہوں اور بدیوں پر اعتراف
کرتے ہیں جو کہ ہمنے روز بروز اس شدّت سے تصور
و قول و فعل سے تیری جناب سبحانی کے حضور کئے ہیں اور
اس سبب ہمنے تیرے خشم و عتاب سزاوار کو
اپنے پر برانگیختہ کیا ہم سرگرمی سے توبہ کرتے ہیں اور
اپنی بدفعلی سے نہایت مغموم ہیں اُنکی یاد ہمیں پشیمان
کرتی ہی اور اُنکا بوجھہ ہم اُٹھا نہیں سکتے — رحم کر ہمپر رحم کر
ہمپر اے رحیم باپ اور اپنے بیٹے ہمارے خداوند عیسی
مسیح کے لئے ہمارے سب عصیان گذشتہ کو معاف کر اور
بخشش کر مدام آیندے کو ہم ایک نئے طور کے چلن سے

تیری خدمت کریں اور تجھے راضی رکھیں — اور تیرے نام
کی عزت و جلال کو ظاہر کریں — یہ ہمیں ہمارے خداوند
عیسیٰ مسیح کے طفیل سے بخش — آمین

تب قسیس کھڑا ہو (یا اسقف اگر حاضر ہو) اور اپنی تئیں
جماعت کی طرف متوجہ کرے اور آمرزش کی یہ دعا پڑھے

قادر مطلق خدا ہمارا آسمانی باپ کہ جس نے اپنی بڑی رحمت سے
اُن سے کہ جو ساتھ توبۂ دلی اور ایمان صادق کے اُس کی طرف رجوع کرتے
ہیں وعدہ آمرزش کا کیا ہے تم پر رحم کرے اور تمہیں سب
تمہارے گناہوں سے معاف کرے اور رہائی دے اور تمہیں نیکی
میں مستحکم اور مضبوط کرے اور تمہیں زندگانی جاودانی میں
پہنچاوے — یہ سب باتیں ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے
وسیلے تمہارے حق میں ہوں — آمین

تب قسیس کہے

سنو کہ تسلی کی باتیں ہمارے منجی مسیح نے اُن سبھوں کی
حق میں جو کہ بصدق دل اُس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں کہی ہیں

اے سب لوگو جو فرو ماندہ اور زیر بار ہو ادھر میرے

پاس آؤ کہ میں تمہیں آرام دونگا — متی ۱۱ — ۲۸

خدا نے جہان کو ایسا پیار کیا ہی کہ اُسنے اپنا اکلوتا بیٹا بخشا تاکہ جو کوئی اُس پر ایمان لاوے ہلاک نہ ہو بلکہ حیات ابدی پاوے — یوحنا ۳ — ۱۶

اور مقدس پولوس کا کہنا سنو

یہہ دیانت کی بات اور بالکل پسند کے لائق ہی کہ مسیح عیسیٰ گنہگاروں کے بچانیکو دنیا میں آیا — ۱ طیمتاوس ۱ — ۱۵

اور مقدس یوحنا کا کہنا سنو

ای میرے بچو میں یے باتیں تمہیں لکھتا ہوں تا کہ تم گناہ نہ کرو — ۱ یوحنا ۲ — ۱ و ۲

تب پادری قسیس کہی

قسیس اپنے دلوں کو متوجہ کرو

جماعت ہم اپنے دلوں کو طرف خداوند کے متوجہ کرتے ہیں

قسیس چلو اپنے خداوند خدا کو شکر کریں

جماعت مناسب اور درست ہی کہ ہم ایسا کریں

تب قسیس عشای ربّانی کی تخت کی طرف پھر کر کہی

بہت مناسب اور درست اور ہمپر فرض ہی کہم
ہروقت اور ہرجگہہ تیرا شکرانہ کریں ای خداوند
جو کہ مقدس باپ ٭ اور قادر بدی خدا ہی

٭ یہہ لفظ (مقدس باپ) تثلیث کی اتوار کونکہا جای

تس پیچہی ہولناک وقت کی تصنیف مقررہ
(اگر کوئي خاص ہو) پڑہي جای ورنہ فوراً یہہ

اسلیئے ساتہہ فرشتوں کے اور مقرب فرشتوں کے
اور جنت کے سارے رہنے والوں کے ہم تیرے اسم
جلال کی تعریف و توصیف کرتے ہیں اور تابیشہ کو تیری
مدح کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ای مقدس مقدس
مقدس خداوند خدا لشکروں کے آسمان اور زمین
تیرے جلال سے بہرا ہی ــ جلال ہو تیرے لئے
ای خداوند تعالی ــ آمین

مقرری دعائیں
کرسمس ڈی کو اور ساتوں دن اسکی بعد
اسلیئے کہ تونے اپنے اکلوتے بیٹے عیسیٰ مسیح کو

اِسوقت تولد ہونے کے لئے دیا کہ جو روح القدس
کے سبب اپنی ماں کنواری مریم کے بطن سے بذاتہ
انسان بنا لیکن بیعیب بے آلوث کسی نوع گناہ کے تاکہ ہم کو
گناہ سے منزہ کرے — اِس لئے ساتھ فرشتوں کے آلخ

روز فصح کو اور ساتوں دن اُسکی بعد

لیکن خصوصاً ہم پر فرض ہی کہ تیرے بیٹے ہمارے خداوند
عیسی مسیح کے حشر جلیل الشان کے لئے ہم تیری حمد
کریں کیونکہ وہ وہی فصح کا برہ ہی جو کہ ہمارے لئے
قربانی میں چڑھایا گیا اور جسنے جہان کے سب گناہ کو
اُٹھالیا اور جسنے اپنی موت سے موت کو معدوم کیا
اور اپنے پھر جی اُٹھنے سے ہمیں زندگانی جاودانی باردیگر
عطا کی — اِس لئے ساتھ فرشتوں کے آلخ

اِسنشن ڈے کو اور ساتوں دن اُسکی بعد

بوسیلہ اپنے بڑے پیارے بیٹے ہمارے خداوند
عیسی مسیح کے جو بعد اپنے جلیل الشان حشر کے
علانیہ سب اپنے حواریوں کو دکھائی دیا اور اُن کے سامنے

آسمان پر صعود کیا کہ ہمارے لئے ایک جگہہ مہیا کرے
کہ جہاں وہ ہی وہاں ہم بھی صعود کریں اور اُسکے ساتھ
بالاتصال سلطنت کریں — اِسلئے ساتھ
فرشتوں کے آلخ

وِٹ سنڈی کو اور چھٹوں دن اُسکی بعد

بوسیلہ عیسیٰ مسیح ہمارے خداوند کے مطابق جسکے
سچے وعدے کے روح القدس ان دنوں میں آسمان
پر سے ویسا ایک بڑی آواز سے کہ جیسے ایک بڑی
آندھی کی ہو اور مانند آتشی زبانوں کے اُترا اور
حواریوں پر ٹھہرا کہ اُن کی تعلیم کرے اور سب صداقتوں
میں اُن کی ہدایت کرے اور اُن کو طرح طرح کی
زبانیں اور بھی دلیری عطا کرے تاکہ ساتھ سرگرمی
کے سارے قوموں میں انجیل کی منادی کرنے میں
ثابت قدم رہیں تو جسکے سبب ہم ظلمت کی تاریکی سے
باہر ہوئے اور تیرے بیٹے عیسیٰ مسیح کی معرفت صدق
کی حقیقت کو جان لئے — اِس لئے ساتھ فرشتوں کے آلخ

فقط عید تثلیث کو

تو ایک خدا اور ایک خداوند نہ فقط ایک فرد بلکہ تین فرد ایک ماہیت میں ہی - کیونکہ جیسا ہم باپ کا جلال سمجھتے ہیں ویسا ہی ہم بیٹے اور روح القدس کا بھی بغیر کچھ تفرقے اور ناہمواری کے سمجھتے ہیں - اِس لئے ساتھ فرشتوں کے آلخ

بعد ہرایک دعا کی فوراً اگا یا پاکہا جای

اِس لئے ساتھ فرشتوں کے اور مقربین فرشتوں کے اور جنت کے سارے رہنے والوں کے ہم تیرے اسم جلال کی تعریف و توصیف کرتے ہیں اور ہمیشہ کو تیری مدح کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ای مقدس مقدس مقدس خداوند خدا لشکروں کے آسمان اور زمین تیرے جلال سے بھرا ہی - جلال ہو تیرے لئے ای خداوند تعالی — آمین

تب قسیس تحت خداوند کی پاس جاتی ہو اُن لوگوں کی حق میں جو عشای ربانی کی لیائی اٹی ہیں یہہ دعا پڑھی

ای مہربان خداوند پس تیرے تخت کے قریب ہم کچھ خود اپنی نیکوکاری کی اُمید سے نہیں بلکہ تیری بڑی اور بے متناہی رحمتوں کے بھروسے پر آئے ہیں — ہم اتنی بھی لیاقت نہیں رکھتے کہ تیرے تخت کے تلے سے روٹی کا ریزہ بٹوریں پر تو وہی خداوند ہے کہ جس کی شان مدام یہی ہے کہ رحم کرے پس ای مہربان خداوند بخش کہ ہم اِس طور پر تیرے پیارے بیٹے عیسیٰ مسیح کا گوشت کھائیں اور اُسکا لہو پئیں کہ ہمارا جسم گوشت اُسکے تن سے منزہ ہو اور ہماری جان اُسکے خون گراں بہا سے دھوئی جائے اور ہمیشہ کو ہم اُسمیں بسیں اور وہ ہم میں بسے — آمین

تب قسیس تخت کے روبرو کھڑا ہوکے اور روٹی اور شراب کو اِسطور پر رکھکے کہ بغیر کچھ تکلیف کے اور ساتھ نزاکت کے لوگوں کے حضور روٹی کو توڑے اور پیالی ہاتھ میں لیسکے اور یہہ دعا وقف کی پڑھے

ای قادرِ مطلق خدا ہمارے آسمانی باپ کہ تو نے اپنے رحم

وافر سے اپنے اکلوتے بیٹے عیسیٰ مسیح کو دیا کہ ہماری نجات کے لئے موت صلیب کا رنج اُٹھائے کہ جسنے اُسپر (اپنے تئیں ایک ہی قربانی کے گذراننے سے) ایک پورا اور کامل اور وافی وکافی قربانی اور فدیہ اور عوض سارے جہان کے گناہوں کا گذرانا — اور مقرر کیا اور اپنی انجیل مقدس میں ہمیں حکم دیا کہ جب تک کہ وہ پھر آئے ہم مدام اُسکی اِس موت گراں بہا کی یادگاری کیا کریں — اے مہربان باپ ہم بعجز و انکسار تیری منّت کرتے ہیں کہ ہماری سُن اور بخش کہ ہم تیری بنائی ہوئی اِس روٹی اور شراب کو لیتے ہوئے تیرے بیٹے ہمارے منجی عیسیٰ مسیح کے حکم مقدس کے مطابق اُسکی موت اور رنج کی یادگاری میں اُسکے بڑے مبارک جسم اور لہو کے شریک ہوں — کہ اُسنے اُسی رات کو کہ جب اُسکے ساتھ دغا ہوئی * روٹی کو لیکر بعد شکرگذاری † کے توڑا اور اپنے شاگردوں کو دیا اور کہا کہ لو کھاؤ ‡

* اِسمقام پر قسیس رکابی اپنی ہاتھ میں لی

† اور اِسمقام پر روٹی توڑی

‡ اور اِسمقام پر تمام روٹی پر اپنا ہاتھ رکھی

یہہ میرا تن ہی جو تمھارے لئے دیا گیا اور ایسا
میری یادگاری میں کرتے رہو — اور بعد اسکے
اسنے * پیالہ کو لیا اور بعد اسکے
شکرانہ کے اسنے انہیں
دیا اور کہا اسے تم سب پیو
کہ یہہ † میرا خون نئے وثیقے کا
ہی جو تمھارے اور بہتوں کے گناہوں کی آمرزش کے
لئے بہایا گیا — جتنی دفعہ کہ تم اسے پیو میری یادگاری میں
ایسا کیا کرو — آمین

* اسمقام پر روٹی دی جاتی ہے میں نی
† اور اسمقام پر اپنا ہاتھ
پیالہ پر (خواہ طشت ہو یا پیالہ) کہ
جسمیں وہ مئے وقف کی کچھہ
[illegible] ہو

تب خادم دین دونوں قسم کی عشاے ربانی جو اسنے آپ لی
تس پیچھے آسمانی اسقفوں اور قسیسوں اور خادم دینوں کو
اسی ترتیب پر دی (اگر ان میں سی کوئی حاضر ہو) اور
بعدہ درجہ بدرجہ لوگوں کے ہاتھوں میں دے اور جب دیا
جاتی رہے — اور روٹی دیتی وقت ہر ایک سے کہے

جسم ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا جو تیرے لئے دیا گیا تیرے
تن اور جان کو زندگانی جاودانی کے لئے محفوظ رکھے — اسے لے
اور اس بات کی یادگاری میں کھا کہ مسیح تیرے لئے

ہوا — اور اپنے دل میں ایمان سے اپنے لئے اُسے روحانی غذا بنا اور شکر کر

اور خادم دین پیالہ دیتی وقت ہرایک سی یہہ کہی

لہو ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا جو تیرے لئے بہایا گیا تیرے تن اور جان کو زندگانی جاودانی کے لئے محفوظ رکھے اِسے اِس بات کی یادگاری میں پی کہ مسیح کا لہو تیرے لئے بہایا گیا اور شکر کر

اگر وقف کی روٹی اور شراب قبل اِسکی کہ سب کو بٹّی ہو سب خرچ ہو جای تو قسیس اور بدستور مذکور وقف کری اور روٹی کی وقف کی وقت یہاں سی شروع کری ہمارا بچانے والا مسیح اُسی رات کو آلخ اور پیالی کی وقف کی وقت یہاں سی بھی بعد عنا آلخ

جب سب پاچکیں تب خادم دین خداوند کی تخت کی پاس پھر آئی اور سادبہ ادب کی وقف کی روٹی ارو شراب جو باقی رہ گئی ہو اُسپر رکھی اور اُسی ایک چادر صاف سی ڈھانکی *

تب قسیس خداوند کی دعا پڑھی اور لوگ اُسکی پاچھی پاچھی ہرایک عرض کو پڑھیں

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو اور

تیری سلطنت پھیلے اور تیری رضا زمین پر ویسی ہی ہو
جیسی کہ آسمان پر ہے ہمارے روزینے کی روٹی ہمیں
آج بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہم پر
زیادتی کرتے ہیں ہم انہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان
میں نہ ڈال بلکہ شریر سے ہمیں بچا کیونکہ سلطنت
اور قدرت اور جلال ابد تک تیرا ہی ہے — آمین

تس پیچھے جو دعا کہ ذیل میں ہے پڑھی جائے

ای خداوند اور آسمانی باپ ہم تیرے عاجز بندے
بالکل تیری پدرانہ مہربانی سے یہ ارمان رکھتے ہیں کہ تو
ہمارے اس فدیہ حمد و شکر ادا کے کو اپنی رحمت سے
قبول کرے اور عاجزانہ تیری منت کرتے ہیں بخش
کہ تیرے بیٹے یسوع مسیح کے اوصاف اور موت کے
سبب اور اس پر ایمان کے لانے سے ہم اور تیری
ساری کلیسیا گناہوں کی معافی اور سب دوسری نعمتیں کہ
جو اس کے رنج سے نکلی ہیں حاصل کریں — اور اب
ہم ای خداوند اپنے تئیں یعنی اپنی جان اور جسم کو

ایک معقول و مقدس اور زندہ فدیہ تیری جناب میں
گذرانتے ہیں اور بعجز و انکسار عرض رکھتے ہیں کہ ہم
سب جو اِس مقدس عشاے ربّانی کے شریک ہیں
تیرے فضل اور برکت سبحانی سے بھر جائیں اور ہرچند کہ
ہم اپنے بیشمار گناہوں کی علت نالائق ہیں کہ تیرے
حضور کسی نوع کی قربانی گذرانیں تاہم تیری منّت کرتے
ہیں کہ ہماری اِس خدمت مفروضہ کو مقبول کر اور ہماری
لیاقت پر لحاظ نہ کر بلکہ ہمارے گناہوں کو ہمارے خداوند
عیسیٰ مسیح کے سبب معذور رکھ کہ جسکے وسیلے اور
جسکے روح القدس کی وحدت میں ساری عزت
اور جلال تجھے ای اب قادر جہان بے پایان تک پہنچے — آمین

یا یہہ دعا

ای خداے تعالیٰ حی قیوم ہم دل و جان سے تیرا شکر
کرتے ہیں اِس لیئے کہ تو اپنی مہربانی سے (کہ جنہوں نے
تیرے اِن مقدس اسرار کیتئیں پایا) اپنے بیٹے
ہمارے منجی عیسیٰ مسیح کے ثمین تن اور لہو کے روحانی

کھانے سے ہماری پرورش کرتا ہی — اور اُس سے ہماری طرف اپنی رحمت اور مہربانی کی ہماری خاطرجمع کرتا ہی اور یہہ کہ ہم بعینہ تیرے بیٹے کے جسم کے اسرار کے اجزا ہوئے اور اُسمیں مل گئے کہ وہ سب ایماندارونکی متبرک جماعت ہی — اور یہہ کہ امید کے باعث اور سبب اوصاف گراں بہا تیرے جیتے بیٹے کی موت اور رنج کے تیری سلطنت ابدی کے ہم وارث ہوئے — اور ہم بعجز و انکسار تیری منتی کرتے ہیں ای آسمانی باپ کہ اپنے فضل سے ایسی ہماری اعانت کر کہ ہم اس پاک اتحاد میں برقرار رہیں اور اُن سب اچھے کاموں کو کریں کہ جو تو نے ہمارے لئے مقرر کئے کہ ہم انھیں بجالاویں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے لئے قبول کر کہ جس کیتئیں ساتھ تیرے اور روح القدس کے ساری عزت و جلال جہان سے جہان تک ہو — آمین

تب کہا یا گایا جای

جلال خدا کو درجۂ اعلی میں اور زمین پر سلامتی اور
خیر اندیشی طرف آدمیوں کے — ہم تیری ثنا اور
تیری تقدیس اور تیری پرستش اور تیری
ستایش کرتے ہیں اور تیرے جلال عظیم الشان کے
باعث تیرا شکر کرتے ہیں ای خداوند خدا اور
بادشاہ آسمان کے اور خدا اور باپ قادر مطلق —
ای خداوند کہ تو ایک ہی متولد بیٹا عیسی مسیح ہی —
ای خداوند خدا برہ خدا کا اور بیٹا باپ کا جو جہان کے
گناہوں کو اُتھاتا ہی ہمپر رحم کر — تو جو جہان کے گناہوں کو
اُتھاتا ہی ہمپر رحم کر — تو جو جہان کے گناہوں کو اُتھاتا
ہی ہماری دعا کو قبول کر — تو جو خدا کہ باپ ہی اُسکے
دہنے ہاتھہ بیٹھا ہی ہمپر رحم کر — کیونکہ تو ہی فقط مقدس
ہی — تو ہی فقط خداوند ہی — اور تو ہی ای مسیح
ساتھہ روح القدس کے درجہ اعلی میں خدا کے جو باپ
ہی جلال میں ہی — امین

تب قسیس (یا اسقف اگر حاضر ہو) یہہ برکت دیکے لوگوں کو رخصت کرے

امن خدا کا کہ جو بعید الفہم ہی تمہارے دلوں کو اور خاطروں کو خدا کی اور اُسکے بیٹے ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے عرفان و محبت میں رکھے اور برکت خداے قادر کی جو باپ اور بیٹا اور روح القدس ہی تمہارے درمیان ہو اور تمہارے ساتھ مدام رہے ــ آمین

دعائیں جو کہ بعد پڑھنی آئتوں کی جس دن کہ عشاء ربانی نہ ہو ایک یا زیادہ پڑھی جائیں اور یہی بعد الدعاء صبح اور شام کی نماز کی اور عشاء ربانی اور صلوۃ الخشوع کی موافق رای خادم دین کی پڑھی جائیں

ای خداوند ہم پر ان التماسوں اور دعاؤں میں رحمت سے مدد کر اور اپنے بندوں کے رستہ کو سعادت ابدی کی طرف دہن تا کہ اس متزلزل اور ناپایدار رستہ کے عرض و نصب میں مدام تیرے نہایت سرعت کی مدد سے محفوظ رہیں ــ یہہ عرض ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے بخش ــ آمین

ای خداوند برتر اور قدیم خدا مہربان ہو ہم تیری منتی کرتے ہیں اور ہمارے دلوں اور جسموں کی ہدایت اور تقدیس و انتظام کر کہ شرع کے قانون پر چلیں اور تیرے حکموں کی تعمیل کریں تاکہ ہم تیری عالیقدر حفاظت سے یہاں اور ہمیشہ کو جسم اور روح سے سلامت رہیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے بخش — آمین

ای قادر مطلق خدا ہم تیری منتی کرتے ہیں بخش کہ باتیں جو آج ہمنے اپنے کانوں سے سنی ہیں تیرے فضل کے سبب اِس طرح ہمارے دلوں میں جگہہ کریں کہ نیک رویہ کا پھل تیرے نام کی عزت اور حمد کے لیئے بر لائیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے مستجاب ہو — آمین

ای خداوند ہمارے سب فعلوں میں اپنے بڑے فضل و مہربانی سے ہماری پیشوائی کر — اور اپنی امداد

دائمی سے ہماری مدد کر کہ اپنے سارے اعمال ابتدا اور انتہا اور وسطا میں جو تیرے نام سے ہوں ہم تیرے پاک نام کی بڑائی کریں اور آخرش کو ہم تیری مہربانی سے زندگانی جاودانی حاصل کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے طفیل سے بخش — آمین

———

ای قادر مطلق خدا کہ تو منبع سب دانائی کا ہی اور تو ہماری حاجتوں سے قبل ہماری استدعا کے اور جب کہ ہم درخواست کرتے ہیں تو ہماری نادانی سے خوب آگاہ ہی ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری ناتوانیوں پر رحم کہا اور وے چیزیں جو کہ اپنی عدم لیاقت سے ہم میں مقدور نہیں اور بسبب اپنی نابینائی کے امکان نہیں کہ ہم مانگیں تو اپنی رحمت سے اپنے بیٹے ہمارے خداوند عیسی مسیح کی لیاقت کے لئے ہمیں عطا کر — آمین

———

ای قادر مطلق خدا تو نے وعدہ کیا ہی کہ اُن کی عرض جو

تیرے بیٹے کے نام سے کریں تو سنیگا ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ تو مہربانی سے ہماری طرف کہ جنہوں نے اسوقت دعائیں اور منتیاں تیرے حضور کیں ہیں متوجہ ہو اور بخشش کر دے چیزیں جو ہمنے ایمان سے مطابق تیری مرضی کے مانگیں یقیناً ہمکو ملیں کہ ہماری حاجتیں رفع ہوں اور تیرا جلال نمود ہو — یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے لیئے بخش — آمین

اتواروں اور دوسری تیوہاروں کو (اگر عشاء ہو) سب دستور عشای ربّانی کا دعای عام تک (کہ جسکا شروع ہی واسطے تمام مسیحی کلیسیا کے کہ جو روے زمین پر جنگ و جدال کرتے ہیں) ساتھ ایک یا کئی دعاؤں کی جو اوپر لکھی گئی ہیں پڑھی جائیں اور ساتھ دعای برکت کی تمام کری *

اور عشای ربّانی کا دستور عمل میں نلائی جب تلک کہ اتنی نہ آئیں کہ جنہیں قسیس اپنی رای کی موافق بس سمجھی *

اگر اُس موضع کی حد میں بیس شخص سی زیادہ نہ ہوں کہ جو استطاعت سیکریمنٹ کی رکھتی ہوں تاہم سیکریمنٹ عمل میں نہ آئی الا چار شخص (یا کم سی کم تین) قسیس کی ساتھ اُس میں شامل ہونے کو ہوں

جب کہ دستور نماز کا تمام ہو جو زکر تفصیل کیا گیا ہو حسب رای خادم دین اور نوط دار کلیسیا کی دیا اور میاکی کار و بار میں مصروف ہو — اگر اسکی صرف میں کچھ نزاع درمیان آئی تو موافق حکم حاکم شرع کی تقسیم ہو

اِس عشاے ربّانی کے دستور میں حکم ہوا ہی کہ سب بیمار بہشت کے لیئے ہارے جا ئیا آسے لیں (اِس حکم کا ارادہ نیک ہی کہ اِسسے تعبیر ہوتی ہی ہماری فروتنی اور شکر گذاری سبہی کی اُن نعمتوں کی کہ جو سب لائق لینے والوں کو دی جاتی ہیں — اور سب فحش اور بد طریق کے اندفاع کے لیئے جو عشاے ربّانی کے وقت اسکے برخلاف عمل میں آئے) مگر اگر جاثی ہونے سے بعضے لوگ خواہ نادانی یا کم فہمی سے یا ازراہ بغض و عداوت کے توجیہ ناشایستہ کریں پس جاننا چاہیئے کہ اِس جاثی ہونے سے کچھ پرستش مراد نہیں ہی یا کہ پرستش ہو خواہ سبکر بہشت کی شراب اور روٹی کی جو کہ لوگ وہاں اپنے منہ میں لیتے ہیں یا یہ سمجھ کر کہ بذاتہ

مسیح کا گوشت اور لہو اسمیں موجود ہی — کیونکہ سیکرمنٹ کی روٹی اور شراب اپنے دستور پر بحال رہتی ہی اور قابلیت پرستش کی نہیں رکھتی (کیونکہ یہہ بت پرستی ہی کہ جسے ہر اقرار عیسائی کو چاہئے کہ متنفر ہو) اور اصلی جسم اور لہو ہمارے منجی مسیح کا آسمان پر ہی — یہاں نہیں ہی — اور یہہ بات برخلاف صداقت مسیح کے اصلی بدن کی ہی کہ وہ ایک ہی وقت نسبت ایک جگہ کے بہت سی جگہوں میں ہو ۔

دستور لڑکوں کی بپتسمہ دلانیکا

لوگوں کو تنبیہ ہو کہ بہت مناسب ہی کہ دستور بپتسمہ کا عمل میں نہ
آوی مگر اِتواروں اور دوسری تیوہاروں کو جب کہ لوگ کثرت
سی جمع ہوتی ہیں — بھی اِسلئی کہ جماعت حاضرین اُسکی بپتسمہ کا
جسکو کہ مسیح کی کلیسیا میں معدود کرنی پرھیں گواہ ہو اور بھی
اِسلئی کہ لڑکوں کی بپتسمہ سی ہر شخص جو حاضر ہی اُس وعدی کو
جو اُسنی خود خدا سی اپنی بپتسمہ کی وقت کیا تھا یاد کری — پس
مناسب ہی کہ دستور بپتسمہ کا مروّج زبان میں عمل میں آئی — باوصف
اِس بات کی (اگر ضرور ہو) لڑکی اور کسی دن بھی بپتسمہ ہو سکتی
ہیں —

تنبیہ

ہر لڑکی کی لئی جو بپتسمہ کو لایا جاوی دو دھرم باپ اور ایک دھرم ماں
اور ہر لڑکی کی لئی ایک دھرم باپ اور دو دھرم ماں کا ہونا ضرور ہی —
جب کہ لڑکی واسطی بپتسمہ کی ہوں اُنکی ماں باپ ایک دن آگی
سی یا اُسی فجر کو قبل نماز صبح کی خادم دین کو اطلاع دیں اور تب
دھرم باپ اور دھرم ماں اور لوگ ساتھ لڑکوں کی فوراً قبل اتمام
ورد اخیر صبح کی نماز کی یا فوراً بعد اتمام ورد اخیر شام کی نماز کی
حسب رای خادم دین کی حوض پر آ کی حاضر ہوں اور قسیس
حوض کی پاس آئی (تب چاہئی کہ حوض صاف پانی سی بھرا رہی)
اور کھڑا ہو کر کہی

اپنی قوم بنی اسرائیل کو بھی بحر قلزم کے بیچ میں سے سلامتی کے ساتھ پار لایا اور اُسے مقدس بپتسمہ کی علامت دی اور اپنے عزیز بیٹے عیسی مسیح کے بپتسمہ سے جو کہ اُسنے دریائے اردن میں لیا تونے پانی کو ٹھہرایا کہ یہہ واسطے گناہ کے غسل ستری سے ایک علامت ہو ہم تیری منتی کرتے ہیں کہ اپنی رحمت غیر متناہی کے سبب تو مہربانی سے اس لڑکی پر نگاہ کر اور اُسے دھو اور روح القدس سے منزہ کر کہ وہ تیرے غضب سے بچ کے مسیح کی کشتی کلیسیا میں مقبول ہو اور ایمان پر مستحکم رہکے شادمان و فرحان ساتھ اُمید اور مضبوط بانیچ دیا کے اسی سبب سے اس جہان کے دریائے رنج کے تلاطم سے پار اُتر جاے کہ آخر شش کو وہ ساحل زندگانی جاودانی پر پہنچے اور وہاں تیرے ساتھ جہان بے پایان تک سلطنت کرے — یہہ التماس ہمارا بوسیلہ ہمارے خداوند عیسی مسیح کے بخش — آمین

اے قادر و باقی خدا کہ تو صمد تمنا جوں کا ہے اور معاون اُنکا جو کہ تیرے پاس مدد کے لئے پناہ لیتے ہیں اور تو حیات ایمان

داروں کا اور حشر مردوں کا ای ہم اس لڑکی کے حق میں
تجھکو پکارتے ہیں کہ وہ مقدس بپتسمہ پاکے اور روحانی طور
پر پھر پیدا ہو کے گناہوں کی آمرزش حاصل کرے قبول کر
اسکو ای خداوند جیسے کہ تو نے اپنے پیارے بیٹے کے وسیلے
وعدہ کیا اور کہا کہ مانگو تمہیں ملیگا ڈھونڈو تو پاؤگے کھٹکھٹاؤ
تمہارے لئے کھولا جائیگا — پس اب ہمکو جو مانگتے ہیں دے اور
ہم جو ڈھونڈتے ہیں پائیں اور ہم جو کھٹکھٹاتے ہیں ہمارے
لئے دروازہ کھول کہ یہ لڑکا تیرے آسمانی غسل کی نعمت
جاودانی حاصل کرے اور اُس سلطنت ابدی میں داخل ہو کہ جسکا
تو نے ہمارے خداوند مسیح کے وسیلے وعدہ کیا ہے — آمین

تب جماعت کھڑی ہووے اور قسیس کہے

سنو مقدس مرقس کی باتیں جو کہ اُسنے اپنی انجیل
کے دسویں باب کی تیرھویں آیت میں لکھی ہیں —
وے لڑکوں کو اُسکے پاس لائے تاکہ وہ انہیں چھووے
تب اُسکے شاگردوں نے لانیوالوں کو ڈانٹا — پر یسوع
یہ بات دیکھکر بہت ناخوش ہوا اور انہیں کہا کہ لڑکوں

کو میرے پاس آنے دو اور اُنہیں منع نہ کرو کیونکہ خدا کی
مملکت ایسوں ہی کی ہے — میں تمسے سچ کہتا ہوں کہ جو کوئی
خدا کی سلطنت کو چھوٹے لڑکے کی طرح قبول نہ کرے وہ
اُسمیں داخل نہ ہو سکیگا پھر اُسنے اُنہیں اپنی گود میں لیکے اُن پر
ہاتھہ رکھا اور اُنہیں برکت دی —

بعد بڑھنے انجیل کی خادم دین اس ڈھب
سی مختصر طور پر انجیل کی باتوں کو سمجھائی

ای پیارو اس انجیل میں ہمارے بچانے والے عیسیٰ
مسیح کی باتیں تم سنتے ہو کہ اُسنے حکم کیا کہ لڑکے اُسکے
پاس لائیں اور کس ڈھب سے اُسنے اُنہیں جو اُنکو اُس
کو آنے سے روکتے تھے ڈانٹا اور کس ڈھب سے اُسنے
سب آدمیوں کو نصیحت کی کہ اُنکی معصومیت کی پیروی
کریں — تم دیکھتے ہو کہ کس طور پر اِس ظاہری فعل سے
اُسنے اپنی نیک نیتی اُن پر ظاہر کی کیونکہ اُسنے
اُنہیں گود میں لیا اور اپنے ہاتھوں کو اُنپر رکھا اور اُنہیں
برکت دی پس تم شک نہ لاؤ بلکہ بصدق دل معتقد ہو کہ

وہ اِس لڑکی کو بھی مہربانی سے قبول کریگا اور اپنی رحمت سے
اُسے آغوش میں لیگا اور (جیسے کہ اُسنے اپنے کلام مقدس
میں وعدہ کیا) اُسے زندگانی جاودانی کی برکت دیگا اور اُسے اپنی
سلطنت ابدی میں شریک کریگا — پس ہم اِس سبب
سے اپنے آسمانی باپ کے نیک ارادے کو طرف اِس لڑکی
کے جو کہ اُسنے اپنے بیٹے عیسیٰ مسیح کی زبانی ظاہر کیا مان لیتے
ہیں اور کچھ شک نہیں لاتے کہ وہ مہربانی سے ہماری
اِس دیا کے کام کی اجازت دیتا ہی کہ ہم اِس لڑکی
کو اُسکے مقدس بپتسمہ میں لاتے ہیں — چاہو ہم
ایمان اور ادب سے اُسکا شکر کریں اور کہیں —
ای قادر قدیم خدا آسمانی باپ ہم تجھے عاجزانہ شکر
پہنچاتے ہیں کہ تو نے اپنے فہم فضل اور حفظ ایمان کی
طرف ہمیں بلایا ہی اب اس فہم کو ہمارے ترقی بخش اور
اِس ایمان کو مدام ہم میں مستحکم کر — اپنی روح
القدس کو اِس لڑکی پر نازل کر کہ اُسکا نیا جنم ہووے اور وہ
نجات ابدی کا وارث بنے — یہ التماس ہمارے خداوند

عیسیٰ مسیح کے وسیلے بخشش کرو وہ ساتھ تیرے اور روح القدس کے اب اور ہمیشہ کو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی — آمین

تب قسیس دھرم باپ اور دھرم ماں سی یوں کہی

اے پیارو تم اِس لڑکی کو یہاں واسطے بپتسمہ کے لائے ہو اور تمنے دعا مانگی ہی کہ ہمارا خداوند عیسیٰ مسیح اُسی قبول کرے اور اُسی بندِ گناہ سے چھڑاوے اور اُسی روح القدس سے منزہ کرے اور اُسی سلطنت آسمانی اور زندگانی جاودانی بخشے — تمنے یہہ بھی سُنا ہی کہ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح نے اپنی انجیل میں اُن چیزوں کی بخشش کے لئے کہ جنکی تمنے خواہش کی ہی وعدہ کیا ہی پس یہہ وعدہ وہ اپنی طرف سے ہو بہو پورا کریگا — اِس لئے بعد ایسے وعدے کے مسیح کی طرف سے اِس لڑکی پر بھی فرض ہی کہ تمہارے وسیلے جو اُسکی ضامن ہو (جب تک کہ وہ سِن بلوغ کو پہنچی اور اپنے پر خود اِس بات کا التزام کرے) وعدہ صدق کری کہ وہ شیطان اور شیطان کے سب فعلوں سے

مستفتی ہو مدام خدا کے کلام مقدس کو مانیگا اور ساتھ عجز کے
اُسکے حکموں کو مانیگا —

پس میں پوچھتا ہوں

تو اس لڑکے کے نام پر شیطان اور سب اُسکے فعلوں کو
اور حشمت بیہودہ اور گھمنڈ کو اس جہان کے ساتھ سب
اُسکے لالچوں کے اور جسم کی خواہش نفسانی کو اس ڈھب پر
ترک کرنا قبول کرتا ہی کہ تو نہ اُنکی پیروی کریگا نہ اُنکے کیے
پر چلیگا —

جواب — ہاں میں سب سے مستفتی ہوتا ہوں —

خادم دین

تو اعتقاد رکھتا ہی خدا پر کہ جو باپ قادر مطلق ہی اور خالق آسمان
اور زمین کا ہی اور یسوع مسیح پر جو اُسکا اکلوتا بیٹا اور
ہمارا خداوند ہی اور اس بات پر کہ وہ روح القدس سے
پیٹ میں پڑا اور کنواری مریم کے بطن سے پیدا ہوا اور
پنطوس پیلاطوس کی حکومت سے اذیت اٹھائی اور
صلیب پر کھینچا اور مرگیا اور دفن کیا گیا اور عالم ارواح میں

گیا اور موت کے تیسرے دن اُٹھا اور آسمان پر صعود کیا
اور خدا جو کہ باپ قادر مطلق ہی اُسکے دہنے ہاتھ بیٹھا اور
وہاں سے زندے اور مُردے کے محاسبے کے لیئے آویگا —
اور تو اعتقاد رکھتا ہی روح القدس پر اور مقدس کلیسیائے
عام پر اور مقدسوں کے اتفاق پر اور گناہوں کی آمرزش پر اور
اِس بات پر کہ حشر اجساد ہوگا اور زندگانی جاودانی پر —
جواب — یہہ سب میں اچھی طرح مانتا ہوں —

خادم دین

تو اِس اعتقاد پر بپتسم کی خواہش رکھتا ہی —
جواب — یہی میری خواہش ہی —

خادم دین

پس تو ساتھہ فرماں برداری کے خدا کی مرضی و احکام کو
بجالائیگا اور عمر بھر اُنہیں کی روش پر چلیگا
جواب — ہاں البتہ

تب قسیس کہے

ای خدائے رحیم بخش کہ پرانا آدم اِس لڑکی میں اِسطرح

طور پر چھپ جائے کہ اُسمیں نیا آدمی نمودار ہو — آمین

بخش کہ سب خواہش نفسانی اُسمیں مرجائں اور سب چیزیں
جو متعلق روح سے ہیں اُسمیں زندہ ہوں اور نمو کریں — آمین

بخش کہ اُسکو طاقت اور قوت ہو کہ وہ شیطان اور دنیا اور
جسم پر ظفرپاوے اور فتحیاب ہو — آمین

بخش کہ جو اِسوقت ہمارے عہدے اور خدمت سے تیری
بارگاہ میں موقوف کیا ہی آسمانی نیکیوں سے بھی معمور ہو
اور تیری رحمت سے ابدی اجر پاوے اے مبارک خداوند خدا
جو موجود ہی اور سب چیزوں کو جہان بے پایان تک
منتظم کرتا ہی — آمین

اے قادر دایم الحیات خدا کہ تیرے بہت پیارے بیٹے
عیسیٰ مسیح نے ہماری آمرزش کے لئے اپنے پہلوے
ثمین سے بھی پانی اور لہو بہایا اور اپنے شاگردوں کو حکم کیا
کہ جاکر سارے قوموں کو سکھلاویں اور باپ اور بیٹے اور
روح القدس کے نام سے بپتسمہ دیں ہم منت کرتے ہیں
کہ اِس جماعت کی استدعا قبول کر اور اِس پانی کو منزہ

کرکہ فضل یسوعی سے گناہ کا دھو ڈالنے والا ہوا اور بخش کہ یہہ لڑکا جواب بپتسمہ ہونے پر ھی تیرے فضل سے معمور رھوا اور مدام تیرے معتقداور برگزیدے لڑکوں میں معدود رھی — یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

تب قسیس لڑکی کو اپنی ہاتہوں میں لی
اور دھرم باپ اور دھرم ماں سی کہی

اِس لڑکے کا نام رکھو

اور تب اُس نام پر (اگروی کہیں کہ لڑکا سہہ سکتا ھی)
اُسی پانی میں ساتھ احتیاط کی ڈبا ی اور کہی

ای فلانے میں تجھے باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ کرتا ہوں -- آمین

پر اگروی کہیں کہ لڑکا ناتوان ھی تو فقط اُسپر پانی ڈالنا کافی ھی اور جیسی کہ اوپر مذکور رھوا کہی

ای فلانے میں تجھے باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ کرتا ہوں — آمین

تب قسیس کہی

ہم داخل کرتے ہیں اس لڑکی کو مسیحی جماعت کے گلے میں* اور اسپر نشان کھینچتے ہیں بخاصیت صلیب بموجب اس بات کے کہ آیندہ کو ایمان سے مسیح مصلوب کے وہ نہ شرمائیگا اور اسکے علم کے تلے گناہ اور دنیا اور شیطان سے دلاورانہ لڑا کریگا اور تا بہ زیست مسیح کا وفادار سپاہی و خادم بنا رہیگا ۔ آمین

* اسمقام پر قسیس لڑکی کی ماتھی پر ایک نشان صلیب کرے

تب قسیس کہی

اب تم ای پیارے بھائیو دیکھتے ہو کہ اس لڑکی نے ایک نئی پیدایش پائی اور مسیحی کلیسیا کے جسم میں پیوند ہوا پس آؤ ہم ان نعمتوں کے لیے اللہ تعالی کا شکر کریں اور باتفاق خدا سے درخواست کریں کہ وہ لڑکا اپنی عمر کو مطابق اس آغاز کے کاٹی ۔

[illegible]

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس

ہو اور تیری سلطنت پھیلے اور تیری رضا زمین پر بھی
ہو جیسی کہ آسمان پر ہے ہمارے روزینے کی روٹی ہمیں آج
بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہم پر زیادتی
کرتے ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان میں
نہ ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھ — آمین

تب قسیس کہے

اے مہربان باپ ہم دل و جان سے تیرا شکر کرتے ہیں
کہ تو نے اپنی مہربانی سے اِس لڑکی کو اپنے روح القدس
سے نئی پیدایش بخشی اور آپ اپنا متبنّیٰ لڑکا بنایا اور
اپنے کلیسیائے مقدس میں جگہ دی — اور بعجز و انکسار
ہم تیری منّت کرتے ہیں بخش کہ یہہ لڑکا گناہ کی علّت مر کر
اور نیکوکاری کی علّت جی کر اور مسیح کی موت کا شریک
ہو کر آدم اصلی کو مغلوب دے اور مطلقاً سب گناہوں کو منہدم
کرے اور چونکہ وہ تیرے بیٹے کی موت کا شریک ہوا اُسکے
حشر کا بھی شریک ہو اور آخرش کو تیرے کلیسیائے
مقدس کے بقیہ کے ساتھ تیری سلطنت جاودانی کا

وارث ہو — پھر التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح
کے واسطے بخش — آمین

تب سب کھڑے ہوں اور قسیس دھرم
باپ اور دھرم ماں کو یوں نصیحت کرے

جیسے کہ اس لڑکی نے تمہاری معرفت سے وعدہ کیا ہے
کہ شیطان اور اُسکے کاموں کو ترک کریگا اور خدا کو مانیگا
اور اُسکی خدمت کریگا تمپر فرض ہے کہ تم یاد رکھو کہ فرض
تمہپر لازم آیا کہ تم دیکھو کہ اس لڑکی کو تعلیم ہو جب کہ اسی
استعداد سیکھنے کی ہو کہ وعدہ حقیقی اور اقرار اور اعتراف
جو کہ اسنے تمہارے وسیلے اسوقت یہاں کیا ہے کیا چیز
ہوتی ہے — اور بس ہیں کہ وہ اچھی طرح یہہ باتیں جانے
تم اُسے وعظ سننے کو بلایا کرو اور خصوصاً عقیدہ مذہب کا اور
خداوند کی دعا اور دسوں احکام اُسی اُسکی مادری بولی میں سکھاؤ
اور سب دوسری چیزیں جسکا جاننا اور ماننا اپنی جان کی
عافیت کے لیے عیسائی کو ضروری ہے — اور یہہ کہ اس طرح

پرورش پائی کہ چال چلن اُسکا زاہدانہ اور عیسائی ڈھب پرہو اور مدام یاد رکھو کہ بپتسم ہمارے مذہب کو ظاہر کرتا ہی یعنے ہم اپنے خداوند عیسیٰ مسیح کی پیروی کریں اور اُسکے موافق ہوں اور جیسے کہ ہمارے لئیے وہ مُوا اور پھر کر اُٹھا ایسے ہی ہم بھی کہ جنہوں نے بپتسم پایا ہی گناہ کی علّت میں اور نیکو کاری کے لئیے اُٹھیں اور مدام اپنی ہوا و ہوس اور خواہش نفسانی کو گھٹاتے اور روز بروز سب نیکو کاری اور زہد کے کام کو بڑھاتے جائیں —

تب یہہ بھی قسیس کہی

تُمپر فرض ہی کہ اِس لڑکی کو جب کہ وہ عقیدۂ مذہب اور خداوند کی نماز اور دسوں احکام کو وطنی بولی میں پڑھ سکی اور علاوہ اِسکے کتاب کی سوال و جواب کی جو اِس کام کے لئیے مقرّر ہی تعلیم پائی استحکام ایمان کے لئیے تُم اُسقف کے پاس لاؤ —

تنبیہ

خدا کی کلام سی ثابت ہی کہ لڑکی جو بپتسمہ پاکرا ور قبل اِسکی کہ کوئی گناہ اُن سی صادر ہو مرتی ہیں رہی بیشک نجات ہیں —

سبب شک کی رفع کی لیئی نسبت خط صلیب کی بپتسمہ میں اُسکا اصل معنی اور وجہ معقول اُسکی جوابا تیسوین قانون میں مندرج ہی جوکہ پہلی پہل سن ایکہزار چہ سو چار میں منتشر ہوا —

دستور لڑکوں کی گھراو بپتسم کا

خادم دین ھر موضع کا اکثر لوگوں کو متنبہ کرتا رھی کہ وی لڑکوں کی بپتسم میں ایک یادو اتوار یا اور کوئی تیوھار کی دِن سی جو اُسکی درمیان میں گذری زیادہ کبھی دیر نہ کریں مگر ساتھہ عذر قوی ومعقول کی کہ جسی خادم دین پسند کری

اور بھی اِس بات پر لوگوں کو اطلاع دی کہ بی سبب عظیم اور ضرورت کی وی کبھی اپنی گھروں میں لڑکوں کو بپتسم نہ کروایں مگر جب کہ اِس بات کی ضرورت ھو تب موافق اِس دستور کی بپتسم عمل میں آئی

پہلی یہہ کہ خادم دین موضع کا (یا اُسکی غیبت میں اور کوئی خادم شرعی) حاضرین کی ساتھہ خدا کو پکاریں اور خداوند کی نماز اور اِتنی دعائیں دستور بپتسم عامہ کی کہ جتنی کا بمقتضای وقت فرصت ھو پڑھیں اور تب کوئی ایک شخص حاضرین میں سی لڑکی کا نام رکھی اور خادم دین اُسپر پانی ڈال کر یہہ کھی

ای فلانے میں باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے تجھے بپتسمہ کرتا ھوں — آمین

تب خادم دین جاثی ھو یہہ شکرانہ خدا کا پڑھی

ای مہربان باپ ھم دل و جان سے تیرا شکر کرتے

پر اگر لڑکی کو کسی اور خادم شرعی نے بپتسمہ کیا ہو تب اُس موضع کا خادم دین کہ جہاں لڑکا پیدا یا بپتسمہ ہوا ہو تفحص کرے اور جانچے کہ لڑکا حسب شرع کے بپتسمہ ہوا ہے یا نہیں — ایسی مادہ میں اگر وے جو لڑکی کو کلیسیا میں لائیں جواب دیں کہ لڑکا بپتسمہ ہو چکا ہے تب خادم دین اِس نمط پر سوال کرے

کسنے اِس لڑکے کو بپتسمہ کیا تھا

کون حاضر تھا اِس لڑکے کے بپتسمہ کے وقت

جس میں کہ کچھ ضروری باتیں جو متعلق اِس سیکرمنت سے ہیں باعث دہشت یا عجالت کے ایسے وقت ضروری میں فروگذاشت نہ ہو گئیں ہوں اِسلئے میں پھر تمسے پوچھتا ہوں

کہ کس جنس سے یہہ لڑکا بپتسمہ ہوا تھا

کون سے لفظوں سے یہہ لڑکا بپتسمہ ہوا تھا

اگر خادم دین اُنکے جواب سے جو لڑکی کو لائی ہیں دریافت کرے کہ حسب دستور سب چیزیں عمل میں آئیں تھیں تو وہ از سرنو لڑکی کو بپتسمہ نہ کرے بلکہ اُسے صادق عیسائیوں کی گلّے کا سمجھے اور یہہ کہے

میں تمہیں کہتا ہوں کہ اِس لڑکے کے بپتسم کے مقدمہ میں سب باتیں بطور شایستہ اور حسب ضابطہ عمل میں

اُنہیں کہ وہ جو گناہ اصلی اور غضب الٰہی میں پیدا ہوا
تھا اب نئی پیدایش کے عوض میں بپتسمہ ہو کر خدا
کے لڑکوں اور وارثان زندگانی جاودانی کے شمار
میں آیا کیونکہ ہمارا خداوند عیسیٰ مسیح ایسے لڑکوں سے
اپنا فضل اور رحم باز نہیں رکھتا ہی بلکہ اپنے پاس اُنہیں
پیار سے بلاتا ہی جیسے کہ ہماری تسلی کے لئے انجیل
مقدس گواہی دیتی ہی

مقدس مرقس کی انجیل باب ۱۰ آیت ۱۳

وے لڑکوں کو اُسکے پاس لائے تاکہ وہ اُنہیں چھوئے
تب اُسکے شاگرد اُن لانیوالوں کو ڈانٹنے لگے پر عیسیٰ
یہ بات دیکھکر بہت ناخوش ہوا اور اُنہیں کہا کہ لڑکوں کو
میرے پاس آنے دو اور اُنہیں منع نکرو کیونکہ خدا کی
بادشاہت ایسوں ہی کی ہی میں تم سے سچ کہتا ہوں
کہ جو کوئی خدا کی بادشاہت کو چھوٹے لڑکے کی طرح قبول
نکرے وہ اُس میں داخل نہوسکیگا پھر اُسنے اُنہیں اپنی
گود میں لیکے اُن پر ہاتھ رکھا اور اُنہیں برکت دی

بعد پڑھنی انجیل کی خادم دین اِس ڈھب
سی مختصر طور پر انجیل کی باتوں کو سمجھائی

ای پیارو اِس انجیل میں ہمارے بچانے والے مسیح
کی باتیں تم سنتے ہو کہ اُسنے حکم کیا کہ لڑکے اُسکے پاس
لائیں اور کس ڈھب سے اُسنے اُنہیں جو لڑکوں کو آنے
سے روکتے تھے ڈانٹا اور کس ڈھب سے اُسنے سب
آدمیوں کو نصیحت کی کہ اُنکی معصومیت کی پیروی کریں —
تُم دیکھتے ہو کہ کس طور پر اِس ظاہری فعل سے اُسنے
اپنی نیک نیتی اُنپر ظاہر کی کیونکہ اُسنے اُنہیں گود میں لیا
اور اپنے ہاتھوں کو اُنپر رکھا اور اُنہیں برکت دی پس تُم
شک نہ لاؤ بلکہ بصدق دل معتقد ہو کہ وہ اس لڑکی کو بھی مہربانی
سے قبول کریگا اور اپنی رحمت سے اُسی آغوش میں لیگا اور
(جیسا کہ اُسنے اپنے کلام مقدس میں وعدہ کیا)
اُسی زندگانیٔ جاودانی کی برکت دیگا اور اُسی اپنی سلطنت
ابدی میں شریک کریگا پس ہم اِس ڈھب سے اپنے
آسمانی باپ کے نیک ارادے کو طرف اِس لڑکی کے

جو کہ اُس نے اپنے بیٹے عیسیٰ مسیح کی زبانی ظاہر کیا مان لیتے
ہیں سو چلو ہم ایمان اور ادب سے اُس کے شکر کریں اور
وہ نماز پڑھیں جو ہمیں خود خداوند نے سکھائی ہی

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو
اور تیری سلطنت پہنچے اور تیری رضا زمین پر ویسی
ہو جیسی کہ آسمان پر ہی ہمارے روزینہ کی روٹی ہمیں
آج بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہم پر
زیادتی کرتے ہیں ہم انہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان
میں نہ ڈال بلکہ شریر سے ہمیں بچا کیونکہ ... آمین

ای قادر قدیم خدا آسمانی باپ ہم تجھے دلی شکر پہنچاتے
ہیں کہ تو نے اپنے فہم فضل اور لطف الٰہی کی طرف ہمیں
بلایا اب اس فہم کو ہمارے ترقی بخش اور اس ایمان
کو مدام ہم میں مستحکم کر اپنے روح القدس کو اس
لڑکی پر نازل کر دے جو پھر سے پیدا ہوئی اور نجات ابدی
کا وارث بنتی ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے تیرا

خادم بنا رہی اور تیرے وعدے کو حاصل کری — یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسی مسیح کے وسیلے بخش کہ وہ ساتھ تیرے اور روح القدس کے اب اور ہمیشے کو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی — آمین

تب قسیس لڑکی کا نام پوچھی اور دھرم باپ
اور دھرم ماں کی بتلانی کی بعد قسیس کہی

تو اِس لڑکے کے نام پر شیطان اور سب اُسکے فعلوں کو اور حشمت بیہودہ اور گھمنڈ کو اِس جہان کے ساتھ سب اُنکے لالچوں کے اور جسم کی خواہش نفسانی کو اس ڈھب پر ترک کرنا اقبال کرتا ہی کہ تو نہ اُنکی پیروی کریگا نہ اُنکے کہئے پر چلیگا

جواب — ہاں میں سب سے متنفر ہوتا ہوں

خادم دین

تو اعتقاد لاتا ہی خدا پر جو باپ قادر مطلق ہی اور خالق آسمان اور زمین کا ہی اور عیسی مسیح پر جو اُسکا اکلوتا بیٹا اور ہمارا خداوند ہی اور اِس بات پر کہ وہ روح القدس سے

اور اسپر خط کھینچتے ہیں بخط صلیب بلحاظ اِس بات کے
کہ آیندے کو ایمان سے مسیح مصلوب کے وہ نہ شرمائیگا اور
اُسکے علم کے تلے عصیان اور دنیا اور شیطان سے دلاورانہ
مجادلہ کریگا اور تا بزیست مسیح کا وفادار سپاہی و خادم
بنا رہیگا — آمین

تب قسیس کہے

اب تم ای پیارے بھائیو دیکھتے ہو کہ اِس لڑکی نے
بپتسمہ سے ایک نیا جنم پایا اور مسیحی کلیسیا کے جسم میں
پیوند ہوا پس چاہو ہم اِن نعمتوں کے لئے اللہ تعالیٰ کا شکر
کریں اور بالاتفاق خدا سے درخواست کریں کہ یہہ لڑکا اپنی
عمر کو مطابق اِس آغاز کے کاٹے

تب قسیس کہے

ای مہربان باپ ہم دل و زبان سے تیرا شکر کرتے ہیں
کہ تو نے اپنی مہربانی سے اِس لڑکی کو اپنے روح القدس سے
نئی پیدایش بخشی اور آسی اپنا متبنی لڑکا بنایا اور اپنے
کلیسیا کے مقدس میں جگہ دی — اور عجز و انکسار سے ہم تیری

تم اُسی وعظ سننے کو بلایا کرو اور خصوصاً عقیدہ مذہب کا اور خداوند
کی نماز اور دسوں احکام اُسی اُسکی وطنی بولی میں سکھلاؤ
اور سب دوسری چیزیں جسکا جاننا اور ماننا اپنی جان کی
عافیت کے لیئے عیسائی کو ضرور ہی — اور یہہ لڑکا اِسطرح
پرورش پائی کہ چال چلن اُسکا زاہدانہ اور عیسائی ڈھب
پر ہو اور مدام یاد رکھو کہ بپتسمہ ہمارے مذہب کو ظاہر کرتا
ہی یعنی ہم اپنے خداوند عیسیٰ مسیح کی پیروی کریں اور
اُسکے موافق ہوں اور جیسے کہ ہمارے لیئے وہ مُوا اور پھر کر
اُٹھا ایسےہی ہم بھی کہ جنہوں نے بپتسمہ پایاہی گناہ کی
علت مٹریں اور نیکوکاری کے لیئے اُٹھیں اور مدام اپنی
ہوا و ہوس اور خواہش نفسانی کو گھٹاتے اور روز بروز سب
نیکوکاری اور زہد کے کام کو بڑہاتے جایں

پراگروی جولڑکی کو کلیسیامیں لایں ایسی خیر متحقق جواب قسیس
کی سوالوں کا دیں کہ جسّی معلوم نہ پڑی کہ لڑکا ساتھہ نام باپ
اور بیٹے اور روح القدس کے پانیسی بپتس ہواتھا (کہ یہی
بپتسم کی اجزای مختصہ ہیں) تب قسیس حسب دستور علانیہ

بپتسم کی بپتس نری مگر لڑکی کو حوض میں ڈبوتی وقت یہہ کہی
ای فلانے اگر تو بپتس نہ ہو چکا ہو تو میں تجھے ساتھ نام
باپ اور بیٹے اور روح القدس کے بپتس کرتا ہوں — آمین

دستور بالغوں کی بپتسمہ کا جو کہ قابلیت
خود جواب دینی کی رکھتی ہیں

جب کہ ایسی لوگ جو بالغ ہوں بپتسمہ چاہیں اسقف کو یا اُسکو کہ جسکو وہ مقرر کری وقت پر ماں باپ یا اور کوئی معقول لوگ کم سی کم ایک ہفتہ آگی سی خبر دیں تاکہ اُنسی استفسار حال بخوبی کیا جای کہ وی مذہب مسیحی کی عقاید سی اچھی طرح خبر رکھتی ہیں اور بھی اِسلئی کہ اُنکو نصیحت کی جائی کہ وی نماز روزی سی اپنی تئیں اِس مقدس سیکریمنٹ کی لینی کی لیئی مہیا کریں *

اگر وی معقول پائی جائیں تو انوار یا اور کوئی تیوہار کو جب کہ جماعت مجتمع ہو تب دہرم باپ اور دہرم ماں نور ا بعد ورد اخیر کی خواہ صبح کی یا شام کی نماز کی حسب رای قسیس کی حوض پر ساتھ اُنکی جو بپتسمہ پانی پر ہیں حاضر ہوں *

اور جب کہ وہاں کھڑی ہوں تب قسیس پوچھی تم سبھوں میں سی جو یہاں کھڑی ہو کوئی بپتسمہ ہوا ہی یا نہیں اگر وی کہیں کہ نہیں تو قسیس یوں کہی

ای پیارو جیسے کہ سب آدمیوں نے گناہ میں صورت پکڑی اور پیدایش پائی ہی (اور وہ جو جسم سے پیدا ہوا جسم

ہی) اور وے جو جسمانی ہیں خدا کو راضی رکھ نہیں سکتے
بلکہ گناہ میں رہتے ہیں اور بہت سے کار ناشایستہ اُن سے
صادر ہوتے ہیں اور ہمارا بچانے والا مسیح کہتا ہی کہ
خدا کی سلطنت میں کوئی داخل ہو نہیں سکتا مگر اُس حالت میں
کہ وہ پانی اور روح القدس سے سر نو پیدا ہو اور نیا جنم
لے اسلئے میں تمہاری منت کرتا ہوں کہ تم خدا کو
جو باپ ہی ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے پکارو
کہ وہ اپنی رحمت بے نہایت سے ان لوگوں کو وہ چیز بخشے
جو کہ از روی ذات کے وے پا نہیں سکتے تاکہ وے پانی اور روح
القدس سے بپتسمہ پاویں اور مسیح کی جماعت
مقدس میں داخل ہوویں اور اُسکے جیتے جاگتے عضو بنیں۔

تب خادم دین کہے

آؤ دعا مانگیں

(اور لوگ سب جماعت کے ساتھ دو زانو ہوں)

ای قادر مطلق و قدیم خدا تو نے اپنی بڑی مہربانی سے
نوح اور اُسکے گھرانے کو پانی کی طغیانی سے کشتی پر بچایا

اور اپنی قوم یعنی اسرائیل کو بھی بحر سرخ کے بیچ میں سے
ساتھ سلامتی کے اُتار لایا اور اُسسے مقدس بپتسمہ کی
علامت دی اور اپنے بڑے عزیز بیٹے عیسیٰ مسیح کے بپتسمہ سے
جو کہ اُسنے دریای اردن میں لیا تو نے پانی کو ٹھہرایا کہ یہہ واسطے
گناہ کے غسل سرّی سے ایک علامت ہو ہم تیری
منتی کرتے ہیں کہ اپنی رحمت غیر متناہی کے لیئے تو مہربانی
سے اِن اپنی بندوں پر نگاہ کر اور اُنہیں دھو اور روح القدس سے
کر منزہ کر کہ وے تیرے غضب سے بچ کے مسیح کی
کشتی کلیسیا میں مقبول ہوں اور ایمان پر مستحکم رہکے
شادان و فرحان ساتھ امید کے اور مضبوط بیچ دیا کے
اِس ڈھب سے اِس جہان کے دریاے رنج کے تلاطم سے
پار اُتر جائیں کہ آخرش کو وے ساحل زندگانی جاودانی پر پہنچیں
اور وہاں تیرے ساتھ جہان بے پایان تک سلطنت
کریں — یہہ التماس ہمارا بوسیلہ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح
کے بخشش — آمین

اے قادر و باقی خدا کہ تو مدد کرتا ہوں کا ہے اور معاون اُنکا جو کہ تیرے

پاس مدد کے لئے پناہ لیتے ہیں اور تو حیات ایمانداروں کا
اور حشر مردوں کا ہی ہم ان لوگوں کے حق میں تجھکو پکارتے
ہیں کہ وے تیرا مقدس بپتسمہ پاکے اور روحانی طور پر پھر پیدا
ہوکے گناہوں کی آمرزش حاصل کریں — قبول کر انہیں اے
خداوند جیسے کہ تو نے اپنے پیارے بیٹے کے وسیلے وعدہ
کیا اور کہا کہ مانگو تمہیں ملیگا ڈھونڈھو تم پاؤگے کھٹکھٹاؤ
تمہارے لئے کھولا جائیگا پس اب ہمکو جو مانگتے ہیں دے
اور ہم جو ڈھونڈھتے ہیں پاویں اور ہم جو کھٹکھٹاتے ہیں ہمارے
لئے دروازہ کھول کہ یے وے تیرے آسمانی غسل کی نعمت
جاودانی حاصل کریں اور اس سلطنت ابدی میں پہنچیں کہ جسکا
تو نے ہمارے خداوند مسیح کے وسیلے وعدہ کیا ہی — آمین

تب جماعت کھڑی ہووے اور قسیس کہے

سنو انجیل کی جو کہ مقدس یوحنا نے تیسرے باب
میں (جسکا شروع پہلی آیت سے ہی) لکھا ہی
نقودیموس نام ایک فریسی شخص نے جو یہود کا سردار تھا
رات کو عیسیٰ کے پاس آکر کہا کہ ربی ہم جانتے ہیں کہ تو

خدا کی طرف سے معلم ہو کے آیا کیونکہ کوئی شخص یہ
معجزے جو تو دکھلاتا ہی جب تک خدا اُسکے ساتھ
نہ ہو نہیں دکھلا سکتا عیسی نے جواب دیا اور اُسے کہا میں
تجھسے سچ سچ کہتا ہوں اگر کوئی سر نو پیدا نہ ہووے خدا کی
مملکت کو دیکھہ نہیں سکتا نیقودیموس نے اُسے کہا آدمی
جب بوڑھا ہو گیا تو کیونکر پیدا ہو سکتا ہی کیا اُسے یہہ
قدرت ہی کہ دوبارہ اپنی ماں کے پیٹ میں در آوے اور
پیدا ہووے عیسی نے جواب دیا کہ میں تجھے سچ سچ کہتا ہوں
اگر آدمی پانی اور روح سے پیدا نہووے تو وہ خدا کی مملکت
میں داخل ہو نہیں سکتا جو جسم سے پیدا ہوا ہی جسم
ہی اور جو روح سے پیدا ہوا ہی روح ہی تعجب نہ کر کہ
میں نے تجھے کہا کہ تمہیں سر نو پیدا ہونا ضرور ہی ہوا جدھر
چاہتی ہی چلتی ہی اور تو اُسکی صدا سنتا ہی پر نہیں
جانتا کہ وہ کہاں سے آتی ہی اور کہاں کو جاتی ہی ہر ایک
جو روح سے پیدا ہوا ایسا ہی ہی

مردو اور بھائیو ہم کیا کریں اُنہیں جواب دیا اور کہا کہ توبہ کرو
اور ہر ایک شخص تم میں سے واسطے مغفرت گناہ کے
بپتسمہ ہووے اور تم روح القدس انعام پاؤگے کیونکہ
تمسے اور تمہارے لڑکوں سے اور انسے جو کہ دور ہیں ان
باتوں سے کہ جتنوں کو ہمارا خداوند خدا طلب کرے
وعدہ ہی — اور بہت سی دوسری باتوں سے اُسنے
اُنہیں نصیحت کی اور کہا کہ اپنے تئیں اس کجرو قوم سے
بچاؤ — کیونکہ (جیسا کہ یہی حواری ایک دوسرے مقام
پر کہتا ہی) بپتسمہ نہیں ہی اب (نہ نجاست کو جسم سے
نکالنے سے بلکہ نیک طینت خدا کی طرف رکھنے سے)
عیسی مسیح کے حشر کے سبب بچاتا ہی — پس
شک نہ لاؤ بلکہ بصدق دل ایمان لاؤ کہ وہ اِن حاضرین کو
جو کہ از راہ توبہ صدق اور ساتھ ایمان کے اُسکے پاس
آتے ہیں مہربانی سے قبول کریگا اور یہہ کہ وہ اُنہیں گناہوں سے
مغفرت دیگا اور اُنہیں روح القدس بخشیگا اور اُنہیں برکت
زندگانی جاودانی کی عطا کریگا اور اپنی سلطنت ابدی کا شریک

بنایگا — تو ہم اِس ڈھب سے اُن لوگوں کے حق میں اپنے آسمانی باپ کے نیک ارادہ کو کہ جو اُسنے اپنے بیٹے عیسیٰ مسیح کی زبانی ظاہر کیا مان لیتے ہیں پس آؤ ہم ایمان اور ادب سے اُسکا شکر کریں اور کہیں

اَی قادر قدیم خدا آسمانی باپ ہم تجھے ناچیز شکر پہنچاتے ہیں کہ تو نے اپنے فضل اور حفظ ایمان کی طرف ہمیں بلایا ہے اب اس علم کو بڑھا دے ترقی بخش اور اِس ایمان کو مدام ہم میں مستحکم رکھ — اپنے روح القدس کو اِن لوگوں پر نازل کر کہ اُنکا نیا جنم ہو اور وے نجات ابدی کے وارث بنیں — یہ التماس ہمارا خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے بخشش کر جو ساتھ تیرے اور روح القدس کے اب اور ہمیشہ کو موجود ہے اور سلطنت کرتا ہے — آمین

تب خطیب اُن لوگوں سے جو بپتسمہ
لینے آئے ہیں اِس ڈھب سے کہے

کہ تم نے سنا پیارو ہم تو یہاں حسب دل سے واسطے قدم

بپتسمہ کے آئے ہو تمنے سنا کہ کس ڈھب سے جماعت
نے تمہارے حق میں دعا مانگی ہی کہ ہمارا خداوند عیسیٰ مسیح
مہربانی سے تمہیں قبول کرے اور برکت دے اور تمہارے
گناہوں سے تمہیں فارغ البال کرے اور تمہیں سلطنت
ابدی اور زندگانی جاودانی بخشے — تمنے یہہ بھی سنا ہی
کہ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح نے اپنے کلام مقدس میں
ان چیزوں کی بخشش کے لئے کہ جنکی تمنے خواہش کی ہی
وعدہ کیا ہی پس یہہ وعدہ وہ اپنی طرف سے ہو بہو پورا کریگا
اسلئے بعد ایسے وعدے کے مسیح کی طرف سے تمپر بھی
فرض ہی کہ از راہ دیانت تم بھی اپنے ان گواہوں
کے اور اس ساری جماعت کے روبرو وعدہ کرو کہ شیطان
اور شیطان کے سب فعلوں سے متنفر ہو مدام خدا کے
کلام مقدس کو مانوگے اور ساتھہ عجز کے اُسکے حکموں کو رکھوگے

تب قسیس جدا جدا ہر ایک سے جو
بپتسمہ کی لئے آئی ہیں یہ سوال کرے

تو شیطان اور سب اُسکے فعلوں کو اور حشمت بیہودہ اور

گھمنڈ کو اِس جہان کے ساتھ سب اُنکے دیکھوں کے اور جسم
کی خواہش نفسانی کو اِس سب سے ترک کرنا قبول کرتا ہی
کہ تو نہ اُنکی پیروی کریگا اور نہ اُنکے کہے پر چلیگا

جواب — اِن میں سب سے منکر ہوتا ہوں

سوال

تو اعتقاد رکھتا ہی خدا پر کہ جو باپ قادر مطلق ہی اور خالق
آسمان اور زمین کا ہی اور یسوع مسیح پر جو اُسکا اکلوتا بیٹا
اور ہمارا خداوند ہی اور اِس بات پر کہ وہ روح القدس
سے پیٹ میں پڑا اور کنواری مریم کے بطن سے پیدا ہوا
اور پنطیوس پیلاطوس کی حکومت سے اذیت اُٹھائی اور
صلیب پر کھینچا اور مرگیا اور دفن کیا گیا اور عالم ارواح میں گیا
اور موت کے تیسرے دن اُٹھا اور آسمان پر صعود کیا اور
خدا جو کہ باپ قادر مطلق ہی اُسکے دہنے ہاتھ بیٹھا اور وہاں
سے زندے اور مردے کے انصاف کے لئے آویگا — اور تو
اعتقاد رکھتا ہی روح القدس پر اور مقدس کلیسیاے عام
پر اور مقدسوں کے اتفاق پر اور گناہوں کی آمرزش پر اور اِس

بات پر کہ حشر اجساد ہوگا اور زندگانی جاودانی ہے—
جواب — یہہ سب میں اچھی طرح مانتا ہوں

سوال

تو اِس اعتقاد پر بپتسمہ کی خواہش رکھتا ہی

جواب — یہی میری خواہش ہی—

سوال

پس تو ساتھہ فرمان برداری کے خدا کی مرضی و احکام کو بجا لائیگا اور عمر بھر اُنہیں کی روش پر چلیگا
جواب — ہان البتہ میں اِس بات کی کوشش کرونگا خدا میرا مددگار ہو

تب قسیس کہی

ای خدا اے رحیم بخش کہ پرانا آدم ان لوگوں میں اِس طور پر چھپ جائے کہ اُنمیں نیا آدمی نمودار ہو — آمین
بخش کہ سب خواہش نفسانی اُنمیں مرجائں اور سب چیزیں جو متعلق روح سے ہیں اُنمیں زندہ ہوں اور نمو کریں — آمین
بخش کہ اُنکو طاقت اور قوت ہو کہ وی شیطان اور دنیا اور

عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

تب قسیس ہر شخص کا جو بپتسمہ کو آیا ہی دھنا ہاتھ پکڑتی اور حوض کی پاس جا کر موافق اپنی رای کی دھرم باپ اور دھرم ماں کا نام پوچھی اور تب اُسی پانی میں ڈبوئی یا اُسپر پانی ڈالی اور کہی

ای فلانے میں تجھے باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ کرتا ہوں — آمین

تب قسیس کہی

ہم داخل کرتے ہیں اس شخص کو مسیحی جماعت کے گلہ میں * اور اُسپر خط کھینچتے ہیں بخط صلیب بلحاظ اس بات کے

* اسمقام پر قسیس اُس شخص کی ماتھی پر ایک نقش صلیب کی کرے

کہ آیندہ کو ایمان سے مسیح مصلوب کے وہ نہ شرمائیگا اور اُسکے علم کے تلے عصیان اور دنیا اور شیطان سے دلاورانہ مجادلہ کریگا اور تا بزیست مسیح کا وفادار سپاہی اور خادم بنا رہیگا — آمین

تب قسیس کہی

اب تم ای پیارے بھائیو دیکھتے ہو کہ اِن لوگوں نے ایک نئی پیدایش پائی اور مسیحی کلیسیا کے جسم میں پیوند

ہوئی پس چلو ہم ان نعمتوں کے لئے اللہ تعالیٰ کا شکر
کریں اور بالاتفاق خدا سے درخواست کریں کہ یہ لوگ اپنی
عمر کو مطابق اس آغاز کے کاٹیں

تب سب جاتی ہوں اور خداوند کی نماز پڑھی جای

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو
اور تیری سلطنت آوے اور تیری رضا جیسی آسمان پر ویسی
ہی زمین پر ہو ہماری روز کی روٹی ہمیں
آج بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہم پر
زیادتی کرتے ہیں ہم انہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں
امتحان میں نہ ڈال بلکہ شریر سے بچا۔ آمین

ہم تیرا عاجزانہ شکر کرتے ہیں ای آسمانی باپ کہ تو نے مہربانی سے
اپنے فہم فضل اور حفظ ایمان کی طرف ہمیں بلایا ہی اب اس فہم کو
ہمارے ترقی بخش اور اس ایمان کو مدام ہم میں مستحکم
رکھ۔ اپنے روح القدس کو ان لوگوں پر نازل کر کہ وی جو
اب ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے پھر سے

پیدا ہوتی ہیں اور نجات ابدی کی وارث بنی ہیں تیرے
خادم بنی رہیں اور تیرے وعدوں کو حاصل کریں — یہہ
التماس ہمارا اُسی ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے
بخش جو ساتھ تیرے اور روح القدس کے اب اور
ہمیشے کو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی — آمین

تب سب کھڑی ہوں اور قسیس دھرم

باپ اور دھرم ماں کو یہلی یوں نصیحت کری

جیسے کہ ان لوگوں نے تمہارے سامنے وعدہ کیا ہی کہ
شیطان اور اُسکے فعلوں کو ترک کرینگی اور خدا کو مانیگی
اور اُسکی خدمت کرینگی تمپر فرض ہی کہ تم یاد رکھو کہ
فرضاً تمپر لازم آیا کہ تم اُنہیں یاد دلاتے رہو کہ وعدۂ جتنی اور
اقرار اور اعتراف جو کہ اُنہوں نے اِس جماعت کے اور
خصوصاً تمہارے روبرو جو کہ آنکے برگزیدہ گواہ ہوا اسوقت کیا
ہی کیا چیز ہوتی ہی اور یہہ بھی تمپر فرض ہی کہ تم کوشش
کرو کہ یے خدا کے کلام مقدس کو اچھی طرح سے سیکھیں
تاکہ وے فضل میں اور خداوند عیسیٰ مسیح کے علم میں ترقی

(دستور بالغون کی بپتسم کا)

اگر کوئی شخص جو اپنی ایام طفولیت میں بپتس نہ ہوا ہوا ور قبل اسکی کہ سنّ بلوغ پر (تا کہ اپنا خود جواب دی سکی) پہنچا ہو واسطی بپتسم کی لایا جای ایسی کی لئی علاوہ بپتسم کا دستور پڑھنا کافی ہی یا (بیماریٔ شدید کی حال میں) دستور گھراو بپتسم کا فقط لفظ لڑکے کو لفظ شخص سی تبدیل کریں اگر حاجت ہو

سوال و جواب

یعنی تعلیم کہ جسکا درس ہر شخص کی نسبت قبل اسکی کہ وہ اسقف کی پاس واسطی استحکام دینی کی لایا جاوی لازم ہی

سوال — تیرا نام کیا ہی

جواب — فلانا

سوال — یہہ نام تیرا کسنے رکھا

جواب — میرے دھرم باپ اور دھرم ماں نے وقت بپتسمہ کے کہ جسمیں میں ایک جز مسیح کا اور لڑکا خدا کا اور وارث سلطنت آسمانی کا بنا

سوال — تب تیرے دھرم باپ اور دھرم ماں نے تیرے واسطے کیا کیا تھا

جواب — انہوں نے میری طرف سے وعدہ اور اقرار تین چیزوں کا کیا تھا — پہلے کہ میں شیطان اور اسکے فعلوں کو اور

دنیا سے شر کی ہوا و ہوس کو اور سب نوع کی گناہ آلودہ
شہوت جسمانی کو ترک کروں — دوسرا کہ میں سب
عقائد مذہب مسیحی پر اعتقاد لاؤں — تیسرا کہ میں خدا کی
مقدس مرضی و احکام پاک کو مانوں اور ساری عمر
اُسپر عمل کروں

سوال — تو یہہ سمجھتا ہی کہ موافق اُن کے وعدہ [illegible] کے تجھپر
فرض ہی کہ تو اعتقاد لائے اور عمل کرے

جواب — ہاں بصدق دل خدا کی مدد سے میں اُسپر عمل کرونگا
اور دل و جان سے میں اپنے آسمانی باپ کا شکر کرتا ہوں
کہ ہمارے منجی عیسیٰ مسیح کے وسیلے اُسنے اِس
حالت نجات کو مجھے پہنچایا اور میں خدا سے عرض رکھتا ہوں
کہ مجھپر اپنا فضل رکھے تاکہ میں ساری عمر اُسپر ثابت
قدم رہوں

سوال — اپنے ایمان کے عقائد کو بیان کر

جواب — میں اعتقاد رکھتا ہوں خدا پر جو کہ باپ قادر مطلق ہی
اور خالق آسمان اور زمین کا ہی اور عیسیٰ مسیح پر جو کہ

اُسکا اکلوتا بیٹا اور ہمارا خداوند ہی اور اِس بات پر
کہ وہ روح القدس سے پیٹ میں پڑا اور کنواری مریم
کے بطن سے پیدا ہوا اور پنطوس پیلاطوس کی حکومت
سے اذیت اُٹھائی اور صلیب پر کھینچا اور مر گیا اور دفن
کیا گیا اور عالم ارواح میں گیا اور موت کے تیسرے دن
اُٹھا اور آسمان پر صعود کیا اور خدا جو کہ باپ قادر مطلق
ہی اُسکے دہنے ہاتھ بیٹھا اور وہاں سے زندوں اور مردوں
کے عدالت کرنے کے لئے آویگا — اور میں اعتقاد رکھتا ہوں روح
القدس پر اور مقدس کیتھولک کلیسیا پر اور مقدسوں
کے اتفاق پر اور گناہوں کی آمرزش پر اور اِس بات پر
کہ حشر اجساد ہوگا اور زندگی جاودانی پر — آمین

سوال — اِس عقیدہ ایمان سے مخصوص تو کیا سیکھتا ہی

جواب — پہلا یہہ کہ میں خدا پر جو باپ ہی اور جسنے مجھے
اور ساری کائنات کو بنایا اعتقاد لاؤں — دوسرا یہہ کہ میں
خدا پر جو بیٹا ہی اور جسنے میرا اور سارے انسان کا
کفارہ دیا اعتقاد لاؤں — تیسرا یہہ کہ میں خدا پر جو

روح القدس ہی جو مجھے اور سارے برگزیدگان حق کو
مقدس کرتا ہی اعتقاد لاؤں
سوال — تو نے کہا کہ تیرے دھرم باپ اور دھرم ماں نے
تیرے لئے وعدہ کیا تھا کہ تو خدا کے احکام کو مانیگا بتا تجھے
وے کتنے احکام ہیں
جواب — دس
سوال — وے کون ہیں
جواب — وہی جو خدا نے خروج کے بیسویں باب میں کہا
اور فرمایا کہ میں یہوواہ تیرا خدا ہوں جسنے تجھے سرزمین
مصر اور قیدخانہ سے نکال لایا
ا — میرے حضور تیرے لئے کوئی دوسرا خدا نہ ہو
۲ — تو اپنے لئے نہ کوئی گھڑی مورت بناوے نہ کسی نوع
کی شباہت کسی چیز کی جو اوپر آسمان کے یا نیچے زمین
میں یا پانی میں تہ زمین کے ہو — تو اُنکے حضور رکوع
نہ کرے اور نہ اُنکی پرستش کرے کیونکہ میں یہوواہ
تیرا خدا ہے غیور ہوں اور آبا کے گناہوں کی سزا اُن کے

لڑکوں پر تیسری اور چوتھی پیڑھی تک جو مجھسے دشمنی
رکھتے ہیں دیتا ہوں پر جو کہ مجھسے محبت رکھتے ہیں اور
میرے احکام کو مانتے اُنہیں سے ہزاروں کو رحم کرتا ہوں—

۳— تو یہوواہ اپنے خدا کا نام عبث نہ لے کیونکہ یہوواہ اُسے
بیگناہ نہ سمجھیگا جو اُسکے نام کو عبث لیتا ہی

~~۴— یاد کر کہ~~ تو روز سبت کو مقدس رکھے چھ دن تو
محنت کرے اور اپنے سب کاروبار میں مشغول رہے
لیکن ساتواں دن یہوواہ تیرے خدا کا روز سبت ہی اس دن
تو کسی طرح کا کام نہ کرے — تو نہ تیرا بیٹا نہ تیری بیٹی
اور نہ تیرا غلام اور نہ تیری لونڈی اور نہ تیرے بہائم اور
نہ کوئی پردیسی جو تیرے گھر میں ہو کیونکہ چھ دن میں خداوند
نے آسمان اور زمین اور سمندر کو اور سب کچھ جو اُنمیں
ہی بنایا اور ساتویں دن آرام کیا اسلئے یہوواہ نے روز
سبت کو مبارک اور مقدس کیا

۵— اپنے باپ اور ماں کی عزت کر تاکہ زمین پر جو یہوواہ تیرے
خدا نے تجھے دیا ہی تیری عمر دراز ہو

۶— توُ خون نہ کر

۷— توُ زنا نہ کر

۸— توُ چوری نہ کر

۹— توُ اپنے پڑوسی پر جھوٹھی گواہی نہ دے

۱۰— توُ اپنے پڑوسی کے گھر کا لالچ نہ رکھہ اور توُ اپنے پڑوسی کی جورو کا لالچ نہ رکھہ نہ اُسکے غلام اور نہ اُسکی لونڈی کا نہ اُسکے بیل نہ اُسکے گدھے کا نہ اور کسی چیز کا کہ جو تیرے پڑوسیکی ہی

سوال — اِن احکام سے خصوصاً توُ کیا تعلیم پاتا ہی

جواب — مجھے دو چیز کی تعلیم ملتی ہی — حق اللہ و حق العباد

سوال — تجھہ پر حق اللہ کیا ہی

جواب — مجھہ پر حق اللہ یہہ ہی کہ میں اُسپر ایمان لاؤں اور اُسسے ڈروں اور اُسسے محبت ساتھہ تمام اپنے دل اور نیت اور جان اور قوت کے رکھوں اور اُسکی پرستش کروں اور اُسکا شکرانہ کروں اور اُسپر اپنا سارا بھروسا رکھوں اور اُسکو پکاروں اور اُسکے نام اور کلام مقدس کی عزت کروں اور بصدق دل تمام عمر اُسکی بندگی کروں

حالت کے لئے کروں کہ جس میں خدا اپنی مہربانی سے مجھے بلا لیگا

سوال — ای نیک لڑکے جان کہ بغیر فضل خاص باری کے تو از خود یہ باتیں کر نہیں سکتا اور خدا کے احکام پر چل نہیں سکتا اور نہ اسکی خدمت کر سکتا ہی اور سیکھہ کہ اِس فضل کو ہر وقت بوسیلۂ بندگی تو اُسسے مانگے — میں سنوں کہ تو خداوند کی نماز ادا کر سکتا ہی

جواب — ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو اور تیری سلطنت بجیئے اور تیری رضا زمین پر ویسے ہی ہو جیسی کہ آسمان پر ہی ہمارے روز ینے کی روٹی ہمیں آج بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہمپر زیادتی کرتے ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان میں نہ ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا کہ — آمین

سوال — اِس نماز سے تو خدا کی بارگاہ سے کیا طلب کرتا ہی

جواب — میں اپنے خداوند خدا سے (جو ہمارا آسمانی باپ اور دینے والا سب نعمتوں کا ہی) چاہتاہوں کہ وہ اپنا فضل مجھہ

ہی کہ جسّے ہم اِس فضل کو پاتے ہیں اور اُسکے استحصال
میں یہہ واسطے خاطر جمع کے کفیل ہی

سوال — سیکریمنت کے کی حصے ہوتے ہیں

جواب — دو ایک تو ظاہری مرئی علامت اور دوسری
باطنی روحانی فضل

سوال — ظاہری مرئی علامت بپتسمہ میں کیا ہی

جواب — پانی کہ جسّے باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام
سے آدمی بپتسمہ پاتا ہی

سوال — باطنی روحانی فضل کیا ہی

جواب — موت نسبت گناہ کے اور ایک نئی پیدایش نسبت
نیکوکاری کے — کیونکہ ہم اپنی ذات سے گناہ میں پیدا ہوئے
ہیں اور اولاد غضب کے ہیں مگر اسی وسیلہ پر ہم
اولاد فضل کے بنتے ہیں

سوال — بپتسمہ کے لئے آدمیوں کو کیا چاہیئے

جواب — توبہ کہ جسّے وہ گناہ کو ترک کرتا ہی اور ایمان کہ جسّے
وہ خدا کے وعدوں پر جو اِس سیکریمنت میں اُسّے ہوا

سوال — وے نعمتیں کہ جنکے ہم ایسے شریک ہوتے ہیں کیا ہیں

جواب — قوی اور ترو تازہ ہونا ہماری روح کا مسیح کے جسم اور خون سے جیسے کہ ہمارا تن قوی اور ترو تازہ ہوتا ہی روٹی اور شراب سے

سوال — جو کہ عشاے ربانی کے لئے آتے ہیں اُنپر کیا فرض ہی

جواب — یہہ کہ اپنے تئیں پرکھیں کہ وے اپنے گناہ گذشتہ کا صدقاً توبہ کرتے ہیں اور یہہ کہ ارادہ مستحکم رکھتے ہیں کہ آیندے کو ایک نیا چلن نکالیں اور وے مسیح کے وسیلے خدا کی رحمت کا جیتا جاگتا اعتقاد رکھتے ہیں اور ساتھ شکر گذاری کے مسیح کی موت کی یادگاری اور سب لوگوں سے دیا پیار رکھتے ہیں ۔

. ہر جگہہ کا خادم دین کو شش سے اتواروں اور دوسری تیوہاروں کو بعد ورد اخیر شام کی نماز کی جماعت کلیسیا میں آن لڑکوں میں سے جو آسکی پاس بھیجی جاتیں جتنوں کو وہ چاہی مطابق اپنی رای کی اِس سوال وجواب کی دستور میں سے کچھہ کچھہ سکھاوے

اور سب باپ اور ماں اور گھر والے اور گھر والیوں پر لازم ہی کہ اپنی

لڑکوں اور لوکوں کو (کہ جو دستور سوال و جواب کا نہ سیکھی ہوں)
وقت معین پر کلیسیا میں حاضر کریں اور وی سامنے گروہ کے پوچھے جاویں تاکہ
سنیں اور خادم دین سے تعلیم پاویں جب تک کہ سوال و جواب
کو نہ سیکھیں

جب کہ لڑکی سن بلوغ کو پہنچیں اور اپنی عقلی زبان میں عقائد دینی
اور نماز خداوندی اور دس احکام ادا کرنی کی استطاعت رکھیں
اور اِس مختصر دستور سوال و جواب کی سوالوں کا جواب دے
سکیں تب وی اسقف کی پاس حاضر کی جاویں اور ہر لڑکی کا ایک
دھرم باپ یا ایک دھرم ماں ہو کہ استحکام دین کی لئے گواہ ہوی
اور جب کہ اسقف اطلاع دے کہ لڑکی اسکی پاس واسطے استحکام دین
کی لائی جاویں تب ہر ایک خادم دین خود لڑکوں کو یعنی حاضر ہو
یا دستخط کر کے ان لڑکوں کی نام لکھی کہ جو واسطے حاضری استحکام
دین کی ہوں بھیجے اور اگر اسقف انہیں پسند کرے تو دین کی
دستور کی موافق انہیں دین میں مستحکم کرے

دستور دین میں مستحکم ہونیکا

یعنی ہاتھ رکھنا اُنپر جو کہ پیدا ہو چکے اور سن بلوغ کو پہنچے ہیں — روزہ داروں کو وے سب جو مستحکم ہونے کے لیے آئے ہوں اُسقف کے آگے بترتیب پوری کئی جاتی تب اُسقف یا اور کوئی قسیس جو اُسکی طرف سے ٹھہرا گیا ہو اِس نصیحت کو پڑھے

اِس لحاظ پر کہ طالبین دستور استحکام سے بہتر تعلیم پائیں پس کلیسیا نے نیک سمجھا کہ آیندے کو کوئی مستحکم نہ کیا جائے الا وہ کہ جو عقیدہ مذہب کا اور خداوند کی نماز کو اور دسوں احکام ادا کر سکے اور بھی جواب دے سکے اُن سوالوں کا جو کہ سوال و جواب مختصر میں مندرج ہیں اور تعمیل اِس حکم کی بہت ہی مناسب ہے تا کہ لڑکے جواب سن بلوغ کو پہنچے اور اُنہوں نے دریافت کیا کہ اُنکے دھرم باپ

جواب — کہ جسنے آسمان و زمین کو بنایا

اُسقف — خداوند کا نام مبارک ہو

جواب — اب سے جہان کے پایان تک

اُسقف — ای خداوند ہماری دعاؤں کو مستجاب کر

جواب — اور ہماری فریاد کو اپنے تک پہنچنے دے

اُسقف

چاہو دعا مانگیں

ای برتر اور دایم الحیات خدا کہ تو نے اپنی مہربانی سے
اِن تیرے خادموں کو نیا جنم پانی اور روح القدس سے بخشا
اور اُنکے سب گناہوں کو معاف کیا ہم تیری منتی کرتے
ہیں ای خداوند کہ تو روح القدس سے جو تسکین دینے
والا ہی اُنہیں مضبوط کر اور ہر روز اُنمیں اپنے ہر نوع کی نعمتوں
کی ترقی دے اور عقل و فہم کی روح اور حکمت و روحانی قوت
کی روح اور فضل و علم و تقوائے صادقہ کی روح اور اپنے خوف
مقدس کی روح سے ای خداوند اُنہیں اب اور ہمیشہ کو
معمور رکھ — آمین

میں نہ ڈال بلکہ شرسے ہمیں بچا رکھ — آمین

اور یہہ دعا

ای برتر دائم السجیات خدا جو کہ ہمیں اُن چیزوں کی طرف راغب کرتا ہی جو کہ تیری جناب ربّانی کے حضور استحقاق قبولیت کی رکھتے ہیں اور بھی تیرے ہی سبب سے اُسپر عمل کرتے ہیں ہم بعجز و انکسار ان بندوں کے لیئے دعا مانگتے ہیں کہ جنپر (مقدس حواریوں کے دستور پر) ہمنے اب ہاتھہ رکھا ہی کہ اُنپر (اِس علامت سے) تیری مہربانی و فضل و احسان کو اُنکے حق میں متحقق کریں — ہم منتی کرتے ہیں کہ تیرا پدرانہ ہاتھہ مدام اُنپر رہے اور تیرا روح القدس مدام اُنکے ساتھہ ہو اور اِس ڈھب سے اپنے کلام کے علم اور فرماں برداری پر اُنکو ڈھال کہ آخرش کو وے زندگانی جاودانی حاصل کریں — یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے بخش کہ جو ساتھہ تیرے اور روح القدس کے موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی مدام ایک خدا جہان بے پایان تک — آمین

نکاح کي رسوم

ابتدا میں مناسب ھی کہ کلیسیا میں تین جدی جدی
اتواروں کو دستور نماز کی وقت فوراً دوسری ورد کی بعد خطبہ
نکاح کا علانیہ پڑھا جائی اور قسیس یوں مطابق دستور کی کہی

میں فلانی اور فلاني کے نکاح کا خطبہ پڑھتا ہوں اگر کوئی تم میں
سے کچھ سبب یا عذر معقول اِس بات کا رکھتا ہو کہ یے
دونوں کس لیئے عقد مقدس نکاح سے مزاوجت نہ
پائیں تو تم پر لازم ہی کہ تم برملا کہو — یہہ پہلا دفعہ اشتہار
کا ہی ایسہی دوسرا اور تیسرا

اور اگر ناکحین جدی جدی موضع میں رھتی ھوں تو خطبہ
نکاح کا دونوں جگہہ پڑھا جای اور خادم دین ایک
موضع کا بغیر ایک سند کی دوسری موضع کی خادم دین سی کہ
اُسنی تین مرتبہ علانیہ اُنکی نکاح کا خطبہ پڑھا ھی اُنکی تزویج
نہ کری — ناکحین نکاح کی روز وقت معین میں اپنی کنبی
اور پڑوسیوں کی ساتھ کلیسیا میں آئیں اور مرد دھنی طرف
اور عورت بائیں طرف باھم کھڑی رھیں تب قسیس کہی
اے پیارو ہم یہاں خدا کے حضور اور اِس مجمع کے مقابل

حمد کے لئے تربیت پائیں
دوسری وجہ دستور نکاح کا اسلئے شروع ہوا کہ آدمی کو زنا کے گناہ سے باز رکھے کہ وے جوش شہوت بہیمی کے ضبط کی قدرت نہیں رکھتے بیاہ کریں اور اپنے تئیں سب کے جسم کا عضو بے ناموس رکھیں
تیسری وجہ دستور نکاح کا اسلئے شروع ہوا کہ آپس میں لوگ فلاح و نکاح کی عادتوں میں مدد و تسلی پائیں — اس حالت مقدس میں یہ دو شخص حاضرین تزوج کے لئے آئے ہیں پس اگر کوئی شخص کچھ سبب معقول ان دونوں کے عدم تزوج کا بتا سکے تو اس وقت وہ ظاہر کرے ورنہ آگے کو ہمیشہ چپ رہے

اور قسیس عاقدین کی طرف متوجہ ہو کے یوں کہے

میں تم دونوں سے طلب اور تمہیں حکم کرتا ہوں (جیسے کہ تم روز حساب مہیب میں جب کہ سب کے دلوں کا بھید کھل جائیگا جواب دو گے) کہ اگر تم دونوں میں سے کوئی کچھ عذر جانے کہ کس لئے شرعاً تم عقد نکاح سے مزاوجت نہ پاؤ

تو چاہتی ہی کہ اِس مرد کو اپنی شوہری میں لے اور خدا کے حکم کے موافق حالت مقدس نکاح میں اُسکے ساتھ معاشرت کرے تو اُسکی محکوم رہیگی اور اُسکی خدمت کریگی اور اُسسے محبت رکھیگی اور بیماری و تندرستی میں اُسکی عزت و احتیاط کریگی اور سبھوں کو چھوڑ ساری عمر اُسیکی بنی رہیگی عورت جواب میں کہی — ہاں میں ان سب باتوں کو قبول کرتی ہوں

تب قسیس کہی کوں اِس عورت کو اِس مرد کی سپرد کرتاھی — تب وی آپسمیں ایک دوسری سی پیمان صادقہ اِسطور پر کریں خادم دین عورت کو اُسکی باپ کی ھاتھ سی یا اور کسی دوست کی ھاتھ سی لی اور مرد کو اپنی دست راست سی عورت کا دست راست پکڑوا وی اور اپنی پیچھی پیچھی کہلوا وی

میں فلانا تجھ فلانی کو اپنی زنی میں قبول کرتا ہوں اور آج سے آگے کو مطابق خدا کے احکام مقدس کی بھلائی اور برائی اور تونگری و گدائی اور بیماری و تندرستی میں تجھی سے تعلق رکھونگا اور تجھسے الفت و محبت کرونگا جب تک کہ موت کی فرقت درمیان آوے اور جمیع اِن مراتب میں پیمان حلفی تجھسے کرتا ہوں

تب وی ھاتھ چھوڑ دیں اور عورت اپنی دست راست سی

ای خدا ئے قدیم کہ تو خالق و حافظ سب آدمیوں کا ہی اور
بخشنے والا روحانی فضل کا اور زندگانئ جاودانی کا بانی ہی
اپنی برکت اِن خادموں پر یعنی اِس مرد و عورت پر
عطا کر کہ جنہیں ہم تیرے نام پر برکت دیتے ہیں — تا کہ جیسا
اسحاق اور ربقا آپسمیں بالاتفاق رہے ایسے ہی یہ لوگ
بھی وعدے و اقرار کو جو اُنہوں نے آپس میں کیا ہی بوجہ
احسن وفا کریں (کہ جسکی نشانی کے لیئے یہہ چھلّا دیا اور
لیا گیا ہی) اور ہمیشہ کو کامل الفت اور امن میں باہم
رہیں اور تیرے شرع کے موافق چلیں — یہہ التماس ہمارا
ہمارے خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

تب قسیس اُن دونوں کا دھنا ہاتھ ملا کر کہی

جنہیں خدا نے باہم ملایا ہی اُنہیں کوئی بشر جدا نہ کرے

تب خادم دین جماعت سی کہی

جیسے کہ فلانی اور فلانی نے آپسمیں مقدس بیاہ کا
اقبال کیا اور خدا اور اِس مجلس کے حضور اِسکی شہادت
دی اور اِسلیئے اپنا پیمان حلفی آپسمیں کیا اور اِسکا اقرار

چھلّے کے دینے اور لینے اور ہاتھوں کے ملانے سے کیا میں
کہتا ہوں کہ آپس میں یہ دونوں زن و شوہر ہیں اور یہہ
بات ساتھ نام باپ اور بیٹے اور روح القدس کے ہو — آمین

تب خادم دین یہہ دعای برکت دے

خدا جو باپ ہی اور خدا جو بیٹا ہی اور خدا جو روح القدس ہی
تمہیں برکت دے اور محفوظ رکھے اور تمہاری نگہبانی کرے
اور خداوند اپنی رحمت سے نظر شفقت تم پر رکھے اور ایسا
تمہیں رحمت و فضل روحانی سے معمور کرے کہ تمہاری حسن
معاشرت ایسی ہو کہ جہان آیندہ میں تم زندگانی جاودانی
کے وارث ہو — آمین

تب خادم دین یا دوسری سب خدام خداوند
کی میز کی پاس جا اس مزمور کو پڑھیں یا گاویں

مزمور ایک سو اٹھائیسواں

مبارک ہی وہ انسان جو خداوند سے ڈرتا اور اسکی
راہوں پر چلتا ہی
کہ تو اپنے ہاتھوں کی محنت کا پھل کھاویگا تو سعادتمند

ہی اور تو شاد رہیگا

تیری جورو اُس تاک کی مانند ہوگی جو انگور سے تیرے
گھر کی دیواروں پر لدا ہی

تیرے بچے تیرے دستار خوان کے گرد زیتوں کی ڈالیوں
کی مانند ہونگے

دیکھو وہ اِنسان اِجو یہواہ سے ڈرتا ہی اسا مبارک ہوگا

یہواہ صیحوں میں سے تجھکو برکت دیگا اور تو اپنی عمر بھر
اورشلیم کی آبادی دیکھیگا

یقیناً تو اپنے لڑکوں کے لڑکوں کو اور اسرائیل کو امن چین
میں دیکھیگا

ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے

جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابدالآباد تک ہمیشہ
رہیگی — آمین

یا یہہ مزمور

مزمور شصتم

خدا ہمپر رحم کرے اور ہمیں برکت دے اور اپنے چہرے
کو ہمپر منور کرے اور ہمپر رحم کرے

خداوند ہمپر رحم کر

جواب —— مسیح ہمپر رحم کر

خادم دین —— خداوند ہمپر رحم کر

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو
اور تیری سلطنت آجیٔے اور تیری رضا زمین پر ویسی ہو
جیسی کہ آسمان پر ہی ہماری روز ینے کی روٹی ہمیں آج
بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہمپر زیادتی
کرتے ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان میں
نہ ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھ —— آمین

خادم دین —— ای خداوند اپنے بندے اور بندی کو بچا

جواب —— جو کہ تجھپر بھروسا رکھتے ہیں

خادم دین —— ای خداوند اُنکو اپنی جاے مقدس سے مدد بھیج

جواب —— اور مدام اُنکی حفاظت کر

خادم دین —— اُنکے لیٔے ایک قاہر قوت کا ہو

جواب —— اُنکے دشمنوں کے سامنے

خادم دین —— ای خداوند ہماری دعا سن

ای مہربان خداوند اور آسمانی باپ کہ تیرے ہی فضل و
بخشش سے انسان پھیلتے ہیں ہم تیری منت کرتے ہیں اِن
دونوں شخصوں کو اپنی برکت کی مدد بخشش کہ وے اولاد
سے برومند ہوں اور آپس میں مِل جُل کے ایسی
مدّت تک تعشق صادقہ اور نیک طینت کے ساتھ رہیں
کہ وے اپنے ہاں بچوں کو مذہب مسیحی اور نیکوکاری میں
تیری حمد و عزت کے لیئے پھولتے پھلتے دیکھیں — یہہ التماس
ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخشش — آمین

ای خدا تو نے اپنی قدرت مطلقہ سے سب چیزوں کو عدم سے
بنیاد دی اور تو نے (بعد مرتب کرنے سب دوسری چیزوں
کے) ٹھہرایا کہ آدمی سے (جو کہ خود تیری ہی شکل و
شباہت پر مخلوق ہوا) عورت کا آغاز ہو اور اُنہیں آپس میں
مِلاکر تعلیم کیا کہ شرعاً کبھی وے جدا نہ کیئے جائیں کہ جنہیں تو
نے عقد نکاح سے ایک کیا — ای خدا تو نے عقد نکاح کو
ایسا اچھا ایک سر پسندیدہ کیا ہی کہ اُسمیں منفی اور تعبیر اُس
عقد روحانی اور اتحاد کا جو مسیح اور اُسکی کلیسیا کے درمیان

دے تاکہ تم جسم و روح سے اُسے راضی رکھو اور آپسمیں عشق صادق ساری عمر رکھو — آمین

بعد اُسکی اگر کوئی وعظ بیان میں زن و شو کی اعمال کی نہ ہو تو خادم دین یہہ پڑھی

تم سب جنہوں نے بیاہ کیا ہی یا جو کہ ارادہ رکھتے ہو کہ عقد نکاح مقدس کے بند میں آؤ سنو کہ کتاب مقدس شوہروں کی بابت اپنی جوروؤں کی طرف اور جوروؤں کی بابت اپنے شوہروں کی طرف کیا کہتی ہی — مقدس پولوس اپنے مکتوب کے پانچویں باب میں افسیوں کو سب بیاہے مردوں کو یوں حکم کرتا ہی کہ اے مردو اپنی جوروؤں کو ویسا چاہو جیسا کہ مسیح نے کلیسیا کو چاہا اور اپنے تئیں اُسکے بدلے حوالہ کیا تاکہ وہ اُسکو پانی سے غسل دیکے پاک کرکے اپنے کلام سے تقدیس بخشے اور اُسکو اپنے لئے مہیا کرے یعنی ایسی کلیسیا جسمیں داغ یا چین یا کوئی ایسی دوسری چیز نہ ہو بلکہ وہ مقدس اور بےعیب ہو — چاہئیے کہ مرد اپنی جوروکو اپنا

اوقات بسر کرو اور عورت کو نازک برتن سمجھکے عزت
بخشو اور جانو کہ نعمت حیات کی میراث میں تم دونوں
شریک ہو تا کہ تمہاری دعائیں منقطع نہ ہو جائیں
اتنک تمنے جو بات کہ شوہر کو جورو کے حق میں مناسب ہی
سُنی اب ای جورؤ سنو اور سمجھو جو بات کہ تمپر مناسب
ہی کہ تم اپنے شوہروں کے حق میں کرو جیسے کہ صاف
صاف کتاب مقدس میں لکھا ہی
مقدس پولوس مکتوب مذکور میں افسیوں کو یوں
تعلیم کرتا ہی کہ ای عورتو اپنے شوہروں کی ایسی محکوم
ہو جیسی خداوند کی ہو کیونکہ شوہر جورو کا سر ہی جیسا کہ مسیح
کلیسیا کا سر اور وہ بدن کا بچانے والا ہی پس جیسی کلیسیا
مسیح کی محکوم ہی ایسےہی جوروان بھی ہر بات میں اپنے
شوہروں کی محکوم ہوویں
اور پھر کہتا ہی کہ جورو کو چاہیئے کہ اپنے شوہر کا ادب
کرے
اور قلسیوں کو مقدس پولوس اپنے مکتوب میں یوں

تو اُسکی بیٹیاں ہو

مناسب ہی کہ جو بیاہی جائیں وقت نکاح کی

یا بعد اِسکی وقت فرصت کی عشای ربانی لیں

مسیح ہمپر رحم کر

خداوند ہمپر رحم کر

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو
اور تیری سلطنت پھیلے اور تیری رضا زمین پر ویسے ہی ہو
جیسی کہ آسمان پر ہی ہماری روز ینے کی روٹی ہمیں آج
بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہمپر زیادتی
کرتے ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان میں نہ
ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھ ــ آمین

خادم دین ــ ای خداوند اپنے بندے کو بچا

جواب ــ کہ جو تجھپر بھروسا رکھتا ہی

خادم دین ــ اپنی مقدس جگہہ سے اُسے مدد بھیج

جواب ــ اور مدام قوت سے اُسکی مدد کر

خادم دین ــ دشمن اُسپر فتحیاب نہ ہونے پائے

جواب ــ نہ شریر واسطے ایذا رسانی کے اُسکے پاس
آنے پائے

خادم دین ــ اسکے لیئے ای خداوند ایک قلعہ مستحکم ہو

عافیت سا بقہ آسے پھر ملے وہ اپنی بقیہ عمر تیری دہشت میں اور تیرے جلال کے لئے کاٹے ورنہ اُسے فضل ایسا بخش کہ اس بیماری کو وہ ایسا نبھاوے کہ بعد انجام اس درد آمیز زندگی کے وہ تیرے ساتھ زندگانیٔ جاودانی میں بود و باش کرے — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش — آمین

تب خادم دین اسطور سے یا اور
کوئی طور سے بیمار کو نصیحت کرے

ای برتے پیارے یہہ جان کہ خدا تعالیٰ خداوند ہی زیست اور موت اور اسکے سب متعلقات کا جیسے کہ جوانی اور قوت اور عافیت اور بڑھاپا اور ناتوانی اور بیماری اسلیئے جو کچھہ کہ تیری بیماری ہو یہہ تحقیق کر مان کہ خدا کی طرف سے ہی اور کسی سبب سے کہ یہہ بیماری تجھپر طاری ہی خواہ تیرے صبر کی آزمایش کے لیئے کہ تسمیں دوسرے عبرت پذیر ہوں اور تیرا ایمان روز خداوند میں پسندیدہ اور مفخر اور معزز جلال اور شادمانی بے پایان کے بڑھنے کے لیئے

تمسے جیسا فرزندوں سے کرتے ہیں سلوک کرتا ہی
کون ایسا بیٹا ہی کہ جسے باپ تادیب نہیں کرتا پر اگر وہ تادیب
جسمیں کہ سارے شریک ہیں تمکو نہ کی جاوے تو تم حرام
زادے ہو اور حلال کے نہیں اور جب کہ وے جو ہمارے
جسمانی باپ تھے تادیب کرنے والے تھے اور ہمنے
اُنکی تعظیم کی کیا ہم بطریق اولی روحوں کے باپ کے
محکوم نہ ہونگے اور جینگے کہ وے تو تھوڑے دنوں کے واسطے
اپنی خوشی کے موافق تنبیہ کرتے تھے پر وہ ہماری بہتری کے
لئے تادیب کرتا ہی تا کہ ہم اُسکے تقدس میں شریک ہوویں —
ای نیک بھائی یہ باتیں کلام مقدس میں ہماری تسکین
اور تعلیم کے لئے لکھی گئی ہیں کہ ہم صبر اور شکرگذاری کے
ساتھ اپنے آسمانی باپ کی تربیت کو سہیں جب کہ اُسکی
مشیت اسباب کی مقتضی ہو کہ وہ ہمیں کسی نوع کی اذیت
سے تربیت کرے — اور مسیحی کتئیں اِسسے زیادہ سر
نساں کو مجھی نہیں ہی کہ مسیح کے موافق بنے اور صبر سے رنج
و مصیبت و بیماری کو سہے کیونکہ وہ خود شادمانی کو نہیں گیا

سے مسیح کے سبب رحمت پاوے اور اُس سبب یوم الحساب میں تجھپر دعوی نہ کیا جاے اور تو مجرم نہ ٹھہرے اسلئے میں ایمان کے عقیدوں کو تیرے حضور پڑھتا ہوں تاکہ تو دریافت کرے کہ تو مانند ایک مسیحی شخص کے اعتقاد رکھتا ہی یا نہیں

اس مقام پر خادم دین ایمان کی
عقیدوں کو اِس ڈھب سی پڑھی

تو اعتقاد لاتا ہی خدا پر جو کہ باپ قادر مطلق ہی اور خالق آسمان اور زمین کا ہی اور عیسیٰ مسیح پر جو کہ اُسکا اکلوتا بیٹا اور ہمارا خداوند ہی اور اِس بات پر کہ وہ روح القدس سے پیٹ میں پڑا اور کواری مریم کے بطن سے پیدا ہوا اور پنطوس پیلاطوس کی حکومت سے اذیت اُٹھائی اور صلیب پر کھنچا اور مر گیا اور دفن کیا گیا اور عالم ارواح میں گیا اور موت کے تیسرے دن اُٹھا اور آسمان پر صعود کیا اور خدا جو کہ باپ قادر مطلق ہی اُسکے دہنے ہاتھ بیٹھا اور وہاں سے زندے اور مردے کے محاسبے کے لیے آویگا اور تو اعتقاد لاتا ہی

یہ باتیں جو اوپر مذکور ہیں قبل خادم دین کی دعا پڑھنی کی کہی جایں جیسا کہ وہ مناسب جانی

خادم دین اِس بات سی غفلت نہ کری کہ بیماروں کو جو صاحب زر ہیں سخاوت کی طرف واسطی کنگالوں کی برانگیختہ کری

اِس مقام پر بیمار شخص سی کہا جائی کہ اگر اُسکی دل پر صدمہ کسی بارعظیم کا ہو مخصوص اقرار اپنی گناہوں کا کری — بعد اِس اقرار کی (اگر وہ دل و جان سی ساتھ عجز کی طلب کری) قسیس اُسی اِس ڈھب پر عفو دی

ہمارا خداوند عیسیٰ مسیح کہ جسنے اپنے کلیسیا کو قدرت دی ہی کہ سب گنہگاروں کو جو سچی توبہ کرتے ہیں اور اُسپر ایمان لاتے ہیں عفو بخشے اپنی بڑی رحمت سے تیرے گناہوں کو تجھے معاف کرے اور اُسکے اقتدار سے جو کہ اُسنے مجھپر مفوض کیا ہی میں تجھے سب تیرے گناہوں سے باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام پر معاف کرتا ہوں — آمین

یہاں سے اُٹھا لے اپنی مہربانی میں اُسے لے — یہہ
التماس ہمارا اپنے برّے پیارے بیٹے ہمارے خداوند
عیسیٰ مسیح کے استحقاق کے لئے بخش — آمین

تب خادم دین پڑھی

مزمور اکہتّر

ای یہواہ میرا توکّل تجھپر ہی تو مجھے شرمندہ نہ کر
اپنی راستبازی سے مجھے نجات دے اور مجھے
خلاصی بخش — میری طرف اپنے کانوں کو پھیر اور
مجھے رہائی دے

تو میرے لئے حصن حصین ہو کہ میں وہاں ہمیشہ جاؤں تونے
میری نجات کا حکم کیا ہی کہ تو میرے لئے ایک کوہ
پناہ کا اور ایک گڑھ ہی

ای میرے خدا مجھے شریر کے ہاتھ سے محفوظ رکھہ
اور بدکردار اور بے مہر کے پنجے سے چھڑا

کیونکہ یہواہ میرے خدا تو میری جاے امید ہی اور میرا اعتماد
لڑکائی سے تجھہی پر ہی

میں تجھپر اعتماد رکھتا ہوں اُس دم سے کہ پیٹ سے نکلا تو وہی ہی

کہ میں اُنکا حساب نہیں جانتا
میں یہواہ خدا کی قوت سے چلونگا میں تجھ اکیلے ہی کی صداقت
کا ذکر کرونگا
کہ اے خدا تو نے مجھے لڑکائی سے تربیت کیا اور اب تک میں
تیری عجیب و غریب کام کو بیان کرتا رہا
اب جو میں بوڑھا اور سر سفید ہوں سو اے خدا تو مجھے
ترک نہ کر یہاں تک کہ میں تیری قوت اِس پشت پر اور
تیرے زور کو ہر ایک شخص پر جو آگے کو ہوگا ظاہر کروں *
اے خدا تیری قدرت و عدل بہت بلند ہے کہ تو نے
بڑے بڑے کام کئے اے خدا تیرے مقابل کون ہے *
ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے
جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہے اور ابدالآباد تک ہمیشہ
رہیگی — آمین

اور یہہ پڑھے

اے بچانے والے جہان کے کہ تو نے اپنے صلیب اور
قیمتی لہو سے ہمیں چھڑایا ہم بعجز و انکسار اے خداوند تیری
منت کرتے ہیں ہمیں بچا اور ہماری مدد کر

سے تعلق رکھتی ہیں ہم تیری منت کرتے ہیں کہ آسمان پر سے
اِس لڑکے پر جو کہ اب بستر بیماری پر پڑا ہی نظر
شفقت کر ای خداوند اپنی نجات اُسے دے اور وقت
نیک معین پر اُسے اُسکے جسمانی درد سے مخلصی بخش
اور اپنی رحمتوں کے لیئے اُسکی جان کو بچا اور اگر تیری مرضی
ہو کہ اِس جہان پر اُسکے ایام زیست کو بڑھائے وہ
تیرے ہی لیئے جیئے اور ساتھ ایمان کے تیری بندگی کرنے
سے اور اپنے زیست میں نیکی کرنے سے تیرے جلال کا
ایک ہتھیار ہو ورنہ اُسے اُن آسمانی گھروں میں جہاں کہ
روح اُنکی جو خداوند عیسیٰ مسیح میں سوتے ہیں شادمانی
اور سلامتیٔ جاودانی سے محفوظ ہیں قبول کر — یہہ التماس
ہمارا اپنی رحمتوں کے لیئے جو اِس تیرے بیٹے ہمارے
خداوند عیسیٰ مسیح میں مندرج ہیں بخش کہ وہ ساتھ
تیرے اور روح القدس کے موجود ہی اور سلطنت
کرتا ہی مدام ایک خدا جہان بے پایان تک — آمین

کہ ساعت موت کے لئے اُسے ایسا مہیا کر کہ اُسکے انتقال کے
بعد یہاں سے سلامتی اور تیری مہربانی میں اسکی روح
تیری سلطنت جاودانی میں داخل ہو — یہہ التماس ہمارا
تیرے اکلوتے بیٹے ہمارے خداوند اور منجی عیسی مسیح
کی شفاعت و استحقاق کے لئے بخش — آمین

دعا محتضر کی لیئے

ای خدا اے تعالی کہ تیرے ساتھہ ارواح نیک لوگوں کی جو کہ
کامل ہو کے پردۂ زمین کے قید خاکی سے مخلصی پاتی ہیں
زندہ رہتی ہیں ہم بعجز و انکسار تیرے اس خادم ہمارے
چہیتے بھائی کے روح کو تیرے ہاتھوں میں ای خالق صادق
اور منجی رحیم سونپتے ہیں اور تیری منتی کرتے ہیں کہ تیرے
نظروں میں بھی معلوم پڑے — ہم تجھسے التماس
رکھتے ہیں کہ اُس برہ بے داغ کے خون سے اُسے دھو ڈال
جو کہ جہان کے گناہوں کو اُٹھانے کے لئے ذبح ہوا
اور جو جو کہ ملوثات اِس خوار اور شریر جہان میں شہوت
نفسانی کے باعث یا شیطانی چھل بل کے سبب اُسمیں

مشکل ہی اور اُسکی جان بہت ہی تکلیف میں ہی لیکن
ای مہربان خدا کہ تو نے اپنے کلام مقدس کو ہماری
تعلیم کے لئے لکھا ہی کہ ہم تیری کتاب مقدس کے صبرو
تسلی سے بھروسا پائیں اُسکو فہم سلیم خود معرفت کی اور
تیرے وعید و وعدوں کا دے کہ نہ وہ تیرے اوپر توکل
رکھنے سے آزردہ خاطر ہو اور نہ اور کسی جگہہ پر تیرے
سوا اپنا توکل رکھے — سب امتحانوں میں اُسے قوت
بخش اور اُسکی سب بیماریوں کو چنگا کر — کچلے ہوئے
سینٹھے کو نہ توڑ اور نہ سلگتے ہوئے تو رتے کو بجھا — اپنی
رحمتوں کو ازراہ عتاب کے بند نہ کر سے بلکہ اُسے آواز
فرحت و خرمی کی سنا کہ ہڈیاں جو تو نے توڑی ہیں شادان
و فرحان ہوں — اُسکو دشمن کی دہشت سے بچا اور اپنے چہرے
کے نور سے اُسے منور کر اور اُسے سلامت رکھ — یہہ
عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے استحقاق
و شفاعت کے لئے قبول کر — آمین

اس جہان میں ہم کچھ نہ لائے اور تحقیق ہی کہ ہم یہاں سے کچھ باہر نہ لے جائینگے خداوند نے دیا اور خداوند نے لے لیا مبارک ہو نام خداوند کا

جب کہ وی کلیسیا میں داخل ہوں ایک یا دونوں مزمور جو ذیل میں ہیں پڑھی جائیں

مزمور انچالیس

میں نے کہا میں اپنی راہوں کی خبرداری کرونگا کہ میری زبان سے گناہ نہ ہو اور جسوقت کہ شریر میرے سامھنے ہوگا تو میں اپنے منہہ کو لگام دونگا

میں چپ چپکار ہا اور اپنی زبان میں نے نہ کھولی اور میں نیک کہنے سے بھی رہ گیا اور میرا غم تازہ ہوا

سینے کے بیچ میرے دل میں طپش ہوئی میرے فکر کرتے ہی آگ بھڑک اُٹھی تب میں نے اپنی زبان سے کہا

ای یہواہ مجھے بتا کہ میرا انجام کیا ہی اور میری عمر کتنی ہی تاکہ میں جانوں کہ میری عمر کس قدر کوتاہ ہی

ای یہواہ میری دعا سن اور میرے نالہ وزاری پر کان دھر میرے آنسوؤں سے اعتراض نہ کر کیونکہ میں اپنے اباو اجداد کی مانند تیرے حضور پردیسی اور ایک غریب مسافر ہوں

پیشتر اسکے کہ یہاں سے رخصت ہوں اور پھر دکھائی نہ دوں مجھے تک چھوڑ کہ ذرا دم لے لوں

ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابد الآباد تک ہمیشہ رہیگی — آمین

مزمور نوّے

ای خداوند پشت در پشت ہماری آرام گاہ تو ہی رہا ٭ پیشتر اس سے کہ پہاڑ پیدا ہوے اور زمین اور دنیا بنی ازل سے ابد تک تو ہی خدا ہی

تو انسان کو منہدم کرتا ہی اور فرماتا ہی کہ ای بنی آدم رجوع کر ٭ کیونکہ ہزار برس تیرے آگے ایسے ہیں جیسے کل کا دن جو گذر گیا اور جیسی ایک پہر رات

ہمیں اپنی عمر کے دنوں کا ایسا شمار کرنا سکھا کہ ہم اپنا دل دانائی کی طرف لیجائیں

ای یہواہ بھلا یوں کب تک تو دور رہیگا آ اور اپنے بندوں کی تسلی کر

جلد اپنی رحمت سے ہمیں سیر کر تا کہ ہم اپنی عمر بھر شادان و فرحاں رہیں

جتنے دنوں تک تو نے ہمکو غمزدہ رکھا اور جتنے برس تک ہمنے تکلیف اٹھائی اتنے ہی برس تک ہمیں خورسند رکھ*

اپنی قدرت اپنے بندوں کو اور اپنی شوکت اُنکے فرزندوں کو دکھلا

ای ہمارے خداوند خدا اپنے جلال عظیم الشان کا پرتو ہمپر ڈال اور ہمارے ہاتھوں کے کاموں کو ہمپر پایدار کر—

ہاں تو ہمارے ہاتھوں کے کاموں کو پایدار کر

ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے . جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابدالآباد تک ہمیشہ رہیگی — آمین

تب ورد جو فدیئہ میں ہی مقدس پولوس کی پندرہویں
باب سی قرنتیوں کو پہلی مکتوب سی نقل کی جاتی
١ قرنتیون ١٥ باب آیت ٢٠

اب مسیح تو مردوں میں سے اٹھا ہی اور اُن میں جو سو گئے
ہیں پہلا پھل ہوا کیونکہ جب آدمی کے سبب سے موت
ہی تو آدمی ہی کے سبب سے مردوں کا اٹھنا بھی
جیسا آدم کے سبب سے سارے مرتے ہیں ویساہی
مسیح کے سبب سے سارے جلائے جاوینگے لیکن
ہر ایک اپنی اپنی نوبت میں پہلے مسیح پھر وے جو
مسیح کے ہیں اسکے آنے پر بعد اسکے انتہا ہی
جب وہ سلطنت خدا کو جو باپ ہی سپرد کریگا اور ساری
حکومت اور سارے اختیار و قدرت کو کھو دیگا کیونکہ جب
تک کہ وہ سارے دشمنوں کو پاؤں تلے نہ لاوے ضرور ہی
سلطنت کرے موت جو آخری دشمن ہی معدوم
کیا جاویگا اسلئے ساری چیزیں اسکے پاؤں تلے کیں اور جب
وہ کہتا ہی کہ ساری چیزیں اسکے زیر پا ہوئیں تو ظاہر

ہی لڑا ایک وہی جسنے سب کچھ اُسکے زیرپا کردیا باقی رہا
اور جب سب کچھ اُسکے زیرپا ہو لیگا تب بیٹا آپ اُسکے
جسنے سب چیزیں اُسکے نیچے کیں نیچے ہوگا تا کہ کُل میں
کُل خدا ہووے نہیں تو وے جو مردوں کے اُوپر بپتسم پاتے
ہیں سو کیا کرینگے اگر مردے اصلا نہ اُٹھیں اور کیوں
مردوں کے اُوپر بپتسم پاتے ہیں اور پھر ہم کیوں ہر ایک
ساعت خطرۂ جان کو قبول کئے ہوئے ہیں مجھے اپنے اِس
فخر کی جو خداوند مسیح عیسیٰ سے ہی قسم کہ میں ہر روز
مرتا ہوں اگر میں افسس کے آدمیوں کے ساتھ ایسا
جیسا درندگان کے ساتھ لڑا تو مجھے کیا فائدہ اگر مردے
نہ اُٹھیں پس آؤ کھائیں پیوئیں کہ کل کے دن مرینگے — فریب
نہ کھاؤ کہ بُری صحبتیں اچھی عادتوں کو بگاڑتی ہیں تم صدیقانہ
جاگو اور گناہ نہ کرو کہ کتنوں میں خداشناسی نہیں ہی میں اِس لیئے
یوں کہتا ہوں کہ تم شرمندہ ہو شاید کہ کوئی کہے کہ مردے
کس طرح اُٹھتے ہیں اور کس بدن میں آتے ہیں ای
نادان جو چیز کہ تو بوتا ہی اگر وہ نہ مرے تو کبھی نہ جلائی

ہوئی پہلا آدمی زمین سے نکلے خاکی ہوا اور دوسرا آدمی
خداوند ہی جو آسمانی ہی جیسا خاکی ویسے ہی خاکی ہیں
اور جیسا آسمانی تھا ویسے ہی آسمانی ہیں اور جس طرح
ہم نے خاکی کی صورت پائی ہی ہم آسمانی کی صورت بھی
پائینگی ای بھائیو میں یہہ کہتا ہوں کہ جسم اور خون خدا کی
سلطنت کے وارث نہیں ہو سکتے اور نہ فساد بقا کا
وارث ہو سکتا ہی دیکھو میں تمھیں غیب کی ایک بات
کہتا ہوں کہ ہم سب نہ سوئینگے پر ہم سب مبدّل ہونگے ایک
دم میں ایک پل میں پچھلے صور پھونکتے ہوے صور تو پھونکا
جائگا اور مردے اُٹھینگے اور ہم مبدّل ہو جائینگے کہ چاہئے یہہ فاسد
بقا کو پہنے اور یہہ مرنیوالا حیات ابدی کو پہنے اور جب یہہ
فانی غیرفانی کو اور یہہ مرنے والا حیات ابدی کو پہن چکیگا
تب وہ بات جو لکھی ہی ہو گی کہ ظفر نے موت کو نگل لیا
ای موت تیرا نیش کہاں ہی اور ای گور تیرا غلبہ کہاں
رہا موت کا نیش گناہ ہی اور گناہ کا زور شرع ہی پر شکر
خدا کا کہ جسنے ہمیں ہمارے خداوند عیسی مسیح کے

دعاؤں سے اپنی رحمت کے کانوں کو بند نہ کر بلکہ معاف رکھ
ہمیں ای خداوند قدوس ای خدائے قادر مطلق
ای مقدس و مہربان بچانے والے ای معقول
منصف قدیم پچھلی ساعت میں ہماری کسی نوع کی
موت کے درد کی حالت اپنے سے ہمیں جدا نہ ہونے دے

جب حاضرین میں سی کوئی ایک مٹی دی تب قسیس کہی

جیسے کہ خدائے تعالی کی مرضی ہوئی کہ اپنی بڑی مہربانی سے
ہمارے اس پیارے بھائی کی جان کو جسنے انتقال کیا
اپنے پاس لے لے اسلیئے ہم اُسکے تن کیتئیں زمین
کے حوالہ کرتے ہیں — مٹی کو مٹی کے خاک کو خاک کے
اور دھول کو دھول کے اس امید قوی پر کہ ہمارے
خداوند عیسی مسیح کے وسیلے زندگانیٔ جاودانی میں حشر
ہویگا جو کہ ہمارے تن ذلیل کو اپنے جسم جلیل کی مانند تبدیل
کریگا مطابق اُس قدرت مطلقہ کے کہ جسے وہ طاقت رکھتا ہی
کہ سب چیزوں کو اپنے محکوم کرے

سے خداوند میں انتقال کرتے ہیں بستی ہیں اور تیرے
پاس ارواح معتقدوں کی اُنکے اِس جسم کے بوجھ
سے مخلصی کے بعد عیش و شادمانی میں رہتی ہیں ہم دل و
جان سے تیرا شکر کرتے ہیں کہ تو نے اپنی مہربانی سے
ہمارے اِس بھائی کو اِس گناہ بھرے ہوئے جہان کی
اذیت سے رہائی بخشی اور تیری منتی کرتے ہیں کہ تو
اپنے فضل کی نیکوئی سے برگزیدوں کی گنتی کو جلدی تمام کر
اور ساتھ سرعت کے اپنی سلطنت کو برپا کرکہ ہم اُن
سبھوں کے ساتھہ کہ جنھوں نے تیرے اسم مقدس
کے ایمان صدق میں انتقال کیا ہی اپنی کامل خرّمی جسم و روح
کی نسبت تیرے جلال ابدی میں حاصل کریں — یہہ
عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے
بخش — آمین

دعا

اے رحیم خدا جو باپ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا ہی
جو کہ حشر و حیات ہی اور اُسپر جو کوئی کہ اعتقاد لاتا ہی

سے خداوند میں انتقال کرتے ہیں بستی ہیں اور تیرے
پاس ارواح معتقدوں کی اُنکے اِس جسم کے بوجھ
سے مخلصی کے بعد عیش و شادمانی میں رہتی ہیں ہم دل و
جان سے تیرا شکر کرتے ہیں کہ تو نے اپنی مہربانی سے
ہمارے اِس بھائی کو اِس گناہ بھرے ہوئے جہان کی
اذیت سے رہائی بخشی اور تیری منتی کرتے ہیں کہ تو
اپنے فضل کی نیکوئی سے برگزیدوں کی گنتی کو جلدی تمام کر
اور ساتھ سرعت کے اپنی سلطنت کو برپا کر کہ ہم اُن
سبھوں کے ساتھ کہ جنھوں نے تیرے اسم مقدس
کے ایمان صدق میں انتقال کیا ہی اپنی مکمل خرّمی جسم و روح
کی نسبت تیرے جلال ابدی میں حاصل کریں — یہہ
عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے وسیلے
بخش — آمین

دعا

ای رحیم خدا جو باپ ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا ہی
جو کہ حشر و حیات ہی اور اُسپر جو کوئی کہ اعتقاد لاتا ہی

فضل ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کا اور محبت خدا کی اور
رفاقت روح القدس کی ہمارے ساتھ مدام رہے۔ آمین

موت کے دکھوں نے مجھکو گھیرا اور قبر کے دردوں نے
مجھے پکڑا
میں دکھ اور غم میں گرفتار ہوا تب میں نے یہوواہ کا نام لیا کہ
ای یہوواہ مہربانی کرکے میری جان بچا لے
یہوواہ مہربان اور راستباز ہی — ہاں ہمارا خدا رحیم ہی*
یہوواہ سادہ لوگوں کا نگہبان ہی — میں پست ہو گیا تھا
اُسنے میری کمک کی
ای میری جان اپنی آرام گاہ میں پھر کہ یہوواہ نے تجھپر
احسان کیا
تو نے میری جان موت سے اور میری آنکھوں کو اشک
ریزی سے اور میرے پانوؤں کو پھسلنے سے بچایا
میں زندوں کے ملک میں یہوواہ کے آگے چلونگا
میں ایمان لایا اور اسلیئے میں نے کلام کیا پر مجھپر بڑی بپت
پڑی اور میں اپنی گھبراہٹ میں کہہ بیٹھا کہ سارے آدمی
جھوٹے ہیں
میں یہوواہ کو اُسکی ساری نعمتوں کے عوض جو مجھے

اپنے محبوب کو خواب راحت بخشتا ہی
دیکھو اولاد میراث خداوند کی ہیں اور رحم کا پھل اُسکا
ہدیہ ہی
جیسے پہلوان کے ہاتھ میں تیر ویسے ہی جوانی اولاد ہیں ٭
خوش وہ شخص کہ جسکا ترکش اُنسے معمور ہی وے
پشیمان نہ ہوینگے جسوقت کہ دروازے پر دشمنوں
سے گفتگو کرینگے
ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو پہنچے
جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابدالآباد تک ہمیشہ
رہیگی — آمین

تب قسیس کہی

چاو دعا مانگیں

خداوند ہمپر رحم کر

مسیح ہمپر رحم کر

خداوند ہمپر رحم کر

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو

ای بڑے مہربان باپ کر وہ تیرے مدد سے بھی ساتھ
دیانت داری کے اوقات کاٹے اور اس زندگانی میں
تیری مرضی کے موافق چلے اور بھی حیات آیندہ میں جلال
ابدی کی شرکت رکھنے والی ہو — یہہ التماس ہمارا ہمارے
خداوند عیسی مسیح کے واسطے بخش — آمین

عورت جو شکرانی کی لیئی آتی ہی وہ حسب ضابطہ
کی نذر چڑھاوی اور اگر دستور عشای ربانی کا عمل
میں آوی تو مناسب ہی کہ وہ بھی مقدس سیکرمنت لی

تم سبھوں کے حضور وعید کی چھ آئتیں میسر گنہگاروں کے حق میں پڑھی جائیں کہ وے تنبیہ کے ستائیسویں باب میں سے اور کتاب کے دوسرے مقاموں سے منتخب ہوئے ہیں اور تم ہر آیت کے بعد اِس نیت سے آمین کہو کہ تم گنہگاروں کے حق میں خدا کے غضب شدید سے متنبہ ہو کر توبۂ صدق کی طرف خود برانگیختہ ہو اور زیادہ تر خبرداری سے اِن خطرے کے ایام میں چلو اور اُن گناہوں سے کہ جنکا تم خود اپنی زبان سے اعتراف کرتے ہو کہ قابل خدا کے ویل کے ہیں گریزاں ہو

ویل ہی اُس شخص کے لئے جو کہ کھدی یا ڈھلی مورت واسطے پرستش کے بنائے

اور ساری جماعت جواب میں کہے آمین

خادم دین ویل ہی اُسکے لئے جو کہ اپنے باپ کو یا ماں کو کوسے

جواب — آمین

خادم دین — ویل ہی اُسکے لئے جو اپنے پڑوسی کے

جواب — آمین

خادم دین — ویل ہی اُسکے لئے جو کسی آدمی پر اپنا بھروسا رکھے اور آدمی کو اپنا حافظ سمجھے اور اپنے دل میں اپنے خداوند سے برگشتہ ہو

جواب — آمین

خادم دین — ویل ہی سب بے رحموں پر اور حرامکاروں پر اور زانیوں پر اور لالچیوں پر اور رونٹھیوں پر اور مفتریوں پر اور شرابیوں پر اور غاصبوں پر

جواب — آمین

خادم دین

اب دیکھتے ہو کہ وے سب (جیسے کہ نبی داؤد نے گواہی دی ہی) جو کہ خدا کے احکام سے گمراہ اور بھٹکتے ہیں مغضوب ہیں — چلو ہم (اُس غضب ناک عدالت کو یاد کر جو ہمارے سروں پر کھڑی ہی اور مدام مستعد کہ ہم پر گرے) خداوند خدا کی طرف خستہ دلی اور نرمی

تب جس طرح کہ حاملہ کو دفعتہ درد اُٹھتا ہی اُن پر ناگہان خرابی آویگی اور وے نہ بچینگے — تب خدا کا غضب روز قہر میں نمودار ہوگا جو کہ ڈھیٹھ گنہگاروں نے اپنے دلوں کی ڈھٹائی سے اپنے لیئے جمع کیا اور خدا کی کمال مہر و حلم و صبر کو بے حقیقت سمجھے تھے جب کہ وہ مدام اُنہیں توبہ کے لیئے بُلاتا رہا — تب وے مجھکو پکارینگے (خداوند فرماتا ہی) پر میں نہ سنونگا وے سویرے مجھکو ڈھونڈھینگے پر مجھے نپاوینگے کیونکہ اُنہوں نے معرفت سے کینہ رکھا اور یہواہ کا خوف قبول نہ کیا وے میری نصیحت سے متنفر ہوئے اور اُنہوں نے میری تادیب کو حقیر جانی — تب کھٹکھٹانے کے لیئے بہت دیر ہوگی جب کہ دروازہ بند ہو جائیگا اور فریاد کے لیئے واسطے رحمت کے بہت دیر ہوگی جب کہ وقت عدل کا آویگا ای دہشت ناک آواز بڑے ہی عدل و انصاف کی جو کہ اُنکے حق میں دی جایگی اور تب اُنہیں کہا جائیگا کہ ای مغضوبو آتش ابدی میں جو ابلیس اور اُسکے لشکر کے لئے مہیا کی گئی ہی جاؤ — اِسلیئے ای

میری خوشی کچھ اُسکے مرنے سے نہیں ہی جو مرتا ہی اِسلیئے
تم رجوع کرو اور جیوگے — ہر چند کہ ہمنے گناہ کیا ہی تاہم
ہم باپ کے پاس ایک شفیع عیسیٰ مسیح نیکوکار
رکھتے ہیں کہ وہ ہمارے گناہوں کا کفّارہ ہی کیونکہ وہ ہمارے
گناہوں کے لیئے مجروح ہوا اور ہماری شرارتوں کے لئے
مارا گیا اِسلیئے چلو ہم اُسکی طرف رجوع کریں کہ وہ سب
صادق تائب گنہگاروں کا ایک رحیم قبول کرنے ہارا ہی اور
یقیں رکھیں کہ وہ ہمارے قبول کرنے اور ہماری معافی کے
لئے مستعد ہی بشرطیکہ ہم توبہ صادقہ کے ساتھ اُسکی نزدیکی
کریں — اور اپنے تئیں اُسکے تابعدار کریں اور آج سے
اُسیکی روش پر چلیں اور بشرطیکہ ہم اُسکے ہلکے جوئے کو اور
سبک بار کو اپنے دوش پراین اور اُسکی پیروی فروتنی
اور رہبر اور دیا کے ساتھ کریں اور اُسکے روح القدس کے انتظام میں
رہیں اور مدام اُسکے جلال کے جویان رہیں اور اپنے کاروبار میں
شکر کے ساتھ اُسکی خدمت کریں — اگر ہم ایسا کریں
تو مسیح شرع کے عذاب سے ہمیں بچالیگا اور اُس

حکومت کرے تو تو پاک ظاہر ہو

دیکھ میں نے برائی میں صورت پکڑی اور گناہ کے ساتھ
میں ماں کی رحم میں پڑا

دیکھ تو بطون کی صداقت چاہتا ہی تو مجھے دانائی کے اسرار سے
آگاہ کریگا

زوفا سے مجھے چھڑک کہ میں پاک ہو جاؤں مجھکو دھو کہ
میں برف سے زیادہ سفید ہوں

مجھے خوشی اور خرمی کی خبر سنا کہ میری ہڈیاں جنھیں
تو نے توڑ ڈالیں سرور رہوں

میرے گناہ سے چشم پوشی کر اور میری ساری بدیوں کو محو کر*

ای خدا میرے بیچ پاک دل پیدا کر اور مستقیم روح میرے
باطن میں بھر ڈال

مجھکو اپنے حضور سے نہ نکال اور اپنی پاک روح مجھ سے
چھین نہ لے

اپنی نجات کی شادمانی مجھے پھر کردے اور اپنی آزاد کرنے
والی روح سے مجھے سنبھال

کہ میں خطاکاروں کو تیری راہیں سکھاؤنگا اور گنہگار تیری
طرف رجوع کرینگے

اے خدا میرے نجات دینے والے خدا مجھے خون کے گناہ
سے رہائی دے کہ میں اپنی زبان سے تیری صداقت کا
گیت گاؤنگا

اے خداوند میرے ہونٹوں کو کھول تب میری زبان
تیری ستائش کریگی

کہ تو قربانی سے خوش نہیں ہے ورنہ میں چڑھاتا سوختنی قربانی
میں تیری خوشنودی نہیں ہے

خدا کی قربانی شکستہ دل ہے اے خدا تو دل شکستہ
کو حقیر نہ جانتا

اپنی خوشی سے صیون پر احسان کر اور یروشلیم کی
دیواروں کو بنا

تب تو راستی کی قربانی اور سوختنی قربانی اور کامل
قربانیوں سے خوشنود ہوگا وہ اسوقت تیرے
مذبح پر بچھڑے چڑھاوینگے

ستایش باپ اور بیٹے اور روح القدس کو ہنچے
جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابدالآباد تک
ہمیشہ رہیگی — آمین

خداوند ہمپر رحم کر
مسیح ہمپر رحم کر
خداوند ہمپر رحم کر

ای ہمارے باپ جو آسمان پرہی تیرا نام مقدس ہو
اور تیری سلطنت پھیلے اور تیری رضا زمین پر ویسے ہی ہو
جیسی کہ آسمان پر ہی ہماری روزینے کی روتی ہمیں
آج بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہمپر زیادتی
کرتے ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان میں
نہ ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھ — آمین

خادم دین — ای خداوند اپنے بندوں کو بچا
جواب — جو تجھپر بھروسا رکھتے ہیں
خادم دین — اوپر سے اُنہیں مدد عطا کر
جواب — اور مدام قوت سے انکی حفاظت کر

باز آئے اور نجات پائے مہربانی سے ہماری زیادتیوں کو
معاف کر اور ہمیں قبول کر اور دلاسا دے کہ ہم اپنے گناہ کے
بوجھ کے تلے دب اور تھک گئے ہیں — تیری یہہ شان
ہی کہ تو مدام رحم کھائے تیری ہی فقط آمرزش ہی اسلیئے
ہمیں معاف رکھ — ای نیک خداوند اپنے بندوں کو جنہیں
تو نے چھڑایا معاف رکھ — اپنے بندوں سے محاسبہ نہ لے
کہ ہم نکمی مٹی اور کم بخت گنہگار رہیں بلکہ اپنے غضب کو
اسطور سے ہماری طرف سے جو فروتنی سے اپنی نالائقی کا
اعتراف اور اپنے گناہوں کا توبۂ صدق کرتے ہیں پھیر لے
اور اسطرح سے اس جہان میں ہماری اعانت کے لئے
تعجیل کر کہ ہم جہان آیندے میں ہمیشے کو تیرے ساتھ
رہیں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے
واسطے بخش — آمین

تب داعاجونی دل میں ہی جماعت خادم دین کی ساتھ پڑھی

رجوع کر ہمیں ای مہربان خداوند اور تب ہم رجوع ہو سکینگے
مہربان ہو ای خداوند اپنے بندوں پر جو کہ ساتھ زاری

عقائد

جسپر کہ دونوں جگہوں کی اساقفہ اور اسقف الاساقفہ اور ساری علمای دین اُس مجلس میں جو کہ سنہ ۱۵۶۲ لنڈن میں جمع تھی متفق ہوئی کہ آرا کی اختلاف کو دور کریں اور دین صادق میں اتفاق پیدا کریں

عقائد دین

۱
ایمان تثلیث مقدس کی بیان میں

ایک ہی حی و حق خدا ہی وہ قدیم ہی اور وہ بے جسم اور اجزا اور ہوا و حرص کے ساتھ اقتدار و حکمت و نکوئی غیر متناہی کے ہی — وہ خالق اور حافظ سب مرئی اور غیر مرئی چیزوں کا ہی — اور اِس وحدت الوہیت میں تین فرد ایک ہی ماہیت و قدرت و قدامت کے ہیں یعنے باپ اور

۴

مسیح کی حشر کی بیان میں

مسیح مرنے کے بعد صدقاً پھر اُٹھا اور پھر اپنے قالب میں گوشت اور استخوان اور دوسری چیزوں کے ساتھ جو انسان کی عین ماہیت سے متعلق ہیں در آیا اور اُسی شکل پر اُسنے عرش پر صعود کیا اور وہاں جب تک کہ روز اخیر کو آدمیوں کے محاسبے کے لئے پھر آئے بیٹھا ہی

۵

روح القدس کی بیان میں

روح القدس باپ اور بیٹے سے نکلتا ہی ایک ہی ماہیت اور مرتبہ اور جلال باپ اور بیٹے کے ساتھ رکھتا ہی اور حق اور قدیم خدا ہی

۶

بیان میں اس بات کی کہ کتاب مقدس نجات کی لیئی کافی ھی

کتاب مقدس میں وے سب باتیں جو نجات کے لئے چاہیے مندرج ہیں — پس جو باتیں کہ اُسمیں نہیں ملتی ہیں اور اُسسے

ملوک کی پہلی کتاب

ملوک کی دوسری کتاب

اخبار کی پہلی کتاب

اخبار کی دوسری کتاب

عزرا کی پہلی کتاب

عزرا کی دوسری کتاب یعنے نحمیا

استیر کی کتاب

ایوب کی کتاب

مزامیر

امثال

جامع یعنے واعظ

نشید الانشاد یعنے اشعار سلیمان

چار بزرگ نبی

بارہ نبی

اور دوسری کتاب میں (جیسے کہ جیروم کہتا ہی) کلیسیا
چال چلن کی تعلیم کے لیئے پڑھتی ہی مگر ان میں کچھ احکام دینی کی

ہم اُنہیں مانتے اور قانون کی مانند سمجھتے ہیں

۷

پرانی وثیقی کی بیان میں

پرانا وثیقہ برخلاف نئے کے نہیں ہی کیونکہ دونوں پرانے اور نئے وثیقوں میں انسان کے لئے مسیح کے وسیلے زندگانی جاودانی کے لئے راہ کھلی ہی کہ وہی فقط خدا اور انسان کے درمیان شفیع ہی اور ہم خدا اور ہم انسان ہی — اسلئے اُنہیں جو کہ کہتے ہیں کہ ساعت کے آبا فقط وعدوں کی جزاے فانی کے منتظر تھے باور نہ کیا چاہئے — ہر چند کہ شرع جو خدا سے موسیٰ کے وسیلے نسبت تکلیفات و دستورات کے دیا مسیحیوں کو بند میں نہیں رکھتا اور نہ اُسکے سیاستہ المدینہ کی تعلیم جمہور کے لئے ضرور رہی تاہم کوئی مسیحی شخص اس بات سے آزاد نہیں ہی کہ اِن احکام کے جو اخلاق کے کہلاتے ہیں مقید نہ رہے

۸

بیان میں تینوں عقائد کی

تینوں عقیدے یعنی عقیدۂ نائیسں اور عقیدہ اتھاناسیئس

ہرچند کہ اُنکے لیئے جو کہ اعتقاد لاتے ہیں اور بپتسمہ ہوئے ہیں عقوبت نہیں ہی تاہم حواری نے قرار دیا ہی کہ خواہش نفسانی اور شہوت خود اپنی ذات سے گناہ ہی

۱۰

اختیار کی بیان میں

آدم کی لغزش کے بعد انسان کا حال ایسا ہی کہ وہ اپنی سرشتی قوت اور اعمال حسنہ سے اپنے تئیں ایمان اور خدا کی خدمت کی طرف مستعد اور رجوع نہیں کر سکتا ہی — اسلیئے ہم ایسی قدرت نہیں رکھتے کہ کچھ اچھے کام کریں جو خدا کے حضور مرغوب و پسندیدہ ہوں بے اِس بات کے کہ خدا کا فضل مسیح کے وسیلے اپنی پیشوائی سے ہمیں حسن نیت بخشے اور ساتھ اس حسن نیت کے عمل کرے

۱۱

انسان کی راستباز ہونی کی بیان مین

ہم خدا کے حضور رفقط اپنے خداوند اور منجی عیسیٰ مسیح کے استحقاق کے باعث بوسیلہ ایمان کے اور نہ کچھ اپنے اعمال

ہوتے ہیں خدا کے حضور پسندیدہ نہیں ہیں کیونکہ عیسیٰ
مسیح پر ایمان رکھنے سے نہیں صادر ہوتے ہیں اور نہ
آدمیوں کو مستعد الفضل کرتے اور نہ (جیسے کہ مدرسیاں کہتے
ہیں) فضل کے دعویٰ کی قابلیت رکھتے ـــ ہاں اسلیئے
کہ وے حسب رضا و حکم الٰہی کے وقوع میں نہیں آئے ـــ پس ہم
کچھ شک نہیں رکھتے کہ وے گناہ میں شمار کئیے جاتے ہیں

۱۴

اعمال کی بیان میں جو مقدمہ دین میں حد شرع سی متجاوز ہیں

اعمال طبیعی جو کہ خدا کے احکام سے زیادہ ہوں اور اعمال زیادتی
کے کہلاتے ہیں اُنکی تعلیم بغیر تکبر و فسق کے ہو نہیں
سکتی ـ کیونکہ اُنسے انسان ظاہر کرتے ہیں کہ وے فقط
خدا کو نہ اتنا پہنچاتے ہیں جتنا کہ اُنپر فرض ہی بلکہ حد فرض سے
بھی اُسکے لیئے زیادہ کرتے ہیں چنانچہ مسیح نے صاف
کہا ہی کہ جب تم سب کرچکو کہ جسکا تم کو حکم ہی تب
بھی کہو کہ ہم نکمے بندے ہیں

پڑتے ہیں — روح القدس کے پانے کے بعد ہم فضل سے کنارہ کش ہو کر گناہ میں گر سکتے ہیں اور فضل الہی سے پھر ہم اُٹھ اور اپنے روے کی تہذیب کر سکتے ہیں پس وے لوگ قابل زجر کے ہیں جو کہتے ہیں کہ وے مدّۃ العمر پھر گناہ کر نہیں سکتے یا اُنسے آمرزش کا انکار رکھتے ہیں جو کہ بصدق دل توبہ کریں

۱۷

تقدیر اور برگزیدگی کی بیان میں

تقدیر حیات وہ ہی کہ جسے خدا نے روز ازل سے مقرر کیا ہی کہ جتے جہان کی بنیاد ڈالنے کے آگے اُسنے اکثر اپنے اسرار اہتمام سے ہمسے پوشیدہ ٹھہرایا کہ اُنہیں ویل اور عقوبت سے بچاویگا جنہیں کہ اُسنے مسیح میں آدمیوں میں سے منتخب کیا تا کہ اُنہیں مسیح کے وسیلے اُن برتنوں کی مانند جو ستھرے کام کے لئے بنائے جاتے ہیں زندگانیٔ جاودانی میں لائے — اِسلیئے وے جو ایسی اچھی نعمت

اسے مضبوط اور پایدار کرتا ہی اور بھی آتش عشق الٰہی کو بھڑکاتا ہی پس نکتہ چین اور شہوت آمیز لوگوں کے لئے جو کہ مسیح کی روح کے فیض سے خارج ہیں اُنکی آنکھوں کے سامنے مدام خدا کی تقدیر کا فتویٰ رہنا بہت ہی ہیبت ناک تباہی ہی کہ جسّے شیطان یا اُنہیں عالم مایوسی میں ڈالتا ہی اور یا ایسے ناپاک اور شقاوت کے روے میں لیجاتا ہی جو کہ عالم مایوسی سے کم ہیبت ناک نہیں ہی۔ علاوہ اِسکے پھر فرض ہی کہ ہم خدا کے وعدوں پر اِسی ڈھب پر اعتقاد لائیں جیسے کہ وے عموماً کتاب مقدس میں مندرج ہیں — اور اپنے افعال سے خدا کی اُسی رضا کی پیروی کیا چاہیئے جو کہ بالتخصیص ہمیں کلام الٰہی میں بتائی گئی ہی

۱۸

نجات ابدی کی بیان میں جو کہ فقط مسیح کی نام سی حاصل ہوتا ہی

اُن بوالہوسوں پر ویل کہا چاہیئے جو کہ کہتے ہیں کہ ہر شخص

از راہ شرع یا قانون کے جو کہ اُسکا مذہب ہی نجات
پائیگا بشرطیکہ وہ کوشش کرے کہ اُسکا چلن مطابق اُس
شرع اور سرشتی نور کے ہو — کیونکہ کتاب مقدس
فقط عیسیٰ مسیح کا نام بتاتی ہی کہ جس سے انسان
نجات پا سکتے ہیں

۱۹

کلیسیا کی بابت میں

کلیسیا سے عیسیٰ مسیح کی جماعت مراد ہوا کرتی ہی کہ جسکے
درمیان خالص کلام الٰہی سکھایا جاتا ہی اور ساکرامنت بطور
شایستہ مطابق مسیح کے حکم کے اُن سب چیزوں میں
جو فرضاً اُنکے لیے ضروری ہیں عمل میں آتی ہیں
جیسے کہ کلیسیا اورشلیم کی اور اسکندریہ کی اور انطاکیہ
کی نے غلطی کی ہی ایسا ہی کلیسیا روم نے بھی نہ فقط
اپنے روِش اور دستورات تقریبات میں بلکہ ایمان کے
مقدمے میں بھی خطا کی ہی

۲۰

کلیسیا کی اقتدار کی بیان میں

کلیسیا کے تئیں دستورات اور تکلیفات میں اور ایمان کے جھگڑے کی بابت دخل دینے کا اختیار ہی مگر کلیسیا پر واجب نہیں ہی کہ کسی بات کا حکم کرے جو کہ برخلاف نص الہی کے ہو اور نہ ایسی تفسیر کتاب کی کسی مقام کا کرے جو برخلاف دوسرے مقام کے ہو اسلیئے اگرچہ کلیسیا گواہ اور محافظ کتاب مقدس کی ہی تاہم جیسے کہ اُسپر مناسب نہیں ہی کہ کوئی بات کا حکم کرے جو برخلاف کتاب مقدس کے ہو ایسی سوائے کتاب مقدس کے نجات کے لیئے فرضاً اعتقاد و تعمیل کسی چیز کی نہ کروائے

۲۱

اقتدار اجماع کی بیان میں

اجماع عام بے رضا و حکم سلاطین کے نہ ہو اور جب کہ فراہم آئین (جیسے کہ وے جماعت آدمیوں کے ہیں کہ جسمیں

سب خدا کی روح اور کلام سے انتظام نہیں پاتے اور سے خطا کر سکتے ہیں بلکہ کبھی انہوں نے کیا بھی ہی ان آن چیزوں میں بھی جو تعلق خدا سے رکھتی ہیں اسلیئے نجات کی بابت جن باتوں کا انکی طرف سے حکم ہی وے باتیں قوت اور اقتدار نہیں رکھتی بغیر اثبات اسبات کے کہ وے کتاب مقدس سے بنی گئی ہیں

۲۲

اعراف کی بابت میں

رومی تعلیم نسبت اعراف اور آمرزش اور بتوں کی اور تبرکوں کی پرستش عبادت کی اور مقدسوں سے بھی امداد چاہنا سب لغو کی باتیں اور بیہودگی کی اختراعات ہیں اور کتاب پر مبنی نہیں ہیں بلکہ برعکس اسکے کلام الہی کے مخالف ہیں

۲۴

بابت میں خدا خدمت کلیسا کی جماعت میں سے

کسی آدمی کو مناسب نہیں ہی کہ آپ پر منادی و عظ کرنے

کا عہدہ ہے یا سیکریمنٹ کی تعمیل جماعت کے درمیان
اختیار کرے سبب اسکے کہ حسب شرع وہ ایسی بات
کے لیئے مقرر کیا جائے — اور ہمیں مناسب ہی کہ ہم اُنہیں
شرعاً خادم سمجھیں جو کہ اُن لوگوں کی طرف سے منتخب
ومقرر ہوئے ہوں جو کہ جماعت کی جانب سے علانیہ حکم رکھتے
ہوں کہ خادموں کو خداوند کے تاکستان میں بھیجیں

۲۴

اس بات کی بیان میں کہ جماعت کی درمیان
زبان مروج میں نماز اور وعظ پڑھا جای

یہہ بات صریحاً برخلاف کلام الہی کے اور دستور اوائل کی
کلیسیا کے ہی کہ علانیہ نماز کلیسیا میں یا تعمیل سیکریمنٹوں
کی ایسی زبان میں ہو کہ جسے لوگ نہ سمجھیں

۲۵

سیکریمنٹوں کی بیان میں

جن سیکریمنٹوں کا کہ مسیح کی طرف سے حکم ہی وے نہ

ظاہری علامت یا تکلیف کا حکم خدا کی طرف سے پایا نہیں جاتا —
سیکریمنٹوں کا حکم مسیح نے اسلیے نہیں دیا کہ اُسے
تکا کریں یا لئے پھریں بلکہ اسلیئے کہ موافق تقرر کے عمل
میں آئیں اور اُنہیں کے دل میں مفید تاثیر رکھتی یا عمل کرتی
ہیں جو کہ شایستگی کے ساتھ اُنہیں لیتے ہیں مگر وے جو کہ
عدم شایستگی سے اُنہیں لیتے ہیں وے بقول مقدس
پولوس اپنے پر عقوبت کھینچھتے ہیں

۲۶

خدام دین کی عدم لیاقت کی بیان میں کہ
جنکی سبب سیکریمنٹوں کی تاثیر کم نہیں ہوتی

ہرچند کہ کلیسیا سے عیاں میں نیک وبد مدام ملے رہتے ہیں اور
بعضے اوقات کلام اور سیکریمنٹوں کی تعمیل میں خصوصاً بد
حکم رانی کرتے ہیں تاہم چونکہ خادم دین ان باتوں کو اپنے نام
سے نہیں بلکہ مسیح کے نام اور اُسکے باعث اور حکم سے
عمل کرتے ہیں اسلیئے اُنکا عمل دونوں کلام الہی کے سننے
اور سیکریمنٹوں کے لینے میں مباح سمجھیں — نہ مسیح کے

حکم کی تاثیر انکی شرارت سے محو ہوتی ہی اور نہ خدا کی
نعمتوں کا فضل اُن لوگوں میں جو کہ ایمان کے ساتھ بطور
ثواب یہ سبکر بہشتوں کو جو کہ انہیں دی جاتی ہی لیتے ہیں
کم ہو جاتا ہی اور یہ موثر ہیں کیونکہ مسیح کی طرف سے یہ
مقرر ہیں اور انکے موثر ہونیکا وعدہ ہی ہر چند کہ انکی
تعمیل بُرے آدمی کرتے

باوجود اس بات کے کلیسیا کے انتظام سے تعلق رکھتا ہی
کہ خدام دین کی کھوج ہو اور وے لوگ جو کہ انکے جرموں
سے خبر رکھتے ہوں انہیں الزام دیں آخرش کہ جب وے
گنہگار ٹھہریں تب شاید وہ معزول ہوں

۲۷

بپتسمہ کی بابت میں

بپتسمہ نہ فقط ایک علامت مذہب کی اور نشان تفرقہ کی ہی
کہ جسسے مسیحی لوگ بہ نسبت اُنکے جو بپتسمہ نہیں ہوئے
ہیں ممتاز ہوتے ہیں بلکہ یہ فقط جنم یعنی نئی پیدائش

کی ایک نشانی بھی ہی کہ جسے ایک سند کی مانند دے جو بپتسمہ بطور شایستہ پاتے ہیں کلیسیا میں پیوند ہوتے ہیں اور بعد سے آمرزش کے اور بوسیلۂ روح القدس کے ہمارے خدا کے متبنی لڑکے بننے پر ظاہرا دستخط و مہر کی جاتی ہی — ایمان قائم ہوتا ہی اور بوسیلۂ عبادت فضل بڑھتا ہی — بپتسمہ چھوٹے لڑکوں کا بہر نوع کلیسیا میں جاری رہے کیونکہ یہہ مسیح کے قانون کے ساتھ بہت ہی موافق ہی

۲۸

عشای ربانی کی بیان میں

عشاے ربانی نہ فقط ایک علامت محبت کی ہی جو کہ مسیحیوں پر واجب ہی کہ آپسمیں رکھیں بلکہ ہمارے نجات کی جو مسیح کی موت سے ملتی ہی ایک سیکریمنٹ ہی حتی کہ وے جو کہ یابندے ایمان کے ساتھ لیتے ہیں روٹی جو ہم توڑتے ہیں مسیح کے جسم میں شریک ہوتا ہی اور علی ہذا القیاس پیالہ برکت کا مسیح کے لہو میں شامل ہوتا ہی

تاہم کسی نوع سے وے مسیح کے شریک نہیں ہیں بلکہ اپنی
عقوبت کے لیئے ایسی بڑی چیز کی علامت اور سیکریمنٹ
کو کھاتے اور پیتے ہیں

۳۰

عشای ربانی کی دونوں اجزا کی بیان میں

لازم نہیں ہی کہ جماعت سے کاسہ خداوندکیتئیں باز رکھیں
کیونکہ خداوند کے سیکریمنٹ کا دونوں اجزا مسیح کے تقرر
اور حکم سے متساوی سب مسیحی لوگوں کو دیا چاہئے

۳۱

مسیح کی ایک ہی فدیہ کی بیان میں جو کہ صلیب پر کامل ہوا

مسیح کا دفعتہً اپنے تئیں قربان کرنا نجات کامل ہی اور سارے
جہان کے ہم جبلی اور عملی گناہوں کا فدیہ اور تاوان ہی اور سوا اِس
اکیلے ایک تاوان کے کوی دوسرا تاوان گناہ کے لیئے نہیں ہی —
اِسلیئے میسون کی قربانیاں کہ جن میں عموما کہلا یا جاتا ہی کہ
قسیس سزا اور گناہ کی آمرزش کے لیئے مسیح کو زندے
اور مردے کے واسطے قربانی چڑھاتا ہی بے کید کی حکایتیں اور

۴۴

کلیسیا کی روایات کی بیان میں

ضرور نہیں ہی کہ روایات و تکلیفات سب جگہہ پر ایک
اور بالکلیہ ایک ہی ڈھب کی ہوں کیونکہ سب عصروں میں
وے جدے جدے ہوئے ہیں اور جدے جدے ملکوں
اور عصروں اور آدمیوں کے رواج کے موافق تبدیل بھی ہا سکتی
ہیں بشرطیکہ کچھ برخلاف کلام الہی کے اُن میں تعمیل نہ ہوئے
جو شخص کہ اپنی عقل خاص کے سبب عمداً اور قصداً کلیسیا
کی روایات و تکلیفات کو جو برخلاف کلام الہی کے نہ ہوں بلکہ
اقتدار کے حکم اور اقبال سے ہوں علانیہ نقض کرے اُسپر
علانیہ زجر ہو تاکہ دوسرے لوگ ایسے عمل سے ڈریں اور اُسے
ایسا سمجھو کہ وہ کلیسیا کے حکم عموم کے برخلاف کرتا ہی اور قاضی
کی حکومت کا مخل ہوتا ہی اور اپنے ناتوان بھائیوں کے دلوں
کو مجروح کرتا ہی
ہر مخصوص اور صنفی کلیسیا اقتدار رکھتی ہی کہ کلیسیا کے
دستورات تکلیف کو جو فقط انسان کے اقتدار سے ہیں

۵ جوع البقر اور می خواری کی مذمت میں

۶ لباس کے اسراف کی مذمت میں

۷ نماز کے بیان میں

۸ جگہہ اور وقت نماز کے بیان میں

۹ اس بات کے بیان میں کہ نماز عام اور سیکرمنٹ مروج زبان میں عمل میں آئے

۱۰ تعظیم کلام الہی کے بیان میں

۱۱ تصدق کے بیان میں

۱۲ مسیح کی پیدایش کے بیان میں

۱۳ مسیح کے رنج کے بیان میں

۱۴ مسیح کے حشر کے بیان میں

۱۵ اس بات کے بیان میں کہ مسیح کے جسم اور لہو کے سیکرمنٹ کو بطور شایستہ لیں

۱۶ روح القدس کی نعمتوں کے بیان میں

۱۷ روگیشن کے دنوں کے بیان میں

۱۸ نکاح کے بیان میں

شرع وقف اور تقدیس پایا ہی

۳۷

قانونوں کی بیان میں

جناب شاہ کینڈیں ولایت انگلند اور اُسکے دوسرے
ملکوں میں قدرت حدو عمدہ ہی کہ مخصوص سب سرکاریں
اس ولایت کی رو سے یعنی ہوں یادنیوی سب باتوں
میں جناب موصوف سے تعلق رکھتی ہیں اور سے کسی
آفاقی کے حکم کے مطیع نہیں ہیں اور نہ مناسب ہی کہ ہوں
جس حالت میں کہ ہم شاہ کی جناب سے ملک کے انتظام
کو منسوب کرتے ہیں کہ جس اختیار سے سُننے میں آیا ہی
کہ بعضے ناراض ہیں اِسلئے یہہ ارادہ نہیں ہی کہ ہم اپنے
بادشاہوں کو خدا کے کلام اور سیکریمنٹ کی تعمیل سے
متعلق کرتے یہہ بات الیزبتہ ملکہ کے حکم سے جو اُسکے عصر میں
مروج ہوا صاف ظاہر ہی بلکہ فقط ویسا حکم جو کہ ہم دیکھتے ہیں
کہ سب متقی بادشاہوں کو کتاب مقدس میں خود خدا کی
طرف سے دیا گیا تھا یعنی کہ وے سب عہدے اور درجوں

دستور اور رسم اسقف اور قسیس اور ڈیکن

(شماس) کی تقرر و تقدیس کا مطابق کلیسیائی

انگلستان اور قانون کی قاعدے کی موافق

دیباچہ

سب لوگوں پر جو کہ کوشش و رغبت سے کتاب مقدس
اور قدما کی مصنفات پڑھتے ہیں ظاہر ہے کہ حواریوں کے
وقت سے مسیح کی کلیسیا میں خدام دین کے یہ عہدے
یعنی اسقف اور قسیس اور ڈیکن کے ہوتے چلے آتے
ہیں اور یہ عہدے ہمیشہ ایسے معزز گنے گئے ہیں کہ قبل
اسکے کہ اسکی دعوت ہوا و قابلیت کی اسکے تفتیش و تجسس ہو لے
اور اسکی نسبت ثبوت پہنچے کہ اسمیں وے اوصاف بھرے ہیں

اسقف میں تقرر و تقدیس پائے وہ کامل تیس برس کا ہو — اور اسقف ساتھ علم اس بات کے خواہ اصالۃً یا وساطۃً بشہادت معقول کہ کوئی شخص صاحب دیانت اور بے جرم کے ہو اور بعد تشخیص و تفتیش کے دریافت کرے کہ وہ طبعی زبان سے آگاہ ہی اور بقدر ضرورت کتاب مقدس سے خبر رکھتا ہی تو وقت معہود قانون کے یا بسبب ضرورت کوئی دوسرے اتوار یا تیوہار کے ساری کلیسیا کے سامھنے آگے ذیل کے دستور و رسم کے موافق عہدۂ ڈیکن میں داخل کرے

بخوبی بجالائیں

آرچ ڈیکن جواب دے

میں نے اُنکے حالات سے تفتیش و تحقیق کیا ہی اور جانتا ہوں
کہ یے معقول ہیں

تب اسقف جماعت سی یوں کہی

بھائیو اگر تم میں سے کوئی اِن لوگوں کی بابت جو کہ اب
ڈیکن مقرر ہونے کے لیئے حاضر کیئے گئے ہیں کچھ عذر
رکھتا ہو یا اُنکا کوئی جرم کبیر جانتا ہو کہ جس سبب وہ اِس
عہدے میں داخل ہو سکنے کی قابلیت نہ رکھتا ہو وہ خدا کے
نام سے آگے آوے اور کہے کہ وہ جرم یا عذر کیا ہی

اور اگر کوئی جرم کبیرہ یا عذر پیش کیا جاوی اسقف ایسی شخص
کی تقدیس سی جب تک کہ اُس اتہام سی جو کہ اُسپر کیا گیا ہی
وہ مبرا اور بیقصور ثابت ہو جاوی باز رہی
تب اسقف اُن لوگوں کی بابت جو قابل تقدیس پائی جاویں
جماعت کی دعا طلب کری) خدام دین اور جماعت حاضرین
کی ساتھ ملکر لیٹنی یعنی عمومی التماس اُن نمازوں کی ساتھ جو کہ ذیل
میں ہیں گائی یا پڑھی

اے خداوند ہمارے گناہوں کو یاد نہ کر اور نہ ہمارے باپ دادوں کے گناہوں کو اور نہ ہمارے گناہوں کا ہم سے بدلہ لے۔ معاف رکھ ہمیں اے مہربان خداوند اپنے بندوں کو جنہیں تو نے اپنے خون گراں بہا سے چھڑایا معاف رکھ اور ہمیشہ کو ہم سے نہ رنجیدہ ہو

اے مہربان خداوند ہمیں معاف رکھیو

ہر آفت و شرارت سے گناہ سے اور شیطان کے فریب و حملوں سے اپنے عتاب اور عقوبت ابدی سے

اے مہربان خداوند ہمیں بچا

دل کی نابینائی سے۔ اور کبر اور غرور اور ریا سے۔ اور حسد اور بد اندیشی اور کینے سے۔ اور ہر ایک نوع کی بے مروتی سے

اے مہربان خداوند ہمیں بچا

زناکاری اور ہر گناہ دگشتہ سے۔ اور جہان کے اور جسم کے اور شیطان کے فریب سے

اور اپنے حشر اور صعود ذی شان کے لیئے اور روح القدس کے نزول کے لیئے

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

ہماری مصیبت کے وقت اور ہماری تونگری کے وقت اور جان کندنی کے وقت اور حساب کے روز

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

ای خداوند ہم گنہگار تیری منتی کرتے ہیں کہ تو ہماری سن اور اپنی مہربانی سے اپنی مقدس کلیسیا سے تمام کا انتظام کر اور اسے راہ راست میں قائم رکھ

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے اپنے خادم بارج کو جو ہمارا جلیل الشان بادشاہ اور مالک ہی محفوظ رکھ اور طاقت بخش کہ وہ تیری پرستش ساتھ صداقت کے کرے اور نیکوکاری اور تقوی پکڑے

ہم تیری منتی کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے اسکے دل کا انتظام اپنے ایمان و دہشت محبت کے ساتھ کر اور ایسا کر کہ وہ مدام تجھ پر توکل رکھے

کے جلال کے لئے ادا کریں

ہم تیری منت کرتے ہیں کہ اے مہربان خداوند کہ تو ہماری سن
اپنی مہربانی سے سب اہل شوریٰ کو اور امیروں کو اپنی
ہدایت اور عقل و فہم دے

ہم تیری منت کرتے ہیں کہ اے مہربان خداوند کہ تو ہماری سن
اپنی مہربانی سے سب قاضیوں کو اپنی نگاہ میں رکھ —
اور توفیق اپنا انکو عطا کر کہ وے عدل کریں اور صدق
کو برقرار رکھیں

ہم تیری منت کرتے ہیں کہ اے مہربان خداوند کہ تو ہماری سن
اپنی مہربانی سے اپنے سب بندوں کو برکت بخش اور
سلامت رکھ

ہم تیری منت کرتے ہیں کہ اے مہربان خداوند کہ تو ہماری سن
اپنی مہربانی سے سارے ملکوں میں اتحاد اور امن اور اتفاق رکھ

ہم تیری منت کرتے ہیں کہ اے مہربان خداوند کہ تو ہماری سن
اپنی مہربانی سے ہمیں ایسا دل دے کہ تیری محبت و دہشت
رکھے اور ہمہ تن کوشش سے تیرے احکام پر چلیں

ہم تیری منتیں کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سُن
اپنی مہربانی سے انکی جو خشکی یا تری میں سفر کرتے
ہیں اور سب عورتوں کی جو جنے پر ہیں اور سب
بیماروں کی اور سب چھوٹے لڑکوں کی حفاظت کر
اور سب قیدی اور اسیروں پر رحم کر
ہم تیری منتیں کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سُن
اپنی مہربانی سے سب یتیموں اور بیوؤں اور سب
محتاجوں اور مظلوموں کی حفاظت و تدارک کر
ہم تیری منتیں کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سُن
اپنی مہربانی سے سب انسان پر اپنا رحم عطا کر
ہم تیری منتیں کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سُن
اپنی مہربانی سے ہمارے سب دشمنوں اور معاندوں اور
مفتریوں کو معاف کر اور اُنکے دلوں کو پھیر
ہم تیری منتیں کرتی ہیں ای مہربان خداوند کہ تو ہماری سُن
اپنی مہربانی سے زمین کے سارے اچھے پھلوں کو اپنے اپنے
موسم پر بڑھا کہ ہم اُن سے بروقت فائدہ اُٹھائیں

ای مسیح ہمپر رحم کر

ای مسیح ہمپر رحم کر

ای خداوند ہمپر رحم کر

ای خداوند ہمپر رحم کر

تب قسیس اور جماعت اسکی ساتھہ خداوند کی دعا پڑھیں

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرا نام مقدس ہو اور تیری سلطنت پہنچے اور تیری رضا زمین پر ویسی ہو جیسی کہ آسمان پر ہی ہماری روز ینہ کی روٹی ہمیں آج بخش اور ہماری زیادتیوں کو معاف کر جیسا کہ جو ہمپر زیادتی کرتے ہیں ہم اُنہیں معاف کرتے ہیں اور ہمیں امتحان میں نہ ڈال بلکہ شر سے ہمیں بچا رکھہ — آمین

قسیس — ای خداوند ہمارے گناہوں کے موافق ہمسے درپیش نہ آ

جماعت — اور نہ ہماری بدیوں کے موافق ہمیں جزا دے

چلو دعا مانگیں

ای خدا جو بڑا رحیم باپ ہی اور جو دل شکستہ کی

جیسی کہ ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ابد الآباد تک ہمیشہ رہیگی — آمین

ای مسیح ہمارے دشمنوں سے ہمیں محفوظ رکھ

ہماری مصیبتوں پر مہربانی سی نظر کر

رحمت سے ہمارے دل کی غمگساری کر

شفقت سی اپنی بندوں کی گناہوں کو معاف کر

رحم اور کرم سے ہماری دعا سن

ای بیٹی داؤد کی ہمپر رحم کر

اب اور ہمیشے کو از راہ لطف کے ای مسیح ہماری سن ~~فریاد کو پہنچ~~

ای مسیح مہربانی سی ہماری ~~فریاد کو پہنچ~~ سُن — ای خداوند مسیح

مہربانی سی ہماری ~~فریاد کو پہنچ~~ سُن

قسیس — ای خداوند اپنی رحمت ہمپر نازل کر

جماعت — جیسا کہ ہم بھروسا تجھی پر رکھتے ہیں

چلو دعا مانگیں

ہم عجز و انکسار سے تیری منتی کرتے ہیں ای باپ کہ تو

پر مہربانی سے نظر کر جو کہ اب اُسی عہدے اور خدمت کے
لیے بلائے گئے ہیں — اپنے کلام کی صداقت سے انہیں ماہر کر
اور چال چلن کر اُنکی معصومیت سے مزین کر تاکہ وے کلام
و رویہ نیک سے صدقاً اس عہدے میں تیری خدمت
تیرے نام کے جلال کے اور تیری کلیسیا کی تعمیر
کے لیے بجا لائیں — بعد عرض ہماری ہمارے منجی عیسیٰ
مسیح کے استحقاق کے لیے بخش جو ساتھ تیرے اور
روح القدس کے اب اور ہمیشہ کو موجود ہی اور سلطنت
کرتا ہی — آمین

مکتوب اول تیمتھیس ۳ — ۸

اُسی طرح چاہیے کہ خدمت کرنیوالے یعنی ڈیکن بردبار ہوں
نہ کہ لپاتھی یا بادہ نوشی میں افراط کرنیوالے یا لالچی اور ایمان
کے راز کو صاف نیتی سے یاد کر رکھیں اور یے پہلے آزمائے
جاویں اُسکے بعد اگر بے جرم نکلیں تو خدمت کریں اسیطرح
اُنکی جورواں بردبار ہوں نہ تہمتی ہوشیار اور ساری باتوں
میں دیانت دار ہوویں خدمت کرنیوالے ایک جورو کریں

اُنہوں نے حواریوں کے سامنے کھڑا کیا اور اُنہوں نے نماز کرکے اُن پر ہاتھ رکھے اور خدا کے کلمہ نے ترقی کی اور اورشلیم کے بیچ شاگردوں کی جماعت نت بڑھتی گئی اور کاہنوں کا بڑا انبوہ ایمان کا تابع ہوا

اور قبل تلاوت انجیل کی اُسقف اپنی کرسی پر بیٹھ کر بادشاہ کی اولویت کا اور رعنی الرغم سب دوسری افاقی اقتدار اور حکم کا حلف ہر ایک کو جو واسطے تقدیس کی آیا ہو وے

حلف بادشاہ کی اولویت کا

میں خلوص سے اقرار کرتا ہوں کہ میں اُس بدعتی تعلیم و قول کو غیر شرعی اور رفضی سمجھ اپنے دل سے نفرت کرتا اور متنفر ہوں اور رد کرتا ہوں کہ بادشاہ جنکے حق میں پوپ یا اور کوئی دوسرا اقتدار محکمہ روم کا ارتداد یا اختناس کا حکم نافذ کرے وہ اس لائق ہی کہ اُسکی رعایا یا اور کوئی اُسے تخت سے اُتھا دے یا قتل کرے — اور میں اعتراف لاتا ہوں کہ کوئی افاقی سردار یا شخص یا صاحب دین یا مملکت یا حاکم کسی نوع کا اختیار یا اقتدار یا اولویت یا تعلّی یا اقتدار کلیسیائی یا دینی اس مملکت کے احاطہ میں نہیں رکھتا ہی اور قابلیت رکھنے کی بھی نہیں رکھتا ہی — اِس قول پر خدا میرا مددگار ہو

اسقف

تم کوشش سے جماعت کے حضور کلیسیا میں جہاں کہ تم مقرر ہو انہیں پڑھو گے

جواب — ہاں البتہ

اسقف

ڈیکن کے عہدے سے متعلق ہی کہ جس کلیسیا کی خدمت میں وہ مقرر ہو دستور نماز میں قسیس کی مدد کرے اور خصوصاً جب کہ وہ عشاے ربانی کی تعمیل کرے اور اُسکی تقسیم میں اُسکی کمک کرے اور کتاب مقدس اور کلیسیا کے وعظ مقررہ کو پڑھے اور نوجوانوں کو سوال و جواب کا دستور سکھائے اور قسیس کی غیر حاضری میں لڑکوں کو بپتسمہ دے اور اگر اسقف اجازت دے وعظ بھی پڑھے

اور علاوہ اِسکے اُسکا یہہ کام ہی (جہاں کہ یہہ بات مقرر ہو) کہ محتاجوں کے مریض مسکین و معذور کو ڈھونڈھے اور اُنکے حالات اور نام اور مقامات بود و باش سے قسیس کو اطلاع کرے تاکہ اُسکی نصیحت سے محتاجوں کے اور دوسرے لوگوں کی

اور روح القدس کے نام سے اقتدار دے کہ تو عہدہ ڈیکن کو بجا لاوے

تب اُسقف جدا جدا ہر ایک کو ایک جلد وثیقہ جدید کا دیکر یوں کہی

تو خدا کی کتابوں میں تلاوت انجیل کے لیئے اقتدار لے اور اسکی تعلیم کرا گر اس بات کے انجام کے لیئے اُسقف کی طرف سے تجھے حکم ملے۔

تب ایک ان میں سی جسی اُسقف ٹہرائی یہہ پڑھی

انجیل

مقدس لوقا ۱۲ — ۳۵

تب اُسقف دستور عشای ربانی کی طرف پھر متوجہ ہوی اور وی سب کہ جنکی تقدیس ہوئی تہی ٹہرین اور اُسی دن اسقف کی ساتھ عشای ربانی لیں

جب کہ دستور عشای ربانی کا تمام ہو پچہلی دعا کی بعد اور فوراً قبل برکت کی دعا کی یہ دعائیں جو ذیل میں ہیں پڑھی جائیں

ای قادر مطلق خدا بخشنے والا سب اچھی چیزوں کا کہ تو نے اپنی بڑی نیکوئی سے اپنے ان خدام کو مقبول کیا ہی

حاصل کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے طفیل سے بخش آمین —

امن خدا کا کہ جو پہہ الفہم ہی تمہارے دلوں کو اور خاطروں کو خدا کی اور اُسکے بیٹے ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے عرفان و محبت میں رکھے اور برکت خدا سے قادر کی جو باپ اور بیٹا اور روح القدس ہی تمہارے درمیان ہو اور تمہارے ساتھ مدام رہے — آمین

اور اسقام پر یہہ بات آشکارا کی جای کہ ایک کامل برس کی عرصے تک وہ عہدۂ ڈیکنی میں مصروف رہی (الا اُسکی برعکس کی لیاقت کوئی سبب معقول اُسقف کی خاطر خواہ ہو) اِسلیئے کہ وہ شائستہ اور چالاک سب باتوں میں جو کہ کلیسیا کی انتظام سے متعلق ہی ہو — اگر اس عہدے کی انجام میں وہ مدد ہی و مستعد نکلی تو اُسی اسقف تسلیس کی سلسلہ عہدے میں مطابق اُس وقت کی کہ جسکا حکم قانون میں ہی منسلک کری — ورنہ بہ سبب ضرورت کی ساری کلیسیا کی سامنی اِس دستور اور رسم کی مطابق جو کہ ذیل میں ہی کوئی اور دوسری اتوار یا تیوہار کو

اس عہدۂ مقدس میں داخل ہونے کی قابلیت نہ رکھتا ہو وہ خدا کے نام سے آگے آوے اور اس جرم و سبب کو بیان کرے

اور اگر کوئی جرم کبیرہ یا کوئی دوسرا سبب دریش کیا جائے اُسقف ایسے شخص کی تقدیس سے جب تک کہ اس اتہام سے جو کہ اسپرد ہرا گیا ہے وہ منزہ اور مبرا نہ پایا جائے باز رہے تب اسقف ان لوگوں کے لیے جو قابل التقدیس پائے جائیں جماعت کی دعا طلب کرے) خدام دین اور جماعت حاضرین کے ساتھ ملکے یعنی صلواۃ الخشوع ان نمازوں کے ساتھ جو کہ دستور تقدیس شمامسہ میں مقرر ہیں گائی یا پڑھی مگر ڈیکن کے لفظ کی جگہ قسیس کا لفظ داخل کیا جائے

تب دستور عشاء ربانی کی تلی کی دعا اور مکتوب اور انجیل کے ساتھ گایا یا پڑھا جائے

دعا

اے قادر مطلق خدا بخشنے والے سب نفیس نعمتوں کا کہ تو نے اپنی روح پاک کے وسیلے انواع و اقسام کے خدام کو اپنی کلیسیا کے لیے مقرر کیے ہمیں رحمت سے اپنے ان

بعضوں کو انجیل کا مبشر اور بعضوں کو پاسبان اور معلم کیا
تاکہ مقدس لوگ لوازم خدمت میں آراستہ ہوتے جاویں
اور مسیح کا بدن بنتا چلا جاوے جب تک کہ ہم سب کے سب رفتہ
رفتہ ایمان اور ابن اللہ کی پہچان میں متحد اور انسان کامل ہوویں
یعنے مسیح کے کمال کی قامت کے اندازہ تک پہنچیں

اسکے بعد مقدس متی کی انجیل کے
نویں باب سے یہ عبارت پڑھی جاوے

مقدس متی ۹ - ۳۶

اور جب اسنے جماعتوں کو دیکھا اُسے اُنپر رحم آیا
کیونکہ وے ان بھیڑوں کی مانند جو بے چوپان ہوں عاجز
اور متفرق تھیں تب اسنے اپنے شاگردوں سے کہا
کہ فی الحقیقت پکی ہوئی زراعت تو بہت ہے لیکن مزدور
کم ہیں اس لئے تم زراعت کے مالک سے چاہو کہ وہ اپنی
زراعت کے واسطے مزدور بھیجے ۔

کوئی شخص مجھسے داخل ہو نجات پائیگا اور اندر باہر آوے
جائیگا اور چراگاہ پائیگا چور نہیں آتا مگر چرانے اور قتل کرنے اور
ہلاک کرنے کو میں آیا ہوں تاکہ وے زندگی پائیں اور زیادہ حاصل
کریں اچھا چوپان میں ہوں اچھا چوپان بھیڑوں کے لیئے
اپنی جان دیتا ہی پر مزدور اور وہ جو چوپان نہیں اور بھیڑونکا مالک
نہیں بھیڑیا آتے دیکھکر بھیڑوں کو چھوڑ دیتا ہی اور بھاگ
نکلتا ہی اور بھیڑیا اُنہیں پکڑتا ہی اور بھیڑوں کو پراگندہ
کرتا ہی مزدور بھاگتا ہی کیونکہ وہ مزدور ہی اور بھیڑوں کے
لیئے اندیشہ نہیں کرتا اچھا چوپان میں ہوں اور اپنی کو پہچانتا ہوں
اور میری مجھے جانتی ہیں جسطرح سے باپ مجھے جانتا ہی
اسی طرح میں باپ کو جانتا ہوں اور میں بھیڑوں کے لیئے
اپنی جان دیتا ہوں اور میری اور بھی بھیڑیں ہیں جو اس گلہ
کی نہیں ضرور ہی کہ میں انہیں بھی لاؤں اور وے میری آواز
سنینگیں اور گلہ ایک اور چوپان ایک ہوگا

تب اسقف اپنی کرسی پر بیٹھکر ہر ایک کو پادشاہ کی اولویت
کا حلف دی جیسا کہ دستور تقدیس ڈیکن میں مذکور ہی

گوسفند ہیں کہ جنہیں اُسنے اپنی موت کے عوض مول لیا
اور جنکے لیئے اُسنے اپنا خون بہایا کلیسیا اور جماعت کہ
جسکی تم خدمت کروگے اُسکے اجزا اور اعضا ہیں ۔
اور اگر ایسا ہو کہ یہہ کلیسیا یا اُسمیں کا کوئی جز تمہاری
غفلت کے سبب کچھ ضرر یا نقصان اُٹھائے تو تم جانتے
ہو کہ کیسا بڑا تمہارا قصور ہی اور یہہ بھی کہ کیسی
سزا سے شدید اس بات سے نکلنے والی ہی ۔
پس تم اپنے دل میں خوب سوچو کہ خدا کے فرزندوں کی
طرف اور مسیح کے اجزا اور اعضا کے لیئے تمہارے
عہدہ کا کیا مطلب ہی اور دیکھو کہ تم اپنی محنت و کوشش
سے کبھی غافل نہ رہو حتی کہ تم اپنے بمقدور جیسے کہ تمپر
فرض ہی اُن سبھوں کو جو تمہیں سونپے گئے یا سونپے جاویں ایسے
اتفاق ایمان اور علم الٰہی اور رسائی اور کمالیت مسیح میں
لاؤ کہ تمہارے درمیان نہ دین کی خطا کے اور نہ چال چلن کی
شرارت کی بابت کچھ بات کی جگہہ رہے
جبکہ تمہارا عہدہ ایسا بے نظیر ہی اور ایسا مشکل ہے تم

ہو کہ کیسا مناسب ہی کہ سب فکر و خیال دنیوی کو (جتناکہ تمسے ہوسکے) تم چھوڑدو اور ایکطرف کرو
ہمیں امید قوی ہی کہ تمنے ان باتوں کو اسوقت سے کہیں آگے بغور مرکوز ناظر کیا ہی اور یہہ کہ خدا کے فضل سے
تمنے صاف و مصمم ارادہ کیا ہی کہ اپنے تئیں اُس عہدے میں کہ جسمیں خدا نے اپنی مہربانی سے تمہاری دعوت
کی ہی بالکل معروف کرو پس اب تم بھرمقدور اسی ایک چیز میں اپنے کو معروف رکھوگے اور سب اپنی کوشش
وسعی و فکر کو اسی راہ پر دھروگے اور تم مدام خدا سے جو باپ ہی بوسیلہ ہمارے ایک ہی منجی عیسیٰ
مسیح کے سچی اعانت روح القدس کی طلب کروگے؛
اور روز بروز کتب کے پڑھنے اور غور کرنے سے تم اپنی خدمت میں پختہ کار اور مضبوط ہوگے — اور تم بمقتضاے
وقت ایسا مقدس رویہ اپنا اور اپنے متعلقین کا رکھوگے اور مسیح کے احکام کے قانون پر یوں دکھلاوگے کہ تم لوگوں
کی پیروی کے لیئے نمونہ زاہدانہ اور مثال معقول ہو

ابدی کے لئے ضرور چاہئے اگر وہی بات کہ جسکا تمہیں یقین کلی ہوگا کہ کتاب سے سند پہنچتی ہی

جواب — ہاں میرا یقین ایسا ہی ہی اور خدا کے فضل سے میرا یہی مصمم ارادہ ہی

أسقف

پس تم کوشش سے صدقاً مسیح کی تعلیم اور سکا یہ تواریں اور قواعد کو حسب حکم خداوند کے اور جیسے کہ اس ولایت کی کلیسیا نے مطابق خدا کے احکام کے قبول کیا ہی عمل میں لاؤگے تاکہ تم ان لوگوں کو جو تمہارے سپرد و حفاظت و نگہبانی میں ہیں غور کے ساتھ سکھلاؤ کہ وے انکو خوب یاد رکھیں اور انہیں بجا لائیں —

جواب — خداوند کی مدد سے میں ایسا ہی کرونگا

أسقف

تم کوشش بلیغ سے اس بات پر مستعد ہوگے کہ سب باطل اور اجنبی تعلیموں کو جو کہ برخلاف خدا کے کلام کے ہوں سرود و دفع کرو — اور عام و خاص پند و نصائح اپنے محلے

اُسقف

تم پھر مقدور بھر مسیحی لوگوں کے درمیان اور خصوصاً اُنکے درمیان جو تمہارے سپرد ہوں امن چین اور محبت سبھی جاری رکھو گے

جواب — میں ایسا کرونگا خداوند میرا مددگار رہو

اُسقف

تم اوباً حاکم شرع اور کلیسیا کے دوسرے حکام دین کے اور انکے حکم ماننے کو مانو گے تم سپرد اور انتظام میں ہو مطیع رہو گے اور انکی زاہدانہ نصیحتوں پر رضا و رغبت کے ساتھ چلو گے

جواب — ہاں میں ایسا ہی کرونگا خداوند میرا مددگار ہو

تب اُسقف کھڑا ہوئی اور کہی

قادر مطلق خدا کہ جسنے تمہارے دلوں میں ان نیک کاموں کے کرنیکا ارادہ ڈالا ہی تمہیں اسکے بجالانے کی قوت و اقتدار بخشے تاکہ وہ اپنے اس کام کو جو کہ تم میں اُسنے آغاز کیا ہی پورا کرے — یہہ بات ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے ہو — آمین

ہمارے دشمنوں کو دور رکھ — ہمارے گھر میں امن دے
جس جا پر کہ تو رہبر ہی کوئی بدی آنہیں سکتی
سکھلا ہمیں کہ ہم جانیں باپ اور بیٹے کو
اور تجھکو (جو کہ دونوں میں سے ہی) کہ سب ایک ہی ہی
کہ سب اعصار کے درمیان
یہ ہمارا ہمیشے کا گیت ہو
حمد تیرے استحقاق دائمی کے لئے
ای باپ اور بیٹے اور روح القدس

یا یہہ

آ روح القدس خدائے قدیم
جو اوپر سے مخرج ہی
یعنی باپ اور بیٹے سے
خدا امن اور محبت کا
ہماری خاطروں سے قربت کر ہمارے دلوں میں
فضل سبحانی کی الہام دے
کہ صداقت اور زہد کی ہم

ہر جگہ میں گونجے

ای روح القدس ہمارے دلوں میں
اپنا نور سبحانی نازل کر
کوشش بلیغ سے ہمارے دلوں کو وجد میں لا
کہ خدا کی خدمت دن رات کریں
ہمارے ضعف کو توانائی دے اور مضبوط کر
(کیونکہ ای خداوند تو ہماری ناتوانی سے واقف ہی)
کہ نہ شیطان اور نہ دنیا اور نہ شہوات جسمانی
ہم پر غالب آویں
ہمارے دشمنوں کو ہم سے دور رکھ
اور مدد کر کہ ہم حاصل کریں
اپنے دلوں میں صلح محبت خدا اور بشر کے
یہی اچھا اور سچا فائدہ ہی
اور بخش کہ تو ای خداوند
ہمارا رہبر اور ہادی ہو
کہ ہم گناہ کے پھندوں سے بچیں

ایک خدا تین افراد میں

خدائے اب کو حمد و سپاس

اور اُسکے متبرک بیٹے کو

اور فضل کے روح القدس کو

متحادی تین ایک ہیں

اور ہم دعا کرتے ہیں کہ ہمارا ایک ہی خدا وند

اپنی مہربانی سے اپنی روح نازل کرے

اُن سبھوں پر جو اُسکے نام کے معتقد ہیں

اب سے جہاں بے پایاں تک

آمین

اسکی بعد اسقف اس طور پر دعا مانگی اور کہی

چلو دعا مانگیں

ای قادر مطلق خدا آسمانی باپ کہ تو نے اپنی محبت
اور نیکوئی بے پایان سے ہماری طرف اپنے اکلوتے اور
بڑے چہیتے بیٹے عیسی مسیح کو ہمیں عطا کیا ہی کہ ہمارا
چھڑانے والا اور ہماری زندگانی جاودانی کا بانی بنے اور آسمنے

اس طور سے ترقی پکڑتیں کہ بھی ان خدام دین کے وسیلے اور بھی آگے کو جنپر سے علماے دین مقرر ہوں تیرے اسم الاقدس کا مدام جلال ہوا کرے اور تیری متبرک سلطنت بڑھتی جاے - یہہ التماس ہمارا اُسی اپنے بیٹے ہمارے خداوند عیسی مسیح کے وسیلے بخش جو موجود ہی اور سلطنت کرتا ہی ساتھ تیرے اُسی روح القدس کے اتحاد میں جہان بے پایان تک - آمین

جب دعا آخر ہو تب اُسقف سب قسیس حاضرین کی ساتھ ہر ایک کی سر پر جو تقدیس پائی ہیں علاحدہ علاحدہ اپنا اپنا ہاتھ دھریں اور وی جو تقدیس پائی ہیں ادب کی ساتھ جاثی ہوں اور اُسقف یوں کہی

قسیس کے عہدہ وخدمت کے لیئے خدا کی کلیسیا میں جو اب تجھپر مفوض ہوا ہی ہمارے ہاتھوں کے دھرنے سے روح القدس لے - جسکے گناہوں کو تو عفو کریگا وے عفو ہو گئے اور جسکے گناہوں کو تو جاثز رکھیگا وے باز رہ گئے - اور تم خدا کے کلام اور اُسکے مقدس سکرمنٹ کے دیانتدار قاسم ہو - باپ

کی بابت ظاہر کریں فضل پاویں — اور پہر کہ سب اپنے
کلام و فعل میں ہم تیرے جلال کے اور تیری سلطنت کی
ترقی کے جویان رہیں — یہہ التماس ہمارا ہمارے خداوند عیسیٰ
مسیح کے واسطے بخش — آمین

ای خداوند ہمارے سب فعلوں میں اپنے برّے فضل
و مہربانی سے ہماری پیشوائی کر — اور اپنی امداد دائمی
سے ہماری مدد کر کہ اپنے سارے اعمال ابتدا اور انتہا اور
وسط میں جو تیرے نام سے ہوں ہم تیرے پاک نام کی
برائی کریں اور آخرش کو ہم تیری مہربانی سے زندگانی جاودانی
حاصل کریں — یہہ عرض ہماری ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح
کے طفیل سے بخش — آمین

امن خدا کا کہ جو بعید الفہم ہی تمہارے دلوں کو اور خاطروں کو
خدا کے اور اسکے بیٹے ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے عرفان
و محبت میں رکھے اور برکت خدائے قادر کی جو باپ اور بیٹا اور
روح القدس ہی تمہارے درمیان ہو اور تمہارے ساتھ
مدام رہے — آمین

دستور در رسم اسقف الاساقفہ
اور اسقف کی تقدیس و تقرر کا
یہ دستور اتوار یا کسی تیوہار کو عمل میں آئی

جب گاگیت گانے سب چیزیں ہو چکیں ترتیب ہو چکی تب صبح کی نماز کی اختتام کے بعد اسقف الاساقفہ (یا اور کوئی اسقف جو مقرر ہو) دستور عشای ربانی کا آغاز کرے اور اسمیں یہ دعا ہوئی

دعا

ای قادر مطلق خدا کہ تو نے بوساطت اپنے بیٹے عیسی مسیح کے اپنے مقدس حواریوں کو بہت سی اچھی نعمتیں بخشیں اور انہیں حکم کیا کہ تیرے گلے کی نگہبانی کریں۔ ہم تیری منت کرتے ہیں کہ سب اسقفوں کو جو تیری کلیسیا کے

چاہئے کہ وہ ایسا ہووے کہ اغیار بھی اسکے حق میں بھلی گواہی
دیویں مبادا کہ وہ مطعون ہو اور ابلیس کے پھندے میں پھنسے

یا یہ بعوض مکاتیب

اعمال ۲۰ — ۱۷

پولوس نے میلیطس میں افسس کی طرف پیام بھیجکر
کلیسیا کے پیشواؤں کو بلایا جب وے اس کے پاس آئے تو
انہیں کہا تم جانتے ہو میں روز اول سے جب اسیا میں آیا
ہمیشہ کس طور پر تمہارے ساتھ تھا — کمال فروتنی سے
بہت سے آنسو بہا کے اُن امتحانوں میں جنہیں میں یہود
کی کمین سے سہے پر خداوند کی خدمت کرتا تھا کیونکہ میں
نے کوئی شے جو سودمند تھی نہ چھوڑ رکھی بلکہ تمہیں
خبر دی اور تم کو سرِ محفل اور گھر گھر سکھاتا بھی یہودیوں
اور یونانیوں کے آگے گواہی دی کہ خدا کی طرف دل سے
پھرو اور ہمارے خداوند یسوع مسیح پر ایمان لاؤ اور اب
دیکھو میں روح سے بندھا ہوا یروشلیم کو چلا ہوں جانتا نہیں
کہ وہاں مجھ پر کیا کچھ واقع ہوگا مگر اتنا کہ روح قدس ہر ایک

کو اپنی طرف کھینچ لیجاویں اسلیئے جاگتے رہو اور یاد رکھو
کہ میں تین برس تک رات اور دن رو رو کے ہر ایک
کو نصیحت کرتا رہا اور اب ای بھائیو میں تمہیں خدا کو
اور اُسکی نعمت کے کلام کو سونپتا ہوں کہ وہ قادر ہی کہ تمہیں
کامل بناوے اور تمہیں سارے مقدسوں میں میراث بخشے
میں نے کسی کے روپے یا سونے یا کپڑے کی طمع
نہ کی تم جانتے ہو کہ ان ہی ہاتھوں نے میری ضروری خدمتیں
اور میرے رفیقوں کی خدمتیں کیں میں نے تمہیں سب
چیزیں بتا دی ہیں کیونکہ تمہیں واجب ہی کہ تم ضعیفوں
کی یوں محنت کر کے اعانت کرو اور خداوند عیسیٰ کی باتیں
یاد کرو کہ اُسنے کہا ہی کہ دینا لینے سے زیادہ تر مبارک ہی

تب دوسرا اُسقف انجیل پڑھی

یوحنا ۲۱ — ۱۵

تب یسوع نے شمعون پطرس کو کہا کہ ای یونا کے بیٹے شمعون
کیا تو مجھے اُن سے زیادہ پیار کرتا ہی اُسنے اُسے کہا ہاں
ای خداوند تو تو جانتا ہی کہ میں تجھے پیار کرتا ہوں اُسنے

عیسی نے پھر انہیں کہا کہ تم پر سلام جس طرح باپ نے مجھے
بھیجا ہی میں اسی طرح تمہیں بھیجتا ہوں اُسنے یہہ کہہ کے
اُن پر پھونکا اور کہا کہ تم روح قدس لو جنکے گناہوں کو کہ تم
بخشو اُنکے بخشے جاتے ہیں جنہیں تم در گرفت کرو گے وے
در گرفت کئے جاتے ہیں

یا یہہ

مقدس متی ۲۸ — ۱۸

عیسی اُنکے پاس آیا اور اُن سے یوں کہا کہ آسمان
اور زمین پر سارا اختیار مجھے دیا گیا ہی اسلیئے تم جاؤ اور
سب قوموں کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام
سے بپتسمہ کر کے مرید کرو اور اُنہیں سکھلاؤ کہ اُن سب
باتوں کو جو میں نے تمہیں فرمائیں حفظ کریں اور دیکھو کہ میں
جہان کی انتہا تک ہر روز تمہارے ساتھ ہوں — آمین

بعد انجیل اور منادی تسلیم اور وعظ کی منتخب کیا ہوا اُسقف کو
(جب کہ تخلیہ لطفی ثانی نہ) دو اُسقف اُس دائرے کی اسقف

پھر حلف اُسقف الاساقفہ کی وقف پر نہ کیا جائی
تب اُسقف الاساقفہ جماعت حاضرین کو
نصیحت کری کہ دعا مانگیں اور اُنسی یوں کہی

بھائیو مقدس لوقا کی انجیل میں لکھا ہی کہ ہمارے منجی مسیح
نے قبل اسکے کہ اپنے بارہ حواریوں کو منتخب و مرسل کرے
ساری رات دعا میں کاٹی — اور اعمال کی کتاب میں بھی لکھا ہی
کہ شاگرد جو کہ انطاکیہ میں تھے انہوں نے بھی قبل
اسکے کہ ہاتھوں کو پولوس اور برنا باس پر رکھیں اور اُنہیں
ارسال کریں روزہ رکھا اور دعا مانگی — چلو ہم بھی اپنے منجی
مسیح اور اسکے حواریوں کے اتباع پر پہلے دعا مانگیں تب
اس شخص کو جو کہ حاضر کیا گیا ہی اُس کام پر کہ جسکے لیئے
ہمیں امید ہی کہ روح القدس نے اُسکی دعوت کی ہی
تقدس کر ارسال کریں

اور تب یعنی یعنی صلوٰۃ الخشوع جیسی کہ دستور التقدیس کی یکن میں
اور وہ دور ہی پڑھی جائی مگر اس دعا کی بعد (اپنے مہربانی
کے سبب استثنوں کو سنوار کر وغیرہ) جو دعا کہ مندرج ہی چھوڑ

کرے کہ تیرے نام کا جلال اور تیری کلیسیا کی تعمیر و حسن
انتظام ہو ــ یہہ التماس ہمارا ہمارے منجی عیسیٰ مسیح
کے استحقاق کے لیئے بخش جو موجود ہی اور سلطنت
کرتا ہی ساتھہ تیرے اور روح القدس کے جہان
بے پایاں تک ــ آمین

تب اُسقف الاساقفہ اپنی کرسی پر بیٹھہ
کر اُسی جو وقف ہونی پرھی یوں کہی

بھائی تجھے کہ کتاب مقدس اور قوانین سلف میں حکم ہی)
کہ مسیح کی کلیسیا کے انتظام کے لیئے (کہ جس کلیسیا کو
اپنے لہو کی ایسی بڑی قیمت سے اُسنے خریدی) کسی
پر ہاتھہ رکھنے اور مقرر کرنے میں جلدی نہ کریں پس قبل
اِسکے کہ میں تمہیں اِس عہدے میں داخل کروں میں
بعضے عقائد کی باتیں تمسے پوچھتا ہوں تاکہ جماعت حاضرین
دیکھیں بھالیں اور گواہ ہوں کہ تمہاری طبیعت خدمت
کلیسیائے خدا کے لیئے کس ڈھب سے راغب ہی
تمہیں یقین ہی کہ حسب رضا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح

اور خدا سے دعا مانگو گے کہ اُسکے فہم سلیم کا تمہیں ادراک دے تم اُس سے اچھی باتوں کی تعلیم و نصیحت کی قابلیت پیدا کرو اور سب اعتراض کرنے والوں کا سامنا اور اُنہیں معقول کرو

جواب — ہاں خدا کی مدد سے میں ایسے ہی کرونگا

اسقف الاساقفہ

تم کوشش بلیغ سے اس بات پر مستعد ہو گے کہ سب باطل و اجنب تعلیموں کو جو برخلاف خدا کے کلام کے ہوں مردود و مدفوع کرو — اور خاص و عام میں اوروں کی تحریض کرو کہ ایسے ہی کریں

جواب — ہاں میں مستعد ہوں خداوند میرا مددگار ہو

اسقف الاساقفہ

تم سب خلاف دین کی باتیں اور دنیوی عیش و مزے کا انکار کرو گے اور پاکدامنی و نیکوکاری و پرہیزگاری سے اس جہان میں زندگی بسر کرو گے تاکہ تم اوروں کے لیئے اعمال حسنہ کا نمونہ بنو کہ مخالف شرمندہ ہو کیونکہ تمہاری

جواب — ہاں میں دکھاؤنگا خدا میرا مددگار ہو

تب اسقف الاساقفہ کھڑا ہوکے یوں کہے

قادر مطلق خدا ہمارا آسمانی باپ کہ جسنے تمہیں نیک نیت دی ہے کہ ان کاموں کو بجالاؤ تمہیں توانائی واستطاعت بخشے کہ تم اُنہیں ادا کرو اور یہہ کہ اِس اچھے کام کے آغاز کو تم میں کمال کو پہنچائے اور تم روز اخیر کو کامل اور بیکسی نوع کے الزام کے پائے جاؤ — یہہ خواہش ہماری ہمارے خداوند عیسی مسیح کے وسیلے برآوے — آمین

تب برگزیدہ اُسقف سب اپنی دوسری اسقفي لباس سی ملبس ہو اور جا ئیا (آ خالق روح القدس) اُسپر گایا یا کہا جای — اسقف الاساقفہ شروع کری اور سب اساقفہ دوسری حاضریں کی ساتھہ جواب کی اشعار مطابق ذیل کی پڑھیں

(دیکھو قسیس کي تقدیس کا دستور)

اِس کی انجام کی بعد اسقف الاساقفہ کہی

خداوند ہماری سن

جواب — اور ہماری فریاد کو اپنے تک پہنچنے دے

(۱) اسقف اور اسقف الاساقفہ کی تقدیس

ـے مقرروں کو اُنکا حصہ وقت پر پہنچاۓ اور بش
کو شادمانِ جاودانی میں وہ مقبول کیا جاۓ — پھر عرض
ہماری، ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے واسطے بخش کہ
وہ ساتھ تیرے اور روح القدس کے موجود ہی اور
سلطنت کرتا ہی ایک خدا جہان سے پایان تک — آمین

تب اُسقف الاساقفہ اور سب دوسری اُسقف
حاضرین برگزیدہ اسقف کی سر پر ہاتھ رکھیں اور وہ
اُنکی سامنی جاثی ہو اور اُسقف الاساقفہ کہی

خدا کی کلیسیا کے عہدہ و خدمت اُسقف کے لیئے جو
اب ہے تجھ پر مفوض ہوتا ہی ہمارے ہاتھوں کے دھرنے
سے روح القدس ساتھ نام باپ اور بیٹے اور روح القدس
کے لے — آمین — اور یاد رکھ کہ تو اُس فضل الہی کو جو کہ
ہمارے ہاتھوں کے دھرنے سے تجھے دیا گیا ہی چونکائے
رکھے — کیونکہ خدا نے ہمیں روح خوف کی نہیں بلکہ اقتدار
محبت و طبع سلیم کی دی ہی —

L

(اُسقف اور اُسقف الاساقفه کي تقديس)

تب اُسقف الاساقفه پهر دستور عشاي رباني کي طرف
متوجه هوا اور اُسکي ساتهه نيا وقف نيا هوا اُسقف
بهي (ساتهه دوسروں کي) عشاي رباني لی
اور پچهلي دعا کي عوض فوراً دعاي
برکت کي قبل يہي ادعيه پڑهي جائي

اي بڑے رحيم باپ هم تيري سماجت کرتے هيں که
اِس اپنے خادم پر اپني آسماني برکت نازل کر اور اس
طور سے اُسے اپنے روح القدس سے مملو کر تا تيرے
کلام کي منادي ميں نه فقط ملام و سماجت و زجر ساتهه
کوشش و صبر اور علم کے کرے بلکه نسبت قول و گفتگو
و محبت و ايمان و عصمت و صفائي قلب کے ايک اچها نمونه
ليئے جو مومن هيں بنے — که ديانت داري سے
زندگي بسر کرکے روز اخير ميں نيکوکاري کا تاج جو که خداوند
نے که منصف صالح هي مهيا کر رکها هي حاصل کرے —
که وه موجود هي اور سلطنت کرتا هي ايک خدا ساتهه باپ اور روح
القدس کے جهان بے پايان تک — آمين
ای خداوند همارے سب فعلوں ميں اپنے بڑے فضل و